| نام کتاب | : | اقبال فہمی (اکیسوی صدی میں) |
| مرتبین | : | شاہد علی سلیمان شیخ / جمشیدہ جہاں آرا |
| سالِ اشاعت | : | 2021ء |
| کمپوزر | : | انشان حسین خان السلفی |
| قیمت | : | 450/= |
| ناشر | : | میزان پبلشرز بٹہ مالو بالمقابل فائر سروس سرینگر |

Publisher:- **Meezan Publishers**
Opp. Fire & Emergency Services HQRS,
Batamaloo. Srinagar Kashmir, 190009
Tel : (O) 0194-2470851
Fax: 2457215
Cell: 9419002212,

Scanned with OKEN Scanner

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | مصنف | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 1 | سر محمد اقبالؔ | ڈاکٹر خواجہ محمد اکرام الدین | 7 |
| 2 | شاید کہ تیرے دل میں اُتر جائے۔۔ | ڈاکٹر عباس عالم رضوی | 14 |
| 3 | سخنِ قلب | مرتبین کتاب | 25 |
| 4 | مشاہیر ہند اور علامہ اقبالؔ | ڈاکٹر ساجد علی قادری | 31 |
| 5 | علامہ اقبالؔ کا شعری اسلوب قرآنی۔۔ | ڈاکٹر طیب خرادی | 39 |
| 6 | 'نظر آئیں مجھے تقدیر کی گہرائیاں اس میں' | ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری | 46 |
| 7 | علامہ اقبالؔ ایک مطالعہ | غوثیہ سلطانہ شکاگو امریکہ | 62 |
| 8 | علامہ اقبالؔ کی فکری جہات | ڈاکٹر عتیق احمد قریشی | 67 |
| 9 | اقبالؔ کی شاعری میں کردار سازی | ڈاکٹر محمد شمس الدین | 73 |
| 10 | قرآن حکیم۔فکریاتِ اقبالؔ۔۔ | ڈاکٹر حارث حمزہ لون | 84 |
| 11 | قرآن میں ہو غوطہ زن اے۔۔ | ڈاکٹر مسرت حمزہ لون | 94 |
| 12 | کلامِ اقبالؔ میں عظمت ہندوستان | ڈاکٹر صدیقی افروزہ خاتون | 105 |
| 13 | علامہ اقبالؔ اور ادبِ اطفال | ڈاکٹر محمد نثار احمد | 115 |
| 14 | کلامِ اقبالؔ میں قرآنی تلمیحات | ڈاکٹر ایس۔محمد یاسر | 124 |
| 15 | علامہ اقبالؔ اور تصوف | ڈاکٹر عبدالرحیم مُلا | 137 |
| 16 | علامہ اقبالؔ کا فلسفۂ خودی | ڈاکٹر ایم۔ائی جرمن (محمد اقبال) | 143 |
| 17 | علامہ اقبالؔ کی نظم نگاری | ڈاکٹر فاروق احمد محمد بشیر انصاری | 147 |
| 18 | علامہ اقبالؔ: تفہیم کے مختلف۔۔ | ڈاکٹر مزمل سرکھوت | 158 |
| 19 | علامہ اقبالؔ کی نظم ساقی نامہ اور دور۔۔ | ڈاکٹر سید تاج الہدیٰ محمد یوسف | 164 |
| 20 | علامہ اقبالؔ کی غزل گوئی | ڈاکٹر گلزار عالم | 169 |


Scanned with OKEN Scanner

| | | | |
|---|---|---|---|
| 21 | علامہ اقبال کی نظم نگاری | ڈاکٹر عبدالعلیم عبدالسلیم | 181 |
| 22 | اقبال اور تصورِ زن | ڈاکٹر محمد ارشد | 186 |
| 23 | علامہ اقبال اور حبِ رسول | ڈاکٹر سید علیم اللہ حسینی | 194 |
| 24 | اقبال کی نظم رام: ایک تجزیاتی مطالعہ | ڈاکٹر محمد سمیع الدین | 200 |
| 25 | علامہ اقبال کی شاعری میں خودی۔۔ | ڈاکٹر امان اللہ | 204 |
| 26 | کلامِ اقبال میں منظر نگاری | ڈاکٹر رئیسہ نسرین | 217 |
| 27 | علامہ اقبال کا تصورِ عشق | ڈاکٹر نصرت مینو | 222 |
| 28 | علامہ اقبال کا پیغام نوجوانوں کے نام | ڈاکٹر شاہ جہاں بیگم | 229 |
| 29 | علامہ اقبال کا شعری اسلوب "نظم رام۔۔ | ڈاکٹر قسیم اختر | 244 |
| 30 | علامہ اقبال اور تصوف | شیخ محمد سراج الدین | 249 |
| 31 | علامہ اقبال کا سفر جنوبی ہند۔۔ | عائشہ صدیقہ | 257 |
| 32 | کلامِ اقبال میں انسان دوستی۔۔ | لیاقت علی | 269 |
| 33 | علامہ اقبال کی غزل گوئی | فریدہ بیگم | 282 |
| 34 | علامہ اقبال کی ابتدائی غزل گوئی | خان عبدالصمد ضلع دار | 285 |
| 35 | اقبال کی نعتیہ شاعری | محمد الیاس کرگلی | 289 |
| 36 | اقبال کی غزل کا ابتدائی دور | شاہد علی سلیمان شیخ | 295 |
| 37 | علامہ اقبال کا فلسفۂ خودی | جی۔ راکعہ نازنین | 299 |
| 38 | فارسی شاعری کی طرف علامہ اقبال۔۔ | آسیہ مصطفیٰ | 304 |
| 39 | اقبال کے فلسفۂ خودی کی عصری معنویت | محبہ ڈنٹوری | 316 |
| 40 | اقبال کی ابتدائی غزل گوئی | مسرت آراء | 322 |
| 41 | اقبال اور عشق کی جمالیات | محمد آصف | 329 |
| 42 | اقبال کا شعری اسلوب عصرِ حاضر۔۔ | ساجد حسین | 335 |
| 43 | علامہ اقبال اور تصورِ زن | سعدیہ سلیم آگرہ | 341 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 44 | علامہ اقبالؔ کے کلام میں تصورِ نسواں ۔۔ | ممتاز احمد | 347 |
| 45 | معین احسن جذبی اور اقبالؔ | جمشیدہ جہاں آرا | 356 |
| 46 | اقبالؔ اور حافظ شیرازی | مزملہ اختر | 363 |


☆☆☆

Scanned with OKEN Scanner

# "نظر آئیں مجھے تقدیر کی گہرائیاں اس میں"

## کلامِ اقبال میں مسئلۂ تقدیر اور تقدیر کے چند مباحث

ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری عمری

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ اردو

گورنمنٹ ڈگری کالج، رائے چوٹی. آندھرا پردیش

شاعرِ مشرق، حکیم الامت علامہ اقبال ایک شاعر، فلسفی، مفکر اور دانشور بھی تھے۔ آپ کی شخصیت جامع الکمالات تھی، جس کی متنوع جہات تھیں۔ انہوں نے اپنی خوابیدہ قوم کو جگانے اور خواب غفلت کا شکار امت کو بیدار کرنے کے لیے اپنے آپ کو وقف کر دیا تھا۔

علامہ اقبال نے مختلف موضوعات کو معرض بحث بنایا، اپنے افکار و نظریات اور فلسفہ و خیالات کے ذریعہ اپنے فکری نظام کو تشکیل دینے کی کوشش کی۔ اس سلسلے میں انہوں نے فکر اسلامی کے مصادر، قرآنِ حکیم اور حدیثِ شریف سے اپنے گہرے شغف اور اپنے والہانہ تعلق کی بنیاد پر اپنی فکر کی تشکیل اسلامی بنیادوں پر کی اور کلامی مسائل کو مدلل پیش کیا۔ انہوں نے خودی کے فلسفہ کو پیش کیا۔ اس کی تعبیرات و تشریحات کے علاوہ اپنے فکری نظام کی پیشکش کے لیے مخصوص علائم کا استعمال کیا۔ اسرارِ خودی اور رموزِ بیخودی کو انہوں نے ایک تصوراتی نظام کے بجائے عملی تناظر میں پیش کیا۔ انہوں نے اپنی مخصوص لفظیات، قرآنی تراکیب اور اسلامی تلمیحات کے ذریعے اپنے فکری نظام کو خلق کیا ہے۔

علامہ اقبال کے کلام میں اسلامی موضوعات میں سے ایک اہم موضوع اور بنیادی عقیدہ "تقدیر" کو بھی اہمیت حاصل ہے۔ انہوں نے اپنے کلام میں مختلف مقامات پر مسئلہ جبر و قدر اور تقدیر کے موضوع پر بہت اہمیت کے ساتھ اپنی توجہ مبذول کی ہے۔ اقبال کے ہاں تقدیر کے موضوع پر اظہار خیال کیا گیا ہے، ان کے ہاں اس لفظ سے ترکیب پانے والے اشعار لا تعداد ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner

اقبالؔ نے تقدیر کو ایک نظری مبحث اور فکری موضوع کی طرح اٹھایا ہے۔ وہ اس کے ذریعے حرکت وعمل کا پیغام دینا چاہتے ہیں کہ تقدیر کو پوشیدہ صرف اسی لیے رکھا گیا ہے تاکہ کسی کو تدبیر اختیار کرنے میں کوئی رکاوٹ نہ ہو اور تدبیر اختیار کرنے سے گریز نہ کیا جاسکے۔ تقدیر کا بہانہ کسی کو حرکت وعمل اور جدوجہد سے بے نیاز نہ کرسکے۔

اسلامی تعلیمات کے مطابق عمل کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ قرآنِ مجید نے عمل کو اہمیت دی ہے کہ ''وان لیس للانسانِ الا ما سعیٰ''۔ احادیثِ مبارکہ میں بھی حکمتِ عملی، فکر وتدبر اور حسنِ تدبیر اختیار کرنے کی اہمیت بیان کی گئی ہے۔ ایک حدیث میں وارد ہے کہ ''اِعقلھا وتوکل علی اللہ''۔ اونٹ کو باندھو، پھر اللہ پر بھروسہ کرو۔ شتر بے مہار کو چھوڑ دینے کے بعد یہ خیال کرنا کہ اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت فرمائے گا اور اونٹ محفوظ و مامون رہے گا، یہ اسلامی تعلیمات اور فطرت کے بھی عین خلاف ہونے کے ساتھ ساتھ نامعقول بھی ہے۔

علامہ اقبالؔ نے اپنے کلام میں بارہا تقدیر اور تدبیر دونوں کا ذکر کیا ہے۔ محض تقدیر پر بھروسہ کرکے تدبیر اختیار نہ کرنا، علامہ اقبال کی نظر میں نہ صرف غیر اسلامی ہے بلکہ عقل وشعور کے بھی خلاف ہے۔ انہوں نے حرکت وعمل کا پیغام دیا کیوں کہ وہ اسلامی شان وشوکت اور عظمت و رفعت کی بازیافت کے لیے وہ ماضی کی شاندار روایتوں کا احیاء کرنا چاہتے ہیں، تاکہ خیر القرون کے دور کی خصوصیات کا دوبارہ اعادہ ہوسکے اور گردشِ ایام پیچھے کی طرف لوٹ سکے۔

عظیم عبقری فلسفی علامہ اقبالؔ کو بخوبی اندازہ تھا کہ جو قوم میں زوال آمادہ ہوجاتی ہے، اسے الٰہیات کی تاویلات، قیل وقال، قال اَقول، منطقی مباحثوں اور ماضی کی لن ترانیوں میں الجھ کر رہنے اور شکایات کے انبار لگانے سے فرصت نہیں ملتی۔ ایسے حالات میں فکری رویہ یہ ہوجاتا ہے کہ کسی کو موردِ الزام ٹھہرایا جائے اور احساس ذمہ داری سے راہ فرار اختیار کیا جائے۔ ایسے حالات میں افراد کا بھی یہی رویہ رہتا ہے کہ اپنے آپ مبرا ثابت کرنے کے لیے کسی کو حالات کا باعث وموجب بتائیں اور حالات کی ذمہ داری قبول کرنے بجائے کسی کو موردالزام ٹھہرائیں۔ ان

Scanned with OKEN Scanner

حالات میں عالم اسلام کے حالات وکوائف پر گہری نظر رکھنے اور حالات کا گہرا شعور رکھنے کی وجہ سے علامہ اقبالؔ بخوبی واقف تھے کہ قوم میں ایسے عناصر بھی موجود ہیں جن کو اپنی تقدیر کا شکوہ ہے۔وہ اپنے تمام اُحوال وکوائف کا ذمہ دار اپنے مقدر کو ٹھہراتے ہیں۔

عمل سے جی چرانا، کسی اقدام سے مفر اختیار کرنا اور کسی بھی قسم کی منصوبہ بندی سے گریز کرنا، ایک ایسا رویہ اور طرزِ فکر وعمل ہے، جس پر علامہ اقبالؔ نے نکیر کی ہے۔لہٰذا انہوں نے تقدیر کے موضوع پر بڑی شدومد کے ساتھ اظہار خیال کیا۔ان کے خیال میں تقدیر پوشیدہ ہے، اسی لیے مقدر ہے، کیوں کہ تقدیر کے معنی ہیں پوشیدہ، مستتر اور چھپے ہوئے کے ہیں۔تقدیر کو پوشیدہ اسی لیے رکھا گیا ہے تا کہ تدبیر اور عمل کو اختیار کیا جائے اور حرکت وعمل، کوشش وجستجو اور سعیِ پیہم سے اپنی تقدیر خود سنواری جاسکے۔

علامہ اقبالؔ نے ملت کے قافلہ کی جس طرح حدی خوانی کی ہے، اس سے ان کے ہاں حرکت وعمل اور جدو جہد اور انقلاب کی دعوت ملتی ہے، انہوں نے اس پیغام کو جس شدت کے ساتھ اور جس شدو مد کے ساتھ پورے جوش وخروش کے ساتھ پیش کیا، اس کی مثال نہیں ملتی۔یقیناً کلامِ اقبالؔ میں تقدیر ایک مستقل موضوع ہے اور انہوں نے اس پر بہت تفصیل سے اظہارِ خیال کیا ہے۔

اسلامی عقائد میں ایک اہم ترین باب تقدیر کا ہے۔ہر مسلمان کو تقدیر پر ایمان لانا ضروری ہے۔اللہ تبارک وتعالیٰ نے یہ فیصلہ کر دیا ہے کہ انسان دنیا میں کیا کرے گا اور کیا نہیں کرے گا۔یہ تمام باتیں ایک کتاب میں لکھی ہوئی ہیں اور اسی کے مطابق دنیا میں اعمال وافعال کا صدور ہوتا ہے۔ایمانیات کا یک اہم جزو یہ ہے کہ ’’ایمان بالقدر خیرہٖ وشرہٖ من اللہ تعالیٰ‘‘ ہے۔ اور جب اللہ تعالیٰ کا فیصلہ صادر ہو جائے کہ جن کے معاملے میں ہماری تدابیر اثر انداز نہیں ہو سکتی تو اس وقت صبر کرنا ہی تدبیر ہے۔

ذرّہ ذرّہ دہر کا زندانیِ تقدیر ہے

پردۂ مجبوری و بے چارگی تدبیر ہے

اور جب تقدیر کے یہ مسائل حل نہیں کئے جا سکتے لیکن ان پر ایمان رکھنا ضروری ہے۔
علامہ اقبال فرماتے ہیں کہ منطق اور تقدیر میں کوئی توافق نہیں ہے۔ ہر نتیجہ منطقی ہو، ایسا ضروری بھی نہیں۔

شاید کوئی منطق ہو نہاں اس کے عمل میں
تقدیر نہیں تابعِ منطق نظر آتی

علامہ اقبال کے زمانے میں بھی ایک طبقہ ایسا بھی تھا جو جبریہ رجحانات کا حامل تھا۔ اس دور میں یہ مسئلہ بہت زور و شور سے بڑی شد و مد کے ساتھ بیان کیا جا رہا تھا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہماری تقدیر لکھ دی ہے اور یہ بات بالکل صحیح ہے کہ تقدیر میں جو کچھ لکھا گیا ہے' وہ ہو کر رہنے والا ہے۔ اس لیے ہماری محنتوں اور کوششوں سے جب کوئی فائدہ نہیں تو پھر ہم کیوں نہ راضی برضا ہو جائیں۔

علامہ اقبال کا ایک بڑا کارنامہ یہ بھی ہے کہ انہوں نے اس غلط تصور کو دور کیا کہ تقدیر کا بہانہ کر کے منصوبہ بندی اور حسنِ تدبیر سے مہجوری اور حرکت و عمل سے دوری اختیار کرنا خلافِ شرع اور خلافِ فطرت ہے۔ انہوں نے قوم کو سکھایا کہ تدبیر اور دعاء تقدیر کو بدل سکتی ہے۔

تقدیر کے بارے میں جو غلط تصورات' اذہان میں قائم تھے، ان کو دور کرنے کا سہرا علامہ اقبال کے سر ہے۔ جب اقبال کے کلام کا بغور مطالعہ کیا جاتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے تقدیر کے موضوع پر اظہارِ خیال کیا ہے اور اس سلسلے میں تصریحات پیش کی ہیں۔ اس معاملہ میں اقبال کا پیغام یہ ہے کہ تقدیر کا بہانہ بنا کر تدبیر سے ہرگز گریز نہ کیا جائے تا کہ تقدیر اور تدبیر میں کلی طور پر مطابقت اور ہم آہنگی پیدا ہو۔

عمل کو اقبال کے ہاں کلیدی حیثیت حاصل ہے۔ عمل ہی سے زندگی جنت یا جہنم بنتی ہے۔ قرآنِ کریم بھی مکافاتِ عمل اور مجازاتِ عمل ہی کو اہمیت دیتا ہے۔ وَ اَنْ لَّیْسَ لِلْاِنْسَانِ

Scanned with OKEN Scanner

اِلَّا مَا سَعٰی۔

علامہ اقبالؔ کہتے ہیں کہ تقدیر سے کوئی آگاہ نہیں ہے۔اس لیے تقدیر کا بہانہ بنانا بالکل غلط ہے۔اس سے بڑی نادانی اور حماقت بھی کی ہوگی کہ محض تقدیر اور قسمت کے خراب ہونے کو بہانہ بنا کر عمل اور تدبیر سے روگردانی اختیار کر لی جائے۔

مری شاکِ امل کا ہے ثمر کیا ؟
تری تقدیر کی مجھ کو خبر کیا؟
کلی گل کی ہے محتاجِ کشود آج
نسیمِ صبح فردا پر نظر کیا؟

حضرت اقبالؔ نے عمل کو مقدم رکھا ہے، اللہ نے نہ کسی کو جنتی بنایا ہے اور نہ جہنمی۔ انسان کا عمل جیسا ہوتا ہے، فیصلہ ویسا ہی کرے گا:

عمل سے زندگی بنتی ہے، جنت بھی جہنم بھی
یہ خاکی اپنی فطرت میں ، نہ نوری ہے نہ ناری

اقبالؔ مسلمانوں سے کہتے ہیں کہ وہ اس قدر اسلام پر عمل پیرا ہو جائیں کہ وہ اپنی خودی کو اللہ کے منشاء کے مطابق ڈھال لیں اور مردِ مومن کی رضا مندی ہی اللہ کی رضامندی ہو اور تدبیر سے اپنے آپ کو ایسا بنائے کہ تقدیر اس کے موافق ہو۔

ترے دریا میں طوفاں کیوں نہیں ہے؟
خودی تیری مسلماں کیوں نہیں ہے؟
عبث ہے شکوۂ تقدیرِ یزداں
تو خود تقدیرِ یزداں کیوں نہیں ہے؟

اقبالؔ کہتے ہیں کہ اگر ہم اپنی خودی کی تربیت کریں، اسلام پر کامل طور پر عمل کریں تو خدا ہم سے خود پوچھے گا کہ بتاؤ تمہاری تقدیر کیا ہو؟

Scanned with OKEN Scanner

خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے

علامہ اقبالؔ کہتے ہیں کہ تدابیر اختیار کرو اگر ان میں ناکام ہو جاؤ تو دوسری تدبیریں استعمال کرو۔ بہرحال تقدیر کا بہانہ نہیں بنانا چاہیے۔

تو اگر تقدیر نو نخواہی رواست
زانکہ تقدیراتِ حق لا انتہاء است

علامہ اقبالؔ میں جاوید نامہ میں تقدیر کی اس بحث کو بہت اجاگر کیا ہے۔ مثال کے طور پر جاوید نامہ کے دو شعر پیش ہیں۔

ارضیاں نقدِ خودی در باختند
نکتۂ تقدیر را نہ شناختند
رمزِ باریکش بحرفی مضمر است
تو اگر دیگر شوی او دیگر است

اگر انسان اللہ تبارک وتعالیٰ کی کامل اطاعت کرے اور ہر طرح اس کی فرمانبرداری کرے تو اس سے خوش ہوتے ہیں۔ اور جب ہم اللہ کے ہو جائیں تو اللہ ہمارا ہو جائے گا۔ من کان للہ، کان اللہ لہ۔ اقبالؔ کہتے ہیں جب بندہ اللہ کی مرضی کو مقدم جان کر اپنی مرضی کو اس کا تابع کر دیتا ہے تو اللہ خوش ہو کر اپنی مرضی اس کی مرضی کے مطابق کر دیتا ہے۔

در رضایش مرضیٔ حق گم شود
این سخن کہ باور مردم شود

اور جب بندۂ مومن اپنی خودی کو مومن بنالیتا ہے تو اس کی مرضی خدا کی رضامندی ہوتی ہے۔ اور دونوں میں مطابقتِ تامہ ہوتی ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کو خود بندۂ مومن کی رضا عزیز ہوتی ہے۔ یہ دو شعر دیکھیے:

Scanned with OKEN Scanner

خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے

اور اس مردِ مومن کی نگاہ، تقدیر کو بھی بدل دیتی ہے:

کوئی اندازہ کر سکتا ہے اس کے زور بازو کا
نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

اقبالؔ ہمیں اسلاف کو نمونہ بنانے کی تلقین کرتے ہیں، ہمارے اسلاف، تدبیر پر ایمان رکھتے ہوئے تقدیر اختیار کرتے تھے۔ انہوں نے اپنی خودی کو مسلمان بنالیا تھا۔ وہ لوگ تقدیر کا بہانہ نہیں بناتے تھے۔ ان کی تائید اللہ تعالیٰ کرتا تھا اور اسی وجہ سے وہ لوگ جدھر گئے، کامران اور بامراد واپس ہوئے۔

تن بہ تقدیر ہے آج ان کے عمل کا انداز
تھی نہاں جن کے ارادوں میں خدا کی تقدیر

اقبالؔ فرماتے ہیں کہ قوم کی تقدیر ان کے افراد کے ہاتھوں میں ہوتی ہے اور اگر یہ لوگ چاہیں تو اسے بنا بھی سکتے ہیں اور بگاڑ بھی سکتے ہیں:

افراد کے ہاتھوں میں اقوام کی تقدیر
ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارہ
محروم رہا دولتِ دریا سے وہ غواص
کرتا نہیں جو صحبتِ ساحل سے کنارہ

جو تقدیر کا بہانہ بنا رہے تھے، علامہ اقبال نے ان سے کہا کہ تقدیر کا کسی کو علم نہیں ہے، اس لیے اخلاص کے ساتھ عمل کا آغاز کر دینا چاہیے۔ اور اس مومنانہ فراست کو اپنے اندر پیدا کرنا چاہیے کہ جس سے تقدیر ہی کو بدل سکنے کی طاقت پیدا ہو۔

تقدیرِ امم کیا ہے، کوئی کہہ نہیں سکتا

مومن کی فراست ہو تو کافی ہے اشارہ

اخلاصِ عمل مانگ نیا گانِ کہن سے
شاہاں چہ عجب گر بنوازند گدارا

اقبالؔ اپنی ایک نظم احکامِ الٰہی میں مسئلہ تقدیر کو واضح کرتے ہیں کہ تقدیر کی پابندی کا مطلب بغیر تدبیر کئے تقدیر پر راضی بہ رضا ہونا نہیں ہے بلکہ احکام الٰہی پر عمل کرنا اور دعاء و تدبیر کت ذریعہ تقدیر کو اپنے لیے سازگار بنانا ہے۔اور مومن کو ہر حال میں احکامِ الٰہی کا پابند ہوتا ہے۔

پابندیٔ تقدیر کہ پابندیٔ احکام
یہ مسئلہ مشکل نہیں اے مرد خردمند
اک آن میں سو بار بدل جاتی ہے تقدیر
ہے اس کا مقلد ابھی ناخوش ، ابھی خورسند
تقدیر کے پابند نباتات و جمادات
مومن فقط احکامِ الٰہی کا ہے پابند

اس کے علاوہ ''تقدیر'' کے نام سے ضربِ کلیم میں یہ ایک نظم موجود ہے۔

نااہل کو حاصل ہے کبھی قوت و جبروت
ہے خوار زمانے میں کبھی جوہر ذاتی
شاید کوئی منطق ہو نہاں اس کے عمل میں
تقدیر نہیں تابعِ منطق نظر آتی !!
ہاں ایک حقیقت ہے کہ معلوم ہے سب کو
تاریخِ امم جس کو نہیں ہم سے چھپاتی
ہر لحظہ ہے قوموں کے عمل پر نظر اس کی

Scanned with OKEN Scanner

براں صفت تیغ دو پیکر نظر اس کی

اس نظم میں علامہ اقبال نے یہ بیان کیا ہے کہ نااہل کو بھی نوازا جاتا ہے۔ اور جو اہل ہیں، اور جوہرِ ذاتی کے اوصاف کے حامل ہیں، ان سے بے اعتنائی برتی جاتی ہے۔ تقدیر کے مطابق اعمال ہو رہے ہیں۔ اس کی نہاں منطق ہے۔ سمجھ میں تو نہیں آتی، لیکن اس میں کوئی نہ کوئی مصلحت پوشیدہ ضرور ہے۔ اقبال تقدیر پر نظر رکھنے کا مشورہ دیتے ہیں اور تقدیر بدلنے کی تلقین کرتے ہیں۔ اقبال مسلمانوں کی حالت زار پر گریہ کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ مسلمان تقدیر کا بہانہ کر کے سو گیا ہے۔ جس کا کام جاگنا تھا، وہ خود خوابیدہ و خفتہ ہے۔ ع

تقدیر کو روتا ہے مسلماں تہ محراب

علامہ اقبال وحدتِ ادیان کے قائل نہیں۔ وہ اپنے اشعار میں مومن اور کافر کے درمیان فرق کو واضح کرتے، مندرجۂ ذیل اشعار میں نظریہ تقدیر جو اسلامی ہے اور غیر اسلامی ہے اسے پیش کیا ہے۔ اور یہ بھی بیان کیا ہے کہ تدبیر اہم ہوتی ہے۔

کافر ہے تو شمشیر پہ کرتا ہے بھروسا
مومن ہے تو بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی
کافر ہے تو تابعِ تقدیر مسلماں
مومن ہے تو وہ آپ ہے تقدیرِ الٰہی

مومن بذاتِ خود تقدیر الٰہی ہے۔ لہٰذا تقدیر کا بہانہ نہیں بنانا چاہیے۔ جدو جہد اور حرکت و عمل پر کمر بستہ ہو جانا چاہیے۔ اگر تدبیر نہ کرے گا تو حالات کا خود ذمہ دار ہو گا۔

خبر نہیں کیا ہے نام اس کا، خدا فریبی کہ خود فریبی
عمل سے فارغ ہوا مسلماں بنا کے تقدیر کا بہانہ

علامہ اقبال فرماتے ہیں کہ تمام وسائل اور ذرائع موجود ہیں مگر تدبیر سے دوری اس قدر ہے کہ ان وسائل کو استعمال کرنا نہیں چاہتے۔ اگر ان اسباب کو اختیار کریں گے تو پھر تقدیر کا بہانہ

Scanned with OKEN Scanner

کیسے بنا سکیں گے۔

ہوائیں ان کی، فضائیں ان کی، سمندر ان کے، جہاز ان کے
گرہ بھنور کی کھلے تو کیوں کر، بھنور ہے تقدیر کا بہانہ!

اقبالؔ کہتے ہیں کہ اگر اپنی نگاہ کو مومن بنالیا جائے تو تقدیر کی گہرائیاں نظر آئیں گی:

نظر آئیں مجھے تقدیر کی گہرائیاں اس میں
نہ پوچھ اے ہمنشیں مجھ سے وہ چشم سرمہ سا کیا ہے

علامہ اقبالؔ نوجوانانِ امت کو مردِ مومن کی مثالی شخصیت پیش کر کے اس کی طرح عمل کرنے کا مشورہ دیتے ہیں کہ وہ اپنے جنوں سے تقدیر کے پردہ کو چاک کو سی دیتا ہے۔

ایسا جنوں بھی دیکھا ہے میں نے
جس نے سیئے ہیں تقدیر کے چاک

اقبالؔ کی بصیرت دیکھیے کہ فرماتے ہیں ''افراد کا یقین ہی وہ شئے ہے جس سے ملت کی تعمیر ہوتی ہے اور اسی قوت سے تقدیر بنتی ہے۔

یقین افراد کا سرمایۂ تعمیرِ ملت ہے
یہی قوت ہے جو صورت گرِ تقدیر ملت ہے

خود کو تقدیر کا زندانی سمجھنا' اقبالؔ کی نظر میں نادانی ہے۔ نادان خود کو تقدیر کے دام میں گرفتار سمجھتا ہے اور حقیقت یہ ہے کہ اس میں تقدیر شکن قوت موجود ہے۔

تقدیر شکن قوت باقی ہے ابھی اس میں
ناداں جسے کہتے ہیں تقدیر کا زندانی

اقبالؔ کا خیال ہے اگر چشم دل وا ہو تو تقدیر بے حجاب ہو جاتی ہے۔

کہہ رہا ہے مجھ سے اے جویائے اسرارِ حیات
چشمِ دل وا ہو تو تقدیرِ عالم بے حجاب

Scanned with OKEN Scanner

اس طرح علامہ اقبالؔ تقدیر کے اسرار و رموز کو بے حجاب کر کے تدبیر اختیار کرنے کی دعوت دیتے ہیں۔ اور انہیں یہ یقین بھی ہے کہ مسلمانوں نے ان کے پیغام کو سن لیا ہے۔ اور ضرور بہ ضرور تدبیر اختیار کریں گے اور تقدیر کا بہانہ نہیں بنایا جائے گا۔

توڑ ڈالے گی یہی خاکِ طلسمِ شب و روز
گرچہ کچھ الجھی ہوئی تقدیر کے پیچاک میں ہے

علامہ اقبالؔ اپنی بصیرت سے گہرائیوں اور پنہائیوں میں ڈوب کر تقدیر کو تدبیر پر موقوف قرار دیتے ہیں:

نظر آئیں مجھے تقدیر کی گہرائیاں اس میں
نہ پوچھ اے ہمنشیں مجھ سے وہ چشم سرمہ سا کیا ہے
ذرا تقدیر کی گہرائیوں میں ڈوب جا تو بھی
کہ اس جنگاہ سے میں بن کے تیغِ بے نیام آیا
تقدیر شکن قوت باقی ہے ابھی اس میں
نادان جسے کہتے ہیں تقدیر کا زندانی

علامہ فرماتے ہیں کہ میرے تفکر میں انجم اور ستارے بنتے ہیں۔ بقول ڈاکٹر محمد ریاض ”پیغام اقبال بے شک عالمگیر ہے، مگر مسلمان معاشرہ اور ملت کا اس میں ایک خاص مقام ہے۔ حکیم الامت کی بصیرت، امت مسلمہ کے لئے مینارۂ نور ہے، اس لیے تقدیر امت کے ضمن میں ان کے ارشادات قابلِ غور ہیں۔

بنتے ہیں مری کارگہہِ فکر میں انجم
لے اپنے مقدر کے ستارے کو تو پہچان

علامہ فرماتے ہیں کہ اگر یقین پختہ ہو، خودی مسلماں ہو تو یہی چیزیں تقدیر ساز ہیں۔

غلامی میں نہ کام آتی ہیں شمشیریں نہ تدبیریں

Scanned with OKEN Scanner

جو ہو ذوقِ یقیں پیدا تو کٹ جاتی ہیں زنجیریں
کوئی کر سکتا ہے اندازہ اس کے زورِ بازو کا
نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

اور یقین ہی ملت کی تعمیر میں سرمایہ کا کام دے سکتا ہے، جو کہ تقدیر کا صورت گر ہے۔

یقین افراد کا سرمائی تعمیر ملت ہے
یہی قوت ہے جو صورت گر تقدیر ملت ہے

علامہ اقبالؔ کی تشخیص کے مطابق تقدیر امم کے تین عناصر ہیں۔

دفعتاً جس سے بدل جاتی ہے تقدیرِ امم
ہے وہ قوت کہ حریف اس کی نہیں عقلِ حکیم
ہر زمانے میں دگرگوں ہے طبیعت اس کی
کبھی شمشیرِ محمدؐ ہے کبھی چوب ِ کلیمؑ

ضربِ کلیم میں نظم ''آج اور کل'' میں علامہ اقبالؔ تقدیر ساز اور تقدیر شکن اقوام کا طرزِ عمل یوں بیان کرتے ہیں:

وہ کل کے غم و عیش پہ کچھ حق نہیں رکھتا
جو آج خود افروز و جگر سوز نہیں ہے
جو قوم نہیں لائقِ ہنگامۂ فردا
جس قوم کی تقدیر میں امروز نہیں ہے

زندہ قومیں تقدیر کا بہانہ بنا کر تدبیر سے جی نہیں چراتیں، بلکہ جہدِ مسلسل اور عملِ پیہم ان کا شیوہ ہوتا ہے اور یہ اقوام اپنے عمل سے تقدیروں کو بھی بدل کر رکھ دیتی ہیں۔

نشاں یہی ہے زمانے میں زندہ قوموں کا
کہ صبح و شام بدلتی ہیں ان کی تقدیریں

Scanned with OKEN Scanner

قوموں کی تقدیر کو بدلنے والی چیز یہ ہے کہ جدتِ عمل اور جدتِ کردار پیدا ہو جائے۔ جوشِ کردار سے شمشیرِ سکندر کا طلوع ہو۔ ندرتِ فکر وعمل اور تدبیر سے جب کام لیا جاتا ہے ،تو یہی تقدیر کی تبدیلی ہے۔ نپولین کے مزار پر اقبالؔ کہتے ہیں:

راز ہے، راز ہے، تقدیر جہانِ تک و تاز
جوشِ کردار سے کھل جاتے ہیں تقدیر کے راز
جوشِ کرادر سے شمشیرِ سکندر کا طلوع!!
کوہِ الوند ہوا جس کی حرارت سے گداز
جوشِ کردار سے تیمور کا سیلِ ہمہ گیر
سیل کے سامنے کیا شئے ہے نشیب اور فراز

نپولین کے بعد نظم ''مسولینی'' سے یہ شعر ملاحظہ فرمائیں:

ندرتِ فکر وعمل کیا شئے ہے، ذوقِ انقلاب
ندرتِ فکر وعمل کیا شئے ہے ،ملت کا شباب
ندرتِ فکر وعمل سے معجزاتِ زندگی !!
ندرتِ فکر وعمل سے سنگِ خارا، لعلِ ناب

اور یہی وہ اسرار ہیں جو جوشِ عمل سے کھل جاتے ہیں کہ تقدیر کیا ہے، تقدیر کیسے بدل سکتی ہے۔'' مکالمہ مرید ہندی و پیر رومی'' میں تقدیر امم پر بہت سے خیالات کا اظہار کیا ہے اور بہت بصیرت افروز جائزہ لیا ہے۔ علامہ نے اپنے شہرۂ آفاق ''جاوید نامہ'' میں تقدیر کے بارے میں 'زندہ رود' حضرت جلال الدین رومؔی سے ''افتادن تجلی جلال'' کہلواتے ہیں:

یورشِ ایں مردِ ناداں در پذیر
پردہ را از چہرۂ تقدیر گیر
انقلابِ روس و آلمان دیدہ ام

شور در جان مسلمان دیدہ ام
دیدہ ام تدبیر ہائے غرب و شرق
وا نما تقدیر ہائے غرب و شرق

اس سلسلے میں ڈاکٹر محمد ریاض لکھتے ہیں:

"۔۔۔دانائے راز نے جاوید نامہ میں اس کتاب کے دوسرے فلک سے شاعر کا نام زندہ رود یاد رکھنا چاہیے۔تقدیر امم پر بھرپور بحث کی ہے۔ندائے جمال نے انہیں امت مسلمہ کے بارے میں بتایا کہ مسلمانوں کے ضعف وانحطاط کا بڑا سبب یہ ہے کہ مسلمانوں نے دین کے اساس اول کے تقاضے سے منہ موڑ رکھا ہے۔علامہ نے جو حرکت وعمل کا تصور ہمیں دیا ہے اور عمل پر ابھار کر سستی و کاہلی سے دور ہونے کا پیغام ہمیں دیا ہے، وہ علامہ کا بہت بڑا کارنامہ ہے۔جمود و تعطل کے دور میں عمل کا پیغام دینا صرف اقبال ہی کے بس کی بات تھی۔اگر تقدیر کو بدلنے کا ارداہ نہ ہو تو تقدیر بدلے گی بھی نہیں۔"

علامہ اقبالؔ کے خیال میں قرآنِ مجید میں قوموں کے عروج وزوال اور تقدیرِ امم کو اسرار ورموز اور معارف وحِکم موجود ہیں۔کہتے ہیں:

جو سرمۂ رازی زا از دیدہ فروشستم
تقدیر امم دیدم ، پنہاں بہ کتاب اندر

اقبالؔ نے 'مثنوی پس چہ باید کرد اے اقوام مشرق' میں امتوں اور قوموں کی تقدیر کو بیان کیا ہے اور عروج وزوال کے نتائج کو تدبیر کرنے اور نہ کرنے پر موقوف بتایا ہے۔بقول شخصے:

"۔۔۔مثنوی پس چہ باید کرد، تقدیر امم کا آئینہ خانہ کہی جا سکتی ہے۔" اقبالؔ کہتے ہیں کہ اگر کوئی

خودی سے واقف ہو جائے اور وہ اپنی خودی کو مسلمان بنا لے تو خود بخود تقدیر کے اسرار کھل جائیں گے اور جو لوگ تدبیر اختیار نہیں کرتے بلکہ تقدیر کا بہانہ کرتے ہیں، وہ اپنی خودی سے ناواقف ہیں۔

علامہ اقبالؔ فرماتے ہیں کہ مومن پابند تقدیر نہیں ہوتا بلکہ احکامِ الٰہی کا پابند ہوتا ہے۔

مومن خود تقدیر بنانے والا، تقدیر ساز اور خلاقِ تقدیر ہوتا ہے:

عزم او خلاقِ تقدیرِ حق است
روزِ ہیجا تیر او تیرِ حق است

علامہ اقبالؔ پیامِ مشرق میں فرماتے ہیں:

بپا ی خود مزن زنجیر تقدیر
تہ ایں گنبد گرداں رہی ہست
اگر باور نداری خیزو دریاب
کہ چون پاواکنی جولا نگہی ہست

علامہ اقبالؔ نے جس بات پر بہت زور دیا ہے وہ 'خودی' ہے۔ ان کے خیال میں خودی کا عرفان اور خودی کو پہچان لینا انسان کے لیے ایک بڑی دولت ہے اور جو شخص خودی سے واقف اور خود آگاہ ہوگا، وہ ضرور تدبیر اختیار کرے گا۔ اور اگر وہ تدبیر اختیار نہ کر رہا ہو، تقدیر کو رو رہا ہو تو وہ یقیناً خودی سے ناواقف ہے بلکہ وہ اپنی خودی سے انصاف نہیں کرنے والا ہے۔

اس کی تقدیر میں محکومی و مظلومی ہے
قوم جو کر نہ سکی اپنی خودی سے انصاف

اقبالؔ کے سوزِ دروں اور تقدیر کے مسئلہ میں ملت کے رویہ پر ان کے کرب کا اظہار اس شعر سے ہوتا ہے:

خبر نہیں کیا ہے نام اس کا، خدا فریبی کہ خود فریبی

عمل سے فارغ ہوا مسلماں، بنا کے تقدیر کا بہانہ

الحاصل، علامہ اقبال نے اپنی ساری توجہ اس امر پر مرکوز کی ہے کہ امت مسلمہ اللہ کے غلط مفہوم کو ترک کردے اور تدبیر اختیار کرے۔ علامہ کے کلام میں جابجا اس کو بیان کیا گیا ہے۔ انہوں نے اس موضوع کو بڑی خصوصیت کے ساتھ بیان کیا ہے کہ تدبیر کیا ہوگی؟۔ تدبیر یہی ہوگی کہ احکام الٰہی پر پوری طرح عمل کیا جائے اور اسی کی رضا طلب کی جائے۔ عدم تدبیر، اللہ کے غلط تصور اور ناقص فہم کی وجہ سے ہے۔

پابند ئ تقدیر کہ پابندیٔ احکام
یہ مسئلہ مشکل نہیں اے مردِ خردمند
اک آن میں سو بار بدل جاتی ہے تقدیر
ہے اس کا مقلد ابھی ناخوش، ابھی خرسند
تقدیر کے پابند نباتات و جمادات
مومن فقط احکامِ الٰہی کا ہے پابند !!

☆☆☆

Scanned with OKEN Scanner

اقبال ہمہ جہت شخصیت کے مالک ہیں۔ غالب کے سوا اردو شاعری میں کوئی دوسری مثال ایسی نہیں ہے جسے اقبال کے روبرو رکھا جائے۔ اقبال عظیم فلسفہ کے شاعر تھے۔ برگساں نے بھی اقبال کی شاعری کو سراہا۔ دنیائے شعروادب میں کچھ ایسی جداگانہ شخصیتیں ہیں چاہے وہ مشرق ہو یا مغرب، ہر دور میں چند ایسے شعراء گزرے ہیں جنہوں نے اردو ادب کو بلند ترین مقاصد کے لئے استعمال کیا ہے۔ ایران میں سعدیؔ وادے جرمنی میں گوئٹے اور ہندوستان میں ٹیگور اور اقبالؔ وہ بلند پایہ مصلحین اور عبقری شخصیات تھے، جنہوں نے اپنا پیغام شعر کے ذریعہ دیا۔ مذکورہ خیالات کا تذکرہ ملکی اور غیر ملکی مقالہ نگاروں نے اپنے مقالوں میں پیش کیے۔ مجھے یہ کہتے ہوئے بے انتہا خوشی ہوئی کہ آن لائن بین الاقوامی سیمینار بے حد کامیاب رہا۔ صدر شعبہ اردو پروفیسر شاہد علی سلیمان شیخ اور جشیدہ جہاں آرا نے خوب محنت کی جس کے نتیجہ میں ملکی اور غیر ملکی مقالہ نگاروں نے شرکت کرتے ہوئے اپنے گراں قدر مقالے پیش کیے۔ یہ آن لائن بین الاقوامی سیمینار اپنے آپ میں اور ادبی تاریخ میں سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ کتاب اقبال کو سمجھنے کے لئے ایک اہم ذریعہ ہی نہیں بلکہ طلباء وطالبات کے لئے تحقیقی نسخہ کی حیثیت رکھتا ہے۔


ڈاکٹر محمد خلیل احمد

پرنسپل معین الدین حارث کالج ممبئی



₹ 450/-

ISBN : 978-81-952175-0-2

9788195217502

**Meezan Publishers & Distributors**

Opp. Fire & Emergency Services HQRS Batamaloo

Srinagar, Kashmir-190009

Ph/Fax: 0194-2457215 | Cell: 9419002212 | 84940022112 | 7006773403

Email: meezanpublishers@gmail.com | rediffmail.com

*ISBN No.978-81-952175-0-2*

# تحسینِ ادب



براے ڈگری
ثانوی زبان
اردو

مرتبہ


ڈاکٹر شیخ فاروق باشا عمری
ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری عمری



تحسینِ ادب براے ڈگری ثانوی زبان اردو


# TAHSEEN-E-ADAB

SECOND LANGUAGE URUD
FOR
UG FIRST / SECOND & THIRD SEMESTER
Priscribed by APSCHE for Universities of A.P.
B.A., B.Com., & B.Sc.
Applicable for 2020-21


Edited by
**Dr. S. FAROOQ BASHA**
Department of Urdu
Government Degree College, Rayachoty.

**Dr. SYED VASIULLA BAKHTIARY**
Department of Urdu
Government College for Men (Autonomous), Kadapa.



TANVEER PUBLISHERS

ISBN : 978-81-953991-0-9

9 788195 399109

**Rs. 200/-**



Scanned with CamScanner

جملہ حقوق بحق مرتبین محفوظ ہیں

کتاب : تحسینِ ادب
مرتبین : ڈاکٹر شیخ فاروق باشا عمری
ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری عمری
اشاعت دوم : 2022ء
تعداد : 1000
قیمت : Rs. 200/- (دوسو روپے)
طباعت : سہیل گرافکس، چھتہ بازار، حیدرآباد Ph: 9246161020
رابطہ : فون: 9493330013، 8712135940

ISBN No: 978-81-953991-0-9

# TAHSEEN E ADAB

SECOND LANGUAGE URDU
FOR
UG FIRST / SECOND & THIRD SEMESTER
Priscribed by APSCHE for Universities of A.P.
B.A., B.Com., & B.Sc.,
Applicable from 2020-21.

Edited By
*Dr. S. FAROOQ BASHA*
*Head, Department of Urdu, Government Degree College, Rayachoty*
*Dr. SYED VASIULLA BAKHTIARY*
*Head, Department of Urdu, Government College for Men(Autonomous)Kadapa*

Year of Publication: 2022
**Price: 200/-**



محکمۂ کلیاتی تعلیم، حکومتِ آندھراپردیش
(کمشنریٹ آف کالجیٹ ایجوکیشن، گورنمنٹ آف آندھراپردیش)



## پیغام

ریاست آندھراپردیش کے گورنمنٹ ڈگری کالجوں اور خانگی کالجوں میں اردو کو ثانوی زبان کی حیثیت سے بہت سے طلبہ پڑھتے ہیں۔ ریاست کے کئی کالجوں میں اردو میڈیم سے ڈگری کی سہولت بھی موجود ہے۔ اور مجھے یہ بات معلوم ہوئی کہ کئی سالوں سے ان طلبہ کی تعلیمی رہنمائی کے لیے کوئی نصابی کتاب موجود نہیں ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ ڈاکٹر شیخ فاروق باشا، شعبہء اردو، گورنمنٹ ڈگری کالج، رائے چوٹی، اور ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری، شعبہء اردو، گورنمنٹ کالج برائے ذکور (خود مختار)، کڈپہ نے ''تحسینِ ادب'' کے نام سے ایک نصابی کتاب متن اور تشریح کے ساتھ ترتیب دی ہے۔ مجھے امید ہے کہ یہ کتاب طلبہ اور اساتذہ کی تعلیمی رہنمائی کرتے ہوئے ان کے علم میں اضافہ کا باعث بنے گی اور ان میں مسابقتی امتحانات کا جذبہ بھی پیدا کرے گی۔

پولا بھاسکر
ڈاکٹر پولا بھاسکر آئی۔اے۔ایس۔
کمشنر آف کالجیٹ ایجوکیشن، وآندھراپردیش

Scanned with CamScanner

# فہرست عناوین


| | |
|---|---|
| پیش لفظ | 5 |
| عرض مرتبین | 7 |
| پہلا سمسٹر۔اردو شاعری (غزل،نظم) | 8 |
| دوسرا سمسٹر۔اردو شاعری (مثنوی،مرثیہ،قصیدہ،رباعی) | 75 |
| تیسرا سمسٹر۔افسانوی ادب (داستان،ڈرامہ،ناول،افسانہ) | 111 |




# پیش لفظ

ریاستِ آندھرا پردیش میں اردو زبان کو آٹھ اضلاع میں ثانوی زبان کا موقف حاصل ہے ۔یہاں کے مختلف کالجوں میں طلبہ اردو کو زبان دوم کی حیثیت سے پڑھتے ہیں ۔اردو مادری زبان ہونے کی وجہ سے بہت سے طلبہ زبان دوم کی حیثیت سے اختیار کرتے ہیں ۔گزشتہ کئی سالوں سے ڈگری سطح پر نصابی کتاب نہیں ہونے کی وجہ سے طلبہ اور اساتذہ مواد کے حصول کے لیے بہت پریشان ہوتے تھے۔کسی نے اس جانب توجہ نہیں دی۔

تعلیمی سال 2020-21 سے آندھرا پردیش میں اردو زبان کا ایک نیا نصاب تشکیل دیا گیا جو APSHCHE کی جانب سے منظور شدہ تھا۔اسی نئے نصاب کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈاکٹر شیخ فاروق باشا عمری اور ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری عمری نے ''تحسین ادب'' کے نام سے ایک اہم کتاب مرتب کی ہے جو نہ صرف طلبہ بلکہ اساتذہ کے لیے بھی نہایت مفید اور مشعل راہ ثابت ہوسکتی ہے۔اس کتاب کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں نصابی مواد کے ساتھ ساتھ متن کی تشریح اور توضیح بھی بہت عمدہ طریقے سے کی گئی ہے۔نصابی مواد کے حصول کے لیے اصل ماخذ اور مرجع تک رسائی حاصل کرنے کی کوشش کی گئی ہے جس کی وجہ سے یہ کتاب غلطیوں سے پاک نظر آتی ہے۔

کتاب کا نام ''تحسین ادب'' بہت خوب رکھا گیا ہے۔موضوعات اور ابواب کا انتخاب بھی عمدہ ہے۔شعرائے اردو کے انتخاب میں نہ صرف قدیم وجدید کا لحاظ رکھا گیا ہے بلکہ ریاست آندھرا پردیش کے بعض قابل فخر استاذ شعراء کے کلام سے نئی نسل کو بھی واقف کرانے کی بہترین کوشش کی ہے۔

اس کتاب کی ایک اہم خوبی یہ بھی ہے کہ اس میں تینوں سمسٹر کے نصاب کو ایک کتاب میں ضم کر دیا گیا ہے تاکہ طلبہ کے لیے آسانی ہو اور ہر سمسٹر میں ایک نئی کتاب کی تلاش سے وہ محفوظ رہیں۔

پہلا سمسٹر اردو شاعری پر مشتمل ہے جس میں پانچ نظمیں اور پانچ غزلیں ہیں۔حصہء غزل میں صف اول کے شعراء کے کلام کا انتخاب کیا گیا ہے جیسے میر تقی میر، غالب، درد، جگر، کی غزلیں شامل ہیں ۔حصہء نظم میں نظیر اکبر آبادی (کلجگ )، علامہ شبلی (عدلِ فاروقی )، اکبر الہ آبادی (نصیحتِ اخلاقی )، اقبال (چاند اور تارے ) اور فیض احمد فیض (لوح وقلم ) کی نظمیں شامل ہیں۔یہ نظمیں ایک

اچھے پیغام اور عمل وفکر کے جذبے سے معمور ہیں۔ طلبہ میں نظم نگاری کی صلاحیت پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے قلوب واذہان پر مثبت نقوش مرتب ہو سکتے ہیں۔ اس کتاب کی ایک اور اہم خوبی یہ ہے کہ نصاب میں شامل اصنافِ نثر ونظم کا جامع اور معلوماتی جائزہ لیا گیا ہے۔

دوسرے سمسٹر میں صنفِ مثنوی، مرثیہ، قصیدہ اور رباعی کے فن کا اجمالی جائزہ لیا گیا ہے۔ مثنوی نگار میر حسن کی سوانح حیات اور ان کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالتے ہوئے ان کی مشہور زمانہ تصنیف ''سحر البیان'' کے ادبی محاسن کا جائزہ لیا گیا ہے۔ میر انیس کی سوانح حیات اور ان کی مرثیہ نگاری پر تبصرہ کرتے ہوئے نصاب میں شامل چھ بند پر مشتمل مرثیہ کا خلاصہ پیش کیا گیا ہے۔ غالب کی قصیدہ گوئی کا اجمالی جائزہ لیتے ہوئے ان کے قصیدہ کی تشریح کی گئی ہے۔ اس طرح امجد حیدرآبادی کی رباعی اور ساغر جیدی کی رباعیوں کی تشریح کرتے ہوئے ان کا سوانحی خاکہ بھی پیش کیا گیا ہے۔

تیسرے سمسٹر میں افسانوی اصناف نثر، داستان، ڈرامہ، ناول اور افسانہ کا اجمالی جائزہ لیا گیا ہے۔ داستان میں میر امن کی تصنیف ''باغ و بہار'' کا نصاب میں شامل حصہ ''آغاز قصہ کا'' متن کا خلاصہ لکھا گیا ہے۔ نیز میر امن کی سوانح حیات اور ان کی خدمات پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ صنف ڈرامہ کا تعارف کراتے ہوئے کریم رومانی کے حالات زندگی اور ان کا مشہور دکنی ڈراما ''گڑھ کی کھیاں'' کا خلاصہ رقم کیا گیا ہے۔ ناول اور افسانہ کا تعارف کراتے ہوئے ناول نگار ڈپٹی نذیر احمد اور عبدالصمد کے حالات زندگی پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ اور ناول ''توبتہ النصوح'' اور افسانہ ''ایک اور دن'' کے مرکزی قصہ کا اجمالی جائزہ لیا گیا ہے۔

مجموعی طور پر زیر نظر کتاب اردو زبان وادب کا بہترین انتخاب ہے جس کے مطالعہ سے طلبہ اور اساتذہ بھرپور مستفیض ہو سکتے ہیں۔ میں دونوں مرتبین کی خدمت میں ہدیہ تبریک اور تہنیت پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے وقت کی ایک اہم ضرورت کو پورا کیا ہے۔

''نقش ہیں نا تمام خون جگر کے بغیر''

**ڈاکٹر نشاط احمد عمری**
اسسٹنٹ پروفیسر
شعبۂ اردو۔ سنٹرل یونیورسٹی آف حیدرآباد
گچی باؤلی۔ حیدرآباد



# عرضِ مرتبین

تقسیم ریاست آندھرا پردیش و تلنگانہ کے بعد اردو زبان آندھرا پردیش میں گویا حکومت کی سرپرستی سے یکسر محروم ہو گئی ہے۔ اسکول اور کالج کی سطح پر اردو نصابی کتابوں کا مسئلہ سنگین بنا ہوا ہے۔ اس سلسلے میں حکومت کی نظر التفات کب ہو کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ اردو طلبہ ایک طرف کوویڈ کی وجہ سے آن لائن کلاسوں کی دشواریوں سے پریشان ہیں تو دوسری طرف نصابی کتابوں کی عدم دستیابی کی وجہ سے شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ ان حالات میں ہم نے اس بارگراں بار کو اپنے کندھوں لیا۔ طلبہ کے لیے نصابی کتابوں کے سلسلے میں کچھ سامان راحت پہنچانے کا عزم مصمم کیا۔ زیر نظر کتاب اسی جہد مسلسل کا نتیجہ ہے۔

ہم نے اس بات کی کوشش کی کہ تینوں سمسٹرس کے نصاب کو ایک ہی کتاب میں پیش کیا جائے تاکہ طلبہ ہر سال کتاب کی تلاش میں سرگرداں نہ ہوں۔ اور طلبہ کو اردو ادب کے بنیادی پہلوؤں سے روشناس کرایا جائے۔ پہلا سمسٹر حصہ نظم وغزل پر مشتمل ہے۔ دونوں اصناف کا مختصر تعارف پیش کرتے ہوئے نصاب میں شامل نظموں اور غزلوں کی تشریحات بھی رقم کی گئیں ہیں۔

دوسرے سمسٹر میں مثنوی، قصیدہ، مرثیہ اور رباعی جیسی اصناف کا جامع تعارف کرایا گیا ہے اور ان کے آغاز وارتقا پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ نیز نصاب میں شامل حصہ کا خلاصہ بھی پیش کیا گیا ہے۔

تیسرے سمسٹر میں اردو کے افسانوی ادب، داستان، ڈرامہ، ناول اور افسانہ کا تعارف کراتے ہوئے اس کے آغاز وارتقا پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

مجموعی طور پر کتاب تحسینِ ادب نہ صرف امتحانی نقطۂ نگاہ سے بلکہ اردو شائقین ادب کے لیے بھی نہایت مفید ہے۔ اس موقع پر اس بات کا اعتراف بھی مناسب معلوم ہوتا ہے کہ کوویڈ کے پیش نظر مواد کے حصول کے لیے کتب خانوں تک رسائی ممکن نہیں تھی جس کی وجہ سے انٹرنیٹ پر دستیاب کتابیں اور مضامین سے استفادہ کرنا پڑا۔ جن ویب سائٹس سے ہم نے استفادہ کیا ان میں ریختہ، مضامین ڈاٹ کام، اردو نوٹس، اردو وکیپیڈیا، اردو ریسرچ جرنل، سی سی ای ایل ایم ایس اے پی، اردو محفل فورم وغیرہ شامل ہیں۔ ان کے علاوہ ویب سائٹس پر موجود وقیع مقالہ نگاران اور ان کے مضامین سے بھی استفادہ کیا گیا ہے، ہم ان تمام کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

# مجاہدِ اردو

## سید ہدایت اللہ



مجاہدِ اردو سید ہدایت اللہ

**ناشر**

انجمن ترقی اردو، ضلعی شاخ، کڈپہ

ریاستی اردو ٹیچرس اسوسی ایشن (روٹا)، آندھرا پردیش، کڈپہ

ستمبر 2020

# فہرستِ مضامین


| | | |
|---|---|---|
| 1. پیش لفظ | مولوی مفتی سید شاہ محمد مصطفیٰ حسین بخاری | 5 |
| 2. میری یادیں | سید ہدایت اللہ | 8 |
| 3. حمد | یونس طیبؔ | 10 |
| 4. نعت | عبدالقدیر پرویز | 11 |
| 5. روٹا کا ترانہ | سی۔ایس۔عبدالسلام شہمیری | 12 |
| 6. ہمہ جہت شخصیت۔آج بھی اور آئندہ بھی | ایم۔اے۔رحیم خان | 16 |
| 7. یادش بخیر | ڈاکٹر سید عبدالستار ساحرؔ | 19 |
| 8. اردو کے بہادر سپاہی-سید ہدایت اللہ | ڈاکٹر محمد نثار احمد | 22 |
| 9. سید ہدایت اللہ: بے مثل خدمات | ڈاکٹر ایوب حسین | 26 |
| 10. تہنیتی کلمات | ڈاکٹر وارث احمد | 29 |
| 11. جشنِ اردو سید ہدایت اللہ | عبدالغنی کونین | 32 |
| 12. یادوں کے جھروکے | ایم۔جواد حسین | 35 |
| 13. 36 سالہ سفر | سید اقبال | 37 |
| 14. پیکرِ حرکت و عمل ایک دلنواز شخصیت-سید ہدایت اللہ | سید وصی اللہ بختیاری | 39 |
| 15. صبر، محاسبہ اور تواضع کی عکاس شخصیت | سید محمد ثبات الرحمٰن | 47 |
| 16. میرے تاثرات | سید رحمت اللہ | 49 |
| 17. وہ ایک شخص نہیں، مستقل ادارہ ہے | ش۔م۔ہاشم | 52 |
| 18. میری نظر میں سید ہدایت اللہ | شیخ عبدالرزاق | 54 |
| 19. استادِ محترم سید ہدایت اللہ صاحب میری نظر میں | محمد الیاس باشاہ | 56 |

ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری عمری
شعبۂ اردو، گورنمنٹ کالج
رائے چوٹی، آندھرا پردیش

# پیکرِ حرکت و عمل' ایک دلنواز شخصیت۔سید ہدایت اللہ

انسانی فطرت کا دو امور پر دار و مدار ہے: اثبات اور نفی۔ قسامِ ازل نے دنیا میں مختلف طبائع اور متضاد مزاج کے ساتھ انسانوں کو تخلیق فرمایا ہے۔ خیر و شر اور ہدایت و ضلالت کے درمیان حدِ فاصل متعین کر کے امتیاز کا فطری مادہ بھی ودیعت فرمایا۔ راہ یاب ہونے اور بے راہ روی کی روش اختیار کرنے کے سلسلے میں اختیار بھی عطا فرمایا ہے۔ اس پر مستزاد یہ کہ پروردگار کی جانب سے زندگی کے طرزِ عمل اور انتخابِ طریقۂ کار میں بھی توسّع اور گنجائش عطا فرمائی ہے۔ اب یہ بات قابلِ لحاظ ہے کہ جس انسان میں فطری طور پر خیر کا مادہ پایا جاتا ہے، وہ سماج و معاشرہ اور ملک و ملت کے لیے فلاحی و رفاہی خدمات انجام دیتا ہے۔ لہٰذا خیر و نجاح اور صلاح و فلاح کی راہ اختیار کرنے والے افراد قابلِ ستائش و آفرین و تحسین ہیں کہ انہوں نے قوم و ملت اور ملک و وطن کی خدمت کے جادۂ روشن کو اختیار کر رکھا ہے۔

کہا جاتا ہے کہ توفیق ہمیشہ بہ اندازۂ ہمت ہوتی ہے۔ انسانوں میں مختلف نوعیت کی افتادِ طبع پائی جاتی ہے۔ کچھ تو ایسے ہوتے ہیں جو عام زندگی گزارتے ہیں اور ان کا مطمحِ نظر عامیانہ اور سطحی ہوتا ہے۔ کچھ لوگ اپنے لیے زندگی گزارنے کے ساتھ اپنوں کے لیے بھی جیتے ہیں۔ تاہم کچھ ایسی شخصیات بھی ہوتی ہیں جن کا مقصدِ حیات بلند تر اور خیر کی بنیاد پر استوار ہوتا ہے۔ وہ اپنی ذات کو عوام الناس کے فائدہ کے لیے وقف کر دیتے ہیں۔ ان کی زندگی حرکت و عمل کا پیکر، سراپا بے لوثی

وخلوص، مجسم جذبۂ ایثار ونفع رسانی اور ذاتی جوہرِ اخلاص و اخلاق سے آراستہ و پیراستہ ہوتے ہیں۔انہیں مؤخر الذکر دلنواز اور محبوب ومقبول شخصیات میں جناب سید ہدایت اللہ صاحب کا بھی شمار ہوتا ہے۔محبوبیت اور مقبولیت کے سلسلے میں یہ وضاحت ضروری ہے کہ یہ من جانب اللہ ہوتی ہے۔مقبولیت اللہ کی جانب سے ملتی ہے تو دلوں پر محبت نقش ہو جاتی ہے اور محبوبیت کا رتبہ حاصل ہوتا ہے۔اس میں نیت کا خلوص، جذبات کی صداقت، اخلاصِ عمل اور حسنِ کارکردگی وغیرہ عوامل شاملِ حال ہوتے ہیں۔

جناب سید ہدایت اللہ صاحب کی منجملہ خوبیوں اور خصوصیات کے ضمن میں یہ بات خاص طور پر میرے لیے ہمیشہ اہمیت کی حامل رہی ہے کہ ان کی مقبولیت اور محبوبیت من جانب اللہ ہے۔ سب کو ساتھ لے کر چلنے کا جذبہ اور سب کے ساتھ خلوص ومحبت کے ساتھ پیش برتاؤ نہ صرف مثالی ہے بلکہ ایک قابلِ تقلید نمونہ ہے، ورنہ عام طور پر اساتذہ صرف اپنے احباب اور تلامذہ کے حلقے تک محدود ہو کر رہ جاتے ہیں، جس کی وجہ سے وہ اپنے خول میں خود بند ہو کر حصارِ ذات میں محصور ہو جاتے ہیں۔

جناب سید ہدایت اللہ صاحب کی شخصیت کا خاصہ کہ وہ نام ونمود اور صلہ وستائش سے بے نیاز ہو کر کام کرتے ہیں۔یہی وہ بے لوثی اور صداقتِ عملی ہے جو ان کی شخصیت کا جوہر ہے۔ایک ایسے دور میں جہاں صرف شخصی مفاد ہی کو مقدم رکھا جاتا ہے، ذاتی تشہیر کو کامیابی کا معیار سمجھا جاتا ہے، جس معاشرے میں خودستائی مقصود ومطلوب تصور کی جاتی ہو، بے لوثی عنقا ہو، خلوص پیکر مفقود نہ سہی کم یاب ہوں، ایسے معاشرے میں سید ہدایت اللہ ظلمتِ شب میں قندیلِ رہبانی اور ظلماتِ تشہیر وخودستائی میں کم از کم میرے لیے ایک منارۂ نور ہیں۔اس لائیٹ ہاؤز کی روشنی میں ہمیں اپنے سمتِ سفر کے تعین میں مدد ملتی ہے۔

کڈپہ میں جن ادبی شخصیات کی وجہ سے اردو کو وقار و اعتبار حاصل ہے، ان میں دیگر شخصیات کے علاوہ محترمی ڈاکٹر سید اقبال خسرؔو قادری صاحب اور پروفیسر قاسم علی خان صاحب کے ساتھ جناب سید ہدایت اللہ صاحب کی شخصیت' مرکزی اور کلیدی حیثیت کی حامل ہے۔ مجھے مرحومین میں سید یوسف صفی رحمۃ اللہ اور شکیل بھائی مرحوم بھی یاد آرہے ہیں۔کڈپہ کو ادبی سرگرمیوں کا ایک اہم مرکز بنانے میں، مختلف النوع علمی و ادبی پروگراموں نیز کانفرنسوں کے انعقاد کی بدولت کڈپہ کو ادبی جغرافیہ میں ایک وقار و اعتبار حاصل ہے۔کڈپہ جنوبی ہند میں اردو کے اہم مراکز میں شامل ہے، اور اس سلسلے میں جناب سید ہدایت اللہ صاحب کی کوششیں اور کاوشیں بھی اہمیت کی حامل ہیں۔اس سلسلے میں دل و دماغ میں یادوں کا ایک جہان آباد ہے جس میں کڈپہ میں منعقدہ انجمن ترقی اردو کی ضلعی، علاقائی اور صوبائی کانفرنسیں، جو نہایت تزک و احتشام کے ساتھ منعقد ہوتی تھیں اور ہوتی ہیں۔ریاستی اردو ٹیچرز ایسوسی ایشن کی جانب سے ایسی عظیم الشان کانفرنسیں منعقد ہوئیں ہیں جن میں اساتذۂ اردو اور محبانِ اردو کی کثیر تعداد نے اپنی شرکت کے ذریعے تاریخ رقم کی۔اساتذۂ اردو کے مسائل کی یکسوئی اور اردو اسکولوں کے قیام کے لیے ریاستی اردو اساتذہ تنظیم (روٹا) کی خدمات اظہر من الشّمس ہیں۔

مجھے مختلف مواقعوں پر ہدایت اللہ صاحب کے ساتھ اشتراکِ عمل کا موقعہ ملا۔ہر مرتبہ مجھے ان کے اخلاق و کردار اور ان کے حسنِ سلوک کا پہلے سے زیادہ قائل ہونا پڑا۔ان کے مزاج میں شخصی خوبیاں اور اخلاقی اقدار قابلِ لحاظ ہیں۔تعمیرِ شخصیت اور کردار سازی کے سلسلے میں ان کی کئی شخصی خوبیاں ایسی ہیں جنہیں اختیار کرنا لازمی ہے۔ان کی شخصیت کو میں نے کئی زاویوں سے مثالی پایا۔

جناب ہدایت اللہ صاحب کے مزاج میں وقار و تمکنت ہے لیکن ان کے اخلاق اور اطور سے کہیں یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ وہ صرف اپنی بات منوانے کے قائل ہیں۔وہ ہمیشہ نرم لہجہ میں گفتگو کے

قائل ہیں۔ان کے مزاج میں تحکم نہیں حلم و بردباری ہے۔ وہ ہمیشہ جمہوری اقدار کو پسند کرتے ہیں اور اپنے تمام رفقائے کار کی رائے کو اہمیت دیتے ہیں۔ مشورہ معقول اور مناسب ہو تو چھوٹوں کی رائے کو بھی قبول کرنے کے لیے تیار رہتے ہیں۔ ان کی محفل میں آدابِ مجلس ملحوظ رکھے جاتے ہیں۔ وہ خورد نوازی و دل نوازی کے ساتھ چھوٹوں کے ساتھ ہمیشہ شفقت آبی کا سلوک روا رکھتے ہیں۔

موصوف کے مزاج میں خداداد تنظیمی اور انتظامی صلاحیتیں بدرجۂ اتم موجود ہیں۔کسی پروگرام یا اجلاس کی تیاریوں کا معاملہ ہو یا کسی کانفرنس کے انعقاد کا مرحلہ ہو، کئی نشستوں میں انتظامی امور پر تبادلۂ خیال کرتے ہیں۔تمام ذمہ داریوں میں ان کی حصہ داری اور شراکت برابر ہوتی ہے بلکہ وہ دیگر رفقاء سے زیادہ مستعد اور فعال رہتے ہیں۔کسی پروگرام کو کامیابی سے ہم کنار کرنے کے لیے تمام جزئیات پر ان کی گہری نظر ہوتی ہے۔وہ ہر پہلو کو مدِ نظر رکھتے ہوئے تمام معاملات طے کرتے ہیں، ان کے پیش نظر ادنیٰ سے ادنیٰ بات بھی اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔وہ کسی پہلو کو نظر انداز نہیں کرتے۔ ہر رائے کو اہمیت دیتے ہیں، حفظِ مراتب کا مکمل خیال رکھا کرتے ہیں اور سب افراد کو یکساں اہمیت کا حامل تصور کرتے ہیں۔ میں نے انہیں اقبال کے ''نرم دمِ گفتگو اور گرم دمِ جستجو'' کا مصداق پایا۔

وہ کبھی کسی معاملے میں فوراً ردِ عمل نہیں دیتے۔فوری ردعمل ظاہر نہ کرنا بھی ان کی طبیعت کے ٹھہراؤ اور سنجیدگی کی ایک روشن علامت ہے۔ میں نے انہیں کبھی کسی بات پر زود رنج ہوتے نہیں دیکھا۔ان کا کسی بات پر فوراً ردعمل ظاہر نہ کرنا ان کے مزاج کی متانت اور طویل تجربات کا حاصل ہو سکتا ہے۔

میری رائے میں ان کی اس وسعت نگاہی اور بالغ نظری کی ایک وجہ ان کا کثیر المطالعہ ہے،

وہ ہمیشہ معیاری کتب کے مطالعہ میں مشغول ومنہمک رہتے ہیں۔ان کا خیال ہے کہ اساتذہ جب تک مطالعہ نہیں کریں گے، مختلف موضوعات پر علم کو تازہ رکھنے کے سلسلے میں ناکام رہیں گے۔علاوہ ازیں انھوں نے اپنے تجارب سے بھرپور استفادہ کیا ہے۔ وہ اپنے تجربات ومشاہدات کو ہمیشہ اپنے پیش نظر رکھتے ہیں۔

مجھے ہدایت اللہ صاحب کی جس بات نے ہمیشہ متاثر کیا، وہ ان کی وسعتِ نظری ہے جو ان کی وسعتِ مطالعہ کی دین ہے۔ وہ غور وفکر کے لیے بھی ہمیشہ نادر اور فکر انگیز موضوعات بڑی عمدگی کے ساتھ اٹھاتے ہیں اور حق ادا کرتے ہیں۔ مجھے بخوبی یاد ہے کوئی دس پندرہ سال قبل کی بات ہے کہ دار العلوم امدادیہ رائے چوٹی میں اردو اساتذہ کے لیے ایک سیمینار/ مذاکرے کا اہتمام کیا گیا تھا۔اس میں انھوں نے ''امام غزالی کے نظریۂ تعلیم'' پر ایک مبسوط اور زبردست مقالہ پیش کیا تھا۔

جناب سید ہدایت اللہ سے میں اپنے تعلقات اور روابط کا تفصیلی تذکرہ یہاں نہیں کروں گا۔ان کے والدِ ماجد حضرت سید عنایت اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے تمام افراد خاندان اوصافِ حمیدہ کے حامل ہیں۔ مجھے ان سے ملاقات کا شرف حاصل ہے۔ان کی روشن تدریسی خدمات کا ایک زمانہ معترف ہے۔ان کے شاگردان کے اوصافِ حمیدہ کے بیان میں رطب اللسان رہتے ہیں۔ان کے تمام فرزندان، ارجمند ہیں اور ماشاءاللہ اپنے والدِ ماجد کی حسنِ تربیت کی مثال ہیں۔ جناب سید ہدایت اللہ، جناب سید رحمت اللہ، جناب سید قدرت اللہ، جناب سید شفاعت اللہ اور جناب سید حشمت اللہ۔ایں خانہ تمام آفتاب است۔دعا ہے یہ خوبیاں اگلی نسلوں میں بھی جاری و ساری رہیں۔

مجھے انھوں نے کئی پروگراموں میں مدعو کیا اور اظہارِ خیال کا موقعہ عطا فرمایا۔شاید 2004

کے اوائل کی بات ہے، دینی مدارس کی جدید کاری اور مدرسہ ایجوکیشن کے سلسلے میں 'میلا دگھر کڈپہ' میں ایک پروگرام منعقد کیا گیا تھا، اس میں سری چندرا مولی IAS کی موجودگی میں مولانا مفتی سید معصوم ثاقب صاحب، مولانا یوسف بغدادیؒ، مولانا سید شاہ مصطفیٰ حسین بخاری، میرے والدِ محترم مولانا سید شاہ محمد اللہ ضیاء بختیاری صاحب اور دیگر مقتدر شخصیات کے ساتھ مجھے بھی اظہارِ خیال کا موقعہ عطا فرمایا تھا۔ اس موقعہ پر ''جدید نظریہ تعلیم اور مدارس کا سرکاری کرن'' کے سلسلے میں گرما گرم بحث بھی ہوئی تھی۔ اسی طرح انجمن ترقی اردو کی کانفرنسوں میں مجھے مدعو کیا۔ سیمیناروں میں مقالات پیش کرنے کا موقعہ عطا فرمایا۔ مقالوں کی اشاعت کے سلسلے میں بھی مجھے کبھی فراموش نہیں کیا۔ ان کی عنایتیں میرے لیے یادگار رہیں۔

ریاستی سطح پر اردو اساتذہ کی تنظیم اور ان کے مسائل کی یکسوئی کے لیے سید ہدایت اللہ صاحب کی روشن خدمات مثالی ہیں۔ اس اساتذہ تنظیم 'روٹا' کے لیے انہوں نے ایک طرح اپنے آپ کو وقف کر دیا۔ اس تنظیم کے تحت مسلسل اور کامیاب نمائندگی کی گئی۔ اردو اسکولوں اور ہائی اسکولوں کے قیام، اساتذہ کی جائیدادوں کی منظوری، مخلوعہ جائیدادوں پر تقررات اور اردو اساتذہ کے تبادلوں کے معاملات میں ''روٹا'' کی خدمات ناقابلِ فراموش ہیں۔ ریاستِ آندھرا پردیش میں بالعموم اور علاقۂ رائل سیما میں بالخصوص' یہ جو اردو اسکولوں کی معتد بہ تعداد موجود ہے اور اردو اساتذہ کا جمِ غفیر نظر آتا ہے، اس میں 'روٹا' بالخصوص جناب سید ہدایت اللہ اور ان کے رفقائے کار اور 'روٹا' کے ذمہ داران کا کلیدی کردار ہے۔ اگر تنظیم کی جانب سے پیش کردہ نمائندگیوں اور کارروائیوں کو یکجا کیا جائے تو کئی جلدوں پر مشتمل کتاب بن جائے۔ روٹا کے سلسلے میں سب کی یہ دلی خواہش ہے کہ خدا کرے کہ اب جناب سید ہدایت اللہ صاحب ہی کی سرپرستی اور قیادت میں اس تنظیم کو سرکاری طور پر مسلّمہ حیثیت حاصل ہو جائے۔

اردو کی نصابی کتابوں کی تیاری بھی ان کے اہم کارناموں میں شامل ہے۔نصابی کتابوں کی تدوین وترتیب کے لیے جناب سید ہدایت اللہ کی کوششوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ان کی ہمت ،حوصلہ، ذمہ داری اور کامیاب نمائندگی ہی کی بدولت اسکولی سطح پر اردو کی نصابی کتابوں کے لیے کڈپہ کو مرکز بنایا گیا۔ انہوں نے پوری ذمہ داری کے ساتھ کئی مرحلوں میں ورکشاپوں کا انعقاد کیا اور کتابوں کی ترتیب وتدوین کا کام بحمداللہ پایۂ تکمیل کو پہنچا۔

مزید برآں موصوف ایسی شخصیت کے حامل ہیں کہ ان کی محبوبیت، مقبولیت اور مرکزیت کسی عہدے یا کسی منصب کی مرہونِ منت نہیں ہوتی۔ان کے صادق جذبات، عملی اقدامات، بے لوث خدمات اور مصروفِ جدوجہد اور سرگرمِ عمل رہنے کی عادات یقیناً فقید المثال ہیں۔ایک روشن تاریخ، ایک عظیم جہدِ عمل سے عبارت شخصیت کا سبکدوش ہونا محض سرکاری ضابطے کی کارروائی اور کاغذی رسم کی تکمیل کے علاوہ کچھ نہیں۔انہوں نے جس طرح اپنے آپ کو اردو کی تدریسی، تعلیمی، تنظیمی اور سماجی وادبی خدمات کے لیے وقف کر دیا ہے، اس سے ہمیں یقینِ کامل ہے کہ ان کی خدمات کا یہ تسلسل جاری رہے گا اور وہ اپنی سبکدوشی کے بعد مکمل یکسوئی اور انہماک کے ساتھ اردو زبان وادب اور قوم وملت کے لیے گراں قدر خدمات انجام دیں گے، ان شاءاللہ العزیز۔

STU کی جانب سے 2010ء میں منعقدہ اردو تعلیمی کانفرنس کے موقعہ پر شائع شدہ یادگاری مجلّہ ''فانوس'' میں بطورِ پیغام شامل سید ہدایت اللہ صاحب کے ایک اقتباس پر اپنی تحریر ختم کرنا چاہوں گا جو دس سال بعد بھی اپنی معنویت اور اہمیت کے لحاظ سے توجہ کا طالب ہے۔ میں خواہش کروں گا کہ اس تحریر کو بغور پڑھا جائے:

''اسلام کا فریضہ حصولِ علم ہے۔انسان جسے اشرف المخلوقات صرف اور صرف اس لیے کہا جاتا ہے کہ وہ اچھے اور برے کی پہچان رکھتا ہے۔ خالقِ کائنات نے انسان کو اس عہدے پر فائز

رہنے کے لیے ایک جامع و مکمل ضابطۂ حیات قرآنِ حکیم اور رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی سنت ہمیں عطا فرمائیں تاکہ ہم ساری عالم انسانیت کے لیے رہبر اور رہنما بنیں۔ افسوس! ہمارے مصلحت آمیز رویہ کی وجہ سے ہم دوسروں کی رہبری میں زندگی گزار رہے ہیں۔اس محرومی کا احساس ہونے کے باوجود مصلحت کا لبادہ اوڑھے جرأت لب کشائی کیئے بغیر خاموش تماشائی بنے بیٹھے ہیں اور ساحل سے دور ہماری ترقی و ترویج کی کشتیاں طوفان کی زد میں تھپیڑے کھاتی ہوئی نظر آ رہی ہیں اور ہم دوسروں کے رحم و کرم کے ٹکڑوں پر پل رہے ہیں۔ ہماری اپنی کوئی شناخت نہیں۔ہمیں چاہیے کہ علم حاصل کریں اور علم کو عام کریں۔"

اللہ رب العزت کی بارگاہِ قدس میں دست بدعا ہوں کہ سید ہدایت اللہ صاحب کو صحت و عافیت کے ساتھ شاد و آباد رکھے۔دو عالم کی تمام خوشیاں، کامیابیاں، کامرانیاں، سرخروئیاں اور سرفرازیاں انہیں نصیب ہوں۔ان کی علمی، ادبی، سماجی، تنظیمی اور لسانی خدمات کا سلسلہ تادیر جاری رہے۔ان کی سرپرستی ہمیں حاصل رہے۔ان کے سایۂ عاطفت میں اردو کی شمعِ فروزاں اپنی ضوفشانیوں کے ساتھ ضیاء پاش رہے اور عالم انسانیت کو منور کرتی رہے۔آمین۔

..................

مجاہد اردو سید ہدایت اللہ

# محنت اتنی خاموشی سے کرو کہ
# کامیابی چیخ اٹھے

URDU TEACHER'S
RIYASATI
ASSOCIATION
RUTA

ریاستی اردو ٹیچرس اسوسیشن، اے۔ پی۔

اپنی ترقی اردو

# شوکتِ عُثمانیہ



نگرانی و انصرام

## ڈاکٹر محمد رحیم الدین انصاری

صدر تلنگانہ ریاستی اردو اکیڈمی

ناشرانہ اہتمام تلنگانہ ریاستی اردو اکیڈمی حیدرآباد، انڈیا

# شوکتِ عثمانیہ


نگرانی و انصرام

**ڈاکٹر محمد رحیم الدین انصاری**

صدر تلنگانہ ریاستی اردو اکیڈمی



ناشر: باہتمام **تلنگانہ ریاستی اردو اکیڈمی** حیدرآباد، انڈیا




نگرانی و انصرام

## ڈاکٹر محمد رحیم الدین انصاری

صدر تلنگانہ ریاستی اردو اکیڈمی

ناشرانہ اہتمام **تلنگانہ ریاستی اردو اکیڈمی** حیدرآباد، انڈیا

## قرینہ


| صفحہ | عنوان | نثر کار |
|---|---|---|
| 13 | ہم سخن فہم ہیں غالب کے طرفدار نہیں | ڈاکٹر محمد رحیم الدین انصاری<br>صدر اردو اکیڈیمی، تلنگانہ اسٹیٹ |
| 17 | حیدرآباد سے حیدرآباد تک | علامہ اعجاز فرخ |
| 69 | میر عثمان علی خاں کی شخصیت' اخلاق و عادات | طیبہ بیگم |
| 93 | حیدرآباد تصویروں کے آئینے میں | تصاویر |
| 105 | جامعہ عثمانیہ کا پس منظر | پروفیسر بیگ احساس<br>سابق صدر شعبہ اردو جامعہ عثمانیہ یونیورسٹی آف حیدرآباد |
| 110 | تذکرہ عثمانیہ یونیورسٹی | پروفیسر محمد سلیمان صدیقی<br>سابق وائس چانسلر عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد |
| 114 | دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ | بدر شکیب |
| 122 | آصف سابع کے فرامین و دستاویزات کا انداز بیان | غوثیہ بانو |
| 126 | فرامین | آصف سابع نواب میر عثمان علیخان |
| 142 | عہد آصف سابع میں حیدرآباد کی تہذیب | پروفیسر سید فضل اللہ مکرم<br>شعبہ اردو یونیورسٹی آف حیدرآباد |
| 165 | حیدرآباد کے زیورات | تصاویر |
| 173 | عہد آصف سابع میں حیدرآباد کی تہذیب | ڈاکٹر حمیرہ سعید |
| 178 | ساتویں نظام کے دور میں حیدرآباد سے لاسلکی نشریات کا آغاز | پروفیسر مجید بیدار<br>سابق صدر شعبہ اردو، جامعہ عثمانیہ حیدرآباد |
| 195 | مملکت آصفیہ، حیدرآباد دکن میں سائنسی ترقی | ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری<br>(شعبہ اردو، گورنمنٹ ڈگری کالج، رائے چوٹی) |
| 201 | غیر مسلم تنظیموں کو آصف سابع کی اعانت اور رواداری | ڈاکٹر جاں نثار معین |
| 229 | سابق حیدرآباد ہندو مسلم روایات کا امین | ڈاکٹر شیلا راج |
| 241 | آصف جاہی حکمرانوں کی رواداری (ڈاکٹر شیلا راج کے حوالے سے) | ڈاکٹر محمد عبدالعزیز سہیل، معلم اردو، حیدرآباد |
| 246 | میر عثمان علی خاں کے عہد حکومت میں خواتین کی تعلیم و ترقی | ڈاکٹر آمنہ تحسین<br>(شعبہ تعلیم نسواں، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی) |
| 253 | نواب میر عثمان علی خان سلطنت عثمانیہ کی تعلیم و ترقی کے اہم معمار | ڈاکٹر رضوانہ بیگم (اسسٹنٹ پروفیسر (عثمانیہ) |
| 259 | عہد آصف سابع میں اردو کا فروغ | ڈاکٹر معید جاوید<br>صدر شعبہ اردو جامعہ عثمانیہ حیدرآباد۔ |

| صفحہ | عنوان | نثر گار |
|---|---|---|
| 263 | عہد عثمانی کا اردو ادب | پروفیسر محمد علی اثر |
| 273 | عہد آصفیہ میں عدالتی نظام | محمد وصی الدین |
| 283 | نواب میر عثمان علی خان آصف سابع کی شاعری ایک مطالعہ | پروفیسر فاطمہ بیگم پروین<br>سابق صدر شعبہ اردو [illegible] |
| 298 | آصف جاہ سابع اور عہد آصفیہ کی شعری روایات | ڈاکٹر محمد شجاعت علی راشد |
| 311 | حیدرآباد کے دیوار و در، در و دیوار | تصاویر |
| 344 | عہد آصفیہ میں اردو صحافت | پروفیسر نسیم الدین فریس<br>صدر شعبہ اردو مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی |
| 362 | مہاراجا سر کشن پرشاد کی شخصیت اور سیرت | ڈاکٹر سید داؤد اشرف |
| 367 | سفر شاہانہ دہلی و رام پور لکھنو | ڈاکٹر عقیل ہاشمی<br>سابق صدر شعبہ اردو عثمانیہ یونیورسٹی |
| 384 | نظام سابع میر عثمان علی خان بہادر کی تعمیراتی اور علمی خدمات | محمد ارشد مبین زبیری |
| 390 | حیدرآباد حصار رنگ میں | تصاویر |
| 398 | عہد آصفیہ کے منتخب اردو شعراء | ڈاکٹر حکیم رئیس فاطمہ |
| 425 | عہد عثمانی کا ایک اہم علمی ادبی اور تہذیبی ادارۂ ادبیات اردو | ڈاکٹر نشاط احمد<br>(اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ اردو، یونیورسٹی آف حیدرآباد) |
| 435 | نظامس ٹرسٹ اردو لائبریری ایک نظر میں | صابر علی سیوانی |
| 439 | میر عثمان علی خان نظام آصف سابع کے وزراء، عہدیدار امراء | نسیمہ تراب الحسن |
| 443 | عہد آصفی میں خواتین دکن کا شعری و نثری ادب | ثریا جبین |
| 451 | حیدرآباد کی چند نادر تصاویر | تصاویر |

ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری
شعبۂ اردو، گورنمنٹ ڈگری کالج، رائے چوٹی

## مملکتِ آصفیہ، حیدرآباد دکن میں سائنسی ترقی

علم و فن اور سائنسی ترقی دراصل انسان کے مزاج میں شامل ہے جو تجسس اور غور و فکر کا نتیجہ ہے۔ اسی جذبۂ تفکر و تجسس نے بنی نوع انسان کو ابتدائے آفرینش ہی سے دنیا میں مختلف اشیاء کی کھوج، تلاش، دریافت اور جستجو میں مصروف رکھا، جس کے نتیجہ میں اکتشافات وانکشافات اور دریافت و ایجادات کا سلسلہ معرضِ وجود میں آیا۔ ہر دور میں پیش آمدہ مسائل کا حل تلاش کیا گیا اور آسائشوں اور سہولتوں کی راہیں دریافت کی گئیں۔

ترقی، خوش حالی اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے سلاطین مملکتِ آصفیہ، حیدرآباد دکن نے اپنے آپ کو وقف کر دیا تھا۔ فلاحی و رفاہی کاموں کے سلسلے میں ان کی ایک مستقل شاندار تاریخ ہے، جس پر بجا طور پر فخر کیا جا سکتا ہے۔

آصفجاہی سلاطین نے اپنی ریاست میں تعلیم کو اہمیت دی اور تعلیم گاہیں قائم کی گئیں۔ اسکولوں کا نظم کیا گیا اور مکتب قائم کیے گئے۔ خاص طور پر آصف جاہ سادس نواب میر محبوب علی خان کے عہد میں ریاست حیدرآباد میں سرکاری اسکولوں اور کالجوں کا قیام عمل میں لایا گیا۔ ریاست کی جانب سے تعلیم کا مفت انتظام، سلاطین دکن اور مملکتِ آصفیہ کی علم دوستی اور تعلیمی سرپرستی کی روشن دلیل ہے۔

اسی طرح آصف جاہ سابع سلطان العلوم حضور نظام اعلیٰ حضرت نواب میر عثمان علی خان کے عہد میں جامعہ عثمانیہ کا قیام ایک تاریخ ساز کارنامہ ہے، جس کی نظیر مفقود ہے۔ جامعہ عثمانیہ کے تحت دارالترجمہ اور دائرۃ المعارف العثمانیہ کا قیام بھی نظامِ دکن کا ایک عظیم کارنامہ ہے۔

رعایا پرور دور اندیش حکمرانوں کے عہد میں مملکتِ آصفیہ میں سائنس کی ترقی کے لیے راہیں ہموار ہوئیں۔ سائنسی تحقیقات اور سائنسی ایجادات کے لیے مملکت اور حکومت کی جانب سے بھرپور سرپرستی بھی کی گئی۔ بلاشبہ مؤرخ اس بات کو تسلیم کرنے میں پس و پیش نہیں کرنے گا کہ مملکتِ آصفیہ میں سائنس و ٹکنالوجی کے فروغ کے لیے خرچ کرنے میں کبھی کوئی دریغ اور کسی قسم کا تامل نہیں کیا گیا بلکہ ہمیشہ فراخ دلی و فیاضی کے ساتھ سرپرستی کی گئی۔ کلوروفارم کی ایجاد اور ملیریا کے جراثیم کی دریافت کے لیے خزانۂ عامرہ سے نہ صرف مالی امداد جاری کی گئی بلکہ کماحقہٗ ہمت افزائی بھی کی گئی۔ اسی طرح فلکیات و نجوم کے میدان میں تحقیقات و اکتشافات کے لیے رصدگاہِ نظامیہ کا قیام بھی عمل میں لایا گیا۔ حیدرآباد کی اس رصدگاہِ نظامیہ کی تحقیقات آج بھی دنیا بھر میں اہمیت کی حامل ہیں۔ عالمی پیمانے پر ماہرین فلکیات کے یہاں اس رصدگاہ کی تحقیقات و مشاہدات کا حوالہ دیا جاتا ہے۔

جراحت (آپریشن) کے دوران مریض کو بے ہوش کرنے کا رواج نہیں تھا جس کی وجہ سے مریض کو سخت تکلیف سے دوچار ہونا پڑتا تھا۔ ان حالات میں کلوروفارم کمیشن کا قیام اور اس کی ایجاد ایک بہت بڑی کامیابی تھی جس کا سہرا مملکت آصفیہ کے سر ہے۔ آصف جاہ سادس نواب میر عثمان علی خان کے عہد میں جب کلوروفام کی ایجاد ہوئی تو وہ اس وقت کے

لحاظ سے ایک بہت بڑی کامیابی تھی۔ برطانوی میڈیکل کمیشن نے خاص طور پر حضور نظام کی خدمت میں جذبات احسان مندی کے ساتھ ان کا شکریہ ادا کیا۔ یہاں یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ جب تجربات کئے جا رہے تھے اور جانوروں پر تجربات ہو چکے تو ایک مرتبہ انہوں نے خود اپنے آپ کو تجربہ کے لیے پیش کر دیا۔ لیکن کمیشن نے ان کی یہ تجویز مسترد کر دی۔ اس کے علاوہ تجربات کے دوران خود نظام بھی شریک رہے اور انہوں نے کلوروفارم کے استعمال کا معائنہ کیا۔ اس طرح کلوروفارم کمیشن کے مختلف مراحل راست حضور نظام کی نگرانی میں پایۂ تکمیل کو پہنچے۔

کلوروفام کی ایجاد کے علاوہ ملیریا کے جراثیم کی دریافت بھی ایک بڑا کارنامہ ہے۔ 1897 میں ملیریا کے مچھر انا فیلس کی دریافت مملکت آصفیہ میں ہوئی۔ یہ حیرت انگیز انکشاف سکندرآباد میں ڈاکٹر رونالڈ راس نے کیا تھا۔

مشہور ادیب و مؤرخ حضرت علامہ اعجاز فرخ صاحب قبلہ نے "کلوروفارم" کی ایجاد کے پس منظر کو "مرقع حیدرآباد" جلد اول میں تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا ہے:

"انیسویں صدی، مغربی ممالک کی سائنسی ترقی، مشرقی ممالک کی پسماندگی، مشرقی ممالک میں ہندوستان، ہندوستان میں چھوٹی چھوٹی خود مختار ریاستیں یقیناً ان ریاستوں میں سائنسی انکشافات، تجربات، کمیشن کا قیام، سائنسدانوں کے لیے تحقیقاتی سہولتیں یہ سب کا تصور محال ہے۔ لیکن ریاست حیدرآباد ان سب سے الگ اپنی شناخت رکھتی تھی جہاں ریاست عوامی عصری سہولتوں سے لیس تھی' وہیں سائنسی اور طبی ترقی کے لیے بھی کوشاں تھی۔ 1847 سے پہلے مریض کو آپریشن سے پہلے بے ہوش کرنے کا رواج نہیں تھا۔ بلکہ مریض کو ہوش میں رکھ کر ہی عمل جراحت انجام دیا جاتا تھا جس کی تکلیف ناقابلِ برداشت تھی، لیکن اس کے سوا کوئی چارہ بھی نہیں تھا۔ پہلی مرتبہ اس کا استعمال ایڈنبرا کے ڈاکٹر جیمس سمپسن نے کیا لیکن لندن کے ڈاکٹروں نے اس طریقہ کو یہ کہہ کر مسترد کر دیا کہ اس سے مریض کا قلب متاثر ہونے کا اندیشہ ہے۔ دوسری طرف ایڈنبرا کے ڈاکٹروں کا خیال تھا کہ اس کا تعلق تنفسی نظام سے ہے۔ قلب سے کوئی تعلق نہیں۔"

"1885 میں ایڈنبرا کے ایک سرجن لاری کا تقرر حیدرآباد میڈیکل کالج کے پرنسپل اور میر محبوب علی خان کے شخصی معالج کے طور پر ہوا۔ لاری نے انسانیت کو جراحی کے دوران درد سے نجات دلانے کے نام پر میر محبوب علی خان سے گزارش کی کہ وہ اس سلسلے میں اپنے گراں بہا عطیہ سے عالم انسانیت کے لیے اقدام کریں۔ میر محبوب علی خان نے ایک چار رکنی کمیشن قائم کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی تاکہ تجربات کئے جا سکیں۔ اس کمیشن نے مختلف جانوروں پر متعدد تجربات کئے اور اپنے کامیاب نتائج کا اعلان کر دیا۔ برطانوی میڈیکل ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام شائع ہونے والے طبی بلیٹن LANCET نے لاری کے تجربات کو یہ کہہ کر مسترد کر دیا کہ تجربات کی تعداد ناکافی ہے۔ لاری نے دوبارہ آصف سابع سے درخواست کی کہ وہ مالی امداد دیں تاکہ ایک اور کمیشن قائم کیا جائے۔ محبوب علی خان نے ایک ہزار اسٹرلنگ پونڈ کے گراں قدر عطیہ سے دوبارہ تجربات کی اجازت دی۔ اس دفعہ برطانیہ کا مشہور ڈاکٹر T.L.BRUNTON خود اس کمیشن میں شامل تھا۔ کمیشن نے 600 مختلف جانوروں پر کامیاب تجربات کئے۔ بالآخر انسان پر اس تجربہ کو آزمانے کا مرحلہ آیا تو میر محبوب علی خان نے خود کو اس تجربہ کے لیے پیش کرنے کی کوشش کی۔ لیکن کمیشن نے اس کی اس پیشکش کو قبول نہیں کیا۔ 29 نومبر 1889 کو آصف سادس نے بنفس نفیس گھوڑے پر کلوروفارم کے استعمال کا معائنہ کیا۔ اور بالآخر دوسرے کمیشن نے توثیق کر دی کہ لاری کی تحقیقات درست ثابت ہوئیں اور پہلے کمیشن کی رپورٹ قابل عمل ہے۔ 21 جون 1890 کو برطانوی میڈیکل ایسوسی ایشن نے اپنے جریدے LANCET میں میر محبوب علی خان کو طبی دنیا میں ایک نئے انقلاب کی سعی پر اپنے جذبۂ احسان مندی کا اظہار کیا کہ طبی دنیا ہمیشہ ان کی رہین منت رہے گی۔"

''جستجو اور کھوج ہمیشہ سے فطرتِ انسانی کا خاصہ رہی ہے۔ انسانی فلاح و بہبود کے لیے جن افراد نے نمایاں خدمات انجام دی ہیں، وہ ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ انیسویں صدی کے وسط میں فرانسیسی نژاد لوئی پاسچر نے جرثومہ کی دریافت کی۔ ایک جرمن پیتھالوجسٹ رابرٹ کوچ نے یہ تحقیق کی کہ کونسا جرثومہ کس مرض کا باعث بنتا ہے۔ ایک اور الجیریا کے ڈاکٹر لاویران نے یہ عقدہ کشائی کی کہ ملیریا جس سے زرد بخار کہا جاتا تھا، مچھر کی وجہ سے پھیلتا ہے۔ ایک اور فرانسیسی سائنسدان Dr.Beauperthuy نے اس تحقیق کو ترقی دی۔ لیکن یہ سب فرادہ فرادہ نتائج تھے اور ایک دوسرے سے مربوط نہیں تھے۔ اس وقت ملیریا دنیا بھر کے لیے عذاب جاں تھا۔''

''یہ مہم اس شخص نے سرکی، جو ایک شاعر تھا، ایک ناول نگار تھا، ایک موسیقار تھا، ایک ماہر ریاضی تھا اور سب سے آخر میں سائنسدان تھا۔ لیکن اس کی شخصیت کا یہی کمزور پہلو اس کا نام روشن کر گیا۔ وہ شخص رونالڈ راس تھا۔ المورہ کا نوجوان ڈاکٹر جس کی تعیناتی سکندرآباد ہوئی تھی، رونالڈ راس نے دنیا بھر کے بکھرے ہوئے تجربات کو یکجا کیا اور ان کی روشنی میں یہ تحقیق سامنے آئی کہ ملیریا کے PARASITE مچھر میں پائے جاتے ہیں، جو وہ ایک مریض سے دوسرے مریض میں منتقل کرتا ہے۔ اس نے یہ بھی دریافت کیا کہ سارے ہی مچھر ملیریا نہیں پھیلاتے۔ بلکہ ان کی ایک مخصوص قسم انافلیس ملیریا کے پھیلانے کا باعث ہے اور اس متعدی مرض کے پھیلاؤ میں نر مچھر کا کوئی کردار نہیں ہوتا۔ یہ تو صرف مادہ مچھر کی کارستانی ہے جس نے یہ سارا ہنگامہ کھڑا کر رکھا ہے۔ ملیریا کے تعلق سے یہ حیرت انگیز انکشاف کسی اور سرزمین پر نہیں ہوا بلکہ 20 اگست 1897 کو سکندرآباد میں یہ کارنمایاں انجام پایا۔''


(مرقع حیدرآباد، جلد اول، ص: 198،197)

رصدگاہ نظامیہ:

رصدگاہ نظامیہ، حیدرآباد دکن میں 1907ء میں قائم کی گئی۔ یہ ہندوستان کی دوسری بڑی رصدگاہ تھی۔ نواب ظفر یار جنگ بہادر جو آصف جاہ سادس نواب میر محبوب علی خان کے وزیر دفاع تھے، اپنے سفر انگلستان سے واپس لوٹے تو علم فلکیات میں دلچسپی کے ساتھ ایک Grubb Refracting ٹیلی اسکوپ اور پندرہ انچ کا ایک ڈایامیٹر اور آٹھ انچ کا ایک Cooke رصدگاہی کیمرہ لے کر اس ارادے کے ساتھ حیدرآباد لوٹے کہ یہاں حیدرآباد میں ایک رصدگاہ قائم کریں۔ ابتدائی طور پر انہوں نے اپنی جاگیر پھسل بنڈہ میں ایک رصدگاہ قائم کی جو پہلی رصدگاہ تھی۔

اس کے بعد نواب ظفر یار جنگ بہادر نے سرکاری سرپرستی میں باضابطہ رصدگاہ کے قیام کے لیے سرکار عالی سے اجازت حاصل کی۔ انہوں نے حضور نظام اعلیٰ حضرت نواب میر عثمان علی خان آصف جاہ سابع کی خدمت میں اپنے ایک مکتوب میں لکھا کہ جب اس رصدگاہ کی تعمیر مکمل ہو جائے تو یہ ہندوستان کی ایک عظیم رصدگاہ ثابت ہوگی اور سرکار عالی کی اجازت سے اس کا نام ہز ہائینس نظامس ابزرویٹری، رصدگاہ نظامیہ رکھا جائے گا۔ ظفر جنگ کا انتقال 1907ء میں ہوگیا لیکن ان کی تجویز کے مطابق حکومت کی جانب سے سرکاری سرپرستی میں باضابطہ رصدگاہ منظور ہوئی جس کی تعمیر بیگم پیٹ میں ہوئی اور رصدگاہ نظامیہ کے نام سے مشہور ہوئی۔

رصدگاہ نظامیہ دنیا کی ترقی یافتہ رصدگاہوں میں سے ایک تھی۔ یہ رصدگاہ بین الاقوامی پروگرام اور عالمی پیمانے کے مطابق فلکیاتی فہرست اور کیٹلاگ کی ترتیب کی سہولتوں کے لحاظ سے تعمیر کی گئی۔ اس پروگرام کا مقصد یہ تھا کہ تمام آسمان کے ستاروں کی عالمی آسمانی درجہ بندی کے ساتھ ستاروں کی تصویر کشی کی جائے جس کے مطابق دنیا بھر میں اٹھارہ رصدگاہیں موجود تھیں۔



کرنل آر۔ای۔ فاکس رسدگاہ کی دوربین سے فلکیاتی نظارہ کرتے ہوئے



نظامیہ رسدگاہ میں نواب ظفر جنگ ماہرین فلکیات کے ساتھ 1904

نظامیہ رصدگاہ، حیدرآباد سے فلکیاتی مشاہدے کا عالمی مطالبہ کیا گیا۔ چیلی کے سینا گوابز رویٹری کے مطابق (23 سے 17) زون نظامیہ رصدگاہ کو تفویض کیا گیا۔ بعد ازاں رصدگاہ نظامیہ کے تحت جرمنی کے پوسڈیم زون (39 سے 36 شمال) کے ستاروں کی تصویر کشی بھی کی گئی۔ اس دوران مارچ 1908 میں آرتھر بروپی چیٹ ؤ کو انگلینڈ سے حیدرآباد بلایا گیا اور ان کو پندرہ سو روپیہ کی خطیر تنخواہ پر نظامیہ آبزرویٹری کا ڈائریکٹر مقرر کیا گیا۔ چیٹ ؤ کے دور ہی میں رصدگاہ نظامیہ کی تعمیر حیدرآباد کے بیگم پیٹ میں مکمل ہوئی اور ایسٹروگراف کی تنصیب کا کام بھی پایۂ تکمیل کو پہنچا۔ 1914ء تک چیٹ ؤ رصدگاہ نظامیہ سے وابستہ رہے۔ اس کے بعد اس رصدگاہ سے ستاروں کی تصویر کشی کا کام رابرٹ جان پوکاک (چیٹ کاک) کے آنے کے بعد دوبارہ شروع ہوا۔ پوکاک نے آکسفورڈ یونیورسٹی سے فلکیات کی تعلیم حاصل کی تھی۔ وہ آکسفورڈ کے ذی اثر پروفیسر ہربرٹ ٹرنر کے شاگرد تھے اور آکسفورڈ سے خصوصی گرانٹ پر ریاست حیدرآباد بلائے گئے تھے۔ پہلی مرتبہ 9 دسمبر 1914 کو رصدگاہ نظامیہ میں ستاروں کی قابل استعمال تصاویر حاصل کی گئیں۔ رصدگاہ نظامیہ حیدرآباد کے نتائج کی پہلی جلد 1917ء میں شائع کی گئی۔

نظامیہ رصدگاہ کے ذریعہ 1917 سے 1946 تک مجموعی طور پر ساڑھے سات لاکھ سے زائد تصاویر حاصل کی گئیں۔ کل 7,63,542 ستاروں کی تصاویر اور تفصیلات بارہ جلدوں میں شائع کی گئیں۔ اس طرح ان تمام تفصیلات کو جن میں ستاروں کی گردش اور ستاروں کی رفتار وغیرہ شامل ہیں، اس رصدگاہ کی جانب سے ماہرین فلکیات کے استعمال میں لایا گیا۔

پوکاک، رصدگاہ نظامیہ حیدرآباد کے آخری یوروپین ڈائریکٹر ثابت ہوئے، جن کے اچانک انتقال کے بعد 1918 میں راؤ صاحب بھاسکرن کا تقرر عمل میں آیا۔ بھاسکرن، انڈین نیشنل سائنس اکیڈمی INSA کے بنیادی رکن تھے۔

رصدگاہ نظامیہ کی خصوصیت یہ تھی کہ بین الاقوامی پیمانے پر ستاروں کی تعیین اور عالمی فلکیاتی فہرست (Astrographics Catalougue) کے بین الاقوامی پروگرام میں رصدگاہ نظامیہ کو بھی شامل کیا گیا تھا۔ یہ پروجیکٹ انٹرنیشنل کانگریس کی جانب سے 1909 میں شروع کیا گیا اور 1920 میں ستاروں stellar bands کی تصویر کشی اور پیمائش کا کام مکمل ہوا، جس سے مستقبل میں مزید تحقیقات کی گنجائش پیدا ہوئی۔ یہ پروجیکٹ 1928 میں پایۂ تکمیل کو پہنچا۔ اس پروجیکٹ میں (منفی 17 سے منفی 23 ڈگری جنوب کی جانب) Stellar Region کے ستاروں کا مشاہدہ و معائنہ کیا گیا اور اسے حیدرآباد ساؤتھ زون کا نام دیا گیا۔

مجموعی طور پر رصدگاہ نظامیہ کی جانب سے 1909 سے 1928 تک 1,260 پلیٹیں تیار کی گئیں جن میں کل 2,93,000 ستاروں کی تفصیلات موجود تھیں۔ نظامیہ رصدگاہ کی جانب سے اس فلکیاتی تحقیقی کارنامے کے علاوہ دیگر کئی تحقیقی مشاہدے بھی انجام دیے گئے۔

1922 میں رصدگاہ میں پندرہ انچ کے بڑے کیمرے Grubb Refractor کو نصب کیا گیا جس کے ذریعہ مختلف ستاروں کے بصری مشاہدوں کے علاوہ قمری احتجابات و اخفاء کے مشاہدات بھی عمل میں لائے گئے۔

حیدرآباد کی رصدگاہ نظامیہ میں سورج کی جانب بھی التفات کیا گیا۔ سورج کی تصویر کشی کے لیے ہیل Hale کا ایجاد کردہ آلہ اسپکٹرو ہیلیو گراف Spectroheliograph کو رصدگاہ میں 1939 میں نصب کیا گیا۔

رصدگاہ کی جانب سے مختلف سماجی خدمات بھی انجام دی گئیں جن میں مقامی معیاری وقت کے لحاظ سے اردو اور انگریزی میں کیلنڈروں کا تیار کرنا بھی شامل ہے۔ نظامیہ رصدگاہ کی جانب سے ماضی میں شاندار کارکردگی کے مظاہروں،

گراں قدر تحقیقی کارناموں اور مملکت آصفیہ میں فلکیات کے میدان میں قابل لحاظ تحقیقات کے باوجود جن کی بین الاقوامی پیمانے پر ستائش کی گئی تھی، آج بہت سے لوگ واقف نہیں ہیں کہ ریاست حیدرآباد نے علم وادب اور سائنسی ترقی کے میدان میں کیا کارہائے نمایاں انجام دیئے تھے۔


برہان حسین کے مطابق برطانوی ہندوستان میں صرف دو ہی رصدگاہیں تھیں جو نینی تال اور اوٹی میں قائم کی گئی تھیں۔ان دونوں کے علاوہ صرف رصدگاہِ نظامیہ ہی ایک ایسی رصدگاہ تھی جس کی بین الاقوامی پیمانے پر شناخت تھی۔ ابتدائی دور میں چیٹ وڈ کو ماہانہ 1500 روپیہ سکہ عثمانیہ دیئے جاتے تھے۔ پھر ایم آر جے پوکاک (پیٹ کاک) کا تقرر ہوا اور اس کے بعد راؤ صاحب ٹی پی بھاسکرن کے دور میں بھی رصدگاہِ نظامیہ نے ستاروں پر تحقیقات اور نجوم وفلکیات کے میدان میں مشاہدات کے گراں قدر کارہائے نمایاں انجام دیئے۔ (بحوالہ: ڈسکورانڈیا سائیٹ)

1923 میں گرب ایکویٹوریل ٹیلی اسکوپ Grubb Equatorial Telescope نصب کیا گیا۔ زلزلوں کے مطالعہ اور پیمائش کے لیے ایک سیسموگراف Milne-Shaw Seismograph کی تنصیب بھی عمل میں لائی گئی پھر 1929 میں ایک اور مشین کا اضافہ بھی کیا گیا۔

1928 میں بین لاقوامی فلکیاتی یونین، پوسڈیم (جرمنی) نے رصدگاہِ نظامیہ سے درخواست کی کہ آسمان کا وہ حصہ جس کے ستاروں کا مطالعہ اور پیمائش رصدگاہ پوسڈیم کی تحویل میں تھے، انہیں رصدگاہِ نظامیہ، حیدرآباد کو تفویض کیا جاتا ہے تاکہ اس تحقیقی کام کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے۔ چناں چہ اس تحقیقی کام کو حیدرآباد میں بحسن وخوبی انجام دیا گیا اور ان تحقیقات ومشاہدات کو تین جلدوں میں شائع بھی کیا گیا۔ اسی طرح ہندوستان کی برطانوی حکومت کے مشورے پر رصدگاہِ حیدرآباد کی جانب سے ایسے مفروضہ ستاروں کا تعین بھی کیا گیا، جن کے بارے میں یہ تصور نہیں کیا جا سکتا تھا کہ بڑی تعداد میں مشاہدے میں آئیں گے، اس قسم کے تقریباً 200 مفروضہ ستاروں کا تعین رصدگاہِ نظامیہ کا مرہونِ منت ہے۔ علاوہ ازیں رصدگاہ کی جانب سے ریاستِ حیدرآباد میں بارش کی پیمائش کے ساتھ زلزلوں کا ریکارڈ بھی محفوظ رکھا جاتا تھا۔
(https://discoverindiasite.wordpress.com/2016/04/01/nizamia-observatory/)

مملکتِ آصفیہ، حیدرآباد دکن میں سائنسی ترقی ماضی کا ایک قابل فخر سرمایہ ہے۔ تاریخ میں یہ ہمیشہ کے لیے محفوظ ہو گیا کہ سائنس وٹکنالوجی کے فروغ اور علوم وفنون کے ارتقاء کے لیے ریاستِ حیدرآباد کی جانب سے نہ صرف سرکاری سرپرستی حاصل تھی بلکہ اس سلسلے میں بادشاہِ وقت بھی ذاتی دلچسپی لیتے تھے۔ ہندوستان کی دیگر حکومتوں اور ریاستوں سے قطعِ نظر مملکتِ آصفیہ وشاہانِ دکن کی شان ہی نرالی تھی۔ ان کی بے مثال رعایا پروری، عدل گستری اور علم دوستی وانسانیت نوازی ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔

# Shoukat E Osamania



Published under the superintendence of
Dr. Mohammed Raheemuddin Ansari
President Telangana State Urdu Academy

ISBN 9781715541705

# کلیّات

# امیرالنساء



ترتیب وتدوین

ڈاکٹر ایس۔ محمد یاسر

© حقوق محفوظ

# کلّیات امیر النساء

[کلّیات نثر-ناول: افسانے: سفرنامے: مضامین: خطبات]

اے-امیر النساء

ترتیب و تدوین ڈاکٹر ایس-محمد یاسر
صدر شعبہ اردو سی-عبدالحکیم کالج: میل وشارم (تامل ناڈو)

صفحات: ۵۰۴ | تعداد: ۵۰۰ جلدیں | اشاعت بار اوّل: جنوری ۲۰۲۰ء
قیمت: پانچ سو روپے
زیر اہتمام شعبہ اردو سی-عبدالحکیم کالج: میل وشارم (تامل ناڈو)
سر ورق' تزئین دبستان فاؤنڈیشن: کڈپہ (آندھرا پردیش)

***Kulliyath-e-Ameerunnisa***

[Collection of Writings in Prose]

***A.Ameerunnisa***

Edited By:
*Dr. S.Mohamed Yassir*
HOD, Dept. of Urdu
C.Abdul Hakeem College (Autonomous)
MELVISHARAM-632509 (Tamil Nadu)
e-mail: prof.yassir@gmail.com
Mobile: +91 9994965700

Pages: 504 Copies: 500 First Published: Jan.2020
Price Per Copy: ₹ 500.00

Published By:
Department of Urdu,
C. Abdul Hakeem College (Autonomous)
MELVISHARAM-632509 (Tamil Nadu)

Printed @ Sajitha Book Centre, Chennai-1.
Ph : +91 98409 77758 / 94458 66758

# اشاریہ


| | | |
|---|---|---|
| مقدمہ | پروفیسر قاضی حبیب احمد | 08 |
| عرض مرتب | ڈاکٹر محمد یاسر | 14 |

## تحسین فکر وفن

| | | |
|---|---|---|
| ہمشیرہ کے حضور ایک خراج | جناب الحاج 'اے-محمد اشرف | 18 |
| امیر النساء کی افسانہ نگاری | پروفیسر سلیمان اطہر جاوید | 21 |
| بامقصد انشاء پرداز: محترمہ اے-امیر النساء | مولانا محمد رفیع کلوری عمری | 28 |
| امیر النساء کے سفرنامے | ڈاکٹر ایس-محمد مدثر | 41 |
| عنبرین: ایک تجزیہ | ڈاکٹر کے-ایچ-کلیم اللہ | 49 |
| ملنے کے نہیں نایاب ہیں ہم | مولانا شاکر احسن باقوی | 55 |
| محترمہ امیر النساء کی ناول نگاری | ڈاکٹر ابوبکر ابراہیم عمری | 61 |
| گفتار و کردار کی غازی: محترمہ امیر النساء | ڈاکٹر شیخ فاروق باشا | 64 |

## ناول

### ناول : عنبرین [۱۹۸۱]

| | |
|---|---|
| عنبرین | 78 |

# کردار و گفتار کی غازی: محترمہ امیر النساء


## ڈاکٹر شیخ فاروق باشا

لکچرر، شعبہ اردو، گورنمنٹ ڈگری کالج: رائے چوٹی (آندھرا پردیش)


خطابت بقول شورش کاشمیری ''عوام سے اجتماعاً ہم کلام ہونے کا نام ہے''۔ خطابت زبان کا اعجاز ہے۔ ترتیب و ترہیب اس کے جوہر ہیں۔ انسان اور خطابت کو ہم رکیب اور ہم عمر کہہ سکتے ہیں۔ روئے زمین پر سب سے پہلے خطیب، انبیاء اور رسول تھے۔

دنیا میں جنھوں نے اپنے افکار و خیالات سے عوام و خواص پر حکمرانی کی، سیاسی، سماجی، معاشی، تعلیمی، مذہبی اور اصلاحی میدانوں میں اپنے گہرے نقوش چھوڑے وہ دنیا کے سب سے بہترین خطیب اور سحر بیاں مقرر تھے۔ تاریخی اعتبار سے دیکھا جائے تو خطابت کے میدان میں اہل یونان کو اولیت حاصل ہے۔ ارسطو نے سب سے پہلے خطابت کے اصول وضوابط متعین کیے۔ اہل یونان کے بعد اہل روم اس میدان میں آگے نظر آتے ہیں، ان کے بعد عربوں کا ذکر آتا ہے۔ عربی زبان نے فن خطابت کو مستحکم کیا۔ عربوں کو اپنی زبان، حافظہ، شاعری اور خطابت پر بے حد ناز تھا۔ خطابت میں اسلوب بیان کی دلکشی اور سحر بیانی کو ملحوظ رکھا جاتا۔ ایجاز و اختصار، روانی اور سلاست، فصاحت و بلاغت سے ان کے خطبات مزین ہوتے۔ اردو خطابت عربی خطابت سے متاثر نظر آتی ہے۔ جوش بیانی، شعلہ نوائی، سحر بیانی، رعنائی و زیبائی، ایجاز و اختصار جیسی سبھی خصوصیات عربی خطابت ہی کا فیض ہیں۔ سائنسی علوم وفنون کے ظہور کے بعد بیسویں صدی میں جرمنی، فرانس، انگلستان، اور امریکہ کے خطباء کو عالمی شہرت نصیب ہوئی۔

ہندوستان میں تحریک آزادی کے پس منظر میں خطابت کے فن نے اپنی جولانیاں بکھیریں۔ سید احمد شہید اور شاہ اسماعیل شہید نے جہاد کے موضوع پر خطاب کر کے لوگوں کو جنگ آزادی میں شریک ہونے کی ترغیب دلائی۔ سر سید احمد خاں اور ان کے رفقاء نے اصلاحی،

سماجی، تعلیمی اور مذہبی خطابات کے ذریعہ فن خطابت کو مستحکم کیا۔تحریک خلافت اور ترک موالات کے دوران اردو خطیبوں نے سارے ہندوستان میں دھوم مچادی۔مولانا ابوالکلام آزاد، مولانا محمد علی جوہر، مولانا ظفر علی خاں اور سید عطاء اللہ شاہ بخاری جیسی ہستیوں نے اس فن کو ہمیشہ کے لیے زندہ جاوید بنادیا۔مولانا ابوالکلام آزاد میدان خطابت کے شہسوار تھے۔مذہب، سیاست، ادب ہر موضوع پر ان کا اسلوب منفرد اور انداز بیاں نرالا تھا۔مواد اور اسلوب دونوں دلکش ہوتے ۔مولانا محمد علی جوہر، خطابت میں یکتا تھے۔ان کے تعلق سے مشہور ہے کہ ان کا دل سلگتا اور خون بولتا تھا۔مولانا ظفر علی خاں قلم کے دھنی اور زبان کے غنی تھے۔عطاء اللہ شاہ بخاری بے پناہ عوامی خطیب کی حیثیت سے مشہور تھے۔ان کے علاوہ اردو زبان کے خطیبوں کی فہرست بہت طویل ہے، ہر ایک کا اپنا ایک الگ انداز اور اسلوب ہے۔فن خطابت کو معراج پر پہنچانے میں سب کا اپنا اپنا رول رہا ہے۔

تقریر اور خطابت کا فن زندہ معاشرہ میں نہایت اہمیت کا حامل ہے۔اس کے ذریعہ ایک معاشرہ کو صالح قدروں پر گامزن کیا جا سکتا ہے۔ایک اچھا مقرر اور خطیب اپنے خیالات و افکار سے ایک صالح معاشرے کی تشکیل میں نہایت اہم رول ادا کرتا ہے۔خطابت کے لیے زبان، اظہار اور موضوع تینوں اہمیت کے حامل ہیں۔مطالعہ اور مشاہدہ خطابت کے لیے سونے پہ سہاگہ ہیں۔

خطابت کے میدان میں مردوں کے مقابلہ میں خواتین کا رول بھی غیر معمولی رہا ہے۔خصوصاً ہندوستان کی جنگ آزادی میں مسلم خواتین کی شرکت نہایت شاندار رہی۔انہوں نے اپنے خطابات کے ذریعے ہندوستانی خواتین کو جنگ آزادی میں شریک ہونے کی ترغیب دلائی۔بی اماں والدہ محترمہ مولانا محمد علی جوہر نے تحریک خلافت میں بھرپور حصہ لیا۔بیگم سلمیٰ تصدق حسین نے ۱۹۳۸ء میں پٹنہ میں مسلم لیگ کے شعبہ خواتین کے قیام کے بعد مسلم خواتین کو مسلم لیگ کی رکن بنانے کی مہم میں بھرپور حصہ لیا۔لیڈی ہارون نے اصلاح الخواتین کے نام سے ایک انجمن قائم کی۔بیگم مولانا محمد علی جوہر امجدی بیگم، آل انڈیا خواتین مسلم لیگ کی سب کمیٹی کی رکن مقرر ہوئیں۔

تاریخ اسلام میں ایسی بے شمار شخصیات پیدا ہوئیں جنھوں نے اپنے بلند کردار ،اخلاص وللہیت ، جہد مسلسل اور علم وعمل سے ایک نئی تاریخ رقم کی۔ انہی شخصیات میں محترمہ امیرالنساء کا نام بھی شامل ہے۔ اللہ تعالی نے انہیں بے شمار صلاحیتوں اور لیاقتوں سے نوازا تھا۔ وہ ایک ادیبہ ،شاعرہ،افسانہ نگار ،ناول نگار، خاتون ہونے کے علاوہ ایک بہترین ممتاز اور قادرالکلام متکلمہ اور خطیبہ تھیں ۔خطابت ان کے لیے قدرت کا عطیہ تھی، وہ ہر موضوع پر متاثر کن تقریر کرسکتی تھیں۔

محترمہ امیرالنساء ایک باشعور اور اعلی اقدار کی حامل خاتون تھیں ۔وہ ایک صالح معاشرہ کی تشکیل میں تادم آخر سرگرم رہیں ۔امت مسلمہ خصوصا خواتین کی اصلاح اور تعلیمی ترقی کے لیے ہمیشہ فکرمند رہتیں ۔آپ کے خطبات اور تقاریر اس بات کے شاہد ہیں ۔آپ نے تعلیمی ،سائنسی ،عصری، اصلاحی اور مذہبی موضوعات پر لب کشائی کر کے امت مسلمہ کو ہر آن بیدار کرنے کی کوشش کی ۔امت کی اصلاح اور تربیت کا شوق اس قدر دل میں موجزن ہوتا کہ مدرسہ، اسکول ،کالج، دینی اجتماعات اور دیگر خواتین کی محفلوں میں کوئی میسر لمحہ ہاتھ سے جانے نہیں دیتیں ۔آپ کے خطبات سے خلوص وصفا کے چشمے پھوٹتے ،جن سے سامعین بھرپور سیراب ہوتے۔ قرآن مجید آپ کے خطبات کا اہم موضوع ہوتا۔اس کتاب مبین کو وہ سرچشمۂ ہدایت سمجھتی تھیں ۔ایک اجلاس میں قرآن مجید کی عظمت وفضیلت پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہتی ہیں:

"قرآن پاک کی عظمت وفضیلت اظہر من الشّمس ہے۔اگر کوئی ایسی تجارت کرنا چاہتا ہے جسمیں محنت کم اور نفع زیادہ ملے تو یہ قرآن پاک ہے جو ایک حرف پر دس نیکیاں دلاتا ہے اگر آپ کو روشنیوں سے محبت ہے اور کمرے میں تیز روشنی کے بلب روشن کرنا چاہتی ہیں تو قرآن پاک کی نورانیت سے بڑھ کر کوئی روشنی نہیں، اگر آپ کو اونچے مکانات پسند ہیں اور ساتویں منزل پر اپنا مکان بنانا چاہتی ہیں تو قرآن پاک ساتویں ہزار منزل پر پہنچا دیتا ہے۔قرآن پاک کا نزول دنیائے انسانیت پر اللہ رب العالمین کا سب سے بڑا انعام ہے۔

اس انعام پر جتنی بھی خوشیاں منائی جائیں کم ہے۔اس انعام پر صرف ظاہری خوشی اور زبانی شکر کافی نہیں اسکے شکر کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ اس کتاب ہدایت کو باقاعدہ پڑھا جائے اسے سمجھنے کی کوشش کی جائے اور قرآنی تعلیمات کے مطابق زندگی گزارنے کی کوشش کی جائے۔جب انسانیت کی خیر وفلاح کا سرچشمہ بن کر قرآن مجید نازل ہوا تو اسکی حفاظت کی ذمہ داری خود اللہ پاک نے اپنے ذمہ لے لی، یہی وجہ ہے کہ آج دنیا کی محفوظ ترین کتاب قرآن مجید ہے اور دعوتی کام میں ہی ہماری سربلندی اور عزت ہے۔اگر یہ فریضہ ہم نے انجام نہیں دیا تو ہمیں پستی اور تنزلی سے کوئی بھی چیز عروج واقبال کی تک نہیں پہنچا سکتی''

محترمہ نے قرآن مجید کا مطالعہ بہت ہی تدبر و تفکر کے ساتھ کیا ہے۔قرآن اور سائنس کے تعلق سے آپ کے افکار اس بات ضامن ہیں۔آج ہمارے معاشرے میں قرآن مجید کا وجود محض برکت کا باعث ہو چکا،اسے کتاب برکت اور ثواب دارین کے لیے پڑھا جاتا ہے حالانکہ وہ کتاب ہدایت اور اوراق حیات کو مزین کرنے کا ذریعہ ہے۔ان خیالات کا اظہار محترمہ نے بڑی خوش اسلوبی سے کیا ہے۔قرآن کے سائنسی انکشافات کا تذکرہ کرتے ہوئے کہتی ہیں:

''قرآنِ پاک کا نزول اس لیے کیا گیا کہ اس سے رہنمائی حاصل کی جائے۔آج ہماری قوم اسی لئے ذلت وپستی سے دوچار ہے کہ ہم نے قرآن مجید کو سمجھ کر پڑھنے کی کوشش نہیں کی ورنہ قرآنِ مجید میں حیاتِ انسانی کا کوئی پہلو ایسا نہیں چھوڑا گیا کہ جس سے ہمیں روشنی نہ ملتی ہو۔آج ہم اسی لئے دنیا میں خوار ہو رہے ہیں ورنہ ساری دنیا پر ہماری حکمرانی ہوتی آج سائنسی انکشافات قرآنی آیات کے حقائق کو واضح کر رہی ہیں۔سائنسدان جب کسی بات کو لے کر ریسرچ کرتے ہیں تو یہ کتاب مبین انہیں کائنات کے اسرار

رموز سمجھنے اور سائنٹیفک انداز میں اس پر غور تدبر کی دعوت دیتی ہے۔

اوٹاوا کے فرانسیسی پروفیسر اور سرجن ڈاکٹر موریس بوکائلے کا تو دعوی ہے کہ تخلیق کائنات کے بارے میں آج جتنے بھی قابل فہم نظریات دنیا میں رائج ہیں وہ سب قرآن حکیم کے بیان کئے ہوئے نظریہ کے عین مطابق ہیں اور قرآن پاک میں تسخیر کائنات، قدرتی تغیرات اور آسمانی مخلوق یعنی فرشتوں کے بارے میں جو کچھ کہا گیا ہے، جدید سائنسی تحقیق اسے تسلیم کرتی ہے''

محترمہ نے اپنے خطبات میں مسلمان قوم کو سائنس اور علم طب کی تعلیم سے آراستہ ہونے پر زور دیا ہے کیونکہ آج وہی قوم ترقی کی راہ پر گامزن ہے جو سائنس کے میدان میں اپنے آپ کو ثابت کر پاتی ہے۔ محترمہ، سرسید احمد خاں کے خیالات سے متاثر نظر آتی ہیں۔ سرسید کی طرح انہوں نے اسلامی وعصری تعلیم پر کافی زور دیا ہے۔ کئی ایک تقریروں میں طالبات کو اعلیٰ تعلیم پر ابھارا ہے۔ وہ اپنی طالبات کو اعلیٰ درجہ کی تاجرہ، عالمہ وفاضلہ، وکیل وجج، ڈاکٹر اور بینک کے اعلی عہدوں پر فائز کرنا چاہتی ہیں۔ اس کا اظہار کئی خطبات میں انہوں نے کیا ہے۔

دور حاضر میں اواد کی تربیت کا مسئلہ بہت ہی نازک اور سنگین صورت حال سے دو چار ہے۔ والدین تن آسانی کا شکار ہوتے جارہے ہیں۔ وقت کی کمی، ذاتی مصروفیتوں اور اپنے پسندیدہ مشاغل میں اس قدر مگن ہیں کہ اولاد آہستہ آہستہ ان کی گرفت اور تربیت سے آزاد ہوتی جارہی ہے۔ موبائیل فون کے خطرناک عواقب ونتائج سے غافل ہوکر والدین اپنے کاموں میں مصروف ومشغول ہیں۔ محترمہ امیر النساء نے اپنے خطبات میں بڑے شدومد کے ساتھ اولاد کی تربیت اور بچوں پر موبائیل فون کے خطرناک اثرات کے تعلق سے اظہار خیال کیا ہے۔ ایک تقریر میں کہتی ہیں:

''بچوں کے معصوم ذہن کی اسکرین پر سب سے پہلے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا کلمہ ثبت کریں۔ ماں کی گود بچوں کے لئے سب سے پہلا مدرسہ ہوتی ہے۔ چار سال کی عمر تک بچے ماں کے زیر تربیت ہوتے ہیں۔ قدم قدم پر شیطانی طاقتیں بچوں کو بہکانے کے لئے

برسرپیکار ہیں۔ ٹی وی کی صورت میں، انٹرنٹ کی شکل میں اور موبائل فون کے چھوٹے اسکرین پر بھی۔اس آزمائشی دور میں بچوں کی صحیح تربیت کی ساری ذمہ داری ماں کے نازک کندھوں پر ہوتی ہے"

ایک اور مقام پر موبائیل فون کے تعلق سے کہتی ہیں:

"والدین کی یہ بہت بڑی ذمہ داری ہے کہ گھر سے ہی صحیح تربیت کا آغاز کریں، انہیں موبائل سے دور رکھیں۔ یہ ایک ایسا خطرناک آلہ ہے کہ اس سے بچوں کے اخلاق و کردار بہت جلد متاثر ہوتے ہیں۔ آج کل مائیں اپنے بچوں سے محبت یا ان کی مانگ کی خاطر بچوں کے ہاتھ میں موبائل تھما دیتی ہیں کہ بچہ کارٹون وغیرہ سے دل بہلائے اور انہیں کچھ دیر کیلئے فراغت مل جائے حالانکہ یہ کارٹون یہودی اور نصرانیوں کی سازش ہیں۔اس کے ذریعہ وہ بچوں کی معصومیت چھین کر انہیں تشدد اور تخریب کاری کی تعلیم دیتے ہیں۔ جس قدر ممکن ہو، بچوں کو موبائل سے دور رکھیں۔ بچوں کے غیر ضروری مطالبات پورے نہ کریں۔ انہیں فضول خرچی کی عادت ہرگز نہ ڈالیں۔ بچوں کے سامنے کبھی جھوٹ نہ بولیں۔اساتذہ اور بزرگوں کا ادب کرنا سکھائیں۔ انہیں نماز کا عادی بنائیں۔ سلیقہ مندی اور آداب سکھائیں۔ اولاد کی شکل میں آپ کے لئے اللہ پاک کا بہت بڑا تحفہ ہیں۔ان کی صحیح تعلیم و تربیت ہی والدین کی دنیا اور آخرت میں کامیابی ہے"

خاتون ہونے کی حیثیت سے محترمہ امیر النساء نے محسوس کیا کہ اسلام میں عورت کو جو مقام اور مرتبہ دیا گیا ہے وہ نہایت ہی منصفانہ ہے وہ سارے حقوق انہیں دیے گئے ہیں جن سے دنیا کے دیگر موجودہ مذاہب نے آنکھ چرائی ہے:

"ہمیں فخر ہے کہ اسلام ہمارا مذہب ہے۔ آج ہمارے ملک کی

صورتِ حال یہ ہے کہ موجودہ حکومت تعصب اور تنگ نظری کی عینک لگا کر اسلام کے خلاف کوئی نہ کوئی ایسا مسئلہ چھیڑ دیتی ہے جس کی وجہ سے مسلمان اپنے مذہب سے بیزار ہوکر لادینیت اختیار کرلیں یا ان کے دلوں میں اسلام سے نفرت پیدا ہو۔ ہمارے حکمرانوں کو مسلم خواتین سے خواہ مخواہ کی ہمدردی پیدا ہو رہی ہے کہ اسلامی قوانین عورتوں کے حقوق پامال کر رہے ہیں اور ان پر ظلم ہو رہا ہے حالانکہ جن لوگوں کو مسلم خواتین کی ہمدردی کا بخار چڑھا ہے، دراصل خود ان کے مذہب میں ستی کی رسم عام تھی، بیوہ عورت کو جینے کا کوئی حق نہیں تھا۔ آج بھی ڈاوری اور جہیز کے نام پر نئی دلہنوں کا قتل کر دیا جاتا ہے اور ماں کی کوکھ میں ہی لڑکیوں کو مار دیا جاتا ہے۔ لڑکیاں والدین کے لئے بوجھ سمجھی جاتی ہیں۔ صرف اسلام ہی وہ واحد مذہب ہے جس نے عورتوں کو مساوی حقوق دئے، بیوہ اور مطلقہ عورت کے نکاح ثانی کو مستحسن قرار دیا، ماں کے پیروں تلے جنت بتائی، انہیں وراثت میں حقوق دینے کی تاکید کی۔ مسلم خواتین کو اسلام نے وہ تمام حقوق عطا کئے ہیں جو کسی مذہب نے نہ پہلے دئے اور نہ آج دے رہے ہیں''

اسلام میں حسن سلوک کی بڑی اہمیت ہے اس کے نورانی پہلو پر ایک تقریر میں اظہار خیال کیا ہے۔ اندازِ تخاطب، روانی اور سلاست سے معمور ہے:

''حسنِ سلوک یہ نہیں کہ کسی نے ہم سے اچھا برتاؤ کیا جواب میں ہم بھی اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کریں بلکہ حسنِ سلوک یہ ہے کہ کوئی ہم سے غلط سلوک کرے ہم اس کے ساتھ اچھا سلوک کریں۔ کوئی ہمیں محروم کرے تو ہم اسے عطا کریں۔ کوئی ہمیں برا بھلا کہے تو ہم اسے معاف کریں۔ بزرگوں کی تعظیم کریں، ان کی خدمت

بجالائیں، وہ والدین ہوں یا ساس سسر یا جن کی خدمت کا اللہ پاک نے ہمیں موقع عطا کیا ہے۔ چاہے وہ ہمارے رشتے دار ہوں یا نہ ہوں ۔بچوں کے ساتھ شفقت سے پیش آئیں۔ جو ہمارے ماتحت ہوں ہمارے اپنے نوکر چاکر وغیرہ، ان کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کریں۔ نبی اکرمؐ کی یہی سنت ہے کہ وہ نوکروں پر ان کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالتے تھے۔آج ہمارا کیا حال ہے؟ ہزار دو ہزار کی رقم دے کر گویا انہیں زر خرید غلام سمجھ لیتے ہیں۔ان پر ان کی طاقت سے زیادہ بوجھ ڈالتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ کو اللہ پاک نے مکارم اخلاق بنا کر بھیجا، یعنی اچھے اخلاق کی تکمیل کے لئے بھیجا تھا۔آپؐ مسلمانوں کے لئے بھی رحمت تھے اور غیر مسلموں کے لئے بھی رحمت تھے ،دوستوں کے لئے بھی رحمت تھے اور دشمنوں کے لئے بھی رحمت تھے۔ بچوں اور بوڑھوں کے لئے بھی سراپا رحمت تھے۔کمزوروں اور طاقتوروں کے لئے یکساں رحمت تھے۔ امیروں کے لئے بھی رحمت اور غریبوں کے لئے بھی رحمت تھے۔ حاکموں اور محکوموں کے لئے بھی رحمت تھے۔ آپ کی رحمت بے زبان جانوروں اور درختوں کے لئے بھی یکساں تھی۔ ایسے ہی اخلاق کی تعلیم آپؐ نے اپنی امت کو دی تھی۔آپؐ نے فرمایا کہ تم اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتے جب تک کہ آپس میں رحمت کا مظاہرہ نہ کرلو۔ رحمت کا سب سے بڑا مظہر یہ ہے کہ پوری انسانیت کو جہنم کی آگ سے بچانے کی فکر کریں۔ رسول رحمتؐ کے امتی ہونے کا تقاضہ ہے کہ ہم اللہ کے بندوں تک اللہ کا دین پہنچائیں تبھی ہم رحمۃ للعالمینؐ کے امتی ہونے کا حق ادا کرسکیں گے''

محترمہ امیر النساء مسلم پرسنل لاء بورڈ کی ممبر تھیں۔عام خواتین کی بہ نسبت وہ حالات حاضرہ سے

زیادہ باخبر تھیں۔ عالمی اور ملکی حالات سے باخبر کرتے ہوئے ایک تقریر میں کہتی ہیں:

”تم نے مادی وسائل کا غلط استعمال کیا۔ دنیا کو سمیٹ کر گاؤں کی شکل دے دی، فاصلے سمٹ گئے، امن وسلامتی داؤں پر لگ گئی۔ عالمی خبریں ہمیں باخبر کررہی ہیں۔ تیونس اور مصر کے انقلاب میں آہنی حکمرانوں کے تخت وتاج موم کی طرح پگھل کر بہہ گئے۔ اردن لیبیا، یمن، بحرین اور الجزائر میں عوامی مظاہرے غلط قیادت کی صحیح رہنمائی کی پیش رفت ثابت ہورہے ہیں۔ طاقت کا غلط استعمال حکمرانوں سے سلطنتیں چھین کر اوروں کو سونپ رہا ہے۔ ہم اپنی عظمتوں کا سودا ذلت کے ہاتھوں کروارہے ہیں۔ یہ ایک ایسا انقلاب ہے جو قدرت کی طرف سے ہماری کوتاہیوں پر برپا کیا جارہا ہے۔

مغرب کی اندھی تقلید ہم سے خراج مانگ رہی ہے:

ہماری ٹھوکروں میں آج بھی ہوتی شہنشاہی
اگر ہم نے چٹائی پر گذارا کرلیا ہوتا“

ان خیالات سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان کا ایک ایک لفظ صحیح ثابت ہورہا ہے۔ ہم اپنی کوتاہی اور غلط قیادت کا خمیازہ بھگت رہے ہیں۔ آج نئی نسل جس تیزی سے اسلامی تہذیب وتمدن سے انحراف کررہی ہے اس کی حفاظت بے حد مشکل نظر آتی معلوم ہوتی ہے۔ مادی وسائل کی فراوانی نے رشتوں اور قرابت داری کے مضبوط بندھن کو توڑ کر رکھ دیا ہے۔ اولاد کا والدین سے تعلق کمزور سے کمزور ہوتا جارہا ہے محترمہ کا خیال ہے کہ یہ سب بڑوں کی کوتاہی کا نتیجہ ہے۔ ایک اجلاس میں ان خیالات کو بے حد متاثر کن انداز میں پیش کیا ہے:

”مادی آسائشوں نے بچوں کو روبوٹ بنادیا۔ ان کے اندر جذبات سے عاری مشینی انداز آگئے محبت مروت ایثار وقربانی سے یکسر خالی۔ خودغرضی بے مروتی دشمنی اور نفرت کے جذبات ان کے اندر پنپنے لگے۔ اخلاقی تباہی نے ان کے کردار کو مسخ کردیا۔ اگر ہم بچوں کو

مادی وسائل فراہم کرنے کے بجائے اپنے وقت کو فارغ کر کے اپنے عظیم رہنماؤں کے بے مثال تاریخی واقعات سے ان کی کردار سازی کرتے۔ سادگی کا درس دیتے اور غیروں کی تہذیب وتمدن سے کاٹ کر اپنی تہذیب وتمدن سے جوڑتے تو یہ عارضی دنیا دوسروں کے لئے ایک موڈل بن جاتی اور ہماری نسل دوسروں کے لئے آئیڈیل بن جاتی۔ آج ہم اپنی کوتاہیوں کی قیمت اس طرح چکا رہے ہیں کہ نوجوانوں پر ضعیف اور لاچار والدین، جن کے قویٰ مضمحل ہو چکے ہیں، ان کے لئے بوجھ بن چکے ہیں۔ ہماری خدمت اور دیکھ بھال کے لئے ان کے پاس فالتو وقت نہیں ہے۔ ہم نے انھیں بے بی کیئر سنٹروں کے حوالہ کیا، وہ ہمیں اولڈ ایج ہوم میں منتقل کرنا چاہتے ہیں۔ ہماری ساری توانائی زائل ہو چکی ہے، سماعت اور بصارت متاثر ہے۔ ساری قوت زبان نے حاصل کر لی ہے۔ ہم اپنے سکھ دکھ بچوں سے شیر کرنا چاہتے ہیں۔ اپنی تنہائیوں کے فسانے، اپنی مجبوریوں کی داستانیں، اپنی بیماریوں کی کہانیاں سنا کر اپنا بوجھ ہلکا کرنا چاہتے ہیں مگر افسوس کہ ہماری بے معنی باتیں سننے کے لئے ان کے پاس فالتو وقت نہیں ہے۔ انہیں اس ماحول سے گھٹن محسوس ہوتی ہے۔ وہ جلد سے جلد ہم سے پیچھا چھڑا کر گھر کی بوجھل فضا سے دور آزادی کی فضا میں سانس لینا چاہتے ہیں۔

یہ ہماری کوتاہیوں کی قیمت ہے جو سود کے ساتھ وصول ہو رہی ہے"

محترمہ نے اپنی تقریروں اور خطبات میں خواتین کو بے حد شائستہ اور نرم و نازک لب ولہجہ میں نصیحت کی ہے۔ اسلامی اخوت ومودت کا درس دیا ہے، مشہور صحابیات کی زندگیوں کے روشن پہلوؤں کو بطور نمونہ پیش کر کے نصیحت کی ہے اگر ہماری خواتین ان باتوں پر عمل پیرا ہوں تو ان کی زندگیاں گل وگلزار بن جائیں۔ ایک اجلاس میں تقریر کرتے ہوئے کہتی ہیں:

"اگر آپ کورول موڈل بنانا ہے اور پسندیدہ شخصیات کے نقش قدم پر چلنا ہے تو صحابیاتؓ کو اپنا نمونہ بناؤ۔ بی بی خدیجہؓ نہ صرف تاجر خاتون تھیں بلکہ عرب کی سب سے مالدار خاتون تھیں۔ نبی اکرم ﷺ کی زوجیت میں آنے کے بعد آپ نے سادگی کو اپنا شعار بنایا۔ بیش قیمت لباس نہیں پہنے، وہ چاہتیں تو اپنے لئے بہترین ملبوسات اور بیش قیمت زیورات خریدتیں۔ مگر آپؓ نے خود کو ان فضولیات سے دور رکھا۔ بوقت وفات انہیں نئی چادر تو درکنار دھلا ہوا لباس تک میسر نہیں۔ انہیں غسل کے بعد وہی ملگجے کپڑوں میں دفنادیا گیا جو وہ پہلے سے پہنے ہوئے تھیں۔ ان کی عظمت ان کے کردار سے جھلکتی تھی۔ بہترین لباس ان کے نزدیک تقویٰ تھا۔ آج ہمارا کیا حال ہے؟ اپنی حیثیت سے زیادہ بیش قیمت لباس خریدتی ہیں۔ شادی سے پہلے والدین پر بوجھ ڈالتی ہیں اور شادی کے بعد شوہر پر بوجھ بنتی ہیں۔ سادگی کو اپنا شعار بناؤ! خوش اخلاقی کے زیور سے خود کو سجاؤ! لڑکی کی خوبصورتی اس کے لباس وزیورات سے نہیں، اسکے بہترین کردار سے ہوتی ہے۔ والدین کی بے لوث خدمت، اساتذہ کا احترام، شوہر اور اس کے گھر والوں کی بہترین اطاعت ہی اس کا حسن ہے۔ شادی کے بعد بچوں کی بہترین تربیت، سسرال والوں کے ساتھ اس کا حسن سلوک ہی عورت کا سنگھار ہے۔ پیاری طالبات! اللہ پاک کا شکر ہے کہ ہمیں اسلام جیسا بہترین مذہب ملا جہاں عورت کو مساوی حقوق دئے گئے۔ عورت مردوں کے برابر تعلیم حاصل کرسکتی ہے۔ وقت ضرورت اپنے خاندان کی کفالت بھی کرسکتی ہے۔ مذہب اسلام کے دائرے میں رہ کر وہ سارے حقوق حاصل کرسکتی ہے جو مردوں کو دئے گئے ہیں مگر پردے کی پابندی

کے ساتھ۔ اکثر عورتیں سمجھتی ہیں کہ پردہ ترقی کی راہ میں رکاوٹ ہے اور ترقی اسی وقت ممکن ہے جب ہم پردے کی قید سے آزاد ہوجائیں۔ یہ ہماری بھول ہے۔ ہر میدان ہمارے لئے کھلا ہے بس ہمارے اندر صلاحیت ہونی چاہیے۔ آپ جانتی ہیں کہ ازواج مطہراتؓ نے پردے کے احکامات نازل ہونے کے بعد بھی کیسے کیسے کارنامے انجام دئے ہیں جو رہتی دنیا تک ہمارے لئے نمونہ ہیں''

دور حاضر میں فیشن پرستی اور مغرب پرستی کی وباء ہماری نوجوان نسل میں بڑھتی جارہی ہے جس کا نتیجہ ہے کہ بے حیائی اور بے شرمی کی فضا عام ہورہی ہے۔ ایک اجلاس میں صفت حیا کے مختلف پہلوؤں پر اظہار خیال کرتے ہوئے محترمہ کہتی ہیں:

''جب بھی شیطان کسی سماج کو تباہ کرنا چاہتا ہے، وہ سب سے پہلا وار عورت کی صفت حیا پر کرتا ہے۔ اس نے سب سے پہلے حضرت آدم علیہ السلام اور بی بی حوا علیھا السلام کو اس جال میں پھنسایا تھا اور آج بھی اس کا سب سے پسندیدہ ہتھیار ہے اور اس فتنے میں الجھ کر کتنے ہی گھر برباد ہو چکے ہیں۔ اگر عورت سے حیا کی صفت ختم ہوجائے تو معاشرہ حیوانیت کا شکار ہوکر نسلوں میں بگاڑ کا سبب بن جاتا ہے۔ مغربی عورتوں کی بے راہ روی اور آزادی کو انھوں نے ایسے انداز میں پیش کیا کہ مسلمان عورتیں شرعی قوانین کو بوجھ سمجھ کر پردے کی قید سے آزاد ہوگئیں اور کبھی عورت کی آواز گھر سے باہر نہیں پہنچتی تھی اور آج پارلیمنٹ کے ایوانوں، کمرۂ عدالت کی بلند وبالا عمارتوں، غلط وصحیح ہر جگہ سے اس کی آواز گونج رہی ہے۔ اسلام نے عورتوں کے حدود متعین کئے انہیں عزت وحرمت کے اونچے مسند پر بٹھایا۔ مگر مغربی دنیا کی آندھی نے ان حدود کو پامال کرڈالا کیونکہ آج دنیا کی سرپرستی ان قوموں کے ہاتھوں میں پہنچ

گئی ہے جنہیں اسلام سے کوئی نسبت نہیں۔ ملالہ یوسف زئی کا نام
آپ سب نے سنا ہے اور یہ بھی جانتی ہیں کہ دشمنوں نے اسے کیسے
ہاتھوں ہاتھ لیا اور وہ ان کے ہاتھوں کا کھلونا بنی ہوئی اوروں کو
رجھانے کیلئے اسے ایوارڈ سے نوازا جا رہا ہے۔ ہماری ناسمجھی ہے کہ
اس کی ظاہری شہرت سے ہم خوش ہو رہی ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جو
ہماری قوم کی بیٹیوں کو ہمارے ہی خلاف استعمال کر رہے ہیں،
فلسطینی عوام نے اسکولوں کے لئے ملالہ کے فنڈ کو مسترد کر دیا۔ ہم
خوش فہمی میں مبتلا ہیں کہ مسلمان عورتیں ترقی کی راہ پر گامزن ہیں"


محترمہ امیر النساء کو اس بات کا شدید خیال تھا کہ وہ ایک موئثر یا سلجھی ہوئی خطیب نہیں ہیں حالانکہ آپ کا انداز اور اسلوب بے حد سلجھا ہوا اور شائستہ ہوتا، باوجود اس کے کہ الفاظ میں بجلی کی کڑک، نہ آواز میں گھن گرج، خوشنما الفاظ اور نہ دلفریب جملے، پھر بھی دل سے نکلے ہوئے الفاظ دلوں کو صدا دیتے تھے۔ سامعین اور حاضرین کو اپنا گرویدہ بنا لیتے تھے۔ محترمہ امیر النساء آج کی خواتین کے لیے مثالی نمونہ ہیں۔ وہ ایک اسلام پسند خاتون تھیں، دینداری اور وضع داری ان کا اوڑھنا بچھونا تھا۔ اعلی تہذیب وتمدن کی حامل تھیں۔ وسائل کی کمی کے باوجود دعوتی، اصلاحی اور تعلیمی میدان میں انہوں نے جو کارنامے انجام دیے وہ زرین حروف سے لکھنے کے قابل ہیں۔ ہماری خواتین کو چاہیے کہ وہ بھی محترمہ کی طرح آگے آئیں دوسروں کے لیے صحیح رہنمائی اور رہبری کا فریضہ انجام دیں۔ یہ بڑی خوش آئند بات ہے کہ الیکٹرانک اور سوشیل میڈیا کے اس دور میں خواتین بھی بڑی تعداد میں تحریر اور خطابت کے میدان میں آگے آ رہی ہیں۔

شیخ فاروق باشا

RNI No. APURD/2010/35312
ISSN 2231-5551

سہ ماہی

# دبستان



۱۳

خصوصی شمارہ

ادارہ دبستان کے سرپرست

## یوسف صفی

کی یاد میں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم


بیادگار سید یوسف صفی

RNI No. APURD/2010/35312
ISSN 2231-5551

# دبستان
# Dabistan Quarterly

Vol.10/Issue:1-to-4/Apr.19-Mar.20

جلد: ۱۰ | شمارہ: ۱-تا-۴ | اپریل ۱۹ء - مارچ ۲۰ء

زرتعاون: فی شمارہ سو روپے | ۱۰۰ روپے

بذریعہ ڈاک' چار شمارے | ۵۰۰ روپے

ہر شمارہ رجسٹر ڈاک سے ارسال کیا جاتا ہے

تاحیات رکنیت =/10,000 ₹



رابطہ

Dr. Iqbal Khusro Qadri
Editor, Dabistan Quarterly
77-106-2, Ahmadiya Nagar
Rama Raju Palle (Village)
Y.V.University (P.O)
KADAPA-516005 (A.P)
dabistankadapa@gmail.com


مشیر قانونی | معین الدین شیخ

ایڈوکیٹ' آندھرا پردیش ہائی کورٹ' وجے واڑہ


مشمولات سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں


تجسیم' تزئین | دبستان فاؤنڈیشن' کڈپہ


Owned, Printed & Published By: Syed Iftekhar Jamal. Printed at: Kwality Printers,19-579-A,Ahmed Saheb St., Kadapa.Published at: 19-601-1,Hauz St., Kadapa(A.P)
Editor : Dr. Iqbal Khusro Qadri



نگران قاسم علی خان

طابع' ناشر افتخار جمال

معاونین اہل قلم' قارئین


خصوصی شمارہ

ادارہ دبستان کے سرپرست

## یوسف صفی

کی یاد میں


مدیر
اقبال خسرو قادری

# ترتیب

خصوصی شمارہ............

ادارہ دبستان کے سرپرست‘

یوسف صفی

کی یاد میں

ابتدائیہ یوسف صفی

## سوغات | یوسف صفی کی نذر

### احوال وآثار


ادارہ دبستان — نشانِ منزل — 08

قاسم علی خان — یوسف صفی سے ملیے — 12

اقبال خسرو قادری — اس تماشا گاہ سود و زیاں میں — 20

جعفر امیر — یوسف صفی: میرا دوست — 23

سید وصی اللہ بختیاری — صفی صاحب: شخص اور عکس — 26

محمد فیض اللہ — یوسف صفی: روز و شب کے آئینے میں — 35

عقیل جامد — ایک نظم: صفی کے لیے — 49


### حلقہ احباب


محمود شاہد — اردو کلچرل لٹریری اسوسی ایشن: ایک تعارف — 55

## فکـــــــروفـن


| | | |
|---|---|---|
| راہی فدائی | یوسف صفی کی ڈراما نگاری | 59 |
| مظفر شہ میری | دکھ کے پیڑ: محل شاہی سے مقبرہ ہمایون تک | 65 |
| وحید کوثر قادری | رائل سیما کا ادبی ڈراما نگار: یوسف صفی | 72 |
| م-ن-سعید | خریطہ | 78 |
| ستّار ساحر | یوسف صفی: شخص، شاعر اور ڈراما نگار | 80 |
| صادقہ نواب سحر | یوسف صفی کی ڈراما نگاری: ایک جائزہ | 89 |
| نزہت نوشین | شیر دکن، ٹیپو سلطان: چند تاثرات | 95 |
| انور ہادی | یوسف صفی کے ڈراموں میں نسوانی کردار | 100 |


## صــــریر | نـگـارشـات: ڈراما، تحقیقی تاثراتی مضامین


| | |
|---|---|
| دفینہ | 110 |
| کڈپہ میں اردو ڈراما | 142 |
| چراغ کشتہ | 157 |
| یاد کے جھروکوں سے | 158 |
| ستّار ساحر کی فکر و نظر | 170 |


## نـشــیـد | منتخب کلام: غزلیں، نظمیں، گیت، خود کلامی


| | |
|---|---|
| غزلیں | 172 |
| نظمیں | 186 |
| گیت | 199 |
| خود کلامی | 205 |

# ابتدائیہ

منزل کی جستجو انھیں رہتی ہے جو اپنا سفر ختم کرنا چاہتے ہیں: میری تمنا
تو سفر ہے! تھکے ہارے بنا، مسلسل سفر! (پدم شری)

نقش آخر؟ نقش آخر تو فن کا جمود ہوتا ہے! اور فن کا جمود، فن کار کی
موت کا اعلان! (خواب پتھر میں)

ہر رات میری جھولی میں ایک جسم پھینک جاتی ہے، جسے پہن کر
رات بھر بھٹکتا رہتا ہوں! (دفینہ)

میری آنکھوں کی اداسی دیکھ لو !
زندگی کتنی ہے پیاسی، دیکھ لو !


اتفاقاً حق زباں پر آ گیا
زندگی بھر کی کمائی کھا گیا
کرچیاں بکھری پڑی ہیں ہر طرف
آئینہ انجام اپنا پا گیا!

**یوسف صفی**

(آمد: یکم جون ۱۹۴۵ء-رخصت: ۱۱ر ستمبر ۲۰۱۹ء)

# سوغات

ادارہ دبستان کے سرپرست‘ یوسف صفی کی نذر



# سید یوسف صفی

(آمد: یکم جون ۱۹۴۵ء - رخصت: ۱۱ر ستمبر ۲۰۱۹ء)

# صفی صاحب: شخص اور عکس

## سید وصی اللہ بختیاری

جنوبی ہند کی ریاست آندھرا پردیش کے علاقہ رائل سیما کے مردم خیز شہر کڈپہ کے وقار میں اضافے کا سبب بننے والی عظیم المرتبت ادبی شخصیات میں سید یوسف صفی (آمد: یکم جون ۱۹۴۵ء – رخصت: ۱۱ر ستمبر ۲۰۱۹ء) کا نام اہم اور ممتاز حیثیت کا حامل ہے۔ علم و ادب اور شعر و سخن سے ان کی وابستگی اور ربط انتہائی مخلصانہ اور مستحکم رہا۔ اپنی زندگی کی اولین ترجیحات میں انھوں نے زبان، ادب و ثقافت اور ادبی ماحول کو نہ صرف شامل رکھا بلکہ سب پر مقدم رکھا۔ ایک جلالت علم و فضل اور رعب و داب ان کی شخصیت کا نمایاں پہلو رہا۔ اسی طرح شان بے نیازی و استغنا اور وقار و تمکنت ان کے مزاج کا جزو لاینفک بنی رہی۔

سید یوسف صفی صرف شاعر و ادیب نہیں تھے، وہ صرف ایک ڈراما نگار بھی نہیں تھے۔ ان کی شخصیت مجموعۂ خوبی و گلدستۂ اوصاف حمیدہ تھی۔ پیکر اخلاق، مجسم شرافت، سراپا شفقت، خلوص کیش، راست باز، صاف گوئی و بے باک، ادب پرور، ادب نواز ایسی شخصیت تھی جو بے لوثی اور خلوص کے ساتھ سب کے لیے خیر خواہ اور فیض رساں تھی۔

انھوں نے اپنی زندگی میں کبھی اپنے اصولوں اور اقدار سے سمجھوتا نہیں کیا۔ ان کے ہاں ہر چیز کے لیے خانے بنے ہوئے تھے اور وہ ان حد بندیوں سے کسی طرح متجاوز نہ ہوتے تھے کسی حاشیہ خیال میں بھی اس کی گنجائش نہ تھی کہ وہ اپنے ان اصولوں سے سر مو انحراف کر سکیں۔ انھوں نے جو چاہا وہی کیا، جو مناسب سمجھا، اسی پر کاربند رہے۔ بچپن میں شعر و ادب کے ساتھ مصوری اور پینٹنگ کا شوق تھا، پھر فوٹو گرافی کا مشغلہ اختیار کیا۔ عملی سیاست میں بھی حصہ لیا اور سماجی و فلاحی کاموں میں سرگرم رہے۔ ادبی و ثقافتی سرگرمیاں تو ان کی زندگی میں لازم و ملزوم کی حیثیت رکھتی تھیں۔

ان کے مزاج میں عزم و ہمت اور صبر و استقلال کا عجیب و غریب مادّہ تھا۔ ان کا عزم کوہ پیکر اور ان کا جذبہ کوہ پیما ہوا کرتا تھا۔ ان کے ہاں منصوبہ بندی یا وسائل و ذرائع کی حیثیت

محض ثانوی تھی۔ وہ اپنے عزم محکم اور یقین کامل کے ساتھ جب کسی ادبی منصوبہ کا تہیہ کر لیتے تو دنیا کی کوئی طاقت اور کوئی دلیل ان کو نہ قائل کر سکتی تھی اور نہ وہ اپنے ارادے سے باز آتے تھے۔ انھوں نے اردو ڈرامے اور اسٹیج کے لیے بڑی قربانیاں دیں۔ ڈراما لکھنا اور اس کو پوری جزئیات اور نزاکتوں کے ساتھ اسٹیج پر پیش کرنا ایک غیر معمولی کارنامہ تھا۔ ڈرامے کی پیش کش کے لیے کرداروں کے لحاظ سے اداکاروں کا انتخاب، تلفظ کی اصلاح، لب ولہجہ کی درستگی، اسٹیج کرافٹ اور ہر چھوٹی چھوٹی چیز کو ملحوظ رکھنا یہ ان کا وصف خاص تھا، جس کی وجہ سے ان کے تمام ڈرامے شاہکار اور لاجواب ثابت ہوتے تھے۔ ان ڈراموں کا شہرہ پوری ریاست میں بلکہ ملک بھر میں ہوا۔ پتہ نہیں کتنے ادبی وتہذیبی پروگراموں کے انعقاد میں ان کی خدمات یادگار ہیں۔ انھوں نے تنہا وہ کر دکھایا جو کسی ایک فرد کے بس کی بات نہیں تھی۔ بلاشبہ وہ اپنی ذات میں ایک انجمن تھے۔

ان کی شخصیت کثیر الجہات اور جامع الکمالات تھی۔ ان کی شخصیت کو ان کے تعلقات وروابط کے آئینہ میں دیکھا جا سکتا ہے۔ ان کا حلقۂ احباب بہت وسیع تھا۔ ہر مکتب فکر اور ہر مذہب وملت کے لوگ ان کے متعلقین ومنتسبین میں شامل تھے اور وہ سب کے ساتھ اس طرح پیش آتے اور ایسا رویہ روا رکھتے کہ سب انھیں اپنا سمجھتے۔ ان کے اخلاق عالی، کشادہ ظرفی اور خلوص ومحبت کی مہک محسوس کرتے اور دل سے اعتراف کرتے تھے۔ صرف اپنے حلقہ احباب ہی میں نہیں بلکہ اغیار میں بھی بریشم کی طرح نرم، خلیق اور شفیق تھے۔ صفی صاحب کی شخصیت ہی ایسی تھی کہ اس کے ہر پہلو کا اندازہ لگانا مشکل تھا۔

اردو زبان وادب کے لیے انھوں نے ایسی قربانیاں دیں کہ نہ اپنی پروا کی اور نہ ہی کسی قسم کا دریغ کیا، اپنا سب کچھ داؤ پر لگا دیا۔ عظیم الشان پیمانے پر ادبی پروگراموں کے انعقاد اور انتہائی شان دار طریقے پر اردو ڈرامے اسٹیج کرتے ہوئے، صفی صاحب نے کڈپہ میں ایک منفرد اور باوقار ادبی، تہذیبی اور ثقافتی ماحول بنایا۔ یہی وہ ماحول ہے جس نے کڈپہ میں شعر وادب، اردو اسٹیج کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ صفی صاحب جیسے اساطین شعر وادب کی بے لوث خدمات کی بدولت آج کڈپہ کو ایک ادبی مرکز ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔

یوسف صفی کی شخصیت کا سب سے اہم پہلو ان کا خلوص اور بے لوث ادبی سروکار ہے۔ انھوں نے ادبیات کا وسیع اور گہرا مطالعہ کیا تھا، اس کی وجہ سے ان کے فکر ونظر میں وسعت

اور گہرائی پیدا ہوگئی تھی۔شعروادب' اسلامیات' اور مذاہب عالم' ان کی دل چسپی کے خاص موضوعات تھے۔

سید یوسف صفی نے اپنی حیات مستعار میں جوادبی کام کیا' بلاشبہ قابل صدستائش و تحسین ہے۔شاعری' ڈراما' مضامین وغیرہ کی صورت میں ان کے فکروفن کا سرمایہ بے شک بڑا وقیع تھا' لیکن اتنا ہی بدنصیب بھی کہ اس سرمائے کا زیادہ تر حصہ خودصفی صاحب کی بے نیازی کا شکار ہوگیا۔مطبوعہ کتابوں کے علاوہ بہت سا سرمایہ مرورایام کی نذر ہوکر ضائع بھی ہوگیا جس میں چنداہم ڈرامے' کلام اوردیگر تحریریں بھی محفوظ نہ رہ سکیں۔

''لہجے'' کی اشاعت (۱۹۷۴ء)' جدید اردو شاعری میں' خصوصاً رائل سیما کی ادبی دنیا میں ایک سنگ میل ہونے کا وقارواعتبار رکھتی ہے۔لہجے کے شعرا میں ڈاکٹر ساغؔر جیدی' ڈاکٹر راہؔی فدائی' عقیل جاؔمد اور اشفاق رہؔبر کے ساتھ سید یوسف صؔفی بھی شامل ہیں۔چار شاعر دوستوں کی منتخب غزلیں اور یوسف صفی کی نظمیں اس مشترکہ مجموعہ کلام کی زینت ہیں۔یوسف صفی اپنے دیگر رفقا سے اس طرح الگ تھے کہ انھوں نے روش عام سے ہٹ کرراہ نکالی اور اپنے اظہار کے لیے غزل کے بجائے نظم کوترجیح دی۔حالاں کہ انھوں نے غزلیں اور رباعیات بھی کہیں لیکن وہ لہجے میں شامل نہیں ہیں۔انھوں نے ایک مرتبہ کہا بھی تھا کہ لہجے میں نظمیں شامل کرنے کا فیصلہ خودان کا اپنا تھا۔

صفی صاحب ایک مجلسی آدمی تھے۔گھنٹوں گفتگو کرتے اور مختلف موضوعات پر تبادلۂ خیال کرتے لیکن نہ وہ تکان محسوس کرتے اور نہ ان کے مخاطبین کو بوریت کا احساس ہوتا۔ ان کی گفتگو میں علمی وادبی نکات اوران کے مطالعے کا نچوڑ شامل ہوتا۔وہ اکثر اپنی مجلس میں مشاہیرادب اوران کی کتابوں پر گفتگو کرتے اور نوجوانوں کو مطالعے کی ترغیب دیتے۔اپنی گفتگو میں ادبی موضوعات' ادبی شخصیات اور کتابوں پر بے لاگ تبصرہ' عادلانہ تجزیہ اور منصفانہ رائے کا اظہار کرتے اوراپنے موقف پر دلائل پیش کرتے۔

مجھے یوسف صفی مرحوم کی شخصیت کا جو پہلو سب سے زیادہ اہم معلوم ہوتا ہے' وہ ان کا اردوادب اوراپنے شہر کے ادبی ماحول کے لیے انتہائی مخلصانہ کردار ہے۔کڈپہ کے ادبی ماحول اوراپنے دوستوں کے درمیان رہنے کوانھوں نے ہمیشہ ترجیح دی۔تا آں کہ وہ اپنی ریلوے

کی ملازمت سے بھی مستعفی ہو گئے۔ شہر کڈپہ کی تہذیبی وثقافتی تاریخ ان کے تذکرہ کے بغیر کبھی مکمل نہیں ہو سکتی۔ انھیں اپنے شہر سے بے پناہ محبت تھی اور وہ اس کے علمی وادبی فروغ اور تہذیبی وثقافتی ترقی کے دل سے خواہاں تھے۔ اپنے شہر کے لیے، شہر والوں کے لیے ادبی، سماجی وثقافتی اور رفاہی وفلاحی خدمات کا یہ سلسلہ تا حیات جاری رہا۔

سید یوسف صفی نے جس ماحول میں آنکھیں کھولیں، وہ کڈپہ کا ایسا ماحول تھا جس میں علم وادب کی صالح اقدار اور روایات رچی بسی ہوئی تھیں۔ گرامی قدر علما، صوفیہ، شعرا و ادبا کی بدولت شہر کڈپہ کو ایک اہم علمی ادبی مرکز کا مقام حاصل تھا۔ گھر کا ماحول بھی علمی وادبی تھا جہاں اخلاقی اقدار سب سے اہم مقام رکھتے تھے۔ صفی صاحب کے والد ماجد سید جمال اللہ اور والدہ ماجدہ زینب بی بی کے فیض تربیت اور اساتذہ کی شفقت ومحبت نے ان کی شخصیت کی تعمیر میں اہم رول ادا کیا۔ قابل اساتذہ کی نگاہوں نے ان کی شخصیت میں پوشیدہ جوہر کو دیکھ لیا تھا۔ ان کی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے میں ان کے اساتذہ نے جو دلچسپی لی تھی، ہمیشہ اس کا تذکرہ کرتے تھے۔ ابتدائی تعلیم داؤد صاحب اسکول میں ہوئی تھی، اس کے بعد وہ مسلم ہائی اسکول کڈپہ میں داخل ہو گئے۔ اسکول کے شاندار ماحول اور اساتذہ کی شفقتوں کا تفصیلی تذکرہ کیا کرتے تھے۔ لائبریرین عبدالرحیم صاحب کا تذکرہ کرتے تھے کہ وہ بچوں کو مطالعہ کی ترغیب دیتے تھے۔ شخصیت سازی کے ضمن میں، جناب لعل خان ادیب اور ان کے فرزند ظفر خان صاحب کا ذکر کیا کرتے تھے جو صفی صاحب کے مطالعہ کے لیے اپنی کتابیں مستعار دیا کرتے تھے۔

صفی صاحب کو اسکول کے زمانے سے ہی ڈراموں سے دلچسپی پیدا ہو گئی تھی، اسکول میں کھیلے جانے والے ڈراموں میں چھوٹے موٹے کردار بھی کرتے تھے۔ شعر گوئی کی جانب رجحان کو دیکھ کر ان کے استاذ کوثر نوید نیلوری نے انھیں غزل گوئی کی ترغیب دلائی۔ ان کے دوستوں میں غیاث اقبال بھی تھے جو جلال کڈپوی کے فرزند تھے۔ ان کے علاوہ ان کے اسکولی دوستوں کا حلقہ بھی ادبی ذوق اور ادب سے مناسبت رکھتا تھا۔ اس دور کا یہ شعر یوسف صفی کے شعری ذوق اور رنگ سخن کا آئینہ دار ہے:

عصر نو کی یہ بلندی دیکھیے
آدمی ہے چاند تک پہنچا ہوا

یوسف صفی نے کبھی اپنے اصولوں پر سمجھوتا نہیں کیا۔ اپنے اصولوں پر زندگی گزاری اوراس پر مطمئن رہے کہ انھوں نے نہ کبھی اپنے وقار کے خلاف کوئی کام کیااور نہ ہی اپنی شخصیت کو مجروح ہونے دیا۔ چھوٹوں پر شفقت ان کے مزاج کا خاصہ تھا۔ وہ ہمیشہ لوگوں کی صلاحیتوں کے مطابق مشورے دیا کرتے ۔ انھوں نے کئی لوگوں کو اپنے ڈراموں میں موقع دیا اور پھر ان لوگوں کی بہترین اداکاری سے ثابت بھی ہوا کہ وہ مردم شناس تھے اور پتھر کو تراش کر ہیرا بنانے کے ہنر میں یکتائے زمانہ تھے۔ ہمت افزائی' قدر شناسی کرتے ہوئے اپنے نوجوان ساتھیوں کا حوصلہ بڑھانا اوران کی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے کسی بھی قسم کی مدد سے دریغ نہ کرنا' ان کی اہم خصوصیت تھی۔ کڈپہ میں اردو اسٹیج کے بے شمار فن کار معترف ہیں کہ انھوں نے صفی صاحب سے بہت کچھ سیکھا۔

سید یوسف صفی' اردو کلچرل اینڈ لٹریری ایسوسی ایشن کے بانیوں میں سے تھے' اس انجمن کے صدر تھے۔ اس ادارے کے تحت کئی پروگرام منعقد کیے۔ اہم علمی ادبی' تاریخی موضوعات پر' مذاکروں اور سیمیناروں کا انعقاد کیا۔ ایسے پروگرام ہر سال میں دو ایک مرتبہ تو ضرور ہوا کرتے اور نہایت ہی شان دار پیمانے پر ہوتے تھے۔ یہ سب محض وقت گزاری کے پروگرام یا رسمی سمینار نہیں بلکہ ادبی جشن ہوا کرتے تھے۔ مختلف نشستوں میں مذاکرے اور ادبی و ثقافتی پروگراموں کے ساتھ ایک عظیم الشان اجلاس عام بھی منعقد ہوتا۔ اجلاس عام میں نئی کتابوں کی رسم اجرا انجام دی جاتی اور اکثر و بیش تر اعتراف خدمات اور تحسین فن کے تحت شعرا' ادبا اور اردو اساتذہ کی تہنیت گزاری کی جاتی تھی۔ رات میں ڈراما کی پیش کش ہوتی۔ مقتدر ادبی شخصیات کو مدعو کیا جاتا تھا۔ ان پروگراموں کے انعقاد میں پروفیسر قاسم علی خان' ڈاکٹر سید اقبال خسرو قادری' جناب سید ہدایت اللہ اور سید افتخار جمال وغیرہ ان کے شریک و سہیم ہوتے۔ مجھ بے بضاعت پر بھی صفی صاحب کی نظر عنایت اور چشم التفات بنی رہی۔ کئی مرتبہ نہ صرف مقالہ پڑھنے کا موقعہ دیا بلکہ اپنی محبتوں' عنایتوں اور مشوروں سے نوازا۔ وہ مجھ پر بڑے شفیق تھے۔ میرے والد ماجد سید محمد اللہ ضیاء بختیاری صاحب کے ان سے قدیم مراسم اور برادرانہ تعلقات تھے' اس بنا پر وہ مجھے اپنا بھتیجا کہا کرتے تھے۔ ۲۰۰۶ء میں میری کتاب ''ڈاکٹر ساغر جیدی کی دوہا گوئی'' کا سرورق' ڈاکٹر سید اقبال خسرو قادری صاحب کی کرم فرمائی سے صفی ڈیجیٹلس

ہی میں بنا۔ چھوٹوں پر ان کی شفقت کا عجیب انداز تھا۔ طبیعت کی ناسازی کے باوجود ادبی پروگراموں میں شرکت کے لیے آمادۂ سفر ہوتے۔ شعبۂ اردو ایس-وی-یونی ورسٹی تروپتی میں مشاعرہ ہو سمینار ہو یا کوئی ادبی پروگرام وہ ضرور شرکت فرماتے۔ ہمارے ہاں گورنمنٹ ڈگری کالج، رائے چوٹی میں، جنوبی ہند میں اردو فکشن کے موضوع پر ایک سمینار منعقد ہوا تو ہماری درخواست پر آپ نے شرکت فرمائی اور بصیرت افروز خطاب سے نوازا تھا۔ ذرہ نوازی، سرپرستی اور کرم گستری ان کی شخصیت کے اوصاف حمیدہ تھے۔

مجھے ان کے کئی ڈراموں میں ناظر کی حیثیت سے شرکت کرنے کا افتخار حاصل ہے۔ اسٹیج پر ان کے قریب موجود رہنے اور ان کے تاثرات کو دیکھنے کا بھی موقعہ ملا۔ اسٹیج پر ڈرامے کی پیش کش کے دوران ان کی حالت ایسی ہوتی جیسے کسی نے اپنا سب کچھ داؤ پر لگا دیا ہو اور خود بھی تماشائی بن کر تماشا دیکھ رہا ہو۔ ڈرامے کے دوران کسی اداکار کے غلط تلفظ یا مکالمے کی ادائیگی میں بھول چوک پر ناراض بھی ہوتے لیکن ان کی خوش قسمتی تھی کہ انھیں ڈراموں کی پیش کش کے لیے ان کے ہونہار فرزند جناب سید افتخار جمال بحیثیت ہدایت کار مل گئے۔ اب تمام ڈراموں کی ہدایت کاری اور انتظام وہی سنبھالنے لگے۔ کڈپہ کے وائی-ایس-آر آڈیٹوریم، منسپل اردو ہائی اسکول اور نیک نام خان کلا چھیترم میں کئی ڈرامے اسٹیج کیے گئے اور آج بھی ان کی یادیں دل و دماغ میں تازہ ہیں۔ شعبۂ اردو، حیدرآباد سنٹرل یونی ورسٹی میں ادبی پروگرام ''تخلیق'' کے ضمن میں، شعبہ اردو کی فرمائش پر، یوسف صفی صاحب کا مشہور و مقبول ڈراما ''خواب پتھر میں'' اسٹیج پر پیش کیا گیا۔ اس سلسلے میں مجھے ان کے ساتھ وقت گزارنے کا موقع ملا۔ ایک عظیم تخلیق کار کی سادگی، حسن اخلاق اور اپنے حسن سلوک اور مشفقانہ برتاؤ کو میں نے نہایت قریب سے دیکھا۔ ان کے حسن اخلاق اور کردار کی عظمت کے نقوش میرے دل پر مرتسم ہیں۔ میرے خیال میں وہ ایک ایسے تخلیق کار تھے جن کو دیکھنا، جن سے ملاقات کرنا اور گفتگو سننا ایک اعزاز سے کم نہیں۔

اسی طرح، آندھرا پردیش اردو اکیڈمی کے زیر نگرانی منعقدہ جشن (۲۰۱۷ء) میں، کرنول کے عثمانیہ کالج آڈیٹوریم میں جب یہ ڈراما پیش کیا گیا تو اس میں بھی مجھے ان کے ساتھ ساتھ رہنے کا موقع ملا۔ میک اپ روم میں انھیں اس بات کی فکر لاحق تھی کہ کردار ڈرامے کی پیش کش میں کہیں کوئی تساہل نہ کریں۔ میں ان کے ساتھ بیٹھا تھا اور وہ سگریٹ پہ سگریٹ

پھونکے جارہے تھے۔ جناب سید افتخار جمال کی ہدایت کاری میں پیش کیا گیا یہ ڈراما جب شاندار کامیابی سے ہمکنار ہوا‘ تب کہیں جا کر انہیں اطمینان میسر آیا۔

ڈراما ’’شیر دکن ٹیپو سلطان‘‘ کی پیش کش کے موقع پر میں‘ وقت سے بہت پہلے آڈیٹوریم پہنچ چکا تھا۔ میں نے بھی محسوس کیا اور ان کی تشویش بھی بجا تھی کہ ناظرین کی صرف ایک قلیل تعداد موجود ہے‘ جب کہ ڈراما شروع ہونے میں کچھ ہی دیر باقی ہے۔ تاہم یہ بات اطمینان بخش تھی کہ جیسے ہی ڈراما شروع ہونے والا تھا‘ سینکڑوں کی تعداد میں لوگ پہنچ گئے۔ پورا آڈیٹوریم ایسے بھر گیا کہ نشستیں کم پڑ گئیں اور لوگ کھڑے ہو کر ڈراما دیکھتے رہے۔

سید یوسف صفی کا نظریۂ حیات نہایت واضح تھا۔ وہ حرکت و عمل پر اور مکافات عمل پر ایقان رکھتے تھے۔ انھوں نے ہمیشہ اپنا نقطہ نظر صاف رکھا۔ اس دنیا میں جہاں مفادات حاصلہ سب سے مقدم ہیں‘ سب اپنے مقصد کے حصول میں لگے ہوئے ہیں‘ ایسے میں یوسف صفی صاحب کا وتیرہ مزاج بے لوثی تھا۔ وہ کسی بھی مفاد یا کسی منفعت سے ماورا رہتے اور محض اپنے ذوق کی تسکین کے لیے مکمل یکسوئی کے ساتھ ادب کی تخلیق پر ایقان رکھتے تھے۔

ان کی نظر ایک تخلیق کار کی نظر تھی‘ وہ ہر چیز کا بڑی گہرائی سے جائزہ لیتے۔ انھوں نے دنیا کو خوب دیکھا‘ ہر رنگ میں‘ ہر انداز میں اور ہر زاویہ نظر سے انھوں نے دنیا دیکھی‘ اور دنیا کی حقیقت سے باخبر تھے۔ زندگی کی ہر اونچ نیچ کا گہرائی سے مشاہدہ کیا‘ ہر تجربے سے ان کا سامنا ہوا۔ ان کا مطالعہ وسیع تھا‘ ہمیشہ انہماک کے ساتھ مطالعہ کرتے اور ان کی یہ خاصیت تھی کہ وہ اپنے مطالعے کو ضبط ذہن رکھتے۔ نہ جانے کتنے اشعار انھیں ازبر تھے‘ برمحل اشعار کا استعمال کرتے تھے۔ یوسف صفی صاحب کی شخصیت کا یہ پہلو بہت اہم ہے کہ وہ ہمیشہ ایک تخلیق کار کی حیثیت سے متحرک اور سرگرم رہے۔ تا حیات ان کا ادبی سروکار جاری رہا۔ ان کا تخلیقی ذہن ہمیشہ انھیں تخلیقی ارتکاز پر آمادہ رکھتا۔

اپنی حیات کے آخری دنوں میں بھی ایک پراجکٹ پر کام کر رہے تھے۔ ان کی تمنا تھی کہ دکن کی مشہور ادبی روایت ’’چندر بدن مہیار‘‘ کے پس منظر میں ایک ڈراما تخلیق کیا جائے۔ چندر بدن مہیار کے قصے کو بہت سے دکنی شعرا نے موضوع بنایا ہے اور صوفیانہ مثنویاں بھی کہی گئی ہیں۔ اس سلسلے میں انھوں نے تحقیق اور مطالعہ بھی شروع کیا تھا لیکن یہ خواب شرمندۂ تعبیر نہ ہو سکا۔

گزشتہ چند برسوں سے' جب سے سماجی رابطے کی سہولتیں میسر آئیں اور اردو کے لوگ بھی سوشیل میڈیا پر سرگرم ہوئے' یوسف صفی مرحوم بھی فیس بک اور واٹس ایپ پر تشریف لائے۔ انھوں نے فیس بک پر اپنے تبصروں اور آرا کے ذریعے ایک انفرادی شناخت حاصل کی۔ اردو دنیا کی بہت سی شخصیات' شعرا' ادبا' صحافی اور دانشور' صفی صاحب سے رابطے میں رہا کرتے تھے۔ ان سے رہنمائی حاصل کرتے اور مشورہ طلب ہوتے۔ ان کے تبصرے بڑے جامع اور عمدہ ہوتے تھے۔ علامہ اعجاز فرخ صاحب قبلہ کی تحریروں کو میں جب بھی فیس بک پر شیئر کرتا تو سب سے پہلا تبصرہ سید یوسف صفی صاحب ہی کا ہوا کرتا تھا۔ خود علامہ اعجاز فرخ نے کئی مرتبہ فون پر رابطہ کیا اور ان تبصروں پر گفتگو فرمائی تھی۔ جب علامہ صاحب کی کتاب ''مرقع حیدرآباد'' شائع ہوئی تو میں نے ان کی خدمت میں حاضر ہو کر اس کا ایک نسخہ پیش کیا۔

صفی صاحب ہمارے ساتھ کئی واٹس ایپ گروپوں میں شامل تھے۔ علاقائی شعرا کے واٹس ایپ گروپ ''شعرائے رائل سیما'' میں بھی شامل تھے' بلکہ ہمارے سرپرست تھے۔ گروپ میں شعری محاسن و معائب پر سیر حاصل گفتگو ہوا کرتی تھی۔ ہر فرد اپنے کلام کو تبصرے کے لیے بلکہ تنقید کے لیے پیش کرتا تھا۔ گفتگو کے دوران صفی صاحب کا تجزیہ اور رائے بہت اہمیت کی حامل ہوا کرتی تھی۔ گفتگو میں اگر کبھی تلخی پیدا ہو جاتی تو صفی صاحب تنبیہ کیا کرتے۔ محاسن شعری پر داد دیتے' دعاؤں سے نوازتے اور گروپ کی گفتگو پر بڑی گہری نظر رکھتے۔ کوئی بات اگر نامناسب سمجھتے تو فوراً فون کرتے اور مناسب مشورے سے نوازتے۔ حیدرآباد کے واٹس ایپ گروپ ''اردو کلچر'' کے بھی وہ رکن رکین تھے۔

صفی صاحب کثیر العیال تھے اور سب سے اہم بات یہ کہ ان کے تمام فرزندان ان کے نیاز منداور مطیع و فرماں بردار تھے۔ ان کے حکم سے سرِ مو تجاوز نہ کرنے والے تھے۔ فوراً ان کے حکم کی تعمیل ہو جاتی تھی۔ ان کے بڑے فرزند سید افتخار جمال' نہ صرف گھر کے معاملات میں بلکہ ادبی ثقافتی خدمات میں بھی ہمیشہ ان کے دست راست بنے رہے۔ انھوں نے اپنے والد ماجد سے انٹرویوز کا ایک سلسلہ بھی شروع کیا تھا ''باادب'' کے نام سے یوٹیوب چینل ''آئی - جے'' پر موجود ہے۔

عزم و حوصلہ' ہمت و شجاعت اور استقلال مزاجی کی بدولت وہ ہمیشہ حالات سے

نبرد آزما ہے۔ بیماری کو بھی مات دیتے رہے۔اہلیہ محترمہ کے علاج کے سلسلے میں انھیں بار ہا سی-ایم-سی اسپتال، ویلور جانا پڑتا تھا۔ایک دو برس قبل ایک حادثے میں ان کے پیر پر چوٹ آئی اور غالباً ایک مہینے تک انھیں گھر تک ہی محدود رہنا پڑا، لیکن انھوں نے ہمت نہیں ہاری۔ ان کی ہمت کے آگے خود مرض بھی شکست خوردگی کے اعتراف پر مجبور ہو جاتا تھا۔ایک مرتبہ شدید علیل ہوئے، تمام متعلقین اور احباب پریشان ہو گئے لیکن انھوں نے عزم و ہمت سے کام لیا، بیماری کو شکست دی اور صحت یاب ہو گئے۔

اس مختصر تحریر میں یوسف صفی مرحوم کے اوصاف حمیدہ اور ان کے کمالات کا احاطہ نہیں کیا جا سکتا۔ یہ میرے اپنے چند ذاتی تاثرات ہیں۔ ان کی باتوں اور ان کی یادوں کا ایک لامتناہی سلسلہ ہے۔ان کے مشورے، دعائیں اور ان کی باتیں ہمیشہ یاد آتی ہیں۔ان کا طرز تخاطب، گفتگو کا لب و لہجہ، ان کا اندازِ فکر و نظر صرف ان ہی کا خاصہ تھا۔اب ایسا کوئی کہاں سے لائیں جسے ان جیسا کہہ سکیں! وہ تو ہماری یادوں میں ہمیشہ روشن اور زندہ رہیں گے۔

رب کریم ان کے درجات بلند فرمائے! ان کو اعلیٰ علیین میں بلند مقام عطا فرمائے! آمین!

اک دھوپ تھی جو ساتھ گئی آفتاب کے

یوسف صفی صاحب کے چاہنے والوں کی خدمت میں
ہدیہ تشکر

ادارہ دبستان

ودیا نگر ایجوکیشن ٹرسٹ : اردو والے

کڈپہ کے اردو دوست احباب

**Statement of ownership and other particulars pertaining to Dabistan Quarterly (Urdu)**
**(Form IV Rule 8)**

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Place of Publication : | Kadapa A.P. |
| 2. | Periodicity : | Quarterly |
| 3. | Printer's Name : | Syed Iftekhar Jamal |
| | Nationality : | Indian |
| | Address : | 8-109, Ravindranagar<br>KADAPA-516003 A.P |
| 4. | Publisher's Name : | Syed Iftekhar Jamal |
| | Nationality : | Indian |
| | Address: | 8-109, Ravindranagar<br>KADAPA-516003 A.P |
| 5. | Editor's Name : | Dr. Iqbal Khusro Qadri |
| | Nationality : | Indian |
| | Address: | 77-106-2, Ahmadiya Nagar<br>KADAPA-516005 A.P |
| 6. | Name and Address of Individuals whoown the NewspaperandPartners or Shareholders, holding more than one percent of the total capital. | Syed Iftekhar Jamal<br>8-109, Ravindranagar<br>KADAPA-516003 A.P. |

**I, Syed Iftekhar Jamal hereby declare that the particulars furnished above are true to the best of my knowledge and belief.**

**Dated: 13th March 2020** **Sd./ Syed Iftekhar Jamal**


**Dabistan Quarterly**

**Vol.X | Issue.1-to-4 | Apr.19-Mar.20**

RNI No. APURD/2010/35312


ISSN 2231-5551

Price Per Copy ₹100=00



Owner,Printer,Publisher : Syed Iftekhar Jamal. Printed at : Kwality Printers 19-579-A, Ahmed Saheb Street, Kadapa-516001 (A.P). Published at : 19-601-1, Hauz Street, Kadapa-516001 (A.P) Editor : Dr. Iqbal Khusro Qadri.

# سمت و رفتار



Alumni Assn. Dept. of Urdu

انجمن طلبائے قدیم شعبۂ اردو

جامعہ سری وینکٹیشورا : تروپتی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# سمت و رفتار

بموقع جشن الماس

شعبۂ اردو، جامعہ سری وینکٹیشورا، تروپتی [آندھرا پردیش]

۱۴/ اور ۱۵/ مارچ ۲۰۲۰ء


**مدیر اعلیٰ**

**ڈاکٹر محمد نثار احمد**

صدر، شعبہ اردو

**مدیر**

**ڈاکٹر محمد امین اللہ**

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اردو



زیر اہتمام: انجمن طلباے قدیم، شعبہ اردو

C جملہ حقوق محفوظ

# سمت و رفتار (مجموعہ مضامین ومقالات)

بموقع جشن الماس، شعبہ اردو، جامعہ سری وینکٹیشورا، تروپتی [آندھرا پردیش]


**مدیر اعلیٰ:** ڈاکٹر محمد نثار احمد    **مدیر:** ڈاکٹر محمد امین اللہ

چارسو پچاس صفحات | پانچ سو جلدیں | باراوّل: مارچ دو ہزار بیس عیسوی

ترتیب: قاسم علی خان | سرورق: دبستان فاؤنڈیشن، کڈپہ

قیمت: Price per Copy 500=00


**رابطہ**


Department of Arabic, Persian & Urdu
Sri Venkateswara University
TIRUPATI-517502 [Andhra Pradesh]
Mob: 8247554351 | e-mail: nissar.svu@gmail.com



ISBN 978-81-922156-8-6


Samth-o-Rafthaar [Collection of Articles]
Book Released in Commemoration of
The Diamond Jubilee Celebrations
Dept. of Arabic, Persian & Urdu
Sri Venkateswara University, Tirupati (A.P)


Editor In-chief: Dr. Md. Nisar Ahmed
Editor: Dr. Md. Ameenullah

450 Pages | 500 Copies | First Published: March 2020

Printed @: Anupama Printers, Hyderabad.
Published By: Al-Muneer Publications
Chitvel-516150 [Kadapa Dt.] A.P

# انتساب

مادرِ علمی

شعبۂ اردو، جامعہ سری وینکٹیشورا، تروپتی

کے نام

جس کے فیض کا سلسلہ آج بھی جاری ہے

# نشان راہ


| | | | |
|---|---|---|---|
| | پیغامات | | 7 |
| | مقدمہ | ڈاکٹر محمد نثار احمد | 14 |


## وسائل اور امکانات


| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | شعبۂ اردو کی سرگرمیاں | ڈاکٹر محمد امین اللہ | 19 |
| 2 | جامعات کے اردو شعبہ جات میں نشر و اشاعت کی گنجائشیں | پروفیسر قاضی حبیب احمد | 28 |
| 3 | رائل سیما کے اردو ادبی ورثے کا تحفظ | پروفیسر خطیب سید مصطفٰی | 35 |
| 4 | شعبۂ اردو: وسائل اور امکانات — جدید ذرائع ابلاغ سے استفادہ | ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری عمری | 51 |


## نشان منزل


| | | | |
|---|---|---|---|
| 5 | شعبۂ اُردو اور میرے اساتذۂ کرام | سید حسینی باشاہ شہ میری | 61 |
| 6 | شعبۂ اردو کے اساتذہ کا طریقہ تدریس اور ان کی نمایاں خصوصیات | ڈاکٹر عطاء اللہ خان کاک سنجری | 65 |
| 7 | شعبہ اردو کے اساتذہ کی تحقیقی و تنقیدی خدمات | محمد فیض اللہ | 79 |
| 8 | شعبۂ اردو کے ایوارڈ یافتہ اساتذہ | ڈاکٹر سید منیر محی الدین قادری منیر | 99 |
| 9 | شعبۂ اردو کے طلبائے قدیم کی تعلیمی و تدریسی خدمات | ڈاکٹر عبد الغفار | 107 |
| 10 | شعبۂ اردو کی تدریسی خدمات 1991ء تا حال | ڈاکٹر سید ریاض بخاری | 125 |
| 11 | شعبۂ اردو کے طلبہ و طالبات: تحقیق و تنقید | ڈاکٹر خواجہ پیر | 135 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 12 | شعبۂ اردو کے ڈاکٹریٹ طلبہ | ڈاکٹر سید روشن ضمیر | 154 |
| 13 | شعبۂ اردو کے چند ممتاز فارغین: انتظامی خدمات | ڈاکٹر محمد نقی اللہ خان نقی | 177 |
| 14 | ڈاکٹر عبدالحق کرنولی: بانی شعبۂ اردو | ڈاکٹر راہی فدائی | 192 |


## ان ہی کے فیض سے......


| | | | |
|---|---|---|---|
| 15 | پروفیسر رضی الدین احمد | پروفیسر بشیر احمد | 205 |
| 16 | پروفیسر رضی الدین احمد: فرشتہ صفت انسان | ڈاکٹر داؤد خان | 211 |
| 17 | شہاب جعفری: کچھ یادیں کچھ باتیں | پروفیسر مظفر علی شہ میری | 216 |
| 18 | اُستادِ گرامی قدر پروفیسر احتشام احمد ندوی | پروفیسر مظفر علی شہ میری | 227 |
| 19 | پروفیسر سید احتشام احمد ندوی | ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری عمری | 234 |
| 20 | سلیمان اطہر جاوید کا ادبی سفر | پروفیسر رفعت النساء بیگم | 243 |
| 21 | استاذالانام پروفیسر سلیمان اطہر جاوید: شخصیت اور ادبی خدمات | پروفیسر ستار ساحر | 250 |
| 22 | استاذی عبدالغنی فاروقی صاحب مرحوم | ڈاکٹر بشیر احمد | 261 |
| 23 | ڈاکٹر عبدالاحد: شخصیت کے آئینے میں | ڈاکٹر بشیر احمد | 270 |


## سلسلے چراغوں کے


| | | | |
|---|---|---|---|
| 24 | پروفیسر بشیر احمد: میری نظر میں | ڈاکٹر وحید کوثر | 277 |
| 25 | استاذی پروفیسر مظفر علی شہ میری: طریقہ تدریس | ڈاکٹر محمد امین اللہ | 284 |
| 26 | مظفر شہ میری: علمی و ادبی خدمات | ڈاکٹر عرفانہ بیگم | 293 |
| 27 | پروفیسر ستار ساحر: علمی و ادبی، تعلیمی و تنظیمی خدمات | ڈاکٹر ایم۔ نظام الدین | 310 |
| 28 | پروفیسر ستار ساحر کی علمی و ادبی خدمات | ڈاکٹر عرفانہ بیگم | 317 |

# شعبۂ اردو: وسائل اور امکانات — جدید ذرائع ابلاغ سے استفادہ

ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری عمری
شعبۂ اردو، گورنمنٹ ڈگری کالج، رائے چوٹی.

شعبۂ اردو، سری وینکٹیشورا یونی ورسٹی، تروپتی کے قیام کو ساٹھ سال مکمل ہو گئے اور اس مناسبت سے جشنِ الماس کا انعقاد عمل میں لایا جا رہا ہے۔ میں اس پُر مسرت موقعہ پر صمیمِ قلب سے مبارک باد، ہدیۂ تبریک وتہنیت اور نیک خواہشات و بہترین تمنائیں پیش کرتا ہوں۔

فی الواقع کسی یونی ورسٹی کے شعبہ کے لیے ساٹھ سال کی تکمیل ایک اہم پڑاؤ ہے اور اس سے زیادہ خوش آئند یہ ہے کہ یونی ورسٹی کے شعبۂ اردو کے فارغین اور ابنائے قدیم اس موقعے پر شعبے کی کارکردگی کا جائزہ لینے، خوشگوار یادوں کو تازہ کرنے اور شعبہ کی تاریخ کو مرتب کرنے کے لیے یکجا ہو رہے ہیں۔ اس موقعے پر جہاں شاندار ماضی کا جائزہ لیا جا رہا ہے، وہیں مستقبل کے لیے ایک لائحہ عمل بنانے اور منصوبہ بندی کے ساتھ منظّم طور پر کچھ کرنے کے بارے میں بھی سوچا جا رہا ہے۔

ماضی کا تحفظ، ماضی کی بازیافت، قدیم ورثہ کی صیانت، علاقائی ادب کا تحفظ اور اس کے لیے عملی اقدامات کے سلسلے میں غور وفکر بھی جشنِ الماس کا ایک حصہ ہے۔ اس سلسلے میں جدید ذرائع ابلاغ، اطلاعاتی تکنالوجی اور تکنیکی و مواصلاتی وسائل کے استعمال سے متعلق چند معروضات اور تجاویز پیشِ خدمت ہیں۔

بلاشبہ شعبۂ اردو، سری وینکٹیشورا یونی ورسٹی تروپتی میں علاقائی ادب پر گراں قدر تحقیقی کام ہوا ہے، جس کی خاطر خواہ پذیرائی نہیں ہوسکی کہ اس کا کما حقہ تعارف ادبی دنیا میں نہیں ہوسکا۔ شعبۂ اردو، سری وینکٹیشورا یونی ورسٹی کو ریاست آندھرا پردیش کے علاقہ رائل سیما کے ادبی سرمایہ کے لیے ایک مرجع اور مرکز کی حیثیت حاصل ہے۔ یہاں بالعموم تمام ادبی مآخذ تک رسائی کے علاوہ مختلف

تحقیقی مقالات بھی اہمیت کے حامل ہیں۔ان مقالات سے نہ صرف تاریخ کی گمشدہ کڑیاں باہم مربوط ہوتی ہیں، بلکہ مزید تحقیق وتنقید کے لیے کئی تشنہ ابواب سامنے آتے ہیں جن پر مستقبل میں کام کیا جاسکتا ہے۔

یہ ایک مبرہن حقیقت ہے کہ ہر علاقائی یونی ورسٹی میں علاقائی ادب کی جانب توجہ دی گئی،اور یہ بالکل درست اور حق بجانب بھی ہے کہ ہر علاقے کے ادب پر اسی دیار کے افراد دادِ تحقیق دے سکتے ہیں کیوں کہ وسائل اور واقفیت کے ساتھ رسائی بھی ممکن ہوسکتی ہے۔ بلا شبہ شعبۂ اردو، ایس.وی. یونی ورسٹی میں علاقہ رائل سیما کے شعروادب پر خاطر خواہ کام ہوا،لیکن رائل سیما کے وقیع ادبی سرمایہ پر نقد وانتقاد کا کام ہنوز توجہ طلب ہے۔

رائل سیما کے اضلاع کرنول، کڈپہ، چتور اور اننت پور کی ادبی تخلیقات کو محفوظ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔اس سلسلے میں شعبۂ اردو، سری وینکٹیشورا یونی ورسٹی سے امید باندھنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔شعبۂ اردو اس جانب توجہ مبذول کرے تو یہ کام بحسن وخوبی انجام دیا جاسکتا ہے۔

اس سلسلے میں ڈیجی ٹل کاری/ ڈیجیٹلائزیشن، آن لائن مواد کو محفوظ کرنے کی جانب پیش قدمی ضروری ہے۔ایک تجویز یہ بھی ہے کہ شعبۂ اردو، ایس.وی. یونی ورسٹی کا ایک ویب سائٹ بنایا جائے۔کم ازکم ایک بلاگ بنایا جاسکتا ہے۔گوگل بلاگ اسپاٹ/ ورڈ پریس پر بلاگ بنانے کی سہولت بالکل مفت دستیاب ہے۔تمام مواد اس پر محفوظ ہوجائے تو سب کے لیے قابل استفادہ بن سکتا ہے۔

اسی طرح ایک تجویز یہ بھی ہے کہ شعبۂ اردو، ایس وی یونی ورسٹی کے تحقیقی مقالات کو بھی آن لائن کیا جانا چاہیے تا کہ وہ انٹرنیٹ پر محفوظ رہیں۔ایم فل اور پی ایچ.ڈی کے مقالات کے علاوہ زمانۂ قدیم میں ایم اے کے لیے لکھے گئے مقالات بھی یکجا کیے جاسکتے ہیں۔

سماجی رابطے کی ویب سائٹ فیس بک پر شعبۂ اردو، ایس.وی. یونی ورسٹی تروپتی کا ایک صفحہ

بنایا جائے، جس پر شعبہ کی تمام کارکردگی، مختلف پروگراموں کی تفصیلات اور تصاویر شامل کی جائیں۔ اس سے شعبہ کے پروگراموں کی تشہیر بھی ہوگی اور شعبہ کی کارکردگی سے عوام کو واقفیت بھی پیدا ہوگی۔

دنیا کے سب سے بڑے ویڈیو پلیٹ فارم یوٹیوب پر شعبہ کے پروگراموں کو ریکارڈ کر کے اپ لوڈ کیا جائے۔ آج منعقد ہونے والا پروگرام کل ایک دستاویز بن جائے گا، اس کی تاریخی حیثیت ہوگی اور اس مواد سے استفادہ کرنے والوں اور اہلِ ذوق کے لیے یہ ایک بڑی سوغات ہوگی۔

علاقائی ادب کی بازیافت اور اس کے تحفظ کے لیے آن لائن ذرائع اور وسائل سے کوئی مفر نہیں ہے۔ آج ہر قسم کے مواد کی تلاش انٹرنیٹ پر ہی کی جاتی ہے۔ یہ عجیب بات ہے کہ سب اس سے مستفید ہونا چاہتے ہیں لیکن اس پر اپنی طرف سے کچھ اضافہ کرنا نہیں چاہتے، جب کہ اس پر ہر قسم کا دستیاب مواد اپ لوڈ کر کے دنیا بھر میں اس کی رسائی ممکن بنائی جاسکتی ہے۔

ہمارے محققین، ریسرچ اسکالرز، شعبے کے اساتذہ وطلبہ اور ابنائے قدیم کو مختلف مقامات پر مخطوطات، نادر ادبی مواد، غیر مطبوعہ کلام، قلمی بیاضیں وغیرہ دستیاب ہوتی ہیں۔ ریسرچ کے دوران مختلف افراد سے ملاقاتوں میں معلوم ہوتا ہے کہ یہاں فلاں فلاں چیزیں موجود ہیں۔ اگر اس مواد کو اسکین کر کے محفوظ کر لیا جائے تو یقیناً ایک بڑا کام ہوگا۔

غیر مطبوعہ مواد کا تحفظ ہماری ترجیحات میں شامل ہے لیکن اس کے علاوہ قدیم مطبوعہ مواد ہی اب نایاب اور ناپید ہوتا جارہا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ غیر مطبوعہ مواد کے علاوہ تمام مطبوعات کو بھی اسکین کر کے اپ لوڈ کیا جائے۔

کڈپہ، کرنول، چتور اور اننت پور اضلاع کے شعرا کے مجموعہ ہائے کلام، ادبی تخلیقات اور مطبوعہ رسائل وجرائد محفوظ ہو جائیں تو مستقبل کے لیے ایک بڑا کام ہو جائے گا۔

کڈپہ سے مجلّہ سلوک سلسلہ وارشائع ہوا، جس کے تمام شمارے دستیاب نہیں ہیں۔ اسی طرح کرنول سے شائع ہونے والے ماہنامہ پیکر خوشبو، شاہین، رہبرِ کرنول وغیرہ کی دستیاب فائلوں

کی ڈیجیٹل کاری ایک اہم کام ہوگا۔ کڈپہ سے شائع ہونے والے ادبی مجلّہ دبستان کے تمام شماروں کو اسکین کر کے اپ لوڈ کرنا بھی ضروری ہے کہ اس کا ہر شمارہ دستاویزی نوعیت کا حامل ہے۔

موجودہ دور، اطلاعاتی تکنالوجی اور معلومات کے انفجار کا دور ہے۔ اس دور میں جہاں ہم یہ چاہتے کہ ہر چیز ہمیں آن لائن دستیاب ہو، وہیں خود ہم پر بھی یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ہم بھی حتی المقدور اس ذخیرے میں اضافہ کا سامان کریں۔

اردو زبان آج اطلاعاتی تکنالوجی کے عہد میں دنیا کی اہم زبانوں میں شامل ہو چکی ہے۔ اردو زبان میں لاتعداد ویب سائٹس، آن لائن ذخائر و وسائل، لغات، کتب، رسائل، جرائد اور نادر و نایاب سمعی و بصری مواد موجود ہے، اس ذخیرے سے استفادہ کا ماحول پیدا ہو چکا ہے لیکن اسے مزید عام کرنے کی ضرورت ہے۔

شعبۂ اردو میں جدید وسائل اور ذرائع سے استفادہ کے مختلف النوع امکانات روشن ہیں۔ تدریس و اکتساب کے عمل میں جدید وسائل کا استعمال ناگزیز ہو گیا ہے۔ انٹرنیٹ پر دستیاب مواد اور آن لائن سورسز، دراصل معلومات کی ایک لامحدود دنیا سے استفادہ کے وسائل تک رسائی ہے۔ اردو تدریس میں انٹرنیٹ کے بہتر استعمال کے ذریعہ آموزش و اکتساب کے عمل میں غیر معمولی فوائد مرتب ہوتے ہیں اور تدریسی مقاصد میں کامیابی حاصل ہوتی ہے۔

تمام ادبی متون اور بیشتر مراجع و مصادر انٹرنیٹ پر مفت دستیاب ہیں۔ ان سے بھرپور فائدہ اٹھانا چاہیے۔ فی زمانہ طلبہ میں یہ خطرناک رجحان پیدا ہو گیا ہے کہ ادبی متون اور شاملِ نصاب درسی کتابوں کے مطالعہ کے بغیر صرف سرسری معلومات پر اکتفا کیا جا رہا ہے۔ صحت مند رجحان یہ ہونا چاہیے کہ شاملِ نصاب متن و مواد کا راست مطالعہ کیا جائے۔ صرف نوٹس یا تدریسی مواد کے بجائے نصابی کتابوں کے علاوہ سفارش کردہ کتابوں کا بھی مطالعہ کیا جائے۔ عام طور پر طلبہ صرف امتحانی نقطۂ نظر سے نصابی مطالعہ تک محدود رہتے ہیں۔ اگر ان میں مطالعہ کا ذوق پیدا کیا جائے اور انٹرنیٹ

پر موجود بیش بہا ادبی سرمایہ سے استفادہ کی جانب راغب کیا جائے تو اس سے مثبت نتائج ضرور مرتب ہوں گے۔

وزارتِ ترقی انسانی وسائل اور یو جی سی کی جانب سے طلبہ کے لیے خود اکتسابی مواد فراہم کر دیا گیا ہے۔ مستقبل میں اس نوعیت کے کورسز بھی لازم قرار دیے جائیں گے۔ MOOCs یعنی وسیع تر آن لائن اوپن کورسز اور اس کا پلیٹ فارم سوایم SWAYAM یعنی خواہشمند نوجوان اذہان کے سرگرم 'ویب مطالعہ' کے لیے موجود ہے۔ اسی طرح ایم اے کی سطح پر طلبہ کے لیے تمام مضامین میں تدریسی مواد، خاص طور پر اردو کے تمام پرچوں کی اکائیاں بمعہ ویڈیو اسباق اور خود اکتسابی مواد، ای - کانٹینٹ کے ساتھ کل 312 اکائیاں/ ماڈیولز موجود ہیں۔ طلبہ کو ترغیب دی جائے کہ وہ ای پی جی پاٹھا شالا (https://epgp.inflibnet.ac.in/) سے استفادہ کریں۔ اردو اسباق کے لیے یو آر ایل ملاحظہ کریں:

https://epgp.inflibnet.ac.in/Home/ViewSubject?catid=776

مولانا آزاد نیشنل اردو یونی ورسٹی، حیدرآباد کے انسٹرکشنل میڈیا سینٹر کی جانب سے یوٹیوب پر ایک چینل پر تمام اسباق اور نصابی ضروریات کی تکمیل کے لیے ویڈیو اسباق فراہم کیے گئے ہیں۔ اس یوٹیوب چینل پر اردو ادب کے علاوہ دیگر مضامین کے اسباق بھی موجود ہیں اور مختلف سیمیناروں اور پروگراموں کے ویڈیو بھی اپ لوڈ کیے جاتے ہیں، جن سے استفادہ طلبہ کے لیے یقیناً فائدہ مند ثابت ہوسکتا ہے۔ رسائی کے لیے ملاحظ فرمائیں:

https://www.youtube.com/channel/UC8bmtIx3qQyHTnafF0uoUBA

انٹرنیٹ پر آن لائن رسائل و جرائد اور اخبارات کے علاوہ کئی ایسی لائبریاں موجود ہیں جہاں اردو کی کتابیں پی ڈی ایف شکل میں مفت فراہم کی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ جدید دور کے تقاضوں کے مطابق کاپی رائیٹ کے بغیر کریئیٹو کامن (CC) لائسنس کے ساتھ بہت سا وقیع ادبی

سرمایہ مہیا کردیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں کئی افراد نے گراں قدر کام کیا ہے۔ خاص طور پر محترم اعجاز عبید اور ڈاکٹر سیف قاضی کا تذکرہ ضروری ہے کہ انہوں نے ''بزمِ اردو لائبریری'' قائم کی۔ انٹرنیٹ پر اردو کے اس کے ذخیرہ میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ اردو کی کئی آن لائن لائبریوں کے علاوہ موبائل کے اپلیکیشن بھی موجود ہیں۔ صرف گوگل پر اردو میں تلاش کرنے کی دیر ہے، آپ اپنی مطلوبہ کتاب تک پہنچ سکتے ہیں۔

شعبۂ اردو، ایس.وی. یونی ورسٹی ترو پتی میں پروجیکٹر اور انٹرنیٹ کی سہولتیں میسر ہیں۔ ان کا استعمال کرتے ہوئے طلبہ و طالبات کو تفویضات کے طور پر ایسے مفوضہ کام دیے جا سکتے ہیں جس سے دستیاب مواد کا ڈیجیٹلائزیشن ہو سکے۔ خود شعبۂ اردو، ایس وی یونی ورسٹی کے اساتذہ اور فارغین کے مقالات، تخلیقات اور مطبوعات کو آن لائن فراہم کیا جائے تو یہ خود ایک بہت بڑی ادبی خدمت ہوگی۔ میرا خیال ہے کہ ایس.وی. یونی ورسٹی میں داخل کردہ ایم فل اور پی ایچ ڈی کے مقالات اگر ان پیج یا سافٹ کاپی میں مل جائیں تو انہیں اپ لوڈ کرنے میں بڑی آسانی رہے گی۔ شعبۂ اردو کے بلاگ پر پوسٹ کرنے میں اگر کوئی مانع ہو تو اس کی ایک متبادل شکل یہ بھی ہو سکتی ہے کہ خود مقالہ نگار اپنا ایک بلاگ بنائے اور اس پر اپنا مقالہ یونی کوڈ میں اپ لوڈ کر دے۔ واضح رہے کہ ماضی قریب میں داخل کردہ تمام مقالات یو.جی.سی کے احکام کے مطابق آن لائن اپ لوڈ کر دیے گئے ہیں۔ پچھلے چند سالوں سے تمام یونی ورسٹیوں میں اس کا التزام کیا جا رہا ہے۔

معروف سرچ انجن گوگل پر تلاش کے لیے بجائے رومن اردو کے یونی کوڈ اردو کے استعمال کا رواج عام ہونا چاہیے۔ رومن اردو لکھنے سے دستیاب مواد کی حصول یابی ممکن نہیں جب کہ اردو میں تلاش ہمارے لیے مد و معاون ثابت ہوتی ہے اور اردو کے ذخیروں تک ہماری رسائی ہوتی ہے۔ اسی طرح طلبہ و طالبات میں جدید ذرائع ابلاغ اور اطلاعاتی تکنالوجی کے مفیدِ مطلب استعمال کا رجحان پیدا کرنا بھی ضروری ہے۔

یو.جی.سی کی جانب سے آن لائن وسائل اور کتب خانوں کی سہولت موجود ہے۔ ای پی جی پاٹھاشالہ، شودھ گنگا، شودھ سندھو وغیرہ پر شعبۂ اردو کے تحقیقی مقالات کی فراہمی کے علاوہ آن لائن سورسس، این لسٹ، انقلاب نیٹ اور دیگر آن لائن سورسز سے استفادہ کا ماحول پیدا کیا جاسکتا ہے۔

کڈپہ، کرنول، ادونی، ننديال، رائے چوٹی، اننت پور، کدری، چتور اور اس کے گردونواح میں لکھی گئی کتابوں سے یہاں کے تاریخی احوال وکوائف اور ادبی تاریخ کی بازیافت ہوسکتی ہے۔ ہماری ادبی تاریخ کی کڑیوں کو مربوط کرنے اور سلکِ گہر مرتب کرنے کا کام شعبۂ اردو سے توجہ طلب ہے۔

اردو اداروں اور ادبی تنظیموں کی خدمات پر بھی تحقیقی کام کی ضرورت ہے۔ انجمنوں، اداروں اور تنظیموں نے اردو کے لیے جو کچھ کام کیا، اس کا اعتراف کیا جانا چاہیے اور اس میں کسی تعصب وتحفظ کے بغیر سب کی ستائش کی جانی چاہیے تاکہ مزید کام ہوسکے۔ اس سلسلے میں شعبۂ اردو کی جانب سے تمام تنظیموں کا ایک وفاق/کنسورٹیم بنایا جاسکتا ہے۔

موجودہ دور میں سماجی رابطے/سوشیل میڈیا کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ سوشیل میڈیا پر اردو زبان کو بڑی مقبولیت حاصل ہوئی ہے۔ اہل اردو، انٹرنیٹ پر اردو زبان کا بھرپور استعمال کر رہے ہیں۔ اردو میں لاتعداد ویب سائٹس، متعدد بلاگس، ہزاروں صفحات اور لاکھوں گروپ متحرک وفعال ہیں۔ موبائل فون پر اردو زبان میں لکھنے کے رجحان میں اضافہ ہورہا ہے اور رومن اردو کا استعمال معیوب سمجھا جارہا ہے۔ ان حالات میں سوشیل میڈیا پر شعبۂ اردو کی نمائندگی ہوتو بہت اچھا ہوگا۔ شعبۂ اردو کا یک آن لائن مجلّہ بھی شائع کیا جاسکتا ہے، جس میں نشرواشاعت اور طباعت کے خرچ کے بغیر مجلّہ کو EISSN کے ساتھ ویب سائٹ یا بلاگ پر شائع کیا جاسکتا ہے۔ اسی طرح شعبۂ اردو کا ایک آن لائن خبرنامہ بھی مرتب کیا جاسکتا ہے، جس میں شعبہ کی سمت و رفتار، ادبی سرگرمیوں اور پروگراموں کی تفصیلات شائع کی جاسکتی ہیں۔

اردو میں ٹائپنگ کے لیے کئی ایک موبائل اپلی کیشنز موجود ہیں۔ خود حکومتِ ہند کی جانب

سے وزارتِ الکٹرانکس اور انفارمیشن ٹکنالوجی کی جانب سے سی۔ ڈیک نے یونی کوڈ اردو فونٹس جاری کیے ہیں۔اسی طرح حکومتِ ہند کے محکمۂ ٹکنالوجی ڈیولپمنٹ فار انڈین لینگویجز کی جانب سے اردو فونٹس اور کی بورڈ جاری کیا گیا ہے۔گوگل نے ہندوستانی زبانوں کے لیے جو اِنڈک کیبورڈ بنایا ہے،اس میں اردو بھی شامل ہے۔کئی اپلیکیشنز مفت بھی موجود ہیں،جن سے اردو ٹائپ کرنے میں سہولت پیدا ہوگئی ہے۔ اس سلسلے میں سوفٹ کی کی بورڈ بہت عمدہ ہے ،گوگل پلے اسٹور پر SwiftKey کو مفت حاصل کر سکتے ہیں۔

شعبۂ اردو، ایس.وی. یونی ورسٹی، تروپتی نے ابتدا(1959) ہی سے قائدانہ رول ادا کیا ہے۔متحدہ ریاست آندھرا پردیش میں بالعموم اور علاقۂ رائل سیما میں بالخصوص شعبۂ اردو گزشتہ ساٹھ سال سے جس طرح یونی ورسٹی کی سطح پر درس وتدریس کا محض ایک شعبہ نہ ہو کر، پورے علاقے کے شعرا و ادبا اور اہلِ قلم کے لیے رابطے کا ایک مرکز، قلم کاروں کی رہبری و رہنمائی کا ذریعہ، ادبی و تہذیبی پروگراموں کے انعقاد میں سرگرم ادارہ، علاقائی ادب کا محافظ،نقد و انتقاد کا سربراہ،قلم کاروں کا مشیر و رہنما، ادبی ثقافت وتہذیب کا پائنیر اور زبان وادب کا سرخیل ہونے کی حیثیت سے اس کا جو وقار و اعتبار رہے، وہ نہ صرف قائم و دائم رہے بلکہ اس کی آن بان اور شان وشوکت میں اضافہ ہوتا رہے۔ میں، شعبۂ اردو کی ساٹھ سالہ روشن تاریخ کے مثبت عناصر کی پاسداری ،صالح اقدار کی استواری اور ادبی روایات کی برقراری کے لیے نیک خواہشات اور بہترین تمنائیں پیش کرتا ہوں۔

☆☆☆

Book released in Commemoration of
Diamond Jubilee Celebrations
[1959-2019]
Dept. of Arabic, Persian & Urdu
Sri Venkateswara University
Tirupati-517502 [A.P]

# Samth-o-Rafthaar

Collection of Articles


**Editor In-Chief**

**Dr. Md. Nisar Ahmed**
Head, Dept. of Urdu

**Editor**

**Dr. Md. Ameenullah**
Asst. Prof. Dept. of Urdu




ISBN 978-81-922156-8-6

Al Muneer Publications
Chitvel-516150 [Kadapa Dt.]A.P

Dabistan KADAPA-516005 A.P Mob: 9000050945


جشن الماس
شعبۂ اردو، جامعہ سری وینکٹیشورا: تروپتی

# سمت و رفتار



Alumni Assn. Dept. of Urdu

انجمن طلبائے قدیم' شعبۂ اردو

جامعہ سری وینکٹیشورا : تروپتی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# سمت و رفتار

## بموقع جشن الماس

شعبۂ اردو، جامعہ سری وینکٹیشورا، تروپتی [آندھرا پردیش]

۱۴/ اور ۱۵/ مارچ ۲۰۲۰ء


**مدیر اعلیٰ**

**ڈاکٹر محمد نثار احمد**

صدر، شعبہ اردو

**مدیر**

**ڈاکٹر محمد امین اللہ**

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اردو


ALUMNI ASSOCIATION
DEPT. OF URDU
S.V.UNIVERSITY
TIRUPATI A.P

زیر اہتمام: انجمن طلبائے قدیم، شعبہ اردو

C جملہ حقوق محفوظ

# سمت و رفتار (مجموعہ مضامین ومقالات)

بموقع جشن الماس، شعبہ اردو، جامعہ سری وینکٹیشورا، تروپتی [آندھرا پردیش]


**مدیر اعلیٰ**: ڈاکٹر محمد نثار احمد　　**مدیر**: ڈاکٹر محمد امین اللہ

چارسو پچاس صفحات | پانچ سو جلدیں | باراوّل: مارچ دو ہزار بیس عیسوی

ترتیب: قاسم علی خان | سرورق: دبستان فاؤنڈیشن، کڈپہ

قیمت: Price per Copy 500=00



**رابطہ**

Department of Arabic, Persian & Urdu
Sri Venkateswara University
TIRUPATI-517502 [Andhra Pradesh]
Mob: 8247554351 | e-mail: nissar.svu@gmail.com



ISBN 978-81-922156-8-6


Samth-o-Rafthaar [Collection of Articles]
Book Released in Commemoration of
The Diamond Jubilee Celebrations
Dept. of Arabic, Persian & Urdu
Sri Venkateswara University, Tirupati (A.P)


Editor In-chief: Dr. Md. Nisar Ahmed
Editor: Dr. Md. Ameenullah

450 Pages | 500 Copies | First Published: March 2020

Printed @: Anupama Printers, Hyderabad.
Published By: Al-Muneer Publications
Chitvel-516150 [Kadapa Dt.] A.P

# انتساب

مادر علمی

شعبۂ اردو، جامعہ سری وینکٹیشورا، تروپتی

کے نام

جس کے فیض کا سلسلہ آج بھی جاری ہے

# نشان راہ


| | | | |
|---|---|---|---|
| | پیغامات | | 7 |
| | مقدمہ | ڈاکٹر محمد نثار احمد | 14 |


## وسائل اور امکانات


| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | شعبۂ اردو کی سرگرمیاں | ڈاکٹر محمد امین اللہ | 19 |
| 2 | جامعات کے اردو شعبہ جات میں نشر و اشاعت کی گنجائشیں | پروفیسر قاضی حبیب احمد | 28 |
| 3 | رائل سیما کے اردو ادبی ورثے کا تحفظ | پروفیسر خطیب سید مصطفیٰ | 35 |
| 4 | شعبۂ اردو: وسائل اور امکانات — جدید ذرائع ابلاغ سے استفادہ | ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری عمری | 51 |


## نشان منزل


| | | | |
|---|---|---|---|
| 5 | شعبۂ اُردو اور میرے اساتذۂ کرام | سید حسینی باشاہ شہ میری | 61 |
| 6 | شعبۂ اردو کے اساتذہ کا طریقہ تدریس اور ان کی نمایاں خصوصیات | ڈاکٹر عطاء اللہ خان کاک سنجری | 65 |
| 7 | شعبہ اردو کے اساتذہ کی تحقیقی و تنقیدی خدمات | محمد فیض اللہ | 79 |
| 8 | شعبۂ اردو کے ایوارڈ یافتہ اساتذہ | ڈاکٹر سید منیر محی الدین قادری منیر | 99 |
| 9 | شعبۂ اردو کے طلبائے قدیم کی تعلیمی و تدریسی خدمات | ڈاکٹر عبد الغفار | 107 |
| 10 | شعبۂ اردو کی تدریسی خدمات 1991ء تا حال | ڈاکٹر سید ریاض بخاری | 125 |
| 11 | شعبۂ اردو کے طلبہ و طالبات: تحقیق و تنقید | ڈاکٹر خواجہ پیر | 135 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 12 | شعبۂ اردو کے ڈاکٹریٹ طلبہ | ڈاکٹر سید روشن ضمیر | 154 |
| 13 | شعبۂ اردو کے چند ممتاز فارغین: انتظامی خدمات | ڈاکٹر محمد نقی اللہ خان نقی | 177 |
| 14 | ڈاکٹر عبدالحق کرنولی: بانی شعبۂ اردو | ڈاکٹر راہی فدائی | 192 |


## ان ہی کے فیض سے......


| | | | |
|---|---|---|---|
| 15 | پروفیسر رضی الدین احمد | پروفیسر بشیر احمد | 205 |
| 16 | پروفیسر رضی الدین احمد: فرشتہ صفت انسان | ڈاکٹر داؤد خان | 211 |
| 17 | شہاب جعفری: کچھ یادیں کچھ باتیں | پروفیسر مظفر علی شہ میری | 216 |
| 18 | اُستادِ گرامی قدر پروفیسر احتشام احمد ندوی | پروفیسر مظفر علی شہ میری | 227 |
| 19 | پروفیسر سید احتشام احمد ندوی | ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری عمری | 234 |
| 20 | سلیمان اطہر جاوید کا ادبی سفر | پروفیسر رفعت النساء بیگم | 243 |
| 21 | استاذ الانام پروفیسر سلیمان اطہر جاوید: شخصیت اور ادبی خدمات | پروفیسر ستار ساحر | 250 |
| 22 | استاذی عبدالغنی فاروقی صاحب مرحوم | ڈاکٹر بشیر احمد | 261 |
| 23 | ڈاکٹر عبدالاحد: شخصیت کے آئینے میں | ڈاکٹر بشیر احمد | 270 |


## سلسلے چراغوں کے


| | | | |
|---|---|---|---|
| 24 | پروفیسر بشیر احمد: میری نظر میں | ڈاکٹر وحید کوثر | 277 |
| 25 | استاذی پروفیسر مظفر علی شہ میری: طریقہ تدریس | ڈاکٹر محمد امین اللہ | 284 |
| 26 | مظفر شہ میری: علمی و ادبی خدمات | ڈاکٹر عرفانہ بیگم | 293 |
| 27 | پروفیسر ستار ساحر: علمی و ادبی، تعلیمی و تنظیمی خدمات | ڈاکٹر ایم۔ نظام الدین | 310 |
| 28 | پروفیسر ستار ساحر کی علمی و ادبی خدمات | ڈاکٹر عرفانہ بیگم | 317 |

# پروفیسر سید احتشام احمد ندوی

ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری عمری
شعبۂ اردو، گورنمنٹ ڈگری کالج، رائے چوٹی

پروفیسر سید احتشام احمد ندوی، کچھوچھہ شریف کے خانوادۂ سادات کے چشم و چراغ ہیں۔ وہ خاندانِ اشرفیہ سے نسبی تعلق رکھتے ہیں، جس کے جدِّ اعلیٰ حضرت سید اشرف جہانگیر سمنانی ہیں موضع۔ ''مخدوم پور پیرزادگان''۔ ضلع سلطان پور، اتر پردیش میں 1938 میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اتوارہ اور تھیلینڈی کے اسکولوں میں ہوئی۔ پھر تعلیماتِ اسلام امین آباد، لکھنؤ میں چہارم کلاس پڑھی، اور اعلیٰ تعلیم کے لیے دارالعلوم ندوۃ العلماء، لکھنؤ میں داخل ہوئے۔ انہوں نے دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ سے عالمیت اور فضیلت کی اسناد حاصل کیں۔ انہوں نے 1954 میں ندوۃ العلماء سے فارغ ہونے کے بعد 1955 میں جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی سے میٹریکولیشن کیا۔ انٹرمیڈیٹ اور بی، اے کی ڈگری بھی جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی سے حاصل کی۔

ایم، اے، عربی، ایم، ٹی، ایچ (دینیات) اور پی ایچ ڈی کی ڈگریاں مسلم یونیورسٹی علی گڑھ سے حاصل کیں۔ پی ایچ ڈی کے لیے ''جدید عربی تنقید کا ارتقا'' کے عنوان پر عربی میں مقالہ لکھا، جس کا بعد میں اردو میں بھی ترجمہ کیا گیا۔ 1970 میں ایم .اے. اردو بھی کامیاب کیا۔

بہ الفاظ دیگر عربی میں ایم .اے، دینیات میں ماسٹر آف تھیالوجی اور ایم .اے اردو کے ساتھ انہوں نے عربی ادب میں پی ایچ .ڈی کی ڈگری حاصل کی۔ ان کی شخصیت کے ارتقا میں دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی اور علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی تینوں اداروں کا اہم رول رہا ہے۔

پروفیسر سید احتشام احمد ندوی کی تدریسی زندگی کا آغاز شعبۂ عربی، فارسی اور اردو، وینکٹیشو را

یونی ورسٹی، ترو پتی میں بحیثیت لکچرر 1964 کو ہوا۔ 1970 تک ایس۔وی۔ یونی ورسٹی ترو پتی میں خدمات انجام دینے کے بعد شعبۂ عربی، کالی کٹ یونی ورسٹی، کیرلا میں ریڈر، پھر پروفیسر وصدرِ شعبۂ عربی مقرر ہوئے۔ کالی کٹ یونی ورسٹی سے وظیفے پر 1998 میں سبکدوش ہوئے۔ مارچ 1999ء تک توسیع پر کالی کٹ یونی ورسٹی میں رہے۔

شعبۂ اردو، ایس۔وی۔ یونی وراسٹی سے وابستہ رہے اساتذہ میں پروفیسر سید احتشام احمد ندوی بھی ایک اچھے قلم کار رہے ہیں۔ انہوں نے اسلامی، ادبی اور سوانحی موضوعات پر سینکڑوں مقالات لکھے ہیں۔ ان کی کئی تصانیف شائع ہوئی ہیں۔

۱۔ تنقیدی نظریات کا مطالعہ ۲۔ جدید عربی ادب کا ارتقا
۳۔ عربی شاعری کے جدید رجحانات ۴۔ دورِ حاضر کی اسلامی تحریکیں
۵۔ گئودان۔ ایک جائزہ ۶۔ مولانا عبدالسلام قدوائی ندوی۔ مرتب کردہ
۷۔ ردائے گل/ سیدہ ضیاء خورشید کا مجموعۂ کلام۔ مرتب کردہ

مولانا احتشام احمد ندوی کے علمی وادبی مقالات کی تعداد 300/ سے زیادہ ہے جو ملک کے مشہور علمی و ادبی رسائل، جرائد اور خصوصی اشاعتوں میں شائع ہو چکے ہیں جیسے ماہنامہ 'معارف'، اعظم گڑھ۔ ماہنامہ 'برہان'، دہلی۔ ماہنامہ 'جامعہ'، نئی دہلی۔ 'صدقِ جدید'، لکھنؤ۔ پندرہ روزہ 'تعمیرِ حیات'، لکھنؤ۔ ماہنامہ 'سب رس' حیدرآباد۔ ماہنامہ 'ادیب' علی گڑھ۔ ہفت روزہ 'ہماری زبان'، علی گڑھ۔ سہ ماہی 'اردو'، علی گڑھ۔ 'قومی زبان' کراچی۔ مجلّہ 'علومِ اسلامیہ'، علی گڑھ۔ ماہنامہ 'راہِ اعتدال'، عمر آباد۔ سہ ماہی 'کاروانِ ادب' لکھنؤ۔ وغیرہ

مولانا احتشام کے مقالات کا کوئی مجموعہ شائع نہیں ہو سکا ہے۔ مولانا سید احتشام احمد کو بھی اس کا شدید احساس ہے۔ وہ اپنے ایک خط میں پروفیسر بدرالدین الحافظ کے نام لکھتے ہیں:

''میں نے کتابیں تو بہت لکھی ہیں، مگر سب بکس کی زینت ہیں۔ مسودے رکھے

ہوئے ہیں، شائع کرانا مشکل امر ہے، لکھنا آسان ہے۔ تجربہ سے یہی ثابت ہوا۔ ذرا غور فرمائیے کہ تقریباً چالیس برس سے مقالات رسائل میں لکھ رہا ہوں۔ 300/ کے قریب مقالے ہوگئے ہیں، ان کا ایک مجموعہ بھی اب تک شائع نہ کراسکا۔ لوگ تو اپنے مقالات کے مجموعات سے شہرت حاصل کر لیتے ہیں۔ پروفیسر احتشام احمد اور پروفیسر آل احمد سرور کا اصل سرمایہ ان کے تنقیدی مقالات ہیں۔ پہلے ریڈیو پر مقالے پڑھتے ہیں' پھر رسالوں میں شائع کراتے ہیں اور پھر کتاب بنادیتے ہیں۔ ابھی ریٹائرمنٹ میں ایک سال باقی ہے۔ آج کل ایک ناپسندیدہ عمل میں مبتلا ہوں۔ غالبؔ کے کلام کی شرح ملیالم زبان میں کرا رہا ہوں اور نتیجاً ایک طویل اردو شرح بھی تیار ہوتی جارہی ہے۔ حالاں کہ عمرِ آخر غالبؔ پر صرف نہیں کرنا چاہتا تھا، مگر اب تو پھنس گیا ہوں۔ ایوانِ غالبؔ والوں نے پکڑ لیا ہے۔" فقط والسلام مع الکرام احتشام احمد ندوی۔

(مؤرخہ 4/7/1997ء مشمولہ: نذرِ احتشام احمد ندوی ص:53)

مولانا احتشام احمد ندوی کے مقالات کے مجموعے تا حال شائع نہیں ہوئے ہیں لیکن آپ کے قلم سے علمی و ادبی مضامین مسلسل نکلتے جارہے ہیں۔ رسائل اور جرائد میں اور تحقیقی مجلّات میں آپ کے مضامین اشاعت پذیر ہوتے رہتے ہیں۔

پروفیسر سید احتشام احمد ندوی کے مقالات میں مواد، موضوع، اسلوب کے لحاظ سے کافی تنوع پایا جاتا ہے۔ مختلف دائرہ کار سے وابستہ، مختلف جہاتِ فکر و نظر کے حامل عناوین کی وجہ سے آپ کے مقالات بھی متنوع اندازِ تحریر اور مختلف طرزِ فکر و نظر کے حامل ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ندوی صاحب کے مقالات، بہت گہرے علمی افکار و نظریات سے بوجھل اور تحقیقی زاویے سے ثقیل نہیں ہوتے، بلکہ نہایت رواں، سادہ، سلیس اور سبک ہوتے ہیں۔ وہ اس ہنر سے بخوبی واقف ہیں

کہ مواد کے فکری و نظری اور انتقادی ثقل کو اسلوب کی لطافت سے کس طرح سہلِ ممتنع بنایا جاسکتا ہے۔

پروفیسر سید احتشام احمد ندوی کی نثر کا خصوصی پہلو یہ ہے کہ ان کی تحریر نہایت رواں، ادبیت سے مملو اور زبان و بیان کے بے شمار اوصاف سے متصف ہوتی ہے۔ ان کے علمی و ادبی مقالات کے بارے میں یہ خیال بھی اپنی جگہ صداقت پر مبنی ہے کہ ان کے مقالات نہایت ثقیل نہ ہو کر ہلکے پھلکے ہوتے ہیں۔ ادبی موضوعات پر ان کے مقالات ''جاذبِ نظر'' سرخی سے مزین ہوتے ہیں۔ موضوع کا اظہار خود عنوان سے ہوتا ہے، اور وہ عام معلومات کو اپنے منفرد و دلنشین انداز سے مرتب شکل میں پیش کرتے ہیں۔ ان کا کمال یہ ہے کہ وہ کسی معلوم موضوع کا کوئی مبہم پہلو تلاش کرتے ہیں، اور خوبصورت عنوان کو زیبِ مضمون کر دیتے ہیں، جس کی وجہ سے قاری مضمون کی گرفت میں رہتا ہے۔ اس تاثر کی تفصیل کے لیے پروفیسر سید احتشام احمد ندوی کے چند مقالات کے عناوین درجِ ذیل ہیں:

''مومنؔ کے ذہنی رجحانات''۔ ''حیوانات - آئینہ شاعری میں''۔ ''شہر کلکتہ - آئینہ شاعری میں''۔ ''رامپور - آئینہ شاعری میں''۔ ''دکن - آئینہ شاعری میں''۔ ''دہلی - آئینۂ شاعری میں''۔ ''لکھنؤ - اردو شاعری کے آئینہ میں''۔ ''غالبؔ - انانیت کے آئینہ میں''۔ ''ادبی تنقید کا تخلیقی نظریہ''۔ ''مومنؔ کا سیاسی تغزل''۔ ''جودتِ شعر کی ایک وجدانی تعبیر''۔ ''فن کار کا شباب''۔ ''غالبؔ کے مقطعوں میں ان کی شخصیت''۔ ''طنز کا نظریاتی مطالعہ''۔ ''دید و شنید - فکر و فن کے آئینہ میں''۔ ''افغان - اقبالؔ کی نظر میں''۔ ''مسجدِ قرطبہ کا تنقیدی مطالعہ''۔ ''روایتی تغزل''۔ ''شاعری کے عناصر''۔ ''آل احمد سرور کا اندازِ بیان''۔

پروفیسر سید احتشام احمد ندوی کی ایک اہم اور مشہور تصنیف ''تنقیدی نظریات کا مطالعہ'' ہے۔ اس کتاب پر پروفیسر احتشام حسین لکھتے ہیں:

''ڈاکٹر ندوی کی کئی کتابیں شائع ہوچکی ہیں۔ان کے مضامین معتبر رسائل میں نکلتے رہتے ہیں،لیکن مجھے یقین ہے کہ اس کتاب کی اشاعت کی بعد سے انہیں ادب کے طالب علموں میں زیادہ ہردلعزیزی حاصل ہوگی۔میں جانتا ہوں کہ ان کے بہت سے خیالات اوران کی تعبیرات سے اختلاف کیا جائے گا۔شاید یہ بھی کہا جائے کہ انھوں نے بعض نقاطِ نظر کی صحیح نمائندگی نہیں کی ہے۔لیکن میں اس تصنیف کا خیر مقدم اس لیے کرتا ہوں کہ انھوں نے اپنے وسیع مطالعے کے نتائج سے ہمیں مستفیض کیا ہے اور تنقید کے چند ایسے پہلوؤں سے روشناس کرایا ہے جن سے اردو ادب کے طالب علم اچھی طرح واقف نہ تھے۔جنہیں اختلاف ہوگا وہ اپنے خیالات اپنے انداز سے پیش کر کے تسکین حاصل کرسکتے ہیں۔''

(مشمولہ:نذرِ احتشام احمد ندوی،ص:22)

سید احتشام احمد ندوی کی دوسری اہم تصنیف ''جدید عربی ادب کا ارتقا'' ہے۔یہ کتاب موصوف کے علمی ،ادبی ،تاریخی ،ادبِ عربی پر مشتمل مقالوں کا مجموعہ ہے۔اس کتاب کا تعارف کراتے ہوئے ڈاکٹر سید کمال اللہ بختیاری ندوی لکھتے ہیں:

''یہ کتاب بڑی معلوماتی اور فکر انگیز ہے۔نہ صرف یہ کہ لائق مطالعہ ہے بلکہ اس موضوع پر اردو میں لکھنے والوں کے لیے نشانِ راہ بھی ہے۔کتاب گوناگوں خصوصیات کی حامل اور مستند حوالوں سے مزین ہے۔پروفیسر ندوی نے اس کتاب میں تحقیق کا،سوانح نگاری کا اور تاریخ ادبِ عربی کا حق ادا کیا ہے۔یہ کتاب اردو داں طبقے کے لیے بہت ہی اہم اور قابلِ ذکر ہے۔اس کتاب کے مطالعے سے تاریخِ ادبِ عربی کے اکثر گوشوں سے واقفیت ہوجاتی ہے''۔

(نذرِ احتشام احمد ندوی،ص:23)

پروفیسر سید احتشام احمد ندوی کی ایک اور تصنیف ''عربی شاعری کے جدید رجحانات'' ہے۔اس کتاب کی ایک دلچسپ داستان ہے۔ دراصل انھوں نے جدید عربی شاعری کا ارتقا کے عنوان سے ایک مفصل کتاب 1969ء میں لکھی تھی، جو 400 رصفحات پر مشتمل تھی۔ پروفیسر آل احمد سرور کی اجازت ملنے پر اس کتاب کو انجمن ترقی اردو کو بھیج دیا تاکہ وہاں سے شائع ہو سکے۔ پھر پتہ نہ چلا کہ کتاب کہاں گئی' نہ مسودہ واپس ملا، اور نہ کسی خط کا جواب ملا۔ اتفاق دیکھیے کہ ''جدید عربی شاعری کا ارتقا'' کے مقدمے کی ایک کاپی ڈاکٹر صاحب کے پاس باقی رہ گئی تھی، لہٰذا اسی مقدمے کو عربی شاعری کے جدید رجحانات کے نام سے انھوں نے شائع کر دیا۔ کہا جاتا ہے کہ اصل کتاب غائب ہے۔

مقدمہ کے علاوہ اس کتاب کے چار حصے اور تھے جن میں پہلا حصہ مصری شعرا پر دوسرا حصہ شامی شعرا پر تیسرا حصہ عراقی شعرا پر چوتھا حصہ لبنانی شعرا پر تھا۔ اس میں خوش نصیبی سے شامی اور عراقی شعرا کی تلخیص کر کے چار قسطوں میں دو مقالوں کی شکل میں ڈاکٹر صاحب نے معارف میں شائع کروا دیا تھا۔ اس طرح یہ حصہ بھی محفوظ رہ گیا۔ جب کتاب کے مقدمہ کو ڈاکٹر محمد، ریڈر شعبۂ عربی، کالی کٹ نے دیکھا تو ڈاکٹر احتشام سے خواہش کہ کہ شعرا کے حالات اور ان پر تبصرہ اختصار سے دوبارہ لکھ دیں، تاکہ مقدمہ کے ساتھ طلبہ کو شعرا کے حالات اور ان پر اختصار کے ساتھ تنقیدی مواد بھی مل سکے۔ ان کی خواہش تھی کہ مالاباری طلبہ کے لیے اس کتاب کو ملیالم زبان میں ترجمہ کر کے پیش کیا جائے۔ چناں چہ ڈاکٹر احتشام نے صرف معروف شعرا کے حالاتِ زندگی اور ان کی شاعری پر ہلکا سا تبصرہ اردو میں لکھ دیا۔

اس کتاب میں عربی ادب میں برپا ہونے والی ان تمام ادبی تحریکوں کا جائزہ لیا گیا ہے، جو مصر، لبنان، اور مہجری ادب میں پیدا ہوئیں۔ اس کتاب کی خصوصیت یہی ہے کہ اس میں ادبِ عربی کی تمام ادبی تحریکوں کا جائزہ لیا گیا ہے۔ یہ کتاب ایک جامع کتاب ہے کیوں کہ اس میں جامعیت

کے ساتھ عربی کی ادبی تحریکات اوران کے محرکات اور اسباب وعلل پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی ہے۔ خاص طور پر عربی کے مہجری ادب کا اردو میں تفصیلی تعارف اسی کتاب کا مرہونِ منت ہے۔ادبی تحریکات کے اثرات ونتایج کے تفصیلی جائزہ کے علاوہ جدید عربی شاعری اورادب میں جو تجدد پیدا ہوا،اس کے اسباب کا بھی تنقیدی جائزہ لیا گیاہے۔

پروفیسر احتشام احمد ندوی نے اس کتاب ''جدید عربی شاعری کے رجحانات'' میں مہجری شاعری کا تفصیلی ذکر کیاہےاور بتایاہے کہ جبران نے جو تحریک رابطہ قلمیہ کے نام سے شروع کی،اس میں بغاوت کے عناصر تھے۔عروض سے بغاوت تھی۔عربی صرف ونحو سے بغاوت تھی۔قدامت سے بغاوت تھی،مگر عصبۂ اندلسیہ تحریک کے شعرا نے کلاسیکی شاعری کو بہ نظرِ استحسان دیکھا اور پرتگالی شاعری سے بھی استفادہ کیا۔اس لیے برازیل جہاں یہ تحریک شروع ہوئی،اس کی زبان پرتگالی تھی۔رابطہ قلمیہ 1920ء میں نیویارک میں شروع ہوئی اوررابطہ قلمیہ سان اولو، برازیل میں 1933ء میں شروع ہوئی۔آزادشاعری،مہجری شاعری میں ملتی ہے،مگرآزادشاعری وہی کرسکتاہے ،جوعمودی شاعری پرقدرت رکھتا ہو۔عمودی شاعری کلاسیکی شاعری کو کہتے ہیں، جوعربی کی سولہ ۱۶؍ بحروں کے اوزان پر ہو۔رابطہ قلمیہ کے بانی اورمؤسس خلیل جبران ہیں، جب کہ عصبۂ اندلسیہ کے بانی میثال معلوف ہیں۔

''اس کتاب میں پروفیسر احتشام احمد ندوی نے سماجی شاعری،مہجری شاعری، تمثیلی شاعری،رومانیت، واقعیت،رمزیت،تحریک الدیوان،اورمہجری شاعری کی دوتحریکوں الرابطۃ القلمیۃ اورالعصبۃ الاندلسیۃ کے تمام عناصرشعروادب سے بحث کی ہے۔ان کے اثرات ونتائج سے استنباط کیا ہے،اور جدیدعربی شاعری کے بارے میں نتیجہ خیز مباحث ہمارے سامنے پیش کیے ہیں۔اس طرح یہ کتاب قلیل الحجم ہوتے ہوئے بھی وقیع مواد پرمبنی ہے اور جدیدادبی وشعری تحریکوں کا احاطہ کرلیتی ہے۔''

پروفیسر احتشام احمد ندوی کی ایک اور تصنیف ''عربی تنقید کا ارتقا۔تعارف و تجزیہ'' ہے۔یہ ان کا وہ تحقیقی مقالہ ہے جسے انہوں نے پی ایچ .ڈی کی ڈگری کے لیے لکھا تھا۔اس کتاب کا جائزہ لیتے ہوئے پروفیسر اقبال حسین ندوی (شعبۂ عربی،ایفلو،حیدرآباد) لکھتے ہیں:

''ہندوستان میں شاید وہ پہلے اہلِ قلم ادیب اور ناقد ہیں،جنھوں نے جدید عربی شاعری کے رجحانات اور جدید نثر نگاری کے موضوع پر کتابیں تحریر کیں۔ان کی ان کتابوں سے ہندوستان کے علمی و ادبی حلقہ نے بھرپور استفادہ کیا اور جدید عربی شاعری اور جدید نثر نگاری پر معلومات حاصل کرنے کے لیے ان کا مرہونِ منت ہے۔ان کے بعد بھی ان کی متعدد تصانیف سامنے آئی ہیں۔ان کے عالمانہ محققانہ مضامین ہندوستان اور بیرونِ ہند کے تمام صفحۂ اول کے علمی و ادبی رسائل میں منظرِعام پر آتے رہتے ہیں اور ان کے علم و ادب کا سرچشمہ مستقل طور پر جاری ہے،اس میں کبھی کوئی کمی نہیں آئی۔علم و تحقیق ان کی زندگی کا نقشِ لازوال ہے اور انھوں نے اپنے قلم کی روشنائی خشک ہونے نہیں دی، بلکہ شام و صبح کے معمول کے مطابق ان کا قلم رواں دواں ہے اور علم و ادب کی آبیاری کے ساتھ ساتھ لذتِ تقریر بھی تسلسل کے ساتھ جاری وساری ہے۔''

مولانا سید احتشام احمد ندوی کی ایک اور تصنیف ''دورِ حاضر کی اسلامی تحریکیں'' ہے۔اس کتاب میں اسلامی تحریکوں کے بارے میں تفصیل کے ساتھ بحث کی گئی ہے۔اس کتاب میں بہت سی معلومات یکجا دستیاب ہوجاتی ہیں۔اس کتاب میں جن تحریکات کا تعارف اس کتاب میں پیش کیا گیاہے،درجِ ذیل ہیں:

(۱) محمد بن عبدالوہاب اور ان کی اصلاحی تحریک
(۲) سنوسی تحریک کی تنظیمی و نظریاتی بنیادیں
(۳) تحریکِ سید احمد شہید
(۴) سرسید کی اصلاحی تحریک

(۵) سید جمال الدین افغانی کی انقلابی تحریک (٦) مفتی محمد عبدہؒ کی اصلاحی تحریک
(۷) تحریکِ دیوبند (۸) تحریکِ ندوۃ العلما (۹) سید رشید رضا کی تحریکِ المنار
(۱۰) تحریکِ خلافت (۱۱) جماعت النور ترکی کی ایک عظیم اسلامی تحریک
(۱۲) اخوان المسلمین (۱۳) جماعتِ اسلامی (۱۴) تبلیغی جماعت۔

''دورِ حاضر کی اسلامی تحریکیں'' میں سید احتشام احمد ندوی نے جن خیالات کا اظہار کیا، اس میں بہت سے فکر انگیز پہلو بھی شامل ہیں۔ اس کتاب کے مطالعے سے عالمی تناظر میں ایک وسیع نکتۂ نظر میں سوچنے کے زاویے نکلتے ہیں۔ علامہ جمال الدین افغانی اور ان کے استاذ مفتی محمد عبدہؒ کے بارے میں کئی اہم باتیں معلوم ہوتی ہیں۔ علی گڑھ، دیوبند اور ندوہ ہندوستانی مسلمانوں کے ملّی سرمایہ میں اہمیت کے حامل ہیں جن سے کماحقہ واقفیت اور متعدل رائے قائم کرنے کے لیے اس کتاب کا مطالعہ ناگزیر ہے۔

پروفیسر احتشام احمد ندوی نے اپنی شریکِ حیات سیدہ ضیاء خورشید کا مجموعۂ کلام ''ردائے گل'' کے نام سے مرتب کر کے شائع کیا ہے۔ ان کی رفیقِ حیات بھی ایک قادر الکلام شاعرہ تھیں۔ ان کے کلام کو یکجا کر کے ان کی وفات کے بعد شائع کیا گیا۔ اس میں انہوں نے ایک مضمون ''ادیبہ و شاعرہ ضیاء خورشید کی زندگی'' کے نام سے لکھا ہے۔ شاعرہ کی ایک نظم ''الوداع! اے ترپتی'' کے چند شعر اور ایک غزل کے دو شعر یہاں درج کیے جاتے ہیں:

الوداع اے ترپتی! پھولوں کی بستی الوداع! | اے بلندی کوہ کی، وادی کی پستی الوداع!
دل میں تھا غربت کا ماتم، لکھنؤ کی یاد بھی | تیرے حسنِ جاں فزا سے ہم رہے دلشاد بھی
چھوڑ کر اب تجھ میں اپنے نقشِ پا جاتے ہیں ہم | اک خزینہ تیری یادوں کا لیے جاتے ہیں ہم
چھوڑ کر تجھ کو بھی اب تجدیدِ غم کرتے ہیں ہم | الوداع! اے ترپتی! باچشمِ نم کہتے ہیں ہم

☆☆☆

Book released in Commemoration of
Diamond Jubilee Celebrations
[1959-2019]
Dept. of Arabic, Persian & Urdu
Sri Venkateswara University
Tirupati-517502 [A.P]

# Samth-o-Rafthaar

Collection of Articles

**Editor In-Chief**


**Dr. Md. Nisar Ahmed**
Head, Dept. of Urdu


**Editor**


**Dr. Md. Ameenullah**
Asst. Prof. Dept. of Urdu



ISBN 978-81-922156-8-6

9 788192 215686

Al Muneer Publications
Chitvel-516150 [Kadapa Dt.]A.P



Dabistan KADAPA-516005 A.P Mob: 9000050945


DIAMOND JUBILEE CELEBRATIONS
DEPT. OF URDU
1959-2019
S.V.UNIVERSITY
TIRUPATI A.P

جشن الماس

شعبۂ اردو، جامعہ سری وینکٹیشورا: تروپتی

# اردو میں مہجری ادب

مہجری ادب سیمینار کے مقالات کا مجموعہ

مرتبین

ڈاکٹر محمد نثار احمد

ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری

آندھرا پردیش اسٹیٹ اردو اکیڈمی، وجئے واڑہ

# URDU MEIN MAHAJARI ADAB

## (DIASPORA LITERATURE IN URDU)

CHIEF EDITOR
DR. MD. NISAR AHMED
Director/Secretary, A.P. State Urdu Academy

EDITOR
Dr. SYED VASIULLA BAKHTIARY



ANDHRA PRADESH STATE URDU ACADEMY

Scanned with CamScanner

# اردو میں مہجری ادب

آندھراپردیش اسٹیٹ اردو اکیڈمی کی جانب سے

یکم اپریل ۲۰۱۸ء کو کرنول میں منعقدہ عالمی سیمینار میں پیش کردہ مقالات کا مجموعہ

مرتبین

ڈاکٹر محمد نثار احمد

ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری عمری

آندھراپردیش اسٹیٹ اردو اکیڈمی، وجے واڑہ

Scanned with CamScanner

## تفصیلاتِ کتاب

کتاب: اردو میں مہجری ادب

ناشر: آندھرا پردیش اسٹیٹ اردو اکیڈمی

مرتبین: ڈاکٹر محمد نثار احمد

ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری

رابطہ

آندھرا پردیش اسٹیٹ اردو اکیڈمی، وجے واڑہ

مالاکاوکا، بھوانی پورم، وجے واڑہ

Andhra Pradesh State Urdu Academy
Malavika Villa, D. No. 79-1-6A/1&2
Old M.I.G. H.B. Colony, Bhavanipuram,
VIJAYAWADA - 520 012 (A.P.)

ای میل apsua.vij@gmail.com

قیمت



# فہرست

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | پیغام | ڈاکٹر ایس محمد نعمان | 4 |
| ۲ | عرضِ ناشر | ڈاکٹر محمد نثار احمد | 6 |
| ۳ | عرضِ مرتب | ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری | 7 |
| ۴ | مقدمہ | پروفیسر مظفر علی شہہ میری | 10 |
| ۵ | اردو میں مہجری ادب: سخن گسترانہ بات | ڈاکٹر سید اقبال خسر قادری | 18 |
| ۶ | اردو میں مہجری ادب–تعارف، ماہیت اور امکانات | ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری عمری | 22 |
| ۷ | مہجری ادب–ایک مختصر تعارف | سید شکیل احمد شکیل | 31 |
| ۸ | مہجری ادب کا سرسری جائزہ | ڈاکٹر سید سلطان معین الدین حسینی | 34 |
| ۹ | ہجرت کا کرب اور رؤف خلش | پروفیسر سید فضل اللہ مکرم | 39 |
| ۱۰ | سعید نظر کے کلام میں مہجری ادب کی جھلکیاں | ڈاکٹر محمد نثار احمد | 49 |
| ۱۱ | اعتماد صدیقی: ہجرتوں کے کرب کا جدید شاعر | سید معظم راز | 56 |
| ۱۲ | ڈاکٹر حنیف ترین کی شاعری میں مہجری کرب | ڈاکٹر شیخ فاروق باشا عمری | 65 |
| ۱۳ | افتخار عارف کی شاعری میں مہاجرت کے عناصر | ڈاکٹر سید فتح اللہ بختیاری | 70 |
| ۱۴ | افتخار راغب کی غزلوں میں ہجرت کا کرب | محمد فیض اللہ | 75 |
| ۱۵ | ادبِ مہجر کا درخشندہ ستارہ: رضاء الجبار | ڈاکٹر شیخ نجات اللہ شریف | 81 |
| ۱۶ | مہجری ادب، برطانیہ اور حبیب حیدرآبادی | ڈاکٹر محمد عبدالعزیز سہیل | 88 |
| ۱۷ | کربِ مہاجرت اور منور رانا کا مہاجر نامہ | ظہیر دانش عمری | 97 |
| ۱۸ | عرصۂ خیال کا مہجری شاعر: اسلم عمادی | محمد تقی اللہ خان | 106 |
| ۱۹ | رپورتاژ | سید معظم راز | 115 |

Scanned with CamScanner

ڈاکٹر شیخ فاروق باشا عمری

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ اردو،

گورنمنٹ ڈگری کالج، رائے چوٹی، ضلع کڈپہ

# ڈاکٹر حنیف ترین کی شاعری میں مہجری کرب

ڈاکٹر حنیف ترین کی ولادت یکم اکتوبر 1951ء کو سنبھل ضلع مراد آباد میں ہوئی۔ علی گڑھ کے تعلیم یافتہ تھے۔ سری نگر میڈیکل کالج سے ایم بی بی ایس کی سند حاصل کی۔ پھر علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے ایم۔ڈی کیا۔ پھر چند ماہ ہاؤس جاب کرنے کے بعد تلاش معاش کے سلسلہ میں سعودی عرب چلے گئے جہاں 1982 تا 2004 ان کا قیام رہا۔ پیشہ طب سے وابستہ ہونے کے باوجود اُردو زبان وادب سے غیر معمولی لگاؤ اور شغف تھا۔ اس کی اہم وجہ گھر کا ماحول اور مشاہیر شعراء کی صحبت ہے۔ کالج کی تعلیم کے دوران ایک غزل انہوں نے سنائی جو بہت مشہور ہوئی اور خوب دادی ملی جس سے ان کا شعری مذاق پروان چڑھا۔

انسان جب ایک مقام سے دوسرے مقام کو ہجرت کرتا ہے تو اپنے ساتھ ساز و سامان اور زاد راہ کے ساتھ اپنی زبان، تہذیب، کلچر اور تمدن کو بھی ساتھ لے کر چلتا ہے۔ اپنی یادوں کے حسین گلدستوں کو بھی ہمیشہ معطر رکھتا ہے۔ ہجرت کا عمل ادیب کے لئے ذہنی کرب کا سامان ہوسکتا ہے لیکن ادب کے لئے ہجرت فال نیک ثابت ہوئی۔ ادب میں نئے موضوعات، نئی بستیاں، نئے مسائل، نئی تہذیبیں، رجائیت اور قنوطیت، سیاسی اقتصادی اور ثقافتی حالات وطن کی یاد، وطن سے محبت کے جذبات، ہجر کا کرب، وصل کی تمنا جیسے مسائل نے اردو ادب کے دامن کو وسیع کیا۔ ڈاکٹر اشفاق احمد مہجری ادب کی تعریف ان الفاظ میں کرتے ہیں۔

" مہجری ادب ایک ایسا ادب ہے جس کی ایک ایک سطر سے خوشبوئے وطن پھوٹتی

ہے، وفا پرستی کے نغمے گونجتے ہیں، فدائیت اور جاں نثاری کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ جس کا ہر فنکار اپنے میدان تخیل کا شہ سوار، جس کی ہر تحریر دل پذیر، جس کا ہر اسلوب قاری کے لئے پسندیدہ اور مقبول ہے''۔

ڈاکٹر حنیف ترین کی ہجرت تلاش معاش کے سبب ہوئی۔ بائیس سالہ قیام سعودی عرب کے دوران اُن کا شعری سفر روز افزوں ترقی کرتا گیا۔ اس دوران آپ کے کئی ایک شعری مجموعے منظر نامے پر آئے جن میں رباب صحرا (1992)، کتاب صحرا (جنوری 1995)، کشت غزل نما (جنوری 1999)، زمین لاپتہ رہی (2001)، ابابیلیں نہیں آئیں (2004) شامل ہیں۔

ان شعری مجموعوں میں نظم، غزل، قطعات، ترائیلے، دوہے، ہائیکو جیسی اصناف شاعری شامل ہیں۔

حنیف بنیادی طور پر نظم کے شاعر ہیں۔ نظم سے ان کو خاص انسیت ہے۔ نظم کا کینوس وسیع ہوتا ہے۔ ایجاز و اطناب کے دونوں پیرائے نظم کے لئے موزوں ہوتے ہیں۔ ان کی نظموں میں ایک طرف زمین و آسمان کے رنگ، مراد آباد کے کھیت کھلیان، گلیاں، محلے، پیڑ پودے، ندی، تالاب، کنواں اور وہاں کی بے فکری زندگی کا اظہار بڑی خوبی سے کیا گیا ہے۔ دوسری طرف سعودی عرب کے مخصوص صحرا اور تپتی ریت کے مسائل کے ہیں۔

ڈاکٹر حنیف کی ہجرت نہ دین و ایمان کی سلامتی کے لئے، نہ دشمنوں کے ظلم و جبر کا نتیجہ، اور نہ مستقل انہوں نے نقل مکانی کی بلکہ خالص تلاش معاش کے لئے تھی۔ اور یہ امر واضح طلب ہے کہ اگر کوئی شاعر مستقل یا غیر مستقل تلاش معاش کے سلسلہ میں وطن سے دور رہ کر حب الوطنی اور غریب الوطنی کے جذبات پیش کرتا ہے تو وہ مہجری ادب کہلائے گا یا نہیں؟ مہجری ادب کے لئے مستقل ہجرت ضروری ہے یا نہیں؟ یا کسی کا مصیبت یا جان و مال کی امان پانے کے لئے بے حد مجبوری کی حالت میں ہجرت کرنا اور دیار غیر میں رہ کر اپنے وطن عزیز کے لئے تڑپنا اور فراق



کے کرب کو پیش کرنا ہی مہجری ادب کا حصہ ہے؟

مہجری ادب میں تلاش معاش یا غیر مستقل ہجرت کے دوران جو ترک وطن کے نتیجے میں پیدا ہونے والے ذہنی کرب کو شامل کریں تو اس راہ میں حنیف ترین بھی شامل ہیں۔

بہرحال ڈاکٹر حنیف فارغ البال اور مرفحہ الحال سرجن تھے۔ دولت، شہرت اور عزت سے وہ مالا مال تھے۔ اس کے باوجود وطن عزیز کی اس خوشبو کو جو دل و دماغ اور روح کو معطر کر چکی تھی کبھی اس سے غافل نہ رہے۔ خوش حالی کتنی ہی زندگی کو مزین کر دے ایک انسان اپنے ماضی کے اس گاؤں کو کبھی بھول نہیں سکتا جہاں اس کی ابتدائی زندگی کا حصہ گزرا ہو۔ حنیف ترین کی شاعری میں غریب الوطنی، حب الوطنی، ہجرت اور نقل مکانی کے کرب کو بخوبی محسوس کیا جا سکتا ہے۔ ایک نظم ''ایک خیال آتا ہے'' میں کہتے ہیں:

گھر سے دوریوں کا غم / آنسوؤں کے صحرا میں / پھول سے کھلاتا ہے /
میری پیاری بیٹی ہے / راگنی ہے الفت کی /
جو گلوں کے ہونٹوں پر / خوشنما کہانی ہے/

ایک اور جگہ کہتے ہیں:

آج کی اِن سہولتوں کے بیچ / میں ہوں دن رات کی مشقت میں۔ (لالہ صحرائی ۲۱)

وادیٔ کشمیر سے حنیف کو خاص لگاؤ اور محبت ہے کیونکہ طب کی تعلیم یہیں سے انہوں نے حاصل کی۔ اور اپنی شریک حیات سے یہیں آنکھیں چار ہوئیں تھیں۔ ایک نظم میں کہتے ہیں:

وادیٔ کشمیر جب سے جسم و جاں بنی
مجھ کو صحرائی تپش میں بھی بڑا آرام ہے
دل کے کتبے پر مرے، نقش ترا نام ہے

نگاہ وادیٔ کشمیر تجھ سے کیا بتاؤں میں
یہاں رہ کر تو لگتا ہے کہ اپنا گھر بھی زنداں ہے

ڈاکٹر حنیف نے اپنی تخلیقات اور شاعری میں جس ذہنی کرب اور روحانی اذیت کا احساس دلایا ہے اور اس کے اظہار کے لئے جو تجربات پیش کئے ہیں وہ شعری اسلوب میں ایک اہم اضافہ ہے۔ بقول قاضی عبیدالرحمٰن ہاشمی ان کی بہترین غزلیں وہی ہیں جو تخلیقی اضطراب اور سوزِ دروں کی کیفیات سے سرشار ہیں۔ اور خود بھی اشکوں میں ہیں:

ہر زخم کہنہ وقت کے مرہم نے بھردیا
وہ درد بھی مٹا جو خوشی کی اساس تھا

حنیف ترین کی شاعری میں زندگی کے بے شمار مسائل موجود ہیں۔ دیارِ غیر میں ان کا دل ہمیشہ آشنا چہروں کی تلاش میں سرگرداں رہتا ہے۔ دھنک کے خوشگوار احساسات اور مشاہدات سے تسکین پاتا ہے۔ جگ کے کرب، خلوت اور جلوت کے کرب سے وہ اندر سے ٹوٹے ہوئے نظر آتے ہیں۔ بقول وزیر آغا کہ:

"وہ دو صحراؤں کے درمیان کہیں رہ رہے ہیں۔ ایک طرف ریت کا صحرا ہے اور دوسری طرف پانی کا صحرا ہے۔ اور یہ دونوں صحراؤں کی ذات کے اندر اتر کر ایک ایسا تیسرا صحرا بن گئے ہیں جس کے قدم پانی اور دھڑ ریت میں ہے"۔ غزل کا ایک شعر ملاحظہ ہو:

اشک شعلہ نے، تیلیاں جل گئیں
سماعتیں جب غم ہجر میں ڈھل گئیں

(غزل نما ۲۴)

تلاش معاش میں دیارِ غیر کا سفر کرتے ہوئے وہ زندگی کے نئے نئے تجربات اور مشاہدات سے آشنا ہوتے ہیں۔ رنگ تغزل کے یہ اشعار دل شکستگی اور ہجر و وصال کی صدا بن جاتے ہیں:



شور جب سوگیا جاگی وحشت
پھیلا یادوں کا دھواں گلیوں میں
پلکوں پہ نارسائی کی کچھ بدلیاں حنیفؔ
ناسور بن کے دل کی زمین پر برس گئیں
خزاں میں اوڑھ کے قول و قرار کا موسم
بہار ڈھونڈ رہی ہے بہار کا موسم

عام طور پر یہ دیارِ غیر میں ناموافق مشاہدات اور تجربات دیکھ کر مہاجرین کو خاموشی کا زہر پینا پڑتا ہے لیکن ڈاکٹر حنیف قیام سعودی عرب کے دوران ناپسندیدہ چیزوں کو دیکھ کر دبے الفاظ میں یہ صدائے احتجاج بلند کرتے ہیں۔ دھوپ، ریت، دشت، برف جیسے الفاظ کو نئی معنویت عطا کرتے ہیں:

اُٹھیں گی ریت سے جب بھی جنوں کی آوازیں
تو دشت بیڑیاں اپنی بجا رہا ہوگا
برفاب ہوچکے جو بکھرنے کے خوف سے
ان موسموں کو دھوپ کی یلغار چاہئے
فنا کے خوف سے احساس سرد ہیں جن کے
انہیں کڑی کڑی دھوپ کی سزا دینا

غرض ڈاکٹر حنیف ترین نے مہجری فکر کو اس طرح اپنی شاعری میں پیش کیا ہے کہ وہ تمام تارکین وطن جو اپنے گھروں سے دور دیارِ غیر میں رہتے ہیں، اپنے دلوں کی دھڑکنیں ان کی شاعری میں محسوس کرسکتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

# اردو میں مہجری ادب

## مہجری ادب سیمینار کے مقالات کا مجموعہ


مرتبین

ڈاکٹر محمد نثار احمد

ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری



آندھرا پردیش اسٹیٹ اردو اکیڈمی

A.P STATE URDU ACADEMY

آندھرا پردیش اسٹیٹ اردو اکیڈمی، وجے واڑہ

# URDU MEIN MAHAJARI ADAB

## (DIASPORA LITERATURE IN URDU)

*CHIEF EDITOR*

**DR. MD. NISAR AHMED**

Director/Secretary, A.P. State Urdu Academy

*EDITOR*

**Dr. SYED VASIULLA BAKHTIARY**



A.P STATE URDU ACADEMY

**ANDHRA PRADESH STATE URDU ACADEMY**

# تفصیلاتِ کتاب

کتاب اردو میں ہجری ادب

ناشر آندھراپردیش اسٹیٹ اردو اکیڈمی

مرتبین ڈاکٹر محمد نثار احمد

ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری

رابطہ

آندھراپردیش اسٹیٹ اردو اکیڈمی، وجے واڑہ

مالاکاوکا، بھوانی پورم، وجے واڑہ

Andhra Pradesh State Urdu Academy
Malavika Villa, D. No. 79-1-6A/1&2
Old M.I.G. H.B. Colony, Bhavanipuram,
VIJAYAWADA - 520 012 (A.P.)

ای میل apsua.vij@gmail.com

قیمت

# فہرست


| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | پیغام | ڈاکٹر ایس. محمد نعمان | 4 |
| ۲ | عرضِ ناشر | ڈاکٹر محمد نثار احمد | 6 |
| ۳ | عرضِ مرتب | ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری | 7 |
| ۴ | مقدمہ | پروفیسر مظفر علی شہہ میری | 10 |
| ۵ | اردو میں مہجری ادب: سخن گسترانہ بات | ڈاکٹر سید اقبال خسر قادری | 18 |
| ۶ | اردو میں مہجری ادب–تعارف، ماہیت اور امکانات | ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری عمری | 22 |
| ۷ | مہجری ادب–ایک مختصر تعارف | سید شکیل احمد شکیل | 31 |
| ۸ | مہجری ادب کا سرسری جائزہ | ڈاکٹر سید سلطان معین الدین حسینی | 34 |
| ۹ | ہجرت کا کرب اور رؤف خلش | پروفیسر سید فضل اللہ مکرم | 39 |
| ۱۰ | سعید نظر کے کلام میں مہجری ادب کی جھلکیاں | ڈاکٹر محمد نثار احمد | 49 |
| ۱۱ | اعتماد صدیقی: ہجرتوں کے کرب کا جدید شاعر | سید معظم راز | 56 |
| ۱۲ | ڈاکٹر حنیف ترین کی شاعری میں مہجری کرب | ڈاکٹر شیخ فاروق باشا عمری | 65 |
| ۱۳ | افتخار عارف کی شاعری میں مہاجرت کے عناصر | ڈاکٹر سید فتح اللہ بختیاری | 70 |
| ۱۴ | افتخار راغب کی غزلوں میں ہجرت کا کرب | محمد فیض اللہ | 75 |
| ۱۵ | ادبِ مہجر کا درخشندہ ستارہ: رضاء الجبار | ڈاکٹر شیخ نجات اللہ شریف | 81 |
| ۱۶ | مہجری ادب، برطانیہ اور حبیب حیدر آبادی | ڈاکٹر محمد عبدالعزیز سہیل | 88 |
| ۱۷ | کربِ مہاجرت اور منور رانا کا مہاجر نامہ | ظہیر دانش عمری | 97 |
| ۱۸ | عرصۂ خیال کا مہجری شاعر: اسلم عمادی | محمد نقی اللہ خان | 106 |
| ۱۹ | رپورتاژ | سید معظم راز | 115 |

# عرضِ مرتب

آندھرا پردیش اسٹیٹ اردو اکیڈمی کی جانب سے تقریباً سات مہینے پہلے تین بڑے پروگرام منعقد کیے گئے۔ وجے واڑہ، گنٹور اور کرنول میں سیمینار، داستان گوئی اور مشاعروں کا اہتمام کیا گیا۔ اس سلسلے میں جناب محمود شاہد نے مجھ سے رابطہ کیا اور پروگرام میں شریک ہونے والوں کے بارے میں واقف کروایا۔ بیرونی ممالک' کینیڈا، بنگلہ دیش، قطر، امریکہ، سعودی عرب وغیرہ سے شعراء وادباء کے علاوہ ہندوستان کی مختلف ریاستوں' بہار، راجستھان، جھارکھنڈ، دہلی، مغربی بنگال، کرناٹک، تامل ناڈو اور تلنگانہ کے مندوبین کے بارے میں معلومات فراہم کیں۔

اردو اکیڈمی کے چیرمین ڈاکٹر ایس. محمد نعمان صاحب کی ایماء پر، انہیں کے مشورے پر جناب محمود شاہد نے کرنول کے سیمینار کے لیے مجھ عاجز کو مقالہ نگاروں سے رابطہ کرنے اور مدعو کرنے کی ذمہ داری سونپی۔ سیمینار کا مرکزی موضوع ''اردو میں ہجری ادب'' طے کیا گیا۔

سیمینار کے لیے تقریباً تمام مدعوئین نے منظوری دی اور سیمینار میں شریک ہو کر اپنے مقالے پیش کیے۔ پروفیسر سید فضل اللہ مکرم، جناب سید معظم راز، ڈاکٹر سید فتح اللہ بختیاری، ڈاکٹر محمد عبدالعزیز سہیل صاحبان نے حیدرآباد سے شرکت کی اور مقالے

پیش کیے۔ ڈاکٹر محمد نثار احمد، ڈاکٹر شیخ فاروق باشا عمری اور جناب محمد نقی اللہ خان سفر میں میرے ہمراہ رہے۔ جناب سید شکیل احمد شکیل اور جناب محمود شاہد گنٹور سے براہ وجے واڑہ، کرنول پہنچے۔ خود کرنول میں موجود مقالہ نگاروں میں ڈاکٹر سید سلطان معین الدین حسینی، ڈاکٹر شیخ نجات اللہ اور برادرم محمد فیض اللہ نے مقالات پیش کیے۔

جناب ابرار مجیب جمشید پور اور ڈاکٹر واحد نظیر جامعہ ملیہ اسلامیہ وغیرہ نے بھی سیمینار میں حصہ لیا۔ خاص طور پر جناب ابرار مجیب نے سنجیدہ، متین اور مدلل علمی گفتگو کی۔ مجھے افسوس ہے کہ یہ دونوں اہم مقالے یا مکالمے سیمینار کے اس مجموعہ میں شامل نہیں ہو سکے۔

جناب محمود شاہد کو مہجری ادب پر اس سیمینات میں محترمہ عذرا قیصر نقوی صاحبہ کی افسانہ نگاری میں مہجری عناصر پر مقالہ پڑھنا تھا لیکن وجے واڑہ اور گنٹور کے مسلسل پروگراموں کی وجہ سے انھوں نے مقالہ نہیں پڑھا۔ حالانکہ محترمہ عذرا نقوی صاحبہ بھی اس پروگرام میں شریک تھیں۔ ان کے مقالے کا انتظار ہے۔ ان کا مقالہ جلد ہی اکیڈمی کے رسالے میں سے شائع کیا جائے گا۔

جناب سید شکیل احمد شکیل اور جناب محمد نقی اللہ خان نے سیمینار میں شرکت کے باوجود مقالہ نہیں پیش کیا۔ ان دونوں نے اپنے مقالے اکیڈمی کے اربابِ مجاز کے حوالے کر دیئے۔ جناب ظہیر دانش نے اپنا مقالہ بھیج دیا کہ وہ کسی ذاتی مصروفیت کی وجہ سے شرکت سے معذور ہیں۔

اردو میں مہجری ادب کے موضوع پر مقالات کے اس مجموعہ کے لیے محترم

پروفیسر مظفر علی شہہ میری نے مقدمہ عنایت فرمایا۔اس کے لیے میں ذاتی طور پر ان کا احسان مند ہوں۔

ڈاکٹر سید اقبال خسرو قادری صاحب نے اس کتاب پر اپنا فاضلانہ تجزیاتی مضمون عطا فرمایا۔آپ نے ''مہجری ادب: سخن گسترانہ بات'' کے عنوان سے جو مختصر اور جامع تجزیہ پیش کیا ہے، غور و فکر کے کئی ابواب وا کرتا ہے۔انھوں نے چند نکتوں کی شکل میں نفسِ مضمون کا بڑی گہرائی سے تجزیہ کیا ہے اور بین السطور ایسے اشارات پیش کئے ہیں، جن پر سوچنا ضروری ہے۔

''اردو میں مہجری ادب'' کے موضوع پر مقالات کا یہ مجموعہ غور و فکر پر آمادہ کرتا ہے، اس میں شامل مقالات مہجری عناصر کو ابھارنے میں کامیاب ہوتے ہیں تو یہ خود ایک بڑی کامیابی ہے۔

اس مجموعۂ مقالات کی ترتیب و اشاعت کے لیے اردو اکیڈمی کے چیرمین ڈاکٹر ایس محمد نعمان صاحب اور ڈاکٹر محمد نثار احمد صاحبان کی خدمت میں ہدیۂ تشکر و امتنان پیش کرتا ہوں۔

ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری

ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری عمری
شعبۂ اردو، گورنمنٹ ڈگری کالج، رائے چوٹی

# اردو میں مہجری ادب-تعارف، ماہیت اور امکانات

مہجری ادب میں لفظ 'مھجر' عربی الاصل ہے۔ جو ہجر سے مشتق ہے، ہجرت سے متعلق ہے۔ مہجری ادب سے مراد وہ ادب ہے جو ایسے افراد کے ذریعہ تخلیق پایا ہے جنہیں اپنے سیاسی، سماجی اور معاشی حالات کی وجہ سے اپنے مادرِ وطن سے ہجرت کرنا پڑا۔ ان مہاجر تخلیق کاروں کو جب اپنے وطن کی یاد آئی، بلکہ بعض اسباب کی وجہ سے انہوں نے مادرِ وطن سے دوری کو شدت کے ساتھ محسوس کیا اور اپنی تخلیقات میں اس کرب کا اظہار کیا۔ مہجری کرب کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے جو ادب تخلیق کیا، اسے مہجری ادب کہا گیا۔ اسے مہاجر ادب اور پردیسی ادب بھی کہا گیا۔ عربی زبان میں "الأدب المهجر" کا نام دیا گیا۔ انگریزی میں DIASPORA LITERATURE کہا جاتا ہے۔ اردو میں عربی کا اصطلاحی نام مہجری ادب کہا گیا۔

اردو لغت بورڈ کراچی کی لغت میں ''مہجری ادب'' کے معنی یوں درج ہیں:

''وہ ادب جو ہجرت کے بعد تخلیق ہوا۔ بالخصوص برصغیر میں آزادی کے نتیجے میں ہونے والی ہجرت سے متعلق ادب۔''

عربی میں ''مہجری ادب'' کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ عربی کا مہجری ادب وہ ادب ہے جو عالم عرب سے دور امریکہ میں تخلیق کیا گیا۔ انیسویں صدی کے وسط میں لبنان اور شام

کے بعض عرب عیسائی خاندانوں نے ہجرت کر کے امریکہ کے بعض شہروں جیسے بوسٹن وغیرہ میں سکونت اختیار کر لینے کے بعد تخلیق کیا جانے والا ادب بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ یہ ادب صرف وقتی تخلیقات تک محدود نہیں تھا۔ اسے عربی میں ایک مقبول ادبی رجحان کی حیثیت حاصل ہوئی۔ مہجری ادب میں عربی کے کئی قد آور شعراء سرخیل کی حیثیت رکھتے ہیں۔ جبران خلیل جبران اور ان کے ہم نوا میخائل نعیمہ اور ایلیا ابو ماضی تھے۔ امریکہ کا شہر بوسٹن میں عربی کے مہجری ادب کا مرکز بن گیا۔ مغربی ادب کے اثر اور امریکی زندگی کی چھاپ کے نتیجہ میں یہاں نظم و نثر میں نئے اور اچھوتے تجربے کئے گئے۔ ان عرب شعراء نے امریکہ میں ادبی انجمنیں جیسے ''الرابطة العلمية'' اور ''الوصبة الاندلسية'' قائم کیں۔ عربی ادب میں مہجری ادب کی بنیادیں مستحکم ہیں۔

عربی کے **الأدب المهجر** کے ممتاز ادیب خلیل جبران نے بوسٹن کو اپنا وطن بنایا تو اس کے جذبات کچھ یوں ظاہر ہوئے:

''میں اس چمکتی دمکتی دنیا میں اب بھی ایک اجنبی ہوں۔ ایک بیراگی، ایک مسافر۔۔۔ اور مسافرت اور پردیس کے دن اتنے دکھ بھرے اور تکلیف دہ ہوتے ہیں کہ ایک طلسماتی وطن کی یاد میں کھو جاتا ہوں۔ جسے میں خود نہیں جانتا اور پھر اپنے خوابوں کی دنیا کو اس سرزمین کے تصور سے آباد کرنے لگتا ہوں، جسے میں نے آنکھوں سے آج تک نہیں دیکھا۔''

اردو کے ایسے قلمکار جنہوں نے وطنِ عزیز سے دور بیرونی ممالک میں اردو کو اپنی تخلیقات کا وسیلہ بنایا اور اردو میں اپنی تخلیقات میں وطن سے دوری اور ہجرت کے کرب کو شدت کے ساتھ بیان کیا، اس سلسلے میں وہ تمام قلمکار شعراء و ادباء شامل ہیں جو مغربی ممالک، خلیجی ممالک یا دیگر علاقوں میں قیام پذیر رہے ہیں یا ہیں۔۔۔ خواہ یہ قیام عارضی ہو یا مستقل۔

اس بیرونی ممالک قیام کی وجوہات میں کسبِ معاش ہو یا سیاسی و سماجی اسباب۔ اس دوران ان شعراء و ادباء کی تخلیقات میں ترکِ وطن کا کرب، اہلِ وطن سے دوری کا احساس اور وطنِ مالوف سے محبت و الفت نیز اہلِ وطن کے لیے فکرمندی اور اس کے علاوہ اجنبی ممالک کے

ماحول میں اپنے ماضی کی یاد اور تاریخیت و نیم تاریخیت ، شعوری یا غیر شعوری ، موروثی عناصر و اجزائے توریثیت جس میں پہلوان کی نفسیاتی تشویش اور اپنی جڑوں سے دوری اور مستقبل میں تہذیبی و تمدنی محرومیوں کا شدید احساس ، مہجری کرب ، وغیرہ وہ موضوعات ہیں جن سے مہجری ادب عبارت ہے۔

اردو کے بہت سے شعراء مہاجرت کے کرب کے شکار ہوئے اور انھوں نے اس بابت اپنے تجربات شعر میں پیش کئے ہیں۔ مثال کے طور پر 'شاخِ زیتون' اور 'صحرا صحرا اجنبی' میں مہاجرت کے موضوع پر طبع آزمائی کی ہے۔ بالخصوص مؤخر الذکر مجموعۂ کلام ، آزاد نظموں پر مشتمل ہے اور اس کا انتساب بھی 'ترکِ وطن' کرنے والوں کے نام کیا گیا ہے۔

رؤف خلش نے ۲۰ ؍ جولائی ۱۹۸۸ء کو 'صحرا صحرا اجنبی' کے مقدمہ میں جو لکھا ہے ، وہ حرف بہ حرف سعید نظر پر بھی صادق آتا ہے:

> ''کسبِ معاش کی خاطر نقلِ مکانی اور مالی آسودگی حاصل کرنا ایک عمومی بات ہے ، لیکن اس کے نتیجے میں جو نئے تجربات اور مشاہدات حاصل ہوتے ہیں ، اور کسی بین الاقوامی شہر میں مخلوط تہذیبوں کا تصادم ، جن نئی نئی محرومیوں اور قدروں کا باعث بنتا ہے۔ اسی کشمکش اور ردِ عمل کا ادراک و احساس ایک علیحدہ بات ہے۔ میں اپنے تخلیقی و ذہنی سفر میں ان تغیر امکانات سے گزرتا رہا ہوں اور اس طرح 'صحرا صحرا اجنبی' اس کے لئے ایک معنی خیز استعارہ بن گیا ہے۔''

> ''زیرِ نظر شاعری ایک طرف مشرقِ وسطیٰ میں دولت کے عذاب اور پٹرو ڈالر کے جبر و قدر کی داستان ہے تو دوسری طرف اس نو دولت ماحول اور مہاجرت کی کیفیات کا شعری اظہار بھی''۔

مسقط کے مشاعرے میں ہمایوں ظفر زیدی نے ایک شعر سنایا تھا ؎

مرے خدا مجھے پردیس میں سکوں دے دے
کہ اب تو لوٹ کے جانے کا حوصلہ بھی نہیں !

یہ شعر کسبِ معاش کے لئے ترکِ وطن کرنے والوں پر پوری طرح صادق آتا ہے۔کیوں کہ وہ اپنے بہتر مستقبل کی جستجو اور مالی آسودگی کے لئے اختیاری طور پر ترکِ وطن کرتے ہیں ،تاہم وہاں پیش آنے والے حالات و واقعات نہایت صبر آزما ہوتے ہیں۔لیکن اختیاری ترکِ وطن کے باعث ،اپنے تصوراتی شیش محل کو چکنا چور ہونے سے بچانے کے لئے اورخوابوں کوبکھرنے سے روکنے کے لئے نہایت مجبوری اور بے بسی کے ساتھ حالات سے سمجھوتا کرلینے پر مجبور ہوجاتے ہیں ......جس کے نتیجے میں ذہنی الجھنوں اور نفسیاتی مسائل کا شکار ہوجاتے ہیں۔

فی الواقع ،اردو کے مہجری ادب میں شعراء وادباء کی تخلیقات شامل ہیں جنہوں نے اپنے وطن سے دور بیرونی مما لک میں اردوکو اپنی تخلیقات کا وسیلہ بنایااور اپنی تخلیقات میں وطن سے دوری اورمہجوری کے کرب کوشدت کے ساتھ بیان کیا۔اس سلسلے میں وہ تمام قلمکار،شعراء و ادباءشامل ہیں جومغربی مما لک،خلیجی مما لک یادیگرعلاقوں میں قیام پذیر رہے ہیں یا ہیں،خواہ یہ قیام عارضی ہو یا مستقل،اس بیرون ملک قیام کی وجوہات میں کسب معاش ہو یا سیاسی وسماجی اسباب،اس دوران ان شعراءوادباء کی تخلیقات میں ترک وطن کا کرب،اہلِ وطن سے دوری کا احساس اوروطنِ مأ لوف سے محبت والفت نیز اہل وطن کے لیےفکر مندی اوراس کے علاوہ اجنبی مما لک کے ماحول میں اپنے ماضی کی یاداورتاریخیت ونیم تاریخیت شعوری یا غیر شعوری،موروثی عناصرواجزائے توریث،جس میں غالب پہلوان کی نفسیاتی تشویش اوراپنی جڑوں سے دوراور مستقبل میں تہذیبی وتمدنی محرومیوں کا شدید احساس کے ساتھ کرب وکسک اورفکرانگیزی کے ساتھ ایسا اظہار جس میں امید وناامیدی دونوں شامل ہوں،ایسے جدید تنقیدی مطالعہ کو "مہجری ادبی مطالعہ " کا نام دیا گیا ہے۔عربی وانگریزی ادب میں اس قسم کے مطالعات گذشتہ ربع

صدی سے جاری ہیں۔

اردو کے مہجری ادب کے بارے میں 1981ء میں ''عربی ادب دیارِ غیر میں'' کے مقدمہ میں پروفیسر عبدالحلیم ندوی نے ان خیالات کا اظہار کیا:

''اردو زبان میں عربی کے مروج مکاتبِ فکر اور موضوعات کے متعلق ابھی تک بہت کم لکھا گیا ہے۔ رہا مہجری ادب تو اس کا ذکر نہ ہونے کے برابر ہے۔ اگر کہیں ہوا ہے تو وہ بھی سخن گسترانی بات کی طرح۔ ضرورت تھی کہ مہجری ادب پر عربی زبان میں جو کچھ کام ہوا اس کی روشنی میں اردو زبان میں بھی کام ہوتا۔''

خلیجی ممالک کی طرح ہجرت کرنے والوں اور مغربی ممالک کی مہاجرت کا کرب جھیلنے والوں میں ایک فرق نشان زد کیا گیا ہے۔ خلیجی ممالک کے مہاجرین اپنی مٹی سے اور اپنی جڑوں سے مربوط رہے، جب کہ مغربی ممالک کی ہجرت معاشرتی وتہذیبی ہجرت ثابت ہوئی۔ لہٰذا مغربی ممالک میں مقیم تخلیق کاروں کی تخلیقات میں اپنی تہذیب اور ثقافت سے دوری اور محرومی کا شدید احساس صاف محسوس کیا جاسکتا ہے۔

مہجری تخلیقی رویہ کے سلسلے میں یہ سوال ابھرتا ہے کہ مہجری ادب کی افادیت کیا ہے۔ برصغیر سے باہر تخلیق پانے والے ادب میں ''مابہ الامتیاز'' کیا ہے؟۔ مہجری ادب کی افادیت اور استنادی حیثیت کیا ہے؟۔ موضوعاتی اور اسلوبیاتی امتیازات کونسے ہیں جو مہجری ادب کو تشخص فراہم کرتے ہیں؟۔

بہت سے ایسے تخلیق کار بھی موجود ہیں جنہیں عملاً مہاجرت کے کسی تجربہ سے سابقہ نہیں لیکن انہوں نے مہجری احساسات کو پیش کیا ہے۔ اسی طرح کئی تخلیق کار وہ بھی ہیں جو دیارِ غیر میں مقیم ہیں مگر ان کی تخلیقات میں مہاجرت کے اظہار کی کوئی علیحدہ سطح نہیں ملتی۔ یہ کہا جاسکتا ہے کہ کسی بیرون ملک مقیم شاعر اور ادیب کے ہاں مہاجرت کے عناصر کا پایا جانا ضروری نہیں، تاہم ایسے تخلیق کاروں میں مہجری احساس کسی نہ کسی شکل میں پایا جاتا ہے، اس کا اظہار کیا جائے!

نہ کیا جائے لیکن تحت الشعور میں مہاجرت کا احساس پایا جاتا ہے۔اسی طرح بہت سے ایسے تخلیق کار ہیں جن کے ہاں عمدہ ہجری اظہاریہ ملتا ہے لیکن وہ عملی طور پر اس تجربہ سے دوچار نہیں ہوئے۔

چند مخصوص موضوعات، مخصوص الفاظ وعلامات، جن کے متعینہ خدوخال متعین ہیں، کیا صرف انہیں کا استعمال ہجری ادب کی شناخت فراہم کرتا ہے؟۔مثال کے طور پر خلیجی ممالک میں مقیم شعراء کی غزلوں کے سلسلے میں معتبر نقاد ناصر بغدادی کی یہ رائے ملاحظہ فرمائیں:

> ''خلیجی ممالک میں اردو زبان کے تخلیق کاروں نے جو ادب خلق کیا ہے، اس کی ایک مابہ الامتیاز خصوصیت یہ ہے کہ نثر نگاری کے مقابلے میں شاعری کی ضرورت سے زیادہ فوقیت دی گئی ہے۔اگر شاعری کا تفحص کے ساتھ تجزیاتی مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ شعراء کی ایک بڑی تعداد نے نظم پر زیادہ توجہ دینے کی ضرورت محسوس نہیں کی اور غزل کا سر بہ فلک انبار لگانے کی غرض سے اپنی حرکی توانائی اور فکری اندوختہ کو بے دریغ استعمال کیا۔اگر چہ کچھ غزلیں یا ان کے بعض اشعار ایسے بھی ہیں جن میں فکری اندوختہ کو بے دریغ استعمال کیا گیا، اگر چہ کچھ غزلیں یا ان کے بعض اشعار ایسے بھی ہیں، جن میں فکری تہہ داری، لطافت، اشاریت اور معنی آفرینی کے نقوش ملتے ہیں، مگر ان میں تخیل کی تازہ کاری، اسلوب وہیئت کی انفرادیت اور وہ فکری عناصر نہیں، جو غیر اعلانیہ طور پر انہیں شاعری کے مخصوص مکتبِ فکر سے ممزوج کرسکیں۔یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ایسی غزلوں کو زمینی حقائق کے رنگوں سے مرصع کرنے کی کوشش نہیں کی گئی ہے۔جب یہ غزلیں ہندو پاک کے ادبی جرائد میں شائع ہوتی ہیں، تو قاری کے لیے یہ معلوم کرنا آسان نہیں کہ شاعر نے ممبئی، نئی دلی، لاہور یا کراچی سے غزلیں بھیجی ہیں یا خلیجی ممالک کے کسی ریگستانی حصہ میں بیٹھ

کر ایک خاص کیفیت کے زیر اثر اس نے یہ غزلیں کہی ہیں۔ یہ بات شدومد
سے محسوس ہوتی ہے کہ خلیجی ممالک کی غزل میں شاعر کا تخلیقی عمل اس کی خلیجی
زندگی کے استعماری تجربوں اور وارداتوں کے سیاق وسباق سے کٹا ہوا ہے۔"

ممکن ہے کہ شعراء و ادباء نے اپنی تخلیقات میں اپنے ذاتی تجربات کے بجائے مشاہدات کو بیان کیا ہو۔ مہاجرت کے بیان کے لیے عملی تجربہ کے بجائے مشاہدہ کافی ہے۔

یہاں چند شعر پیش کر رہا ہوں۔

غمِ ہجر کی کیفیت کے اظہار میں ڈاکٹر حنیف ترین کا یہ شعر ملاحظہ فرمائیں:

اشک شعلہ بنے، تتلیاں جل گئیں
ساعتیں جب غمِ ہجر میں ڈھل گئیں

شہریار کا یہ شعر ہجری ادب کا بہترین نمونہ ہے:

مجھے اس دشت میں سب کچھ میسر ہے مگر پھر بھی
کوئی آواز ہے جو روز گھر جانے کو کہتی ہے !

ہجری کرب اور شدتِ احساس کا آئینہ دار پروفیسر شہپر رسول کا یہ شعر ہجری ادب کا شاہکار ہے۔

مجھے بھی لمحۂ ہجرت نے کر دیا تقسیم
نگاہ گھر کی طرف ہے، قدم سفر کی طرف

افتخار عارف کا یہ شعر تو زبان زدِ خاص و عام ہو کر ضرب المثل بن چکا ہے:

شکم کی آگ لیے پھر رہی ہے شہر بہ شہر
سگِ زمانہ ہیں، ہم کیا ہماری ہجرت کیا

جاوید زیدی کہتے ہیں:

میں نے تیرے لیے ہجرت کی اٹھائی ذلّت
میری محبوب زمیں! اب تو کوئی گھر دے دے!

طلعت سلیم کا یہ شعر مہجری احساس کا بیان ہے:

سوندھی سوندھی خوشبو تھی اپنی گیلی مٹّی کی !!
گلیوں گلیوں ڈھونڈ رہے ہیں آئے پرائے شہروں میں

مہجری کرب اور مہاجرت کے غم کے ساتھ حالات کا جبر اور معاشی مجبوریوں کے بیان پر مشتمل ظفر ہمایون زیدی کا یہ شعر نہ جانے کتنے تارکینِ وطن اور بیرونِ ملک مقیم افراد کا زبانِ حال سے ترجمان ہے:

مرے خدایا! مجھے پردیس میں سکوں دیدے
کہ اب تو لوٹ کے جانے کا حوصلہ بھی نہیں !

اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ دیگر زبانوں کے ادب کے مقابلے میں اردو میں مہجری ادب کی کوئی مضبوط، مستحکم اور توانا آواز نہیں ہے۔ اردو میں مہجری ادب نہ کوئی غالب رجحان بن سکا اور نہ ہی مہاجرت کے اظہار کے لیے کسی مخصوص اسلوب یا طرزِ اظہار کی بنیاد پر کسی شاعر کو امتیازی حیثیت حاصل ہو سکی۔ البتہ اردو کے شعراء و ادباء کے ہاں مہجری اسلوب اور مہجری طرزِ فکر کا اظہار ملتا ہے۔ گزشتہ نصف صدی میں اردو میں مہجری ادب کے عناصر تلاش کیئے جا سکتے ہیں۔ ماضی قریب میں بھی اردو میں مہجری اظہار کو نشان زد کیا جا سکتا ہے۔

دورِ حاضر میں وسائل حمل و نقل، ذرائعِ ابلاغ و ترسیل اور مواصلات کی وجہ سے اب دنیا ایک گاؤں بن گئی ہے۔ عالمیانے اور گلوبلائزیشن کے اس دور میں جغرافیائی فاصلے اور سرحدیں بے معنی ہو چکی ہیں۔ ہر شخص دنیا بھر میں کہیں بھی ہو، اپنے آپ کو انٹرنیٹ کا شہری NETZEN محسوس کرتا ہے اور دنیا بھر سے ہم خیال و ہم مزاج افراد سے روابط استوار کر کے فکری ہم آہنگی پر مشتمل روابط کے ذریعے مہجری کرب اور مہاجری احساس سے بے نیاز ہو سکتا ہے۔

مستقبل میں مہجری ادب کے تخلیق پانے یا اس جانب شعوری کوشش کیئے جانے کے

امکانات بھی کسی قدر موہوم ہیں۔ حالات و واقعات سے بھی یہی اندازہ ہوتا ہے کہ اب اردو میں مہجری ادب' مغربی ممالک میں تخلیق پانے والے ادب میں اپنی ماضی کے احیاء کی آرزو، یادوں کی تجدید اور اپنی عظمتِ رفتہ کے احساس کے ساتھ اپنی تہذیبی جڑوں سے مربوط نہ رہ پانے کی محروی کے شعوری یا غیر شعوری اظہار کی حد تک محدود ہے۔

بہر حال، اردو میں ایسا ادب موجود ضرور ہے، یا ادب کا ایسا حصہ موجود ہے جسے ہم مہجری ادب کہہ سکتے ہیں۔ خلیج عرب اور بلادِ مغرب میں مقیم بہت سے شعراء کے ہاں مہجری ادب کے عناصر پائے جاتے ہیں۔ اردو میں مہجری ادب، ایک تحقیق طلب میدان ہے۔ مہجری اظہار کے رویوں کے مطالعہ اور مہجری اسالیب کے تجزیہ پر مشتمل تحقیقی کام کئے جا سکتے ہیں۔

# URDU MEIN MAHJARI ADAB

## (DIASPORA LITERATURE IN URDU)

*CHIEF EDITOR*

**DR. MD. NISAR AHMED**

Director/Secretary, A.P. State Urdu Academy

*EDITOR*

**Dr. SYED VASIULLA BAKHTIARY**

# URDU MEIN MAHAJARI ADAB

## (DIASPORA LITERATURE IN URDU)

*CHIEF EDITOR*

**DR. MD. NISAR AHMED**

Director/Secretary, A.P. State Urdu Academy

*EDITOR*

**Dr. SYED VASIULLA BAKHTIARY**



آندھرا پردیش اسٹیٹ اردو اکیڈمی

ఆంధ్రప్రదేశ్ రాష్ట్ర ఉర్దూ అకాడమి

A.P STATE URDU ACADEMY

**ANDHRA PRADESH STATE URDU ACADEMY**

# دوروزہ قومی کانفرنس

بعنوان

## انسانی اقدار کے فروغ میں جنوبی ہند کے صوفیائے کرام کی خدمات

مورخہ: 17،18 / مارچ 2018

منجانب

انجمن ترقی اردو ہند، شاخ شیموگہ

بہ اشتراک

کرناٹک اردو اکادمی، بنگلور۔

# Two Days National Conference

on

**Contribution of Sufi saints of South India in the promotion of Human values**

Organised by

Anjuman-e-Taraqqi-e-Urdu Hind, Branch Shimoga,

in collaboration with

Karnataka Urdu Academy, Bangalore.

Mob : 9980476200

# دوروزہ قومی کانفرنس

## بعنوان

## انسانی اقدار کے فروغ میں جنوبی ہند کے صوفیائے کرام کی خدمات

### مجلسِ مشاورت :

☆ پروفیسر مظفر شہ میری، وائس چانسلر، ڈاکٹر عبدالحق اُردو یونیورسٹی، کرنول

☆ ڈاکٹر سید قدیر ناظم سرگروہ، چیرمین کرناٹک اُردو اکاڈمی، بنگلور

☆ پروفیسر م۔ن۔سعید، سابق صدر شعبۂ اُردو، بنگلور یونیورسٹی

☆ پروفیسر ایس۔ مسعود سراج، سابق صدر شعبۂ اُردو، میسور یونیورسٹی

☆ پروفیسر سید سجاد حسین سابق صدر شعبۂ اُردو، مدراس یونیورسٹی، چنئی

☆ پروفیسر عبدالحمید اکبر، سابق صدر شعبۂ اُردو، گلبرگہ یونیورسٹی

☆ پروفیسر ایس۔اے۔ستار، صدر شعبۂ اُردو، ایس۔وی۔یونیورسٹی

☆ ڈاکٹر فاطمہ زہرہ وظیفہ یاب پرنسپال، گورنمنٹ فرسٹ گریڈ کالج، ہاسن

☆ پروفیسر سی۔ سید خلیل احمد، صدر انجمن ترقی اُردو ہند، شاخ شیموگہ

### مجلسِ ادارت

☆ ڈاکٹر سی۔سید خلیل احمد، صدر، انجمن ترقی اُردو ہند، شاخ شیموگہ

☆ جناب محمد عابداللہ اطہر، نائب صدر، انجمن ترقی اُردو ہند، شاخ شیموگہ

☆ جناب م۔پ۔راہیؔ، رکن، انجمن ترقی اُردو ہند، شاخ شیموگہ

☆ ڈاکٹر ریاض محمودؔ، رکن، انجمن ترقی اُردو ہند، شاخ شیموگہ

☆ ڈاکٹر محمد نصراللہ خان، معتمد، انجمن ترقی اُردو ہند، شاخ شیموگہ

☆☆☆

# انسانی اقدار کے فروغ میں تصوف واحسان کی اہمیت ومعنویت

## (حضرت مولانا سید شاہ صبغت اللہ بختیاریؒ کی تحریروں اور ملفوظات کی روشنی میں)

ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری عمری
شعبۂ اردو، گورنمنٹ ڈگری کالج، رائے چوٹی ضلع کڈپہ، آندھرا پردیش۔

اسلام دینِ حق اور دینِ فطرت ہے، یہی وہ مذہب ہے جو انسانی اقدار کا ضامن ہے۔ انسانی حقوق کا تحفظ اور انسانیت کی فلاح و بہبود اور انسانی اقدار کا حقیقی فروغ اسلام کے عین مطابق بلکہ اسلام کی روح تصوف ہی کے ذریعہ ممکن ہے۔ اسلامی تصوف وہ ہے جو کتاب و سنت کے عین مطابق ہو اور شریعتِ مطہرہ کے سرِ مو خلاف نہ ہو۔ اسلامی تصوف' اسلام کی حقیقی عملی شکل پر مشتمل اور روحِ اسلامی پر مبنی ہوتا ہے۔ انسانی اقدار کو فروغ دینے میں اور اخلاقی اقدار کو پروان چڑھانے میں تصوف کو بنیادی اور کلیدی مقام حاصل ہے۔ تصوف کے مترادف کے طور پر احسان وسلوک اور تزکیہ واحسان کے الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں۔ انہیں معنوں میں عرفان ومعرفت بھی مستعمل ہیں۔

تصوف' عرفانِ ذات اور معرفتِ الٰہی کے حصول کا ذریعہ ہے جس کے لیے حقوق اللہ، حقوق العباد اور حقوق النفس کا حسن وخوبی کے ساتھ ادا کرنا ضروری ولازمی ہے۔ ان حقوق کی ادائیگی میں کسی بھی قسم کا تغافل اور کوتاہی احکامِ اسلام کی صریح خلاف ورزی ہے، جس سے انسانی اقدار کے زوال ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تصوف میں حقوق کی ادائیگی کو بہت اہمیت دی گئی ہے۔ عرفانِ ذات اور معرفتِ خداوندی، عبد اور معبود کے رشتہ کو استوار کرنے کے ساتھ ساتھ "الخلق عیالُ اللہ" (تمام مخلوق خدا کا کنبہ اور خاندان ہے) کے تحت خلقِ خدا سے محبت کو بھی عبادت کا درجہ دیا گیا کہ جس سے رب کا تقرب حاصل ہوتا ہے اور مخلوق کی خدمت اور عالمِ انسانیت کی فلاح و بہبود کے لیے کیے جانے والے تمام کام رضائے الٰہی کا باعث قرار دئے گئے ہیں۔

بلاشبہ انسانی اقدار کے فروغ کے لیے صوفیائے کرام کی خدمات انسانی تاریخ کا ایک روشن باب اور تابندہ پہلو ہے۔ صوفیائے صافیہ نے اس سلسلے میں بہت اہم کارنامے انجام دیے۔ قادری، چشتی، نقشبندی، سہروردی اور دیگر تمام سلاسلِ صوفیہ میں قدرِ مشترک کے طور پر عظمتِ انسانی کا تصور ملتا ہے۔ سبھی نے انسانی اقدار کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ اس سلسلہ میں صوفیائے کرام کا یہ کارنامہ ہے کہ انہوں نے اپنے کردار وعمل سے اس کا عملی ثبوت دیا۔ تمام انسانوں کو صرف انسانیت کی بنیاد پر گلے لگایا۔ انسانوں میں کسی بھی بنیاد پر کسی بھی قسم کی تفریق اور بھید بھاؤ کے بجائے صوفیہ نے انسان کو محض انسان سمجھا اور انسانیت کی بنیاد پر ہر انسان سے محبت کو عبادت تصور کیا۔ صوفیائے کرام نے انسانی اقدار کے فروغ میں نہ کوئی کسر چھوڑی اور نہ کوئی دقیقہ فروگذاشت کیا۔ محبت، اخوت، مروت، شرافت، وفاداری، بلند اخلاقی، کشادہ دلی، امانت داری، دیانت داری، خدا ترسی، تقوی شعاری، صلحِ کُل، احترامِ آدمیت، ہمدردی، دردمندی اور خیر خواہی وغیرہ ایسے اعلیٰ انسانی اقدار ہیں جو آفاقی طور پر ہر جگہ محمود، مطلوب اور مقصود ہیں۔

جنوبی ہند کے مشہور ومعروف عالمِ دین اور صوفی بزرگ داعیِ احسان حضرت مولانا سید شاہ صبغت اللہ بختیاری علیہ الرحمۃ (1910-1993) تصوف اور مطالعۂ تصوف کے حوالے سے اہمیت کے حامل ہیں۔ انہوں نے اسلامی تصوف اور رسوم ورواج کے بغیر حقیقی روحِ تصوف یعنی احسان وسلوک اور تزکیہ نفس واصلاحِ باطن کی دعوت کے لیے اپنے آپ کو وقف کر دیا تھا۔ ان کی ولادت ۱۹۱۰ء میں رائے چوٹی میں ہوئی۔ ابتدائی تعلیم کے بعد جامعہ نظامیہ میں چھ سال تعلیم حاصل کی۔ پھر دارالعلوم دیوبند میں چھ سال تعلیم حاصل کر کے فضیلت کی سند حاصل کی۔ مولانا احمد علی راشدی لاہوری کے ہاں لاہور میں ایک سالہ تفسیر قرآن کا کورس کیا۔ لاہور اور دیوبند دونوں مقامات پر حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی ان کے ہم درس اور رفیق رہے۔ تعلیم کے دوران اور اس کے بعد تحریکِ آزادیِ ہند میں سرگرم رہے اور دو مرتبہ جیل گئے۔ جامعہ دارالسلام عمرآباد میں بارہ سال تفسیر اور فقہ وادب کی تدریس پر مامور رہے۔ مولانا ابوالاعلیٰ مودودی صاحب نے جب تحریکِ اسلامی شروع کی تو اس سے ابتداء ہی سے وابستہ ہو گئے۔ جماعتِ اسلامی کے اراکین تاسیسی میں شامل رہے۔ جنوبی ہندوستان کے امیر اور قیم

رہے۔ تقسیم کے بعد ہندوستان میں رہنے کو ترجیح دی اور جماعت اسلامی سے علیحدہ ہوگئے۔ رائے چوٹی میں چند سالہ قیام کے بعد جامعہ باقیات صالحات ویلور میں تقریباً بیس سال حدیث وتفسیر پڑھاتے رہے۔ بعد ازاں سلوک وتصوف کی طرف پوری طرح متوجہ ہوگئے اور ایک ادارہ معہد احسانی قائم کیا۔ اس ادارہ کے قیام کے مقاصد میں یہ بات اہم تھی کہ ایمان واسلام کے بعد حقیقتِ احسان کی دریافت۔ قلبِ سلیم کے لیے قرآن وسنت سے ماخوذ مجاہدہ تاکہ امتِ مسلمہ میں اصلاحِ باطنی کا شعور پیدا ہو۔ روحانیت اور مادیت کا ایسا حسین امتزاج ہو جس سے انسانیت میں اعتدال آجائے۔ کتاب وسنت کی روشنی میں انسانی زندگی کی مشکلات کو حل کیا جائے جس سے موجودہ انسانیت کو روشن دماغی کے ساتھ روشن ضمیری بھی نصیب ہوجائے۔

مولانا بختیاری نے انسانی اقدار کے فروغ کے لیے صوفیہ کرام کے اس طرزِ عمل کا ذکر کیا ہے کہ کس طرح محاسن کو فروغ دینے اور معائب کو ختم کرنے کے لیے کس طرزِ عمل کو اختیار کیا جاتا ہے۔

''.....تزکیہ کی دو جہتیں ہیں۔ ایک جہت سلبی اور منفی ہے اور وہ ہے تخلیہ عن الرذائل۔ دوسری جہت مثبت اور ایجابی ہے، تجلیہ بالفضائل۔ مثلاً ایک شخص ہے اس میں رذیلہ بخل ہے، اس کو اس کے قلب سے کیسے نکالا جائے اور اس کے بدلے فضیلت سخاوت کیسے دل میں داخل کیا جائے۔ حسی اور عقلی دلائل سے اس پر ایک صفت کا مذموم ہونا اور دوسری کا محمود ہونا ہم نے ثابت کردیا لیکن اس کے قلب پر کوئی اثر نہیں ہوا۔ اب کیا کیا جائے؟۔ اس کے لیے اس کے وجدانِ قلبی کو بیدار کیا جائے اور قرآن وحدیث سے جو کچھ اور جیسا کچھ مستفاد ہوتا ہے، اس کو ایسے اسلوب کے ساتھ جو سادہ اور فطری اسلوب بیان ہو، بتایا جائے تو اس کے قلب پر ہو جاتا ہے۔ یہ وجدانیات کا فن ہے جس میں قلب کی صلاحیتوں کو ترتیب معنوی کے ساتھ ابھارا جاتا ہے۔ اس کے مناہج ہیں۔ مدارج ہیں۔ معارج ہیں۔ اس پر علامہ ابن قیم کی مدارج السالکین اور اغاثۃ اللہفان اور طریق الہجرتین سے ہم نے ایسے افادات مرتب کر لیے ہیں جن سے ہم کام کرتے ہیں۔'' (داعی احسان، ص:40)

تصوف کی ماہیت اور اس کی غرض وغایت پر روشنی ڈالتے ہوئے مولانا بختیاری انسانی اقدار کے سلسلے میں لکھتے ہیں:

''.....امتِ مسلمہ کے لیے چار چیزیں ہیں۔ قرآن، حدیث، فقہ اور تصوف۔ ان سے متعلق چاروں علوم کی تکمیل ہونی چاہیے اور ان چاروں کا ایک دوسرے ربط واضح ہونا چاہیے۔ قرآن وحدیث اصل ہیں۔ فقہ وتصوف اس کی فرع ہیں۔ یعنی فقہ وتصوف کی تنقیح، تصحیح، تشریح اور توضیح ایسے دلنشیں پیرایہ میں کی جائے کہ جس کی وجہ سے فکرِ دینی نکھر کر سامنے آجائے اور جو غلط چیزیں عجمی قوموں کے اختلاط اور بت پرستی اور مادہ پرستوں کے ارتباط سے گھس آئی ہیں، ان کو چھانٹ دیا جائے اور اس طرح وہ تمام رسوم وعادات جو مشرکانہ اثرات کی وجہ سے اور کافرانہ خرافات وعصبیت کے قبیل سے ہیں، ان کی اصلاح کی جائے اور خصوصی طور پر عوام کی غفلت وجہالت اور خواص کی مداہنت اور غلط رواداری اور مفاداتِ ماسوا کو یکسر بدل دیا جائے۔ اس طرح دینِ خالص کی دعوت وتبلیغ کی جائے جو موجودہ انسانیت کو اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منشاء کے مطابق بنا سکے اور اس میں اس حکمتِ بالغہ سے کام لیں جو سیرتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور سیرتِ صحابہ سے اور سلفِ صالحین سے منقول چلی آرہی ہیں۔ آج جو بے راہ روی اور مصائب ومشکلات پیش آرہی ہیں، ان کا صحیح معنی میں مداوا ہوسکے۔

آج ایمانی افکار کے لیے اور اس کی نشر واشاعت کے لیے جتنی مساعی جمیلہ ہورہی ہیں، وہ سب قابلِ قدر ہیں اور اس کے صحیح قد وخال اپنانے کے لیے جو کوششیں اور کاوشیں کی جارہی ہیں، وہ سب قابلِ تعریف ہیں۔ لیکن ان سب کے باوجود کیا بات ہے کہ ظاہر وباطن

کی ناہمواری برابر باقی ہے؟۔ ہمارا خیال ہے کہ کردار و عمل کی کمزوری اور فکر و نظر کی ہمواری اس طرح دور ہوسکتی ہے کہ درجۂ احسان کے حصول کی طرف توجہ کی جائے۔ ایمانیات اور اسلامیات کے ساتھ احسانیات کی بھی تبلیغ ہونی چاہیے جس کے ذریعہ انسان زندگی کے سارے شعبے اس سے معمور ہوجائیں جس کو حدیث شریف میں کہا گیا ہے: ''ان تعبد اللہ کانک تراہ، فان لم تکن تراہ فانہ تراک''۔ اگر یہ مقام استحضار بندہ کو حاصل ہوجائے کہ در حقیقت خالق و مالک پروردگار کی ہستی ہے، جس کی بندگی سے ہماری ساری زندگی رنگین ہونی چاہیے۔ حسی اور معنوی حیثیت سے تمام علمی اور عملی طور پر یہ روح کارفرما ہو کہ اللہ تعالیٰ ہر جگہ حاضر و موجود ہے۔ اس کے بغیر ہماری ساری ظاہر داریاں، ظاہر بینیاں اور ظاہر آرائیاں سب کچھ ہیچ ہیں۔ ع عشق نہیں تو شرع و دیں بت کدۂ تصورات

لہٰذا ہم ایسی انسانی زندگی کی تشکیل چاہتے ہیں جو ایمانی اور اسلامی تقاضوں کے ساتھ احسانی مرتبہ پر فائز المرام ہو اور بزرگانِ سلف کا جو ذخیرۂ علمی اور اسوۂ عملی ہمارے پاس موجود ہے، اور ان کی فنی و علمی اصطلاحات سے بھرپور ہے، اس کو سہل کر کے ایسے اسلوب میں پیش کیا جائے کہ جسے علمی مرتبہ کرلیں اور عملی مرتبہ میں اس کے نقشہ میں ڈھل جائیں۔

اہل تصوف کے جتنے مکاتبِ فکر گذرے ہیں ان سب کو دورِ حاضر کے دل و دماغ کے لیے عام فہم بنایا جائے اور جو چیزیں کتاب وسنت سے غیر ہم آہنگ ہوں ان کو چھانٹ دیا جائے اور مسلمات کو نہایت جاذبِ توجہ اور جاذبِ نظر اسالیب میں پیش کیا جائے۔

مولانا بختیاری نے صوفیائے کرام کے طرزِ عمل اور نقطۂ نظر کو واضح کرتے ہوئے انسانی اقدار کے بارے میں سیرت کی اس رہنمائی پر زور دیا ہے کہ:

''عصرِ حاضر میں انسانی معاشرے کا سب سے بڑا المیہ و سانحہ یہ ہے کہ انسان کے دل کا دماغ سے رشتہ ٹوٹ چکا ہے۔ جسم سے روح کا تعلق ختم ہو چکا ہے، دین کا دنیا سے ناطہ کٹ چکا ہے اور علم و عمل میں زبردست تضاد پایا جارہا ہے۔ اس کا واحد حل سیرت پاک صلی اللہ علیہ وسلم میں موجود ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انسانی معاشرے کو تباہی و بربادی سے بچانے اور دنیوی کامرانی و اخروی کامیابی کے لئے نہایت منفرد فکر و جامع نظریہ سے نوازا ہے، جس کی حیثیت خود معجزہ کی ہے۔ دنیا کے کسی مذہب، فلسفہ، نظریہ، ازم اور شخصیت میں اس کا تصور تک نہیں کیا جاسکتا۔ وہ منفرد فکر اور جامع نظریہ یہ ہے:

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی تعلیمات کے ذریعہ دل و دماغ میں جامعیت کا نظریہ عطا کیا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات نے جسم و روح میں مطابقت پیدا کی۔ علم و عمل میں تضاد کو ختم کر کے علم کو عمل سے مربوط فرمایا۔ اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اسوۂ حسنہ کی روشنی میں دین و دنیا کی تفریق مٹا کر دین و دنیا میں تطبیق دی اور واضح فرمادیا کہ آخرت کی کامیابی کا انحصار دنیوی امور کے درست ہونے پر ہی ہے۔ لہٰذا دنیا کو آخرت سے، دماغ کو دل سے، جسم کو روح سے، اسی طرح علم کو عمل سے جدا کرنا تباہی و بربادی ہے، جس سے عصر حاضر دوچار ہورہا ہے۔''

جس طرح انسان کے جسمانی امراض ہوتے ہیں، اسی طرح انسان کا باطن بھی علاج کا طالب ہے تا کہ باطن بھی صحت مند رہ سکے، گویا صحت جسمانی کے ساتھ صحت روحانی بھی ضروری ہے۔ دادا حضرتؒ نے تزکیۂ نفس کی اہمیت پر ایک ملفوظ میں اس طرح ارشاد فرمایا:

'' اللہ تعالیٰ نے انسان میں جسمانی امراض سے بچنے اور دفاع کرنے کے لئے قدرتی طور پر

مدافعانہ قوت ودیعت کیا ہے اور اس قوت مدافعانہ کی بدولت انسان خارجی جراثیم (Bacteria) کے حملوں سے محفوظ رہتا ہے، جسے طبی اصطلاح میں (Immunity) کہا جاتا ہے عام طور پر اسی قوت مدافعانہ میں کمی بیشی مرض کا سبب بنتا ہے اور مرض پر قابو پانے کے لئے احتیاطی تدابیر کی جاتی ہیں جیسے Anti) (biotic دوا کا استعمال، پرہیز، غذا میں احتیاط اور جسمانی ورزش جسمانی صحت کو برقرار رکھنے کے لئے ناگزیر ہیں، اسی طرح روحانی امراض ہوتے ہیں جیسے حسد، بغض، تکبر، تعصب اور نفاق ان روحانی امراض سے بچنے اور دفاع کرنے کے لئے روحانی قوت (Spirituality) از حد ضروری ہے، جسے اسلامی اصطلاح میں تذکیۂ نفوس کہا جاتا ہے۔''

انسانی اقدار اور صوفیائے کرام کے طرزِ عمل کے سلسلے میں مولانا بختیاری کا ایک ملفوظ اہمیت کا حامل ہے:

''دادا حضرتؒ نے حضراتِ صالحین سے متعلق ایک مرتبہ فرمایا کہ ان حضراتِ صالحین نے امتِ مسلمہ کو تحلیہ بالفضائل یعنی صفاتِ فضیلہ تقویٰ، اخلاص، توکل علی اللہ اور صبر وشکر سے آراستہ و پیراستہ کرنے اور تخلیہ عن الرذائل یعنی صفاتِ رذیلہ تکبر، حسد، نفاق، تعصب اور حرص سے بچانے کی کوشش میں اپنی زندگیاں لگادیں اسی طرح دادا حضرتؒ نے اپنے ایک ملفوظ میں فرمایا ہے کہ اسلام کے تین شعبہ جات ہیں: ایمانیات، اسلامیات اور احسانیات۔ ایمانیات سے مراد عقائد و افکار ہیں اور شعبۂ اسلامیات، عبادات، معاملات اور معاشرت پر مشتمل ہے۔ احسانیات یعنی اخلاقیات وروحانیت۔ اسلام کے شعبہ ایمانیات یعنی عقائد اور افکار کو اچھی طرح سمجھنے کے لئے علم الکلام کی ضرورت ہے اسلام کے شعبۂ اسلامیات یعنی عبادات، معاملات اور معاشرت کا صحیح علم علمِ فقہ سے حاصل ہوتا ہے۔ اسی طرح اسلام کے شعبۂ احسانیات یعنی اخلاقی اور روحانی پہلو کو سمجھ کر عمل پیرا ہونے کا انحصار علمِ احسان اور سلوک پر ہے۔ غرض کہ اسلام کے صحیح فہم اور دین کامل پر کاربند ہونے کے لئے ان تین علوم علم الکلام علم الفقہ اور علم الاحسان ناگزیر ہیں۔''

دادا حضرتؒ نے ایک اور ملفوظ میں یوں ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالی نے فطرتِ انسان میں دونوں قسم (اعلیٰ وادنیٰ) جذبات رکھے ہیں۔ جذباتِ عالیہ وصالحہ، غور وفکر اور حفظ ونگہداشت کے محتاج ہیں۔۔ ان کے نشو ونما کے لئے محنت وریاضت درکار ہے۔ اس کے برخلاف ادنیٰ وسفلی جذبات خود بخود آسودگی وبالیدگی اور ذائقہ ومزہ حاصل کرنے پر قدرت رکھتے ہیں۔ انسان کو ان سفلی وادنیٰ جذبات کے تعاون کے سلسلے میں محنت ومشقت تو درکنار تھوڑی بہت کوشش وکاوش کی بھی ضرورت نہیں پڑتی، اس کی مثال اس طرح ہے، جس طرح اناج وغلہ اور پھول وپھل کی دستیابی وحصولیابی کے لئے تخم ریزی وآبیاری کی ضرورت ہوتی ہے، اس کے برخلاف گھاس پھوس اور کانٹوں وجھاڑیوں کے حصول کے لئے کسی محنت ومشقت کی قطعاً ضرورت نہیں پڑتی۔ بلکہ وہ اپنے آپ اُگ جاتے ہیں۔ اس آیتِ کریمہ میں اسی حقیقت کو پیش کیا گیا ہے: ''وَنَفْسٍ وَمَا سَوّٰاهَا. فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَ تَقْوٰاهَا. قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا . وَ قَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا.'' (انسان اور اُس ذات کی قسم جس نے اُس کو درست بنایا، پھر (بدکاری وپرہیزگاری دونوں باتیں) دی گئی ہیں، (جس نے اپنی روح کو پاک کیا وہ مراد کو پہنچا، اور جس نے آلودہ کیا وہ گھاٹے میں رہا۔) (سورۂ شمس: ۷تا۱۰)

حضرت مولانا بختیاری نے ایک ملفوظ میں اس طرح فرمایا ہے، جس طرح انسان کی جسمانی ضروریات چار ہیں یعنی ماکولات، مشروبات، ملبوسات اور دیگر اشیائے استعمالات اسی طرح انسان کی روحانی ضروریات بھی چار ہیں یعنی عقائدِ صحیحہ، اعمالِ صالحہ، اخلاقِ حسنہ اور نیتِ خالصہ۔ اور فرماتے تھے:

''اگر انسان ان جسمانی ضروریات اور روحانی

ضروریات میں اعتدال وتوازن برقرار رکھتا ہے تو دنیا اور
آخرت میں کامیاب وکامران ہوتا ہے۔"

اس ملفوظ کی وضاحت مولانا بختیاری کے ایک اور ملفوظ سے یوں ہوتی ہے:

"درحقیقت انسان جسم اور روح کا مجموعہ ہے۔ انسان پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ جس طرح اپنے جسم کو آرام پہنچانے کی فکر کرتا ہے، اچھی اچھی غذائیں کھاتا ہے، مزے دار مشروبات سے لطف اندوز ہوتا ہے، عمدہ عمدہ لباس زیب تن کرتا ہے، عالی شان عمارتوں اور بنگلوں میں رہتا ہے، اور بہتر سے بہتر طریقے استعمال کر کے اعضائے جسمانی کو آراستہ و پیراستہ کرتا ہے، اسی طرح روح کی غذا اور اس کے آرام وراحت کا بھی خیال کرنا اس پر لازم اور ضروری ہے۔ اعتدال والا راستہ یہ ہے کہ انسان جسم اور روح دونوں کی غذا، ضرورت اور آرام کا خیال ملحوظ رکھے۔ روح کی غذا جیسا کہ ذکر گزر چکا ہے، عقائد صحیحہ، اعمالِ صالحہ، اخلاقِ حسنہ اور نیتِ خالصہ ہیں۔"

بہ اعتبارِ مجموعی یہ بات قطعیت کے ساتھ کہی جاسکتی ہے کہ صوفیائے کرام نے انسانی اقدار کے فروغ اور روحانیت کے عام کرنے میں گراں قدر خدمات انجام دیں۔ آج مادیت کے غلبہ اور نفسانفسی کے دور میں صوفیائے کرام کی تعلیمات کے مطالعہ کی ضرورت ہے تاکہ اعلیٰ صفات، مطلوبہ اوصاف اور انسانی واخلاقی اقدار فروغ پاسکیں۔

# دوروزہ قومی کانفرنس

بعنوان

## انسانی اقدار کے فروغ میں جنوبی ہند کے صوفیائے کرام کی خدمات

مورخہ: 17،18 / مارچ 2018

منجانب

انجمن ترقی اردو ہند، شاخ شیموگہ

بہ اشتراک

کرناٹک اردو اکادمی، بنگلور۔

# Two Days National Conference

on

## Contribution of Sufi saints of South India in the promotion of Human values

Organised by

Anjuman-e-Taraqqi-e-Urdu Hind, Branch Shimoga,

in collaboration with

Karnataka Urdu Academy, Bangalore.

Malnad Urdu Press
Mob : 9980476200

ڈپلوما ان ایلیمنٹری ایجوکیشن

# Diploma In Elementary Education

**(D.El.Ed.)**

**Second Year**

**Paper - 5**

ماحولیاتی مطالعہ کی تدریس

# Pedagogy of EVS

State Council of Educational Research and Training

*Amaravathi, Andhra Pradesh*

# ڈپلوما ان ایلیمنٹری ایجوکیشن

**(D.El.Ed.)**

سال دوم

**PAPER - 5**

# ماحولیاتی مطالعہ کی تدریس

# درسی کتاب کے تشکیل کار

**کے۔سندھیارانی، I.Po.S.**

کمیشنر

محکمہ اسکولی تعلیم،آندھراپردیش،امراوتی

**شریمتی ایم۔وی۔راجیہ لکشمی**

ڈائرکٹر،

ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق وتربیت، آندھراپردیش،امراوتی

**ڈاکٹر ایس۔کے۔جیلانی باشاہ**

پروفیسر،شعبہ اساتذہ کی تعلیم،ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق وتربیت، آندھراپردیش،امراوتی

**ڈاکٹر کے۔پانڈورنگاسوامی**

پروفیسر،شعبہ اساتذہ کی تعلیم،ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق وتربیت، آندھراپردیش،امراوتی

## مشیران

**ڈاکٹر ایس۔ڈی۔وی۔رمنا**

رابطہ کار،شعبہ نصاب اور درسی کتب

ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق وتربیت، آندھراپردیش،امراوتی

**ڈاکٹر ایس۔ٹی۔چیتنیا**

لکچرار

ضلعی تعلیمی وتربیتی ادارہ،آندھراپردیش،امراوتی

**ناشر حکومت آندھراپردیش،امراوتی**

قوانین کا احترام کیجیے

حقوق کی حفاظ کیجیے

تعلیم سے ترقی پائیں

ادب سے پیش آئیں

# مترجمین

1. **سیدوارث احمد،** اسکول اسسٹنٹ، ضلع پریشداردو ہائی اسکول، پنگنور، ضلع چتور
2. **شیخ رضوان احمد،** اسکول اسسٹنٹ، ضلع پریشداردو ہائی اسکول، پیلر، ضلع چتور
3. **ڈاکٹر پی۔عبدالغفار،** موٴظف اردو لکچرار، چتور
4. **سید خواجہ معین الدین،** سینیر لکچرار سری سدھارتھا جونیر کالج، مدنپلی، ضلع چتور
5. **ایس۔عظمت اللہ،** اسکول اسسٹنٹ، ضلع پریشداردو ہائی اسکول، وایلپاڑ، ضلع چتور
6. **مسعود عرفان شریف،** اسکول اسسٹنٹ، منڈل پریشدا پر پرائمری اسکول، نائک گلی، وائلپاڑ، ضلع چتور
7. **غضنفر علی،** مدرس، منڈل پریشدا پر پرائمری اسکول، نندی ریڈی گاری پلی، کربل کوٹہ منڈل، ضلع چتور
8. **کے۔سلیم خان،** مدرس، منڈل پریشدا پر پرائمری اسکول، چِنتا پرتی، وائلپاڑ منڈل، ضلع چتور
9. **ایس۔بانو بی،** معلّمہ، منڈل پریشد ماڈل اسکول، بالاجی نگر، مدنپلی، ضلع چتور

# ایڈیٹرز

**ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری،**

اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ اردو، گورنمنٹ ڈگری کالج، رائے چوٹی

**ڈاکٹر محمد نثار احمد،**

اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ اردو، ایس۔وی۔یونیورسٹی، تروپتی

**ڈاکٹر شیخ فاروق باشاہ،**

اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ اردو، گورنمنٹ ڈگری کالج، رائے چوٹی

کمپوزنگ : بھارت گرافکس، مدنپلی، ضلع چتور۔فون: 9440096412 ، 9182744886

# پیش لفظ

مہذب سماج کی تشکیل کے لیے تعلیم یافتہ شہری کا پایا جانا ضروری ہے۔ بچے کو ایک با مقصد اور کامیاب شہری بنانے کے لیے ایک تجربہ کار رہنما کی ضرورت ہوتی ہے۔ معلم کو محض علم کی دولت سے مالا مال ہونا ہی نہیں بلکہ اسے ایک مثالی، تخلیق کار، فلسفی اور دور اندیش ہونا چاہیے۔ قدیم زمانہ ہو کہ جدید دور، ہندوستانی سماج معلم کو ہمیشہ ایک معتبر شخصیت تصور کرتے ہوئے اس کا احترام کرتے ہوئے اس سے اپنے ہونہاروں کی فلاح کے متمنی ہوتے ہیں۔ سماج میں وہ ایک فرد کی حیثیت رکھنے کے باوجود اس اخلاقی طور پر اس سے کئی امیدیں وابستہ ہوتی ہیں۔ اس طرح کی عظیم پیشہ تدریس اختیار کرنے کا فیصلہ لینے والی شخصیت کو ایک بہترین معلم کے طور پر تشکیل دینے کے لیے ایک اعلیٰ صفات کا احاطہ تعلیم ضروری ہے۔

ایک اوسط سطح کے فرد کو معلم بنانے کے لیے مسمم ارادہ رکھنے والے ایک بہتر معلم کی ضرورت ہے۔ اسی لیے اسکولی تعلیم میں اساتذہ کی تعلیم بہت ہی اہمیت کے حامل مانی جاتی ہے۔ اگر معلم کے ذریعہ سماج کی بھلائی مقصود ہو، تب معلم کی تیاری میں احتیاط سے کام لینا بے حد ضروری ہے۔ زیر تربیت اساتذہ کو محض مضمون کا علم پہنچانا، ان میں تدریسی معلومات فروغ دینا کافی نہیں بلکہ ان کے ذریعہ طلباء کو اپنے مستقبل کو سنوارنے کی صلاحیتوں سے مالا مال کریں۔ باحیات اور متحرک اوصاف رکھنے والے طلباء میں علم کی طلب کو فروغ دینے، اکتساب فراہم کرنے کے فن سے واقف کرائیں۔ انسانیت اور ہمدردی پر مبنی کردار کو فروغ دیا جائے۔ ہندوستانی فلسفۂ تعلیم اور تعلیم کے مقصد کا فہم حاسل کرتے ہوئے زندگی گزارنے کی ترغیب دی جائے۔

تحتانوی سطح کے معلم کی تشکیل سے مراد مختلف زاویوں سے مہارت رکھنے والی شخصیت ہے۔ یعنی معلم ایک بہترین افسانہ نگار، گلوکار، اداکار، مصور، کھلاڑی، طبیب اور جدید سائنسی ماہر کا رول ادا کرنے والا ہو۔ ان تمام امور کو حاصل کرنے سے مراد اساتذہ کی تعلیم متعلقہ تمام امور سے لیس ہونی چاہیے۔ اساتذہ کی تعلیم سے متعلق تشکیل دیا گیا قومی درسیاتی خاکہ -2005 کے مطابق معلم کو چاہیے کہ وہ طلباء کے سماجی، ثقافتی تناظر کا مکمل فہم رکھتے ہوئے ان کی نشونما میں کوشاں رہے۔ جس کے لیے ٹکنالوجی برائے معلومات و ترسیل، مقامی فنون، ثقافت وغیرہ کو تعلیمی منصوبہ کا ایک حصہ بنائیں۔ اس دوران معلم کو ایک Reflective Practitioner کا رول ادا کرنے کی ہدایت دی ہے۔ لہٰذا اساتذہ کی تعلیم میں بچوں کو اور ان کے حقوق کو سمجھنے کے مختلف طریقوں سے واقفیت حاصل کرنا بے حد ضروری ہے۔ اس کے علاوہ حالات حاضرہ سے تعلق رکھنے والے امور کو تدریس کا ایک حصہ بناتے ہوئے اپنی مہارت کو فروغ دینا ضروری ہے۔ لہٰذا تربیت کے مرحلہ پر ہی زیر تربیت اساتذہ کو متعلقہ امور کے بارے میں تربیت دی جائے۔ تعلیمی شعبہ کو ایک مثالی

معلم فراہم کرنے میں تربیتی ادارے مکمل ذمہ داری نبھائیں۔نئی درسی کتابیں تشکیل علم کے اکتسابی نظریات،ایک دوسرے پر منحصر فلسفہ تعلیم،امتزاجی طریقہ تدریس جیسے جدید تصورات کی بنیاد پر تشکیل دی گئی ہیں۔امید ہے کہ ان تمام باتوں کا خیال رکھتے ہوئے مثالی تدریس کے ذریعہ بہترین اساتذہ کو تشکیل دینے میں موثر کردار ادا کریں گے۔علاوہ ازیں زیر تربیت اساتذہ بھی تدریسی و اکتسابی نظریات کا فہم حاصل کرتے ہوئے تعلیمی مقاصد کے حصول میں اپنے تجربات کا اطلاق کرتے ہوئے مثالی اساتذہ بننے کی کوشش کریں گے۔

ڈائرکٹر
ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق وتربیت
امراوتی،آندھراپردیش

**زیرتربیت اساتذہ کے لیے ہدایات :**

اساتذہ کی تعلیم سے متعلق ترتیب دیا گیا قومی درسیاتی خاکہ -2005 اساتذہ کی تعلیم اوراس کی اہمیت کو بیان کرتے ہوئے بچوں کو معیاری تعلیم فراہم کرنے کے لیے دوران تربیت ہی احتیاط سے کام لینے کی ہدایت دی ہے۔ ذمہ دار اساتذہ کے ذریعہ ہی بچوں کو اپنے بچپن کا یقین دلایا جاسکتا ہے، اس طرح کے اساتذہ کو تیار کرنے میں اساتذہ کے تربیتی اداروں کو چاہیے کہ وہ جدید رجحانات کو مدنظر رکھیں۔قومی درسیاتی خاکہ -2005 کے کلیدی اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے نئی درسی کتابوں کو تشکیل دیا گیا ہے۔ان کتابوں کو بہتر انداز میں استعمال کرنے کے لیے اساتذہ کو چاہیے کہ وہ چند حکمت عملیوں کو اپنائیں۔

- ☆ اساتذہ کی تعلیم - قومی درسیاتی خاکہ -2005 کا تفصیل سے مطالعہ کیا جائے۔
- ☆ تعلیمی منصوبہ میں دیے گئے متعلقہ امور سے متعلق کلیدی تصورات اوراس کے فلسفہ کا فہم حاصل کریں۔(اس کے لیے نصاب میں دیے گئے پیش لفظ کا مشاہدہ کریں)
- ☆ قومی درسیاتی خاکہ -2005 کے کلیدی اصول جیسے علم کی تشکیل، تعلیمی فلسفہ، تعمیری اکتسابی مواقعوں کو فراہم کرنا جیسے تصورات کا فہم رکھتے ہوئے انہیں اساتذہ کی تعلیم سے مربوط کرتے ہوئے تدریسی عمل انجام دیں۔
- ☆ زیرتربیت اساتذہ کو چاہیے کہ وہ ریاستی درسیاتی خاکہ -2011 میں بتائے گئے ''باہمی انحصار طریقہ تعلیم'' کا فہم حاصل کرتے ہوئے کمرۂ جماعت میں اس کا اطلاق کریں۔
- ☆ قانون حق تعلیم -2009 میں بتائے گئے رہنمایانہ اصول اور اساتذہ کی تعلیم کے مابین تعلق کی نشاندہی کرتے ہوئے تدریس کی جائے۔
- ☆ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ اسکول میں تصورات کی تدریس کے ساتھ ساتھ متعلقہ مواقعوں میں تجویز کردہ تصانیف کو بھی بچوں سے مطالعہ کرواتے ہوئے بحث کریں۔
- ☆ تدریسی امور کے لیے ضروری ضمنی امور کا مطالعہ کرواتے ہوئے ماہرین تعلیم کے فلسفہ کو طلباء سے واقف کروائیں۔
- ☆ اسکولی تعلیم کی جانب سے زیرعمل تعلیمی منصوبہ اور درسی کتابوں کا بغور مشاہدہ کرتے ہوئے سائنس اور درسی کتاب کے مابین موجود تعلق کا انکشاف کرنے میں طلباء کی رہنمائی کریں۔
- ☆ اساتذہ کی تعلیم میں ہر تدریسی نکتہ کی اپنی ایک روح ہوتی ہے۔اساتذہ کو چاہیے کہ وہ ان بنیادی اصولوں کا بغور مشاہدہ کرتے ہوئے تجزیہ کریں، تبھی جا کر وہ ان بنیادی اصولوں کی نشاندہی کر سکتے ہیں۔اس لیے ان امور سے تعلق رکھنے والے ذیلی امور کا مطالعہ بے حد ضروری ہوتا ہے۔اس طریقہ کا حوالہ دیتے ہوئے زیرتربیت اساتذہ کو مسلسل طالب علم بننے کی تربیت دی جائے۔
- ☆ تحتانوی اسکولوں کی سطح، فطرت، خاندانی تناظر، سماجی مواقع وغیرہ کو مدنظر رکھتے ہوئے اسکولوں کا تجزیہ کیا جائے۔

# فہرست مضامین


| صفحہ نمبر | عنوان | سلسلہ نمبر |
|---|---|---|
| 8 - 23 | ماحولیاتی مطالعہ | 1. |
| 24 - 42 | بچوں کے خیالات کو سمجھنا | 2. |
| 43 - 51 | ماحولیاتی مطالعہ کی تدریس -<br>کمرۂ جماعت میں اختیار کی جانے والی حکمت عملیاں | 3. |
| 52 - 70 | ماحولیاتی مطالعہ کی درسی کتاب-فلسفہ-رہنما اصول | 4. |
| 71 - 117 | تحتانوی سطح پر ماحولیاتی مطالعہ کے تدریسی طریقے | 5. |
| 118 - 174 | احتساب - جانچ | 6. |

ڈپلوما ان ایلیمنٹری ایجوکیشن

# Diploma In Elementary Education

**(D.El.Ed.)**

**Second Year**

**Paper - 5**

# ماحولیاتی مطالعہ کی تدریس

# Pedagogy of EVS

State Council of Educational Research and Training

*Amaravathi, Andhra Pradesh*

# ڈپلوما ان ایلیمنٹری ایجوکیشن

**(D.El.Ed.)**

## سال دوم

**PAPER - 5**

# ماحولیاتی مطالعہ کی تدریس

# درسی کتاب کے تشکیل کار


**کے۔سندھیارانی، I.Po.S.**

کمیشنر

محکمہ اسکولی تعلیم، آندھراپردیش، امراوتی

**شریمتی ایم۔وی۔راجیہ لکشمی**

ڈائرکٹر،

ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق وتربیت، آندھراپردیش، امراوتی

**ڈاکٹر ایس۔کے۔جیلانی باشاہ**

پروفیسر، شعبہ اساتذہ کی تعلیم، ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق وتربیت، آندھراپردیش، امراوتی

**ڈاکٹر کے۔پانڈورنگاسوامی**

پروفیسر، شعبہ اساتذہ کی تعلیم، ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق وتربیت، آندھراپردیش، امراوتی


## مشیران


**ڈاکٹر ایس۔ڈی۔وی۔رمنا**

رابطہ کار، شعبہ نصاب اور درسی کتب

ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق وتربیت، آندھراپردیش، امراوتی

**ڈاکٹر ایس۔ٹی۔چیتنیا**

لکچرار

ضلع تعلیمی وتربیتی ادارہ، آندھراپردیش، امراوتی



**ناشر حکومت آندھراپردیش، امراوتی**


قوانین کا احترام کیجیے

حقوق کی حفاظ کیجیے

تعلیم سے ترقی پائیں

ادب سے پیش آئیں

# مترجمین

1. **سیدوارث احمد،** اسکول اسسٹنٹ، ضلع پریشداردو ہائی اسکول، پنگنور، ضلع چتور
2. **شیخ رضوان احمد،** اسکول اسسٹنٹ، ضلع پریشداردو ہائی اسکول، پیلر، ضلع چتور
3. **ڈاکٹر پی۔عبدالغفار،** موظف اردو لکچرار، چتور
4. **سیدخواجہ معین الدین،** سینیر لکچرار سری سدھارتھا جونیر کالج، مدنپلی، ضلع چتور
5. **ایس۔عظمت اللہ،** اسکول اسسٹنٹ، ضلع پریشداردو ہائی اسکول، وایلپاڑ، ضلع چتور
6. **مسعودعرفان شریف،** اسکول اسسٹنٹ، منڈل پریشداپر پرائمری اسکول، نائک گلی، وائلپاڑ ضلع چتور
7. **غضنفرعلی،** مدرس، منڈل پریشداپر پرائمری اسکول، نندی ریڈی گاری پلی، کربل کوٹہ منڈل، ضلع چتور
8. **کے۔سلیم خان،** مدرس، منڈل پریشداپر پرائمری اسکول، چنتاپرتی، وائلپاڑ منڈل، ضلع چتور
9. **ایس۔بانوبی،** معلّمہ، منڈل پریشد ماڈل اسکول، بالا جی نگر، مدنپلی، ضلع چتور

# ایڈیٹرز

**ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری،**

اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ اردو، گورنمنٹ ڈگری کالج، رائے چوٹی

**ڈاکٹر محمد نثار احمد،**

اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ اردو، ایس۔وی۔یونیورسٹی، تروپتی

**ڈاکٹر شیخ فاروق باشاہ،**

اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ اردو، گورنمنٹ ڈگری کالج، رائے چوٹی

کمپوزنگ : بھارت گرافکس، مدنپلی، ضلع چتور۔فون: 9440096412 ، 9182744886

# پیش لفظ

مہذب سماج کی تشکیل کے لیے تعلیم یافتہ شہری کا پایا جانا ضروری ہے۔ بچے کو ایک با مقصد اور کامیاب شہری بنانے کے لیے ایک تجربہ کار رہنما کی ضرورت ہوتی ہے۔ معلم کو محض علم کی دولت سے مالا مال ہونا ہی نہیں بلکہ اسے ایک مثالی، تخلیق کار، فلسفی اور دوراندیش ہونا چاہیے۔ قدیم زمانہ ہو کہ جدید دور، ہندوستانی سماج معلم کو ہمیشہ ایک معتبر شخصیت تصور کرتے ہوئے اس کا احترام کرتے ہوئے اس سے اپنے ہونہاروں کی فلاح کے متمنی ہوتے ہیں۔ سماج میں وہ ایک فرد کی حیثیت رکھنے کے باوجود اس اخلاقی طور پر اس سے کئی امیدیں وابستہ ہوتی ہیں۔ اس طرح کی عظیم پیشہ تدریس اختیار کرنے کا فیصلہ لینے والی شخصیت کو ایک بہترین معلم کے طور پر تشکیل دینے کے لیے ایک اعلیٰ صفات کا احاطہ تعلیم ضروری ہے۔

ایک اوسط سطح کے فرد کو معلم بنانے کے لیے مصمم ارادہ رکھنے والے ایک بہتر معلم کی ضرورت ہے۔ اسی لیے اسکولی تعلیم میں اساتذہ کی تعلیم بہت ہی اہمیت کے حامل مانی جاتی ہے۔ اگر معلم کے ذریعہ سماج کی بھلائی مقصود ہو، تب معلم کی تیاری میں احتیاط سے کام لینا بے حد ضروری ہے۔ زیر تربیت اساتذہ کو محض مضمون کا علم پہنچانا، ان میں تدریسی معلومات فروغ دینا کافی نہیں بلکہ ان کے ذریعہ طلباء کو اپنے مستقبل کو سنوارنے کی صلاحیتوں سے مالا مال کریں۔ باحیات اور متحرک اوصاف رکھنے والے طلباء میں علم کی طلب کو فروغ دینے، اکتساب فراہم کرنے کے فن سے واقف کرائیں۔ انسانیت اور ہمدردی پر مبنی کردار کو فروغ دیا جائے۔ ہندوستانی فلسفۂ تعلیم اور تعلیم کے مقصد کا فہم حاسل کرتے ہوئے زندگی گزارنے کی ترغیب دی جائے۔

تحتانوی سطح کے معلم کی تشکیل سے مراد مختلف زاویوں سے مہارت رکھنے والی شخصیت ہے۔ یعنی معلم ایک بہترین افسانہ نگار، گلوکار، اداکار، مصور، کھلاڑی، طبیب اور جدید سائنسی ماہر کا رول ادا کرنے والا ہو۔ ان تمام امور کو حاصل کرنے سے مراد اساتذہ کی تعلیم متعلقہ تمام امور سے لیس ہونی چاہیے۔ اساتذہ کی تعلیم سے متعلق تشکیل دیا گیا قومی درسیاتی خاکہ -2005 کے مطابق معلم کو چاہیے کہ وہ طلباء کے سماجی، ثقافتی تناظر کا مکمل فہم رکھتے ہوئے ان کی نشونما میں کوشاں رہے۔ جس کے لیے ٹکنالوجی برائے معلومات و ترسیل، مقامی فنون، ثقافت وغیرہ کو تعلیمی منصوبہ کا ایک حصہ بنائیں۔ اس دوران معلم کو ایک Reflective Practitioner کا رول ادا کرنے کی ہدایت دی ہے۔ لہٰذا اساتذہ کی تعلیم میں بچوں کو اور ان کے حقوق کو سمجھنے کے مختلف طریقوں سے واقفیت حاصل کرنا بے حد ضروری ہے۔ اس کے علاوہ حالات حاضرہ سے تعلق رکھنے والے امور کو تدریس کا ایک حصہ بناتے ہوئے اپنی مہارت کو فروغ دینا ضروری ہے۔ لہٰذا تربیت کے مرحلہ پر ہی زیر تربیت اساتذہ کو متعلقہ امور کے بارے میں تربیت دی جائے۔ تعلیمی شعبہ کو ایک مثالی

معلم فراہم کرنے میں تربیتی ادارے مکمل ذمہ داری نبھائیں۔نئی درسی کتابیں تشکیل علم کے اکتسابی نظریات،ایک دوسرے پر منحصر فلسفہ تعلیم،امتزاجی طریقہ تدریس جیسے جدید تصورات کی بنیاد پر تشکیل دی گئی ہیں۔امید ہے کہ ان تمام باتوں کا خیال رکھتے ہوئے مثالی تدریس کے ذریعہ بہترین اساتذہ کو تشکیل دینے میں موثر کردار ادا کریں گے۔علاوہ ازیں زیر تربیت اساتذہ بھی تدریسی و اکتسابی نظریات کا فہم حاصل کرتے ہوئے تعلیمی مقاصد کے حصول میں اپنے تجربات کا اطلاق کرتے ہوئے مثالی اساتذہ بننے کی کوشش کریں گے۔

ڈائرکٹر
ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق و تربیت
امراوتی،آندھراپردیش

**زیرتربیت اساتذہ کے لیے ہدایات :**

اساتذہ کی تعلیم سے متعلق ترتیب دیا گیا قومی درسیاتی خاکہ -2005 اساتذہ کی تعلیم اوراس کی اہمیت کو بیان کرتے ہوئے بچوں کو معیاری تعلیم فراہم کرنے کے لیے دوران تربیت ہی احتیاط سے کام لینے کی ہدایت دی ہے۔ ذمہ داراساتذہ کے ذریعہ ہی بچوں کو اپنے بچپن کا یقین دلایا جاسکتا ہے، اس طرح کے اساتذہ کو تیار کرنے میں اساتذہ کے تربیتی اداروں کو چاہیے کہ وہ جدید رجحانات کو مدنظر رکھیں۔قومی درسیاتی خاکہ -2005 کے کلیدی اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے نئی درسی کتابوں کوتشکیل دیا گیا ہے۔ان کتابوں کو بہتر انداز میں استعمال کرنے کے لیے اساتذہ کو چاہیے کہ وہ چند حکمت عملیوں کو اپنائیں۔

- ☆ اساتذہ کی تعلیم - قومی درسیاتی خاکہ -2005 کا تفصیل سے مطالعہ کیا جائے۔
- ☆ تعلیمی منصوبہ میں دیے گئے متعلقہ امور سے متعلق کلیدی تصورات اوراس کے فلسفہ کا فہم حاصل کریں۔(اس کے لیے نصاب میں دیے گئے پیش لفظ کا مشاہدہ کریں)
- ☆ قومی درسیاتی خاکہ -2005 کے کلیدی اصول جیسے علم کی تشکیل، تعلیمی فلسفہ، تعمیری اکتسابی مواقعوں کوفراہم کرنا جیسے تصورات کا فہم رکھتے ہوئے انہیں اساتذہ کی تعلیم سے مربوط کرتے ہوئے تدریسی عمل انجام دیں۔
- ☆ زیرتربیت اساتذہ کو چاہیے کہ وہ ریاستی درسیاتی خاکہ -2011 میں بتائے گئے ''باہمی انحصار طریقہ تعلیم'' کا فہم حاصل کرتے ہوئے کمرۂ جماعت میں اس کا اطلاق کریں۔
- ☆ قانون حق تعلیم -2009 میں بتائے گئے رہنمایانہ اصول اوراساتذہ کی تعلیم کے مابین تعلق کی نشاندہی کرتے ہوئے تدریس کی جائے۔
- ☆ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ اسکول میں تصورات کی تدریس کے ساتھ ساتھ متعلقہ مواقعوں میں تجویز کردہ تصانیف کو بھی بچوں سے مطالعہ کرواتے ہوئے بحث کریں۔
- ☆ تدریسی امور کے لیے ضروری ضمنی امور کا مطالعہ کرواتے ہوئے ماہرین تعلیم کے فلسفہ کو طلباء سے واقف کروائیں۔
- ☆ اسکولی تعلیم کی جانب سے زیرعمل تعلیمی منصوبہ اوردرسی کتابوں کا بغور مشاہدہ کرتے ہوئے سائنس اوردرسی کتاب کے مابین موجود تعلق کا انکشاف کرنے میں طلباء کی رہنمائی کریں۔
- ☆ اساتذہ کی تعلیم میں ہر تدریسی نکتہ کی اپنی ایک روح ہوتی ہے۔اساتذہ کو چاہیے کہ وہ ان بنیادی اصولوں کا بغور مشاہدہ کرتے ہوئے تجزیہ کریں، تبھی جا کر وہ ان بنیادی اصولوں کی نشاندہی کرسکتے ہیں۔اس لیے ان امور سے تعلق رکھنے والے ذیلی امور کا مطالعہ بے حد ضروری ہوتا ہے۔اس طریقہ کا حوالہ دیتے ہوئے زیرتربیت اساتذہ کو مسلسل طالب علم بننے کی تربیت دی جائے۔
- ☆ تحتانوی اسکولوں کی سطح، فطرت، خاندانی تناظر، سماجی مواقع وغیرہ کو مدنظر رکھتے ہوئے اسکولوں کا تجزیہ کیا جائے۔

# فہرست مضامین


| سلسلہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| .1 | ماحولیاتی مطالعہ | 8 - 23 |
| .2 | بچوں کے خیالات کو سمجھنا | 24 - 42 |
| .3 | ماحولیاتی مطالعہ کی تدریس - کمرۂ جماعت میں اختیار کی جانے والی حکمت عملیاں | 43 - 51 |
| .4 | ماحولیاتی مطالعہ کی درسی کتاب-فلسفہ-رہنما اصول | 52 - 70 |
| .5 | تحتانوی سطح پر ماحولیاتی مطالعہ کے تدریسی طریقے | 71 - 117 |
| .6 | احتساب - جانچ | 118 - 174 |



اُذْكُرُوا مَحَاسِنَ مَوْتَاكُمْ وَكُفُّوا عَنْ مَسَاوِيهِمْ
(رواہ ابوداود والترمذی)

صوفیٔ باصفا، گلِ گلزارِ خانوادۂ شہ میریہ،
مؤلف شہ میری اولیاء، فخرِ سادات

## ادیبِ عرفانیات

# حکیم سید محمود بخاری رحمۃ اللہ علیہ

## اربابِ علم و دانش کی نظر میں



مرتب

**ڈاکٹر سید ریاض بخاری**

پبلشر
بخاری بک ڈپو، محل، ضلع چتور

# تفصیلاتِ کتاب


نام کتاب : حکیم سید محمود بخاری رحمۃ اللہ علیہ ارباب علم ودانش کی نظر میں

مرتب : ڈاکٹر سید ریاض بخاری

سن اشاعت : 17/اکتوبر 2018ء م 7 صفر المظفر 1440 ہجری

صفحات :

کمپیوٹر کتابت : الامین گرافکس

محمد وقار الدین (B),Hyd.T.S Cell:984855319

طباعت :

زیر انتظام : حکیم سید محمود بخاری صاحبؒ ٹرسٹ HSMBS Trust

زیر سرپرستی : ڈاکٹر سید شاہ جمال اللہ باشاہ بخاری قادری شہ میری اشرفی


## ملنے کا پتہ


بخاری بکڈپو، محل، ضلع چتور

سیل نمبر 9885691909

7989420881

# فہرست



| عنوان | مضمون نگار | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| قطعات تاریخ | ظہیر کانپوری | 6 |
| انتساب | ڈاکٹر سید ریاض بخاری | 7 |
| منقبت | سید فیاض بخاری کمال | 8 |
| عرض مرتب | سید شاہ محمد ریاض مصطفیٰ بخاری قادری | 9 |
| تو مجھ کو بھری بزم میں تنہا نظر آیا | خواجہ سید شاہ بابا رکن الدین احمد حسینی | 13 |
| نقوش غم | پروفیسر ڈاکٹر سید شاہ جمال اللہ باشاہ بخاری | 18 |
| میرے والد میرے مرشد | سید شاہ محمد ریاض مصطفیٰ بخاری شہ میری | 47 |
| مثنوی درحیاتِ مرشدی | سید شاہ محمد فیاض مصطفیٰ بخاری قادری کمالؔ | 53 |
| میرے ابّا جان | سید شاہ محمد اللہ بخاری شہ میری قادری | 69 |
| خاندان کے آخری بزرگ ــــ حضرت محمود بخاریؒ | ڈاکٹر سید حسینی باشاہ شہ میری | 70 |
| حضرت سید شاہ محمود بخاری ایک عبقری شخصیت | سید شاہ احمد پیر شہ میری | 72 |
| مؤلف شہ میری اولیاء۔ سید محمود بخاریؒ | ڈاکٹر سید وحید پاشاہ کوثر فی الحالی | 74 |
| موت العالِم موت العالَم | قاضی سید شاہ اعظم علی صوفی حسنی حسینی قادری | 82 |
| حکیم سید محمود بخاری صاحبؒ، ایک ہمہ گیر شخصیت | ڈاکٹر سید منیر محی الدین قادری | 84 |
| ولایت کی حامل ایک عظیم شخصیت | سید شاہ محمد اللہ ضیاء بختیاری | 89 |
| خانوادۂ شہ میریہ کے گوہر نایاب | سید انور پاشاہ حسینی سہروردی | 93 |
| پروفیسر ڈاکٹر سید جمال اللہ بخاری صاحب قبلہ | حافظ سید سراج الدین بخاری | 95 |
| حکیم سید شاہ محمود بخاریؒ کے خصائل وشمائل | محمد مقیم احمد رضوی | 97 |

ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری
شعبۂ اردو، گورنمنٹ ڈگری کالج، رائے چوٹی، ضلع کڈپہ، آندھرا پردیش

# ایک جامع الکمالات شخصیت

## حضرت مولانا حکیم سید شاہ محمود بخاری صاحب رحمۃ اللہ علیہ

حضرت حکیم سید شاہ محمود بادشاہ بخاری صاحب قبلہ علیہ الرحمۃ ایک عہد ساز جامع الکمالات شخصیت سے عبارت ہیں۔ آپ اپنے آپ میں ایک انجمن تھے۔ آپ ایک شخص نہیں، عہد آفرین شخصیت تھے۔ ایک شخصیت ہی نہیں بلکہ شخصیت ساز ذاتِ گرامی تھے۔

وما کان قیسٌ هلکهٔ هلكُ واحدٍ
ولکنّهٗ بُنیانُ قومٍ تَهدّمَا

یادش بخیر!

حضرت مولانا حکیم سید شاہ محمود بخاری صاحب قبلہ رحمۃ اللہ علیہ کو سب سے پہلے میں نے اپنی عہدِ طفولیت میں ایک مدرسے کے جلسے میں دیکھا جو محل میں منعقد ہوا تھا۔ قصبہ محل میں آپ ہی کے زیرِ انتظام وانصرام مسجد ومکتب اور مدرسہ کا نظم قائم تھا۔ آپ نے مسجد کی تولیت اور اس کے انتظام کے لیے ایک طویل عرصے تک جو خدمات انجام دیں، وہ ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ مسجد ومدرسہ کے تمام مصارف آپ ہی کی جانب سے پورے کئے جاتے تھے۔

عہدِ طفولیت، زمانۂ طالب علمی اور اس کے بعد جب کبھی موقعہ ملتا، میں حضرتِ والا کی خدمت بابرکت میں حاضری دیتا اور دعاؤں کی بیش بہا دولت لے کر لوٹتا۔

بلاشبہ آپ کی ذاتِ والا صفات ایک ابر کرم کی مانند تھی، جو ہر پیاسے کو سیراب کرے بلکہ اپنی فیض رسانی سے زمین کو اس قابل بنادے کہ وہ چمن لالہ زار اور ارم کا گلزار بن جائے۔

میں نے اپنی حیاتِ مستعار میں (جس کے چالیس بہاروخزاں کا میں کسی قدر سرد وگرم چشیدہ ہوں) آج تک بایں احوال وکوائف، بلند مقام ومرتبہ پرفائز المرام، اوصافِ حمیدہ اور جوہرِ ذاتی کے ساتھ ایسی منکسر المزاج، حلیم وبردبار، متواضع، باوقار اور شیریں گفتار و بلند اطوار شخصیت کہیں نہیں دیکھی۔ اور اب تو صاحبِ قبلہ علیہ الرحمۃ کے بعد، ایسا لگتا ہے کہ ایسی کسی شخصیت کا وجود، حیطۂ امکان سے باہر نہ سہی، لیکن شاید بہت محال ہے۔

صاحبِ قبلہ کی ذاتِ بابرکت ایک عظیم نعمتِ غیر مترقبہ تھی۔ ایک ایسے دور میں جہاں ہر شخص مادیّت زدہ ہو، مادیت پرست ہو، اور بہ استثنائے چند بالعموم سبھی نے دنیاداری ہی کو مطمحِ نظر بنا رکھا ہو، کسی ایسی شخصیت کا وجود باجود نعمتِ غیر مترقّبہ نہ کہلائے تو پھر کیا اصطلاح ہوگی جسے یہاں صرف کیا جائے؟۔

حضرت حکیم سید شاہ محمود بخاری صاحب کی شخصیت، بلاشبہ جامع الکمالات اور معدنِ محاسن کے ساتھ گوناگوں وہبی واکتسابی صلاحیتوں کا مظہر تھی۔ آپ نے اپنے موافق وناموافق حالات کے باوجود علم وادب اور تصوّف وعرفان میں فضل وکمال حاصل کیا۔

آپ ایک ایسے حکیمِ حاذق، طبیبِ ماہر، معالجِ کامل اور نبّاضِ وقت تھے جن کا سروکار صرف امراضِ جسمانی اور عوارضِ بدنی تک محدود نہیں تھا۔ آپ کے یہاں مریض کو جہاں جسم و بدن کی بیماریوں کی دوا ملتی، وہیں امراضِ روح اور عوارضِ نفس کے لیے نسخہ ہائے شفاء بھی موجود تھے۔

حضرت حکیم سید شاہ محمود بخاری صاحب قبلہ کے الطاف وعنایات ہر فرد پر کچھ ایسے تھے کہ ہر شخص اپنے آپ کو صاحبِ قبلہ کے حضور سب سے زیادہ اہمیت کا حامل سمجھتا تھا۔

مجھ بے بضاعت کو ایک ایسا موقعہ نصیب ہوا کہ مجھے صاحب قبلہ کے ساتھ مدراس کے سفر کی سعادت میسر آئی۔ اس سفر کی خوشگوار یادیں میرے ذہن ودل پر آج تک مترسم ہیں۔

آپ کی شفقت ومحبّت، خلوص ومودّت، خوردنوازی وکرم گستری، یگانگت واپنائیت،

اور عنایات وکرم فرمائیاں، وہ اوصافِ عالی ہیں، جنہیں آپ سے تعلق رکھنے والے ہر فرد نے محسوس کیا ہے۔ وہ تمام افراد اس بات کی گواہی دیں گے کہ انہوں نے ان خصائص و خصوصیات اور اوصاف وکمالات میں کسی کو آپ کا ثانی نہیں پایا۔

آج میں جب صاحبِ قبلہ پر اپنے تاثرات اور جذباتِ عقیدت پیش کرنے اور آپ کی ذاتِ گرامی کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کرنے بیٹھا ہوں تو یوں محسوس ہوتا ہے کہ آپ ایک شجرِ سایہ دار تھے۔ ایسا ابرِ کرم تھے جس کا فیضان بلا امتیاز سب کے لیے تھا۔ آپ اخلاقِ حسنہ اور اخلاقی اقدار کے ایسے علمبردار تھے کہ آپ کی ایک ایک ادا سے نسبتِ صاحبِ خلقِ عظیم کی شان ظہور پذیر ہوتی تھی۔ آپ کی ذاتِ گرامی ایک ایسا چشمۂ صافی تھی جس میں کسی بھی کدر یا عدم شفافیت کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا تھا۔ آپ کی فکر ونظر میں صوفیائے صافیہ کے انوار وبرکات مترشّح تھے۔ اکابرِ سلسلۂ شہہ میریہ کے مطابق، شریعتِ مطہّرہ کے ساتھ طریقت کا امتزاج آپ کے ہاں اولین شرط رہی۔ آپ کے یہاں خلافِ شرعِ شریف کوئی بھی فعل یا امر تصوف کی نقیض تھا، بلکہ آپ ہمیشہ عرفان ومعرفت کو شریعت کی روح اور اصل قرار دیتے تھے۔

صاحبِ قبلہ کا امتیازی وصف سادگی تھا۔ ہر بات میں سادگی، ذوقِ طعام ہو یا حسنِ کلام، رفتار وگفتار ہو یا طرزِ فکر وعمل، سادگی گویا آپ ہی پر ختم تھی۔ روایات میں جو وارد ہے کہ "کان اصحابُ رسولِ اللہِ اَقلّ تکلّفاً" (حضرات صحابۂ کرام تکلف نہیں کرتے تھے) اس کا عملی مظاہرہ میں نے جن چند شخصیات میں پایا، ان میں صاحبِ قبلہ علیہ الرحمۃ سب سے ممتاز تھے۔

بڑے صاحب قبلہ رحمۃ اللہ علیہ کا ایک نمایاں وصف اور آپ کا طرّۂ امتیاز (اور اس باب میں سب مجھ سے اتفاق کریں گے) جسے میں نے ہمیشہ محسوس کیا، آپ کا درگزر اور عفو وحلم اور بردباری اور تحمّل مزاجی ہے۔ آج ان ہی اقدار واوصافِ عالی کی سخت ضرورت ہے۔

صاحب قبلہ کے یہاں صوفیائے کرام کی روایات کی پاسداری میں سب کے لیے گنجائش اور سب کے لیے کشادہ قلبی پائی جاتی تھی۔ آپ کے دامانِ قلبِ سلیم میں سبھی کے لیے توسّع، کشادگی اور عالی ظرفی پائی جاتی تھی۔

## حلیۂ مبارک

صاف شفاف نہایت سرخی مائل گوری رنگت، رنگت یوں لگے جیسے کسی نے دودھ میں ہلکا سازعفران ملا دیا ہو۔ روشن کشادہ پیشانی، جس سے آپ کا فضل وکمال اور اقبال مندی وعالی نسبی صاف متبادر ہوتی تھی۔ وقار وتمکنت اور عزتِ سادات وجاہ وحشمِ خاندانی کی آئینہ دار ناک، جو بہت زیادہ بڑی تو نہیں لیکن متناسب ومتوازن۔ آپ کے چہرۂ مبارک پر ناک پُر جمال تھی۔

پُرنور روشن نورانی آنکھیں، جن میں ''صاحب نظراں'' کی تمام رعنائیاں اور جلوہ سامانیاں، اہلِ نظر کی ادائیں، دیدہ وری کی کیفیات آشکار، فراستِ ایمانی ہویدا، فَاِنَّہٗ یَنْظُرُ بِنُوْرِ اللّٰہ کی ہیبت نگاہی، کہ اگر کوئی نظریں چار کرنے کی جسارت کرے تو فوراً نگاہیں نیچی کرنے پر مجبور ہو جائے۔

آپ کی جسمانی ساخت اور ظاہری وضع قطع ایسی تھی کہ آپ بظاہر نحیف ونزار لگتے، لیکن ایک جبلِ علم تھے۔ طویل القامت نہ تھے لیکن علمی بلند قامتی کا یہ عالم تھا کہ بڑے بڑے عالم وفاضل آپ کے آگے بونے لگتے تھے۔

دبلے پتلے، دھان پان اور چھریرے اکہرے بدن کے ساتھ آپ کے اندر زبردست قوتِ برداشت اور حالات سے نبرد آزما ہونے کی محیّر العقول صلاحیت واستعداد موجود تھی۔ آپ نے اپنی زندگی میں صبر آزما مراحل کو طے کیا تھا۔ آپ کو کوئی عارضہ کبھی لاحق نہیں ہوا۔ اس کی وجہ میں یہی سمجھتا ہوں کہ آپ طہارت، نظافت اور پاکی صفائی کا ازحد خیال رکھتے ہیں۔ قلتِ طعام، قلتِ کلام اور قلتِ اختلاط مع الانام کے اصول پر گامزن رہے۔ آپ کی غذا انتہائی قلیل المقدار ہوا کرتی تھی کہ دیکھنے والوں کو تعجب ہوتا تھا۔

چہرہ بشرہ سے آپ کی کیفیتِ انشراحِ قلبی صاف عیاں ہوتی۔ آپ کے رخِ زیبا سے مترشح ہونے والی فرحت مزاجی، انشراحِ قلبی، انبساطِ خاطر سے معلوم ہوتا تھا کہ راضی برضائے الٰہی ہیں۔ گویا افکار و آلام اور ہجومِ غم کو آپ نے خدا کے سپرد کر دیا ہے کہ وَاُفَوِّضُ اَمرِی اِلَی اللہِ اِنَّ اللہَ بَصِیرٌ بِالعِبَاد۔

آپ کا طرزِ تخاطب، اندازِ تکلّم، گفتگو کا لب و لہجہ اور شیریں سخنی کا یہ عالم ہوتا کہ ''وہ کہیں اور سنا کرے کوئی''۔ آپ کی گفتگو میں ہر لفظ کا انتخاب بہت نپے تلے انداز میں ہوتا۔ آپ کا خنک لہجہ، گویا آپ ہی پر ختم تھا۔ آپ ہمیشہ مخاطب کی ذہنی سطح، فکری نوعیت اور مزاج و عمر کو ملحوظ رکھتے تھے۔

آپ کے اسفار میں پاکستان کا سفر اہمیت کا حامل ہے۔ اس سفر کے حالات آپ اکثر سنایا کرتے تھے۔ آپ کا یہ سفر بغیر کسی تیاری کے اچانک ہوا تھا۔ آپ کو فوراً ویزا مل گیا اور آپ نے رختِ سفر باندھ لیا۔ اس یادگار سفر کی یادوں میں اکابر و مشائخ کی زیارتیں، علمی و ادبی ملاقاتیں، ارادت مندوں کی خاطر مداراتیں شامل تھیں۔

حضرت سید محمود بخاری صاحب کی حیات کا ایک اہم واقعہ یہ ہے کہ انہوں نے حضرت سید نوراللہ بادشاہ بخاری علیہ الرحمۃ کے غیر مطبوعہ دیوان کے حصول کے لیے علی گڑھ کا سفر کیا۔ یہ نایاب دیوانِ شاہ نوراللہ، انجمن ترقی اردو، علی گڑھ کے کتب خانے میں محفوظ ہے۔ علی گڑھ کے اس دشوار گزار سفر اور وہاں ایک ہفتہ قیام کے باوجود نامساعد حالات کی وجہ سے مخطوطہ دیوان حاصل نہ ہو سکا۔

اسی طرح کا ایک اور سفر قابلِ ذکر ہے۔ قرب و جوار ہی میں واقع ایک مقام کے اس سفر بلکہ اسفار لا حاصل کا حاصل یہی ہے کہ خاندانی مخطوطات پر جن کی اجارہ داری ہے وہ علم کے خزانے پر مانندِ مار قابض ہیں۔ اسلاف کا عظیم سرمایہ کسی کی تخصیص کے بجائے سب کی امانت ہے۔ یا اسے منظرِ عام پر لایا جائے یا تمام متعلقین و وابستگان میں عام کیا جائے۔

یہاں جملۂ معترضہ کے طور پر اس ضمن میں یہ عرض کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ صاحب قبلہ نے کبھی علم وعرفان کی کسی تصنیف وتالیف کو پوشیدہ رکھنا ہرگز مناسب نہیں سمجھا۔ آپ کے درِ دولت میں آپ کی ذاتِ والا صفات کے بعد سب سے اہم گنجِ گراں مایہ آپ کی وہ مخزونہ کتابیں تھیں جو مطبوعات ومخطوطات کی شکل میں محفوظ تھیں۔ آپ کے یہاں نادر و نایاب رسائل وجرائد کی مکمل فائلیں موجود تھیں۔ اخبارات اور ہفت روزہ رسائل بھی آپ بہت اہتمام سے محفوظ رکھتے تھے۔ جب کسی طالب میں طلبِ صادق دیکھتے، اس کے علمی ذوق کے پیش نظر اس خزانۂ خاص سے عطاء کے دروازے کھول دیتے۔ اس سلسلہ میں آپ کو بہت سے لوگوں نے گزند اور تکلیف بھی پہنچائی۔ کتابوں کو لوٹانے میں لیت ولعل اور علمی امانت میں خیانت کے ارتکاب کرنے والوں کی وجہ سے آپ کے ذخیرے کی بیش بہا چیزیں تلف ہوگئیں۔ اس کے باوجود آپ نے اپنے متعلقین کو اس عظیم ذخیرۂ کتب سے اپنے دستِ عطا کو دست کش نہیں ہونے نہیں دیا۔

ایک مرتبہ میں جناب محمد نقی اللہ خان نقی گرم کنڈوی اور جناب سہیل احمد صاحبان کے ہمراہ حاضری کی سعادت سے بہرہ مند ہوا۔ آپ نے بہت التفات فرمایا۔ علمی وادبی گفتگو دیر تک جاری رہی۔ آپ نے طبیعت کی ناسازی کے باوجود، کتابوں کی الماریاں کھول دیں۔ اپنے دستِ مبارک سے مخطوطات نکالے اور ان کی زیارت یوں کروائی کہ ہر کتاب پر تفصیل کے ساتھ ارشاد فرماتے رہے۔ ان میں حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت کے مخطوطہ کا طلائی نسخہ، حضرت شاہ کمال کے مخطوطات کے نسخے اور بہت سے نوادر تھے۔ اس پر آپ کی عنایات کا یہ عالم کہ آپ نے فرمایا ''جو چاہے لے لو بادا۔'' اس عطائے خاص کا ایک ایک لمحہ مجھ بے بضاعت کے لیے نعمتِ غیر مترقبہ تھا۔ خزانے میرے سامنے موجود تھا، جس میں درِ ناسفتہ، لولوئے لآلی، گہر ہائے صدف، درِ آبدار وتابدار، جواہر، موتی، ہیرے، درِ نجف، عقیقِ یمنی، مرجان، مونگے، نیلم، پکھراج، مروارید، یاقوت، زبرجد اور ہمہ اقسام کے ہیرے جواہرات موجود تھے۔

حضرت حکیم سید شاہ محمود بادشاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ کو ادیبِ عرفانیات کا خطاب دیا گیا تھا۔ کنٹور کی ایک ادبی بزم کی جانب سے یہ خطاب پیش کیا گیا تھا۔

صاحبِ قبلہ بلا ''شبہ ادیبِ عرفانیات'' تھے، آپ اس لقب اور خطاب کے لیے اسم با مسمّٰی تھے۔ آپ کی تصنیفِ لطیف ''شہہ میری اولیاء'' ایک تاریخی دستاویز ہے۔ بزرگانِ سلسلۂ شہہ میری کے حالات و سوانح کا ایک شہکار مرقع ہے۔ اس کتاب کی ادبی حیثیت مسلم ہے۔ تحقیق و تدقیق، نقد و انتقاد اور تقریظ و تذکار کے معاملے میں اس کتاب کی حیثیت لاجواب تصنیف اور بے مثال تالیف کے بطور مستند اور معتبر ہے۔

حضرت ممدوح کے مقالات کا مجموعہ ''مقالاتِ محمود بخاری'' کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔ اس کے مرتب جناب ڈاکٹر سید محمد ریاض مصطفٰی بخاری صاحب ہیں۔ یہ گراں قدر مقالات و مضامین کا مجموعہ حضرت ادیبِ عرفانیات کے منہجِ علم و ادب، عرفان و تصوّف اور علمیت و ادبیت کا شاہکار مرقع اور حسین گلدستہ ہے۔ اس کے مشمولات جہاں عوام کے لیے عام فہم ہیں، وہیں خواص کے لیے غور و فکر کے کئی در وا کرتے ہیں۔

اس کتاب میں شامل مضامین، مقالات، تبصرے، انشائیے، اور خطبات سے حضرتِ ممدوح کی محققانہ دیدہ وری، مؤرخانہ ژرف نگاہی، تنقیدی بصیرت، ناقدانہ ادراک، عارفانہ نکتہ سنجی، سالکانہ انشراحِ قلبی، صوفیانہ نکتہ سنجی، انشا پرداز شگفتہ مزاجی آشکار ہے۔ یہ کتاب ایک شاندار حسین گلدستہ ہے بلکہ دلکش سبدِ گلہائے رنگارنگ ہے۔

سب سے پہلا مقالہ مطالعۂ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ صاحبِ والا کو اس موضوع سے والہانہ تعلق تھا۔ ذاتِ رسالتمآب علیہ الصلاۃ والتسلیم سے جو عقیدت و احترام اور وابستگی و شیفتگی تھی، بلاشبہ وہ آپ کا سرمایۂ حیات تھی۔ اس مقالہ میں آپ نے سیرت طیبہ کے موضوع پر منظوم سیرت نگارانِ نبوی کا اجمالی تذکرہ فرمایا ہے۔ آپ نے تقریباً بارہ منظوم سیرت النبی علی صاحبھا الصلوۃ والسلام کا تعارف اور نمونۂ کلام وانتخاب پیش فرمایا ہے۔

دوسرا مقالہ ہے: ''کربلا آج بھی ہے، فوجِ یزید آج بھی ہے''۔ اس مقالہ میں آپ نے بہت اجمال و تفصیل کے بین بین موضوع کا مکمل احاطہ کیا ہے۔ آپ نے ایسے منتخب اور برمحل اشعار پیش کئے ہیں جو نہ صرف فکر و شعور کو اس عظیم سانحہ کا احساس دلاتے ہیں بلکہ کارگاہِ حیاتِ مستعار میں حق و باطل، حسینیت اور یزیدیت میں معرکہ آرائی کا بیان ہیں۔

اس مضمون کا ایک جملہ ہے: ''مصائبِ کربلا وشہادتِ حسینی کو یاد کر کے رونا، دریائے اجر و ثواب پر ولینا ہے۔''

ایک اور جگہ رقم طراز ہیں:

''گویا حسینؓ نام ہے، اس جذبہ وعمل کا، جسے اپنا کر آدمی حق کے مطالبوں اور زندگی کے تقاضوں کی پابجائی کر کے سربلند وسرخرو ہوتا ہے۔''

''حسین نام ہے، ظلم وعدوان کا عزمِ مصمم اور ہمت وحوصلہ کے ساتھ دفاع کرنے اور شرارِ بولہبی کو نیست و نابود کرنے اور چراغِ مصطفوی کو جلائے رکھنے کا۔''

برگِ تبول تحفہ درویش اور آئینہ، دونوں انشائیے آپ کی زبردست قدرتِ انشاء پردازی اور وسعتِ علم ومطالعہ پر دال ہیں۔

شاملِ کتاب تبصروں سے آپ کے ناقدانہ بصیرت اور عادلانہ فکر ونظر مترشح ہوتی ہے۔ آپ کے تبصرہ کا ہر لفظ محتاط اور مبنی بر عدل وانصاف ہے۔ ایسے تبصروں کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ فن تبصرہ نگاری، جگرکاری اور عادلانہ حزم واحتیاط کا متقاضی ہے۔ آپ کے تبصرے اختصار کے باوجود جامعیت کے حامل ہیں۔ ایسے تبصروں سے کتابوں کے مطالعہ کا شوق پیدا ہوتا ہے۔

جامع الکمالات حضرت سید شاہ محمود بخاری علیہ الرحمۃ کے فرزندانِ گرامی میں آپ کا علمی وادبی ذوق اور موروثی صفات منتقل ہوئی ہیں۔ آپ کے کئی منصوبے تھے، جن میں کئی

مخطوطات کی اشاعت اور سلسلہ کی تصانیف کو منظرِ عام پر لانا شامل تھا۔ آپ کے فیضان کو جاری رکھنے میں آپ کے فرزندانِ گرامی کی مساعی قابل ستائش وتحسین ہیں۔ خلفِ اکبر جانشینِ صاحب قبلہ ڈاکٹر سید جمال اللہ باشاہ بخاری اور ڈاکٹر سید محمد ریاض بخاری صاحبان علم وعرفان اور سلوک وتصوف کے معارف کو اپنی تقاریر وتحاریر کے ذریعہ عام کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر سید محمد ریاض بخاری صاحب کا تحقیقی مقالہ عنقریب شائع ہونے والا ہے۔ تصوف پر ایک کتاب طباعت واشاعت کی منتظر ہے۔ آپ صوفیائے کرام پر اپنے تحقیقی کام کو اور دیگر کتابوں کو مرتب کر کے شائع کرنے والے ہیں۔ جناب سید فیاض بخاری صاحب' اس وقت ایک خوش فکر شاعر اور حضرتِ قبلہ کی علمی وادبی میراث کے علمبردار ہیں۔ آپ کا تخلص کمالؔ ہے، جسے آپ کے والدِ ماجد ہی نے تجویز فرمایا تھا۔ آپ کی شاعری اور شعری رجحانات سے پر وہبی اور عطائی نعمت کا یقین ہوتا ہے۔ حضرت قبلہ علیہ الرحمۃ کے فیوض وبرکات اور توجہات وعنایات ہی سے آپ شعر گوئی کی طرح مائل ہوئے۔ اللھم زد فزد۔

*

ھو الباقی

قَالَ اللّٰہُ الْقَوِیُّ اِنَّہٗ ھُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْم

۲۰۱۷ ع

# تاریخ رحلت

علامہ حکیم سید شاہ محمود بخاری قادری شہ میری علیہ الرحمہ

( ۷ر صفر م ۲۷ر اکتوبر جمعہ )

قطعۂ تاریخ صوری

اک حکیم و عارف و صوفی محقق اور ادیب ٭ یعنی سید شاہ محمود شہ میری بخاری قادری

چھوڑ کر دنیائے فانی جب ہوئے واصل حق ٭ لب پہ کلمہ تھا نظر میں جلوۂ پاک نبی

ہجری تاریخ وصال اعظم کوئی پوچھے کہو

ساتویں ماہ صفر چودہ سو انتالیس تھی

۱ ۴ ھ ۳ ۹

نتیجہ فکر

قاضی سید شاہ اعظم علی صوفی اعظم حسنی حسینی قادری

[illegible]

زیر سرپرستی

پروفیسر ڈاکٹر سید شاہ جمال اللہ پاشاہ بخاری قادری شہ میری اشرفی

زیر اہتمام

سید شاہ محمد فیاض مصطفیٰ بخاری شہ میری قادری کمال

حکیم سید محمود بخاری صاحب ٹرسٹ کل، (ضلع چتور)

آندھراپردیش اسٹیٹ اردو اکیڈمی، محکمۂ اقلیتی بہبود، حکومتِ آندھراپردیش

# یادگاری مجلّہ

## ساوینر

# مولانا ابوالکلام آزادؒ



بتاریخ 11 رنومبر 2018ء مولانا آزاد کا 131 ویں یومِ ولادت
قومی یومِ تعلیم اور یومِ اقلیتی بہبود کے موقعہ پر شائع کردہ یادگاری مجلہ

آندھراپردیش اسٹیٹ اردو اکیڈمی، وجئے واڑہ

آندھراپردیش اسٹیٹ اردو اکیڈمی
ఆంధ్రప్రదేశ్ రాష్ట్ర ఉర్దూ అకాడమి
A.P STATE URDU ACADEMY

Scanned with CamScanner

# فہرست


| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | عرضِ مرتب | ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری عمری | 7 |
| ۲ | مولانا آزاد ایک عظیم مفکر و دیدہ ور | پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ | 8 |
| ۳ | مولانا ابوالکلام آزاد کی ادبی خدمات | پروفیسر ستار ساحر | 13 |
| ۴ | ابوالکلام آزاد اور ان کا شاہکار ترجمان القرآن | ڈاکٹر سید وحید کوثر | 17 |
| ۵ | سیکولر ہندوستان کے معمار مولانا آزاد | ڈاکٹر سید نجی اللہ | 22 |
| ۶ | مولانا ابوالکلام آزاد بحیثیت صحافی | ڈاکٹر محمد نثار احمد | 26 |
| ۷ | مولانا آزاد کی تحریروں میں طنز و مزاح | ڈاکٹر محمد امین اللہ | 30 |
| ۸ | میں ابوالکلام آزاد ہوں | ڈاکٹر محمد اسلم فاروقی | 34 |
| ۹ | مولانا آزاد اور فلاحِ انسانیت | ڈاکٹر نشاط احمد عمری | 38 |
| ۱۰ | مولانا آزاد اور مولانا محمد علی جوہر | ڈاکٹر شیخ فاروق باشا عمری | 40 |
| ۱۱ | مولانا آزاد بحیثیت وزیر تعلیم | ڈاکٹر ایس محمد یاسر | 46 |
| ۱۲ | مولانا آزاد-نہرو کی نظر میں | ڈاکٹر شاذیہ بیگم | 50 |
| ۱۳ | مولانا آزاد کے تعلیمی تصورات | محمد فیض اللہ | 53 |
| ۱۴ | مولانا آزاد بحیثیت شاعر | ڈاکٹر سید فتح اللہ بختیاری عمری | 59 |
| ۱۵ | مولانا ابوالکلام آزاد کا فنِ حدیث میں تبحر | ڈاکٹر ابوبکر ابراہیم عمری | 62 |
| ۱۶ | امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد کی شانِ خطابت | محمد نقی اللہ خان | 65 |
| ۱۷ | سیکولرازم اور متحدہ قومیت کے علمبردار | ش م. ہاشم طلیق عمری | 72 |
| ۱۸ | مولانا آزاد بحیثیت ماہر تعلیم | ستار فیضی | 78 |
| ۱۹ | مولانا آزاد مکاتیب کے آئینے میں | ایس. ٹی نوراللہ | 81 |
| ۲۰ | مولانا آزاد کا شعری شغف | سردار ساحل | 85 |
| ۲۱ | مولانا آزاد کی خدماتِ جلیلہ | سید شکیل احمد شکیل | 88 |
| ۲۲ | مولانا آزاد بحیثیت مجاہدِ آزادی | امام قاسم ساقی | 90 |
| ۲۳ | مولانا آزاد کی تفسیر ترجمان القرآن | حافظ ڈی. عبدالعلیم عمری | 92 |
| ۲۴ | مولانا آزاد کی تفسیر اور اس کا انتساب | شاہ جہاں بیگم گوہر کرنولی | 95 |
| ۲۵ | سیاسی شعور کی بیداری میں الہلال کا کردار | شیخ انور ہادی | 100 |
| ۲۶ | مولانا آزاد کی نظر میں اسلام کا پیغامِ امن | ڈاکٹر حکیم رئیس فاطمہ | 103 |
| ۲۷ | مولانا آزاد کا سیاسی رول | ڈاکٹر آمنہ آفرین | 105 |
| ۲۸ | مولانا آزاد: ملت کے غم گسار | رفعت آسیہ شاہین | 107 |
| ۲۹ | مولانا آزاد پر تحقیق کے امکانات | ظہیر دانش عمری | 109 |
| ۳۰ | آزاد شناسی کے لوازم اور فکرِ آزاد کی معنویت | ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری عمری | 112 |




Scanned with CamScanner

ڈاکٹر شیخ فاروق باشا عمری
اسسٹنٹ پروفیسر، شعبۂ اردو، گورنمنٹ ڈگری کالج، رائے چوٹی

# مولانا ابوالکلام آزادؔ اور مولانا محمد علی جوہرؔ

ہندوستان کی تحریک آزادی میں مسلمانوں کا رول نہایت واضح اور دوٹوک رہا ہے۔ مسلمان اپنے رہنماؤں کی رہبری میں ہندوستانی اقلیتی طبقے ہونے کے باوجود اکثریتی طبقہ سے کہیں بڑھ کر جان و مال کی قربانی پیش کی۔ مسلمانوں میں قومیت، وطنیت اور جذبہء حریت پیدا کرنے میں جن اہم قائدین کا رول رہا ہے ان میں سرفہرست امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد اور رئیس الاحرار مولانا محمد جوہر ہیں۔

خدا نے ان دونوں قائدین کو بے شمار صلاحیتوں اور لیاقتوں سے نوازا تھا۔ تقریر ہو یا تحریر، صحافت ہو یا سیاست، قیادت ہو یا امامت، نظم ہو یا نثر، ہر میدان کے وہ ماہر تھے، سب سے بڑھ کر دونوں جذبہء ایمانی سے سرشار تھے۔ کبھی انہوں نے اپنے ذاتی مفاد کے لیے کسی سے سمجھوتہ نہ کیا۔ اور نہ دشمنوں کے آگے سر تسلیم خم کیا۔ اپنی بے پناہ صلاحیتوں کے باعث وہ چاہتے تو ان کو انگریزی حکومت میں بڑے سے بڑا عہدہ پا سکتے تھے۔ اور ان کی زندگی شاہانہ گزر سکتی تھی لیکن انہوں نے فقیری اور اسیری کی زندگی کو محبوب جانا۔

بیسویں صدی کے اوائل میں حالات شدید انتشار سے دوچار تھے۔ ہندوستانیوں کے لیے ہر قدم پر کانٹے بچھے ہوئے تھے۔ ان حالات میں صحافت کی پر خار وادی میں قدم رکھنا اپنے لیے موت کو دعوت دینا تھا۔ محمد علی جوہر آزاد سے دس سال بڑے تھے۔ چنانچہ ان کو صحافت کے میدان میں اولیت کا درجہ حاصل ہے۔ وہ انگریزی زبان پر بے پناہ قدرت رکھتے تھے۔ چنانچہ قوم و ملک کی خدمت کے لیے انہوں نے کامریڈ کے نام سے ۱۴، اجنوری ۱۹۱۱ء میں کلکتہ سے ہفتہ وار اخبار جاری کیا۔ جسے بے پناہ مقبولیت حاصل ہوئی۔ ہندوستانیوں کے دل جیت ہی لیے لیکن اہل زبان انگریز بھی مولانا کے اسلوب پر فریفتہ ہو گیے اور بے چینی سے اخبار کی راہ تکتے تھے۔

مولانا ابوالکلام آزاد ۱۳ جولائی ۱۹۱۲ء کو کلکتہ سے ''الہلال'' اخبار جاری کیا۔ جس کے عزائم جتنے بلند تھے زبان و اسلوب بھی اتنا ہی دلکش اور پر تاثیر تھا مولانا آزاد نے بھی صحافت کے ذریعے قوم ملت کی خدمت اور اہل ہند میں جذبہء حریت پیدا کرنا چاہتے تھے۔ الہلال میں لکھتے ہیں۔ ''ہم اس بازار میں سودائے نفع کے لیے نہیں بلکہ تلاش زیاں و نقصان کے لیے آئے ہیں۔ صلہ و تحسین کے لیے نہیں بلکہ نفرت و دشنام کے طلبگار ہیں، عیش کے پھول نہیں بلکہ خلش و اضطراب کے کانٹے ڈھونڈتے ہیں۔'' (ایوان اردو، دہلی دسمبر ۱۹۸۸ء ص ۴۸)



جس طرح مولانا محمد علی کی انگریزی نے ساری دنیا میں دھوم مچا دی اسی طرح مولانا آزاد کی نثر نے حیات آفرین کا درجہ پایا۔ مولانا آزاد کی اردو نثر کے تقابل میں مولانا محمد علی تو کیا کوئی بھی اہل قلم دور دور تک ان کا ہم سایہ نظر نہیں آتا ہے۔

''الہلال اور ہمدرد'' نے اردو صحافت کو ایک نیا معیار عطا کیا۔ قوم دوستی، حب الوطنی، سیاسی بیداری کے جذبات پیدا کیے۔ باطل اوہام اور فرسودہ تصورات کا قلع قمع کیا۔ اہل ہند کے دلوں میں تحریک آزادی کی روح پھونک دی دونوں اخباروں نے کھل کر ہندو مسلم اتحاد اور یکجہتی کا سبق پڑھایا محمد علی اپنے اخبار ہمدرد میں اتحاد کے تعلق سے مولانا ابوالکلام آزاد کا یہ بیان جاری کیا۔

''اس وقت کی اہم ترین ضرورت اتحاد ہے میں توقع کرتا ہوں کہ لیڈران چھوٹے چھوٹے اختلافات کو نظر انداز کر دیں گے۔ اور وقت کا جو کچھ تقاضہ ہے اس کو پورا کرنے کے لیے تیار ہوں گے''۔ (ہمدرد ۲۴، نومبر ۱۹۲۴ء ص ۵)

ہندوستان کی تحریک آزادی کو تقویت پہنچانے میں تحریک خلافت کا بڑا عمل دخل رہا ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ اس تحریک کے تاسیس گزاروں میں مولانا محمود الحسن ؒ اور مولانا عبد الباری ہیں لیکن اس تحریک کو عام کرنے اور بلا تفریق مذہب و ملت سارے ہندوستانیوں کو اس میں شمولیت کے لیے فضا تیار کرنے میں جہاں بہت سے علماء کا رول رہا ہے وہیں علی برادران اور مولانا ابوالکلام آزاد کی کاوشیں بھی ناقابل فراموش ہیں۔ خلافت تحریک کو اس وقت اور بھی استحکام ملا جب اس میں گاندھی جی بھی شریک ہو گیے۔ بالآخر یہی تحریک تحریک آزادی میں تبدیل ہو گئی۔ علی برادران اور تحریک خلافت ایک جاں دو قالب ہو گئے۔ یہ اشعار زبان زد خاص و عام تھے۔

بولیں اماں محمد علی کی — جان بیٹا خلافت پہ دے دو
ساتھ ہیں تیرے شوکت علی بھی — جان بیٹا خلافت پہ دے دو
ہوتے میرے اگر سات بیٹے — کرتی سب کو خلافت پہ صدقے

مولانا آزاد اور مولانا محمد علی کو صحافت اور خطابت کی بدولت کئی بار جیل جانا پڑا، قصور صرف یہ تھا کہ دونوں صحافت کے ذریعہ ہندوستانیوں کے دلوں میں آزادی کی روح پھونک رہے تھے اور مکمل آزادی کا مطالبہ کر رہے تھے۔ مولانا آزاد اپنی زندگی کے ۹ رسال ۷ رمہینے زندان فرنگ میں رہے اور محمد علی تقریباً ۷ رسال قید فرنگ میں رہے۔ ان دونوں بزرگوں نے قید کی زندگی کو ہنسی خوشی قبول کر لیا۔ مولانا آزاد ایک خط میں لکھتے ہیں۔ ''وقت کے حالات پیش نظر رکھتے ہوئے اس تناسب پر غور کرتا ہوں تو تعجب ہوتا ہے، اس پر نہیں کہ سات برس آٹھ مہینے قید و بند میں کیوں کٹے؟ اس پر کہ صرف سات برس آٹھ مہینے ہی کیوں کٹے؟۔ (ایوان اردو دہلی، دسمبر ۱۹۸۸ء ص ۴۲)

مولانا محمد علی اپنی اسیری کے ایام کو خوش قسمتی سے تعبیر کرتے ہیں۔

فیض سے تیرے ہی اے قید فرنگ — بال و پر نکلے قفس کے در کھلے

آزاد و جوہر خوددار طبیعت کے مالک تھے۔ قوم کے مفاد کی خاطر انہوں نے اپنے ذاتی مفاد کو قربان کر دیا۔ دوران

اسیری مولانا آزاد نے اپنی رفیق حیات کی شدید علالت، رحلت اور آخری رسومات میں شرکت کے لیے درخواست دینے کو قوم کے مفاد کے مغائر اور اپنے لیے باعث ہزیمت سمجھا۔ اپنی وفا شعار بیوی کی ہمیشہ کی جدائی کو گوارا کرلیا لیکن حکام وقت کے آگے جھکنا پسند نہیں کیا۔ بالکل اسی طرح مولانا محمد علی بھی بیجاپور جیل میں محروس تھے بیٹی آمنہ شدید ترین مرض دق میں مبتلا تھیں اور اسی مرض میں وہ بھی اس دنیا سے رحلت کر گئیں۔ بیٹی کی وفات والد کے دل پر کیا قیامت ڈھائی ہوگی لیکن مولانا نے غم جدائی کو برداشت کرلیا۔ صبر وشکر اور تسلیم و رضا کا پیکر بنے رہے۔ اور کیا ہی خوب کہا۔

تیری صحت ہمیں مطلوب ہے لیکن اس کو نہیں منظور تو پھر ہم کو بھی منظور نہیں

مولانا آزاد اور مولانا محمد علی کے مابین کئی چیزوں میں مماثلت پائی جاتی ہے۔ صحافت، سیاست اور خطابت کی صلاحیتیں دونوں کے رگ پے میں سرایت کر گئیں تھیں۔ راسخ العقیدہ مذہبی پیروکار ہونے کے ساتھ حب الوطنی، قوم دوستی اور ملت کی خیر خواہی کے جذبات سے سرشار تھے۔ صاحب طرز ادیب، بلند پایہ نثر نگار اور کہنہ مشق شاعر تھے۔ ایک کو شاعری میں تفوق ہے تو دوسرے کو نثر میں تقدم۔

مولانا آزاد اور جوہر کی نثر کا تقابل کیا جائے تو یہ واضح ہوتا ہے کہ مولانا محمد علی جوہر کے یہاں مولانا آزاد جیسا حُسن، دلکش اسلوب اور زور بیان نہیں لیکن خلوص، درد، تاثیر، عام فہمی اور سلاست اور دل نشینی میں یقیناً ان کی نثر کسی طرح سے پیچھے نہیں ہے۔

سید حامد مولانا آزاد اور مولانا جوہر کی نثر کا تقابل کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

”ابوالکلام کی بلند پروازی کے مقابلے میں، جوہر کے یہاں پیادہ روی ہے۔ وہاں ادب عالیہ اور اختراعات فائقہ، یہاں صرف یہ جاں سوز فکر کہ ایک قوم کی قوم کو، ایک جاہل پس ماندہ قوم کو اپنا مفہوم کس طرح ذہن نشین کرایا جائے، لیکن محمد علی کا انگریزی پر اہل زبان کا سا عبور وہ اضافی وصف ہے جو ابوالکلام کو میسر نہ تھا۔ علاوہ بریں محمد علی کی نثر (اُردو) زبان اور محاورہ کی اُن غلطیوں سے محفوظ ہے جو رُخِ زیبا پر تل کی طرح ابوالکلام کے یہاں مل جاتی ہے“۔ (نظر برنی، مولانا محمد علی شخصیت اور خدمات نئی دہلی، ص ۱۹۲)

مولانا محمد علی جوہر اور مولانا آزاد جنگ آزادی میں دونوں ہم سفر تھے۔ حصول آزادی میں دونوں کا ساتھ تقریباً ۱۵ سال رہا۔ دونوں میں بہت ساری مماثلتیں اور مشابہتیں پائی جاتی ہے۔۔ دونوں بے باک اور اعلیٰ درجے کے صحافی تھے۔ دونوں شاعر اور نثر نگار۔ دونوں سچے اور پکے مسلمان اور مذہبی عبادات کے پابند تھے۔ ۱۵ سال کے عرصہ میں صحافت، سیاست اور ملکی و مسلکی مسائل کے تئیں دونوں کے درمیان رفاقت اور رقابت رہی۔ پھر بھی دونوں ایک دوسرے کا بے حد احترام کرتے تھے اور اختلافات رائے کا اظہار بھی برملا کرتے تھے۔ مولانا آزاد کا اسلوب اشارے اور کنایے کی زبان میں ہوتا، لیکن مولانا محمد علی کا اظہار برملا جوشیلے انداز میں ہوتا، اور انداز تخاطب بالکل راست ہوتا۔ دونوں میں رقابت کی وجہ ذاتی رائے نہیں بلکہ قوم وملت کی فلاح و بہبودی تھی۔ مولانا محمد علی اور مولانا آزاد بعض مسائل میں ایک دوسرے سے متفق نہیں تھے۔ مولانا آزاد نے اپنے



اخبار ”الہلال“ میں مولانا محمد علی کے بارے میں اس طرح اظہار خیال کیا ہے:

”مسٹر محمد علی سے ہمارے تعلقات اب صرف دوستانہ ہی نہیں، ایسے قریب کہ عزیزانہ ہیں کہ ان کی نسبت رائے قائم کرنے کا پورا موقع رکھتے ہیں۔ ہم نے اچھی طرح اندازہ کرلیا کہ ان کے دل میں آزادی اور جوش، دونوں چیزیں موجود ہیں“۔ (ضیاء الحسن فاروقی ماہنامہ جامعہ اپریل ۱۹۷۹ء ص ۱۰۲)

مولانا محمد علی کی انگریزی انشا پردازی اور قوت تحریر کا ان الفاظ میں اعتراف کرتے ہیں:

”یہی مسٹر محمد علی ہیں جو اِن تمام تعلیمات و ہدایات عالیہ کے مرکز جمود (علی گڑھ کالج) کے تعلیم یافتہ اور ایک ایسی ریاست کے عہدہ دار تھے۔ چند مضامین اور ایک رسالہ لکھ کر اُنھوں نے اپنی قابلیت ضرور منوائی تھی۔ لیکن کوئی بھی ان کی موجودہ حیثیت ملی سے واقف نہ تھا لیکن جب زمانے نے مہلت دی اور قوتوں کو چمکنے کے اسباب میسر آئے تو آج کوئی نہیں جو ان کی انگریزی انشا پردازی اور قوت تحریر و بحث کا معترف نہ ہو“۔ (ماہنامہ نیا دور لکھنؤ، جوہر نمبر ۱۹۸۶ء ص ۱۰۲)

مولانا محمد علی جوہر گرچہ کہ عمر میں مولانا آزاد سے بڑے تھے پھر بھی وہ انھیں اپنا استاد مانتے تھے، لیکن جب ان دو عظیم شخصیتوں کے درمیان اختلاف ہوا تو ہر ایک نے کھل کر اس کا اظہار کیا لیکن وہی شائستہ اور سلجھے ہوئے انداز میں، کہیں اُنھوں نے ذاتیات کو موضوع بحث بننے نہیں دیا۔ دونوں کی تحریریں پُر وقار، سنجیدگی اور متانت کے ساتھ ساتھ ادبی رنگ میں ڈوبی ہوئی ہیں۔

مولانا آزاد کا الہلال جب منظر عام پر آیا تو مسلم یونیورسٹی کی تحریک شروع ہو چکی تھی۔ چنانچہ اول روز ہی سے اس تحریک سے متعلق لکھنا شروع کر دیا تھا۔ یکم ستمبر ۱۹۱۲ء کی اشاعت میں مولانا آزاد ”مسلم یونیورسٹی کانسٹی ٹیوشن کمیٹی“ کے عنوان سے ایک مضمون لکھ کر مولانا محمد علی سے چند اُمور کی وضاحت چاہی تھی۔ الہلال کی اس اشاعت میں مولانا آزاد کے اس مضمون کی دوسری اور آخری قسط بھی چھپی تھی جس کا عنوان تھا ”نشہ شام کی نصف شب“۔

مولانا آزاد ”مسلم یونیورسٹی کانسٹی ٹیوشن کمیٹی“ کے عنوان کے تحت لکھتے ہیں:

ہم کو معلوم ہے کہ ہمارے دوست وہی محمد علی ہیں جنھوں نے نواب محسن الملک مرحوم کے زمانے میں اپنے کالج سے نئے نئے خطابات حاصل کئے تھے اور پھر یہ وہی محمد علی ہیں جنھوں نے ہمیشہ کالج کی زر پرستی کی مخالفت کی اور ٹرسٹیوں کی دائمی حکمرانی کے مسئلے کو بار بار چھیڑا۔ وہ گو ہمیشہ علی گڑھ میں رہے مگر ہم نے تو ہمیشہ ان کو اس کے باہر ہی دیکھا ہے اور اب تو میلوں دور دیکھتے ہیں۔ خدا تعالیٰ نے جب چاہا تھا کہ آذر کے بتکدے کو توڑے تو خود اسی کے گھر میں خلیل بت شکن کو پیدا کر دیا تھا۔ ہم کو یقین ہے کہ مسٹر محمد علی بھی علی گڑھ سے اس لئے اُٹھائے گئے ہیں تا کہ اپنے گھر کی دیواروں سے بت پرستی کے نقوش مٹا دیں......

یونیورسٹی کمیٹی کے متعلق عام طور پر موجودہ حالات نے بے اعتمادی اور شکوک پیدا کردیئے ہیں۔ کیا اچھا ہوا گر وہ حق گوئی اور بے لاگ سچائی کی قدر و قیمت کو پیش نظر رکھ کے مندرجہ ذیل اُمور پر اپنی معلومات ظاہر کردیں۔ وہ ابتداء سے شریکِ کار رہے ہیں اور ہم کو شکوک اور سوء ظن سے نجات دے سکتے ہیں''۔ (ضیاء الحسن فاروقی ماہنامہ جامعہ اپریل ۱۹۷۹ء ص ۱۰۳)

مولانا محمد علی کب خاموش رہنے والے تھے۔ الہلال کے دونوں مضامین کا جواب دیتے ہوئے اپنا ایک مکتوب شائع کرایا جس کے چند ٹکڑے درج ذیل ہیں:

''مانا کہ الہلال افقِ عالم پر اس وقت نمودار نہ ہوا تھا مگر آزادی کے بدر کامل کو یہ کیسا گہن لگا تھا کہ آج کامل ایک سال بعد ظلمتِ علی گڑھ پر نور ایمان غالب آیا ہے''۔

''آنجناب نے صرف سرہارکورٹ بٹلر کی ۹ ر اگست ۱۹۱۲ء کی تحریر کا ترجمہ علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ میں پڑھا اور اس میں جو فقرہ ۳۱ ر جولائی ۱۹۱۱ء سے ماخوذ تھا اس کی غلط تاویل فرما کر بلا غور و فکر اور بے تامل پچاس ساٹھ مسلمانوں کو کاذب اور فریبی ٹھہرادیا اور ( آگے آیت ) کلام الٰہی سے اپنے فتوے کی تصدیق بھی حسب معمول فرمادی، شاید ظن مومن کی یہی تعریف ہو۔ مگر یہ مسائل مذہبی ہیں اور میں محض سگِ دنیا، البتہ اتنا ضرور عرض کروں گا کہ یہ طریقۂ اخبار نویسی خواہ لکھنے والے کے لئے کتنا ہی دل خوش کن اور عوام کے لئے کیسا ہی دلچسپ کیوں نہ ہو، جن پر سب دشتم کی بوچھار پڑتی ہے ان کے لئے ضرور بہت کچھ دل شکن ہے''۔ (ضیاء الحسن فاروقی ماہنامہ جامعہ اپریل ۱۹۷۹ء ص ۱۰۳)

مولانا آزاد نے بھی جوابی وار کیا، لکھتے ہیں:

''آپ نے ''آزادی کا بدرِ کامل'' اگر محض ''ہلال'' کے لئے لکھا ہے تو اس زورِ عبارت سے خود بھی مزہ لیتا ہوں، لیکن اگر طنزاً ہے تو مزاح سے الگ ہو کر مجھے کہنے دیجئے کہ آزادی اور آزاد بیانی کے درجہ کو تو اپنی بساط سے بہت بلند سمجھتا ہوں۔ اس منزل تک پہنچنے کے لئے جن قربانیوں اور خود فروشیوں کی ضرورت ہے وہ ہر کس و ناکس کو نصیب نہیں ہوسکتیں۔ میرے دل میں تو ایک لمحہ کے لئے بھی اس دعوے کا خطرہ نہیں گذرا مگر میری محرومی سے آزادی کی آواز دنیا سے معدوم نہیں ہوسکتی۔ اس کو مجھ میں نہ ڈھونڈیئے۔

البتہ اس کی آواز اُٹھے تو کانوں کو بند بھی نہ کیجئے۔

منکر نتواں گشت اگر دم زغم از عشق

ایں نشہ بمن گر نبود باد گرے ہست (ایضاً ۱۰۳، ۱۰۴)



محمد علی جوہر بھی وار کرنے سے کب چوکتے، اس کا بھی جواب دیا۔ لیکن وہی شائستہ اور شگفتہ انداز میں:

''آپ متعجب ہیں کہ ''ظن المومنین خیرا'' کی کیا یہی تعریف ہے کہ کمیٹی کو ایسے سخت الزام دیئے جائیں؟ لیکن آپ نے اس پر غور نہیں کیا کہ آخر حسن ظن کی کوئی حد بھی تو ہونی چاہئے۔ برسوں مسلمانوں نے اپنے لیڈروں کے ساتھ حسنِ ظن سے کام لیا لیکن اس حسن ظن کا جو نتیجہ نکلا وہ آپ کے دل میں اور میری زبان پر ہے۔ اب تو کچھ دنوں سوء ظن ہی سے کام لینے دیجئے۔ آپ نے ''سگِ دنیا'' کے لقب کی ٹوپی خود ہی اپنے سر اوڑھ لی۔ حالانکہ جن سروں کے لئے قطع کی گئی تھی ان کو آپ مجھ سے بہتر جانتے ہیں گو آپ اس طرف اشارہ نہ کریں۔ حیران ہو کہ آپ کو کسی خیال میں اپنے سے مختلف نہیں پاتا، لیکن پھر دیکھتا ہوں تو بہت دور ہوں۔ اصل بات یہ ہے کہ جام تو آپ کے ہاتھ میں بھی ہے مگر ''فسق'' کے الزام کے لئے میرا ہی وجود موزوں ہے:

لالہ ساغر گیر و نرگس مست و بر ما نام فسق'' (۱۰۴)

اس کے بعد مولانا آزاد نے فروری اور مارچ ۱۹۱۳ء کی الہلال کی اشاعتوں میں ''حدیث الغاشیہ'' کے عنوان سے اور ''نشۂ نیم شبی کا صبح خمار'' کے تحتی عنوان کے تحت مولانا محمد علی کے انقلابِ حال پر پھبتیاں کسی ہیں۔ گرچہ کہ وہ بادہ و ساغر کی زبان میں ہیں کہیں کہیں صاف نام بھی لیا ہے۔ مولانا محمد علی نے بھی اس کا جواب دیا۔ وہی طرز اپنایا جو مولانا آزاد نے اختیار کیا تھا۔ لیکن دونوں کا انداز بیان شائستہ اور سلجھا ہوا نظر آتا ہے۔

مولانا محمد علی نے مولانا آزاد اور علامہ اقبال کو اپنا مذہبی استاد تسلیم کیا ہے۔ مولانا کی ذہانت اور ذکاوت کی خوب تعریف کرتے ہیں اور ان کو ایک اچھے مقرر بھی مانتے ہیں۔ ایک جگہ ہمدرد میں لکھتے ہیں:

''مولانا ابوالکلام سے میری رقابت کی حقیقت یہ ہے کہ میں ہر جگہ اس کی شہادت دینے کو تیار ہوں کہ مولانا کی ذکاوت و ذہانت مجھ سے کہیں زیادہ ہے''۔ (ماہنامہ نیا دور لکھنؤ، جوہر نمبر ۱۹۸۶ء ص ۲۰۵)


ان دونوں بزرگوں نے ایک دوسرے پر جو اعتراض کئے ہیں اس میں کہیں بھی ذاتیات کو ذرہ برابر بھی دخل نہیں ہے۔ صرف قوم و ملک کا مفاد عزیز تھا۔ اختلافی نظریات کے پیچھے کبھی بھی اپنی انا کو دخیل ہونے نہیں دیا۔ یہی وجہ ہے کہ ہم دیکھتے ہیں مولانا جوہر آزادیٔ کامل کا مطالبہ کرتے ہوئے دیارِ غیر میں اپنی جان قربان کردی۔ اور مولانا آزاد تقسیم کا تلخ گھونٹ پی کر بھی ہندوستان ہی میں اپنی ناقابل فراموش خدمات سے مسلمانوں کے لیے ہمیشہ کے لیے وقار اور تمکنت کا باعث بنے۔ اور سیاست، صحافت اور ادب میں ایسے نقوش چھوڑے کہ آنے والی نسل ہمیشہ اس سے مستفیض ہوتی رہے گی۔

آندھراپردیش اسٹیٹ اردو اکیڈمی، محکمۂ اقلیتی بہبود، حکومتِ آندھراپردیش

# یادگاری مجلہ

## ساونیر

# مولانا ابوالکلام آزادؒ



بتاریخ 11 ر نومبر 2018ء مولانا آزاد کا 131 ویں یومِ ولادت
قومی یومِ تعلیم اور یومِ اقلیتی بہبود کے موقعہ پر شائع کردہ یادگاری مجلہ

آندھراپردیش اسٹیٹ اردو اکیڈمی، وجئے واڑہ

# فہرست


| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | عرضِ مرتب | ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری عمری | 7 |
| ۲ | مولانا آزاد ایک عظیم مفکر و دیدہ ور | پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ | 8 |
| ۳ | مولانا ابوالکلام آزاد کی ادبی خدمات | پروفیسر ستار ساحر | 13 |
| ۴ | ابوالکلام آزاد اور ان کا شاہکار ترجمان القرآن | ڈاکٹر سید وحید کوثر | 17 |
| ۵ | سیکولر ہندوستان کے معمار مولانا آزاد | ڈاکٹر سید نجی اللہ | 22 |
| ۶ | مولانا ابوالکلام آزاد بحیثیت صحافی | ڈاکٹر محمد نثار احمد | 26 |
| ۷ | مولانا آزاد کی تحریروں میں طنز و مزاح | ڈاکٹر محمد امین اللہ | 30 |
| ۸ | میں ابوالکلام آزاد ہوں | ڈاکٹر محمد اسلم فاروقی | 34 |
| ۹ | مولانا آزاد اور فلاحِ انسانیت | ڈاکٹر نشاط احمد عمری | 38 |
| ۱۰ | مولانا آزاد اور مولانا محمد علی جوہر | ڈاکٹر شیخ فاروق باشا عمری | 40 |
| ۱۱ | مولانا آزاد بحیثیت وزیر تعلیم | ڈاکٹر ایس محمد یاسر | 46 |
| ۱۲ | مولانا آزاد۔نہرو کی نظر میں | ڈاکٹر شاذیہ بیگم | 50 |
| ۱۳ | مولانا آزاد کے تعلیمی تصورات | محمد فیض اللہ | 53 |
| ۱۴ | مولانا آزاد بحیثیت شاعر | ڈاکٹر سید فتح اللہ بختیاری عمری | 59 |
| ۱۵ | مولانا ابوالکلام آزاد کا فنِ حدیث میں تبحر | ڈاکٹر ابوبکر ابراہیم عمری | 62 |
| ۱۶ | امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد کی شانِ خطابت | محمد نقی اللہ خان | 65 |
| ۱۷ | سیکولرازم اور متحدہ قومیت کے علمبردار | ش م. ہاشم طلیق عمری | 72 |
| ۱۸ | مولانا آزاد بحیثیت ماہر تعلیم | ستار فیضی | 78 |
| ۱۹ | مولانا آزاد مکاتیب کے آئینے میں | ایس.ٹی.نوراللہ | 81 |
| ۲۰ | مولانا آزاد کا شعری شغف | سردار ساحل | 85 |
| ۲۱ | مولانا آزاد کی خدماتِ جلیلہ | سید شکیل احمد شکیل | 88 |
| ۲۲ | مولانا آزاد بحیثیت مجاہدِ آزادی | امام قاسم ساقی | 90 |
| ۲۳ | مولانا آزاد کی تفسیر ترجمان القرآن | حافظ ڈی عبدالعلیم عمری | 92 |
| ۲۴ | مولانا آزاد کی تفسیر اور اس کا انتساب | شاہ جہاں بیگم گوہر کرنولی | 95 |
| ۲۵ | سیاسی شعور کی بیداری میں الہلال کا کردار | شیخ انور ہادی | 100 |
| ۲۶ | مولانا آزاد کی نظر میں اسلام کا پیغامِ امن | ڈاکٹر حکیم رئیس فاطمہ | 103 |
| ۲۷ | مولانا آزاد کا سیاسی رول | ڈاکٹر آمنہ آفرین | 105 |
| ۲۸ | مولانا آزاد: ملت کے غم گسار | رفعت آسیہ شاہین | 107 |
| ۲۹ | مولانا آزاد پر تحقیق کے امکانات | ظہیر دانش عمری | 109 |
| ۳۰ | آزاد شناسی کے لوازم اور فکرِ آزاد کی معنویت | ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری عمری | 112 |

# عرضِ مرتب

امام الہند مولانا ابوالکلام آزادؔ ایک عظیم عبقری، نابغۂ عہد ساز اور عہد آفرین شخصیت کا نام ہے، جو ایک تاریخ بھی ہے، تاریخ کا ایک باب بھی ہے، تاریخ ساز بھی ہے۔

ہندوستان کے تمام ۔۔۔ن، مولانا ابوالکلام آزاد کے مرہونِ منّت، ممنونِ کرم اور احسان مند ہیں۔ جو قوم اپنے محسنوں کو فراموش کر دیتی ہے، تاریخ بھی اس قوم کو فراموش کر دیتی ہے۔

مولانا آزادؔ ایک ایسی جامع شخصیت کا نام ہے جسے قسّامِ ازل نے متنوع کمالات کا جامع بنایا تھا۔ عالم، مفسّر، محدث، فقیہہ، موّرخ، فلسفی، متکلم، مفکّر، ادیب، صحافی، انشا پرداز، نقاد، دانشور، سیاست دان، ماہرِ تعلیم ...... الغرض مولانا ابوالکلام آزاد کی شخصیت فطرت کا ایک ایسا حسین گلدستہ تھی جسے قدرت نے ان گلہائے رنگا رنگ سے سجایا تھا جو باہم موزون و متناسب تھے۔

مولانا آزادؔ دنیائے ادب میں بطورِ بے نظیر صاحبِ اسلوب نثر نگار، بے بدل قلمکار، بے باک صحافی، بے مثل خطیب، دلچسپ ۔۔ب نگار، تذکرہ نگار اور دانشور نقاد کی حیثیت سے معروف ہیں۔ مولانا ابوالکلام آزاد کو قدرت نے عبقری بنایا تھا۔ آپ کو فہم و فراست، حکمت و تدبّر، ذہانت و ذکاوت، بذلہ سنجی و معاملہ فہمی، نکتہ شناسی و نکتہ آفرینی کا حظِ وافر بارگاہِ ایزدی سے ودیعت ہوا تھا، جس کی وجہ سے آپ کی شخصیت ''نابغۂ عصر'' کی حیثیت رکھتی ہے۔

اس ساونیر کے لیے احباب سے رابطہ کیا گیا۔ سوائے چند ایک کے کسی کے پاس مولانا آزاد پر مضمون نہیں تھا۔ سبھی نے فوراً لکھا اور ارسال کیا۔ میں نے کوشش کی ہے کہ مولانا آزاد کی حیات و خدمات کے تقریباً تما پہلوؤں پر مضامین جمع ہو جائیں۔ بہر حال جو ہو سکا، آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

آندھرا پردیش اردو اکیڈمی کی جانب سے ایک یادگاری مجلّہ کی اشاعت فالِ نیک ہے۔ مستقبل میں اکیڈمی میں لا تعداد کتابیں، رسائل و جرائد شائع ہوں گے۔ بحمد اللہ، لکھنے والے بھی موجود ہیں۔ میں اردو اکیڈمی کے اربابِ مجاز کی خدمت میں ہدیۂ تبریک و تہنیت پیش کرتا ہوں۔ تمام قلمی معاونین کا صمیم قلب سے شکر گزار ہوں، اگر ان کا تعاون نہ ہوتا، تو نہ مضامین موصول ہوتے اور نہ ہی یہ یادگاری مجلّہ شائع ہو سکتا۔ لہٰذا اس مجلّہ کے تمام شرکاء کی خدمت میں اردو اکیڈمی کیا رباب مجاز کی جانب سے اور میری اپنی جانب سے ہدیۂ تشکر پیش کرتا ہوں۔

ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری

ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری عمری
شعبۂ اردو، گورنمنٹ کالج، رائے چوٹی

# آزاد شناسی کے لوازم اور فکرِ آزاد کی عصری معنویت

امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد کی جامع الکمالات اور متنوع الجہات شخصیت کے مختلف ابعاد، فکری زاویے اور فکر ونظر کے رویے خصوصی توجہ والتفات کے متقاضی ہیں۔ آپ کی شخصیت کی نشو ونما اور ذہنی وفکری ارتقاء کے تفصیلی مطالعہ اور تجزیہ کے بغیر آپ کی شخصیت کا مطالعہ نہیں کیا جاسکتا۔ مولانا آزاد کی عظیم عبقری شخصیت کی تشکیل میں آپ کے تہذیبی ورثہ، اسلامی فکرو فلسفہ، تاریخی شعور، ملّی تناظر، قرآنی بصیرت، فقہی ژرف نگاہی، عالمی تناظر میں اقوام وملل کی تاریخ سے گہری واقفیت جیسے اجزاء وعناصرِ ترکیبی موجود ہیں۔

آزاد شناسی ایک طویل الذیل موضوع ہے جس کے بہت سے پہلو ہیں۔ مولانا آزاد کی شخصیت کے مطالعہ کے کئی زاویے ہیں۔ ایسی شخصیات نابغۂ عصر اور عبقریٔ دہر ہوا کرتی ہیں اور ان کی فکر صدیوں پر محیط ہوا کرتی ہے۔ دین ودانش، علم وادب، شعر وسخن، ادب وانشاء کی مختلف سمتوں کے علاوہ فکر ونظر اور فلسفہ ونظریہ کے اعتبار سے بھی آزادیات کے مباحث انتہائی غور وفکر اور خاص توجہ والتفات کے طالب ہیں۔ مولانا آزاد کی شخصیت اور فکر ونظر کے مختلف ابعاد اور جہات ہیں۔ بحیثیت مفسر قرآن، بحیثیت عالم دین، بحیثیت خطیب، بحیثیت نظریہ ساز، بحیثیت ادیب، بحیثیت شاعر، بحیثیت صحافی، بحیثیت انشاء پرداز، بحیثیت مفکر، بحیثیت مدبر، بحیثیت متکلم، بحیثیت مؤرخ، بحیثیت مجاہد آزادی، بحیثیت تحریک آزادی کے سرخیل، بحیثیت علمبردار ایک قومی نظریہ، بحیثیت وزیر عبوری حکومت، بحیثیت اولین وزیر تعلیم حکومتِ ہند۔ اور فی الواقع ہر ایک پہلو ایک طویل الذیل پہلو رکھتا ہے۔

امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد کے افکار ونظریات کی اہمیت وافادیت مسلم ہے، لیکن دور حاضر میں اس کی معنویت بہت بڑھ گئی ہے؛ وسیع المشربی، بلند اخلاقی، عقلیت پسندی، فکری اعتدال، وسعتِ نظری، رواداری، اور صلح کل کی اشد ضرورت ہے۔ آج عدم معقولیت اور جذباتیت کا دودورہ ہے۔ سنجیدگی اور متانت تو اہلِ علم میں بھی مفقود ہوتی جارہی ہے۔ تجرِ علمی اور تحقیق وتدقیق کا جیسے قحط عام ہے اور علم وادب کے ذوقِ سلیم کا کال ہے۔ سلفِ صالحین کے اخلاقِ حسنہ اور ان کے طرزِ عمل کے فقدان کے سبھی شاکی ہیں، لیکن کوئی بھی عملی طور پر اخلاقِ عالیہ کو اپنانا نہیں چاہتا۔ اسلاف کی عظمتِ رفتہ کے گُن تو سبھی گاتے ہیں لیکن اس ماضی کی بازیافت کے لیے عملی اقدامات نہیں کیے جاتے۔ مولانا آزاد کو اپنے ماضی کا پختہ شعور اور عمیق مطالعہ تھا۔ آپ کے اسی تاریخی شعور اور وسعتِ مطالعہ نے آپ کی شخصیت میں وسیع المشربی اور وسعتِ نظری پیدا کی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ مولانا آزاد محض ایک شخصیت نہیں بلکہ ایک ذہن وفکر اور دبستانِ فکر کا نام ہے۔

افکارِ آزاد کی معنویت دورِ حاضر میں کئی گنا بڑھ گئی ہے۔ عالمِ اسلام، بالخصوص ہندوستان میں مولانا آزاد کے افکار ونظر

یات کی بہت ضرورت ہے۔آپ نے جس عالمی تناظر میں حالات اور واقعات کو دیکھا اور اپنے فہم وتدبر اور فراست ایمانی سے اس کا تجزیہ کیا، اس کی ضرورت واہمیت پہلے سے کہیں زیادہ دور حاضر میں ہے۔

کسی بھی شخصیت کے مطالعہ کے لیے اس کے عہد اور حالات و ماحول اور اس زمانے کا مطالعہ ضروری ہے، مولانا آزاد بھی برطانوی ہندوستان کی شخصیت تھے اور آپ کی عمر عزیز کا ایک بڑا حصہ برطانوی سامراج سے حصولِ آزادی کی جدو جہد میں گذرا۔آپ کے فکر ونظر کا تناظر صرف ہندوستان یا پورا برصغیر اور عالم اسلام ہی نہیں بلکہ عالمی آفاقی تھا۔لہذا کسی تحدید کے ساتھ مولانا آزاد کا مطالعہ دیانت وانصاف کے خلاف ہوگا۔آپ کی نگارشات، رشحاتِ قلم یا خطابات ومکتوبات کو کسی بھی محدود تناظر میں دیکھنا آپ کے ساتھ ظلم عظیم کے مترادف ہوگا۔

آزادشناسی کے لیے آپ کے اسلامی تعلیمات سے واقفیت اور اسلامی فکر وفلسفہ سے آگہی ضروری ہے۔ادبیاتِ عربی و فارسی سے واقفیت کے بغیر مولانا آزاد کی تحریروں کو سمجھنا مشکل ہے۔آپ کی مخصوص افتادِ طبع اور مزاج سے واقفیت بھی ضروری ہے۔ آپ کی تصانیف ادبِ عالیہ میں شمار کی جاتی ہیں اور ان کے مطالعہ کے لیے تبحرِ علمی درکار ہے۔اس کی تفہیم اور تشریح کے لیے خصوصی توجہ کی ضرورت ہے۔

مولانا آزاد کا تصوف ومعرفت اور سلوک واحسان سے بھی گہرا تعلق تھا۔آپ نے ایک متصوفانہ خاندان میں آنکھیں کھولیں۔غلوآمیز عقیدت اور والہانہ اعتقاد کے ماحول میں بھی آپ نے اپنی راہ الگ نکالی۔عرفان ومعرفت کے حامل خانوادہ کے فردِفرید ہونے کے باوجود ہمیشہ معقولیت اور علمیت واستدلال ہی آپ کی اولین ترجیح رہی۔

مطالعۂ قرآن اور تدبرِ قرآن کے لیے مولانا آزاد نے منہجِ سلف کو اختیار کیا۔منقول اور معقول کے امتزاج کے ساتھ تفسیر بالماثور اور تفسیر بالرائے میں ایک معتدل ومتوازن روش اختیار کی، جوصرف آپ ہی کا خاصہ تھا۔ترجمان القرآن سے آپ کی قرآنی بصیرت اور معرفتِ وحیٔ خداوندی آشکار ہوتی ہے۔آپ کے غور وفکر اور تفکر وتدبر کی بنیاد ہی قرآنِ حکیم پر ہے۔آپ کی تفسیر کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ کلامِ الٰہی کے معانی ومطالب تک رسائی کے لیے کئی علوم وفنون سے واقفیت کے ساتھ غور وفکر اور تفکر و تدبر کی ضرورت ہے۔ ترجمان القرآن پر تبصرہ کرتے ہوئے علامہ سید سلیمان ندوی لکھتے ہیں:

> ''مصنف ترجمان القرآن کی یہ دیدہ وری داد کے قابل ہے کہ انھوں نے وقت کی روح کو پہچانا اور اس فتنِ فرنگ کے عہد میں اسی طرز وروش کی پیروی کی جس کو ابن تیمیہ اور ابن قیم نے پسند کیا تھا اور جس طرح انھوں نے اس عہد کے مسلمانوں کی تباہی کا راز فلسفۂ یونان کی دماغی پیروی کو قرار دیا' اسی طرح اس عہد کے مسلمانوں کی بربادی کا سبب ترجمان القرآن کے مصنف نے فلسفۂ یونان وفرنگ کی ذہنی غلامی کو قرار دیا اور نسخۂ علاج وہی تجویز کیا کہ کلام الٰہی کو رسول کی زبان واصطلاح اور فطرت کی عقل وفلسفہ سے سمجھنا چاہیے۔'' (ابوسلمان شاہجہانپوری، ابوالکلام آزاد، بحیثیت مفسر ومحدث، ص:۲۱-۲۲)

مولانا آزاد نے اپنی تفسیر میں حقیقی اسلامی روح کو پیش کرنے کی کوشش کی۔آپ کی نظر میں عجمیت اور یونانیت کے

زیر اثر اسلام کی جو تعبیرات کی گئی ہیں اور اسلام کی جن تفہیمات وتشریحات کو پیش کیا گیا ہے، ان میں یونانیت اور عجمیت کا عنصر غالب ہے۔ آپ نے اپنی کتاب تذکرہ میں اپنی تفسیر کی پہلی جلد ام الکتاب سورۂ فاتحہ کے بارے میں ایک جگہ یوں لکھا ہے:

> ''شرحِ حقیقتِ تحریفِ شریعت علی الخصوص فتنتین عظمتین یونانیت وعجمیت کے لیے مقدمہ تفسیر باب بست ویکم اور تفسیر فاتحہ الکتاب کو دیکھنا چاہیے۔'' (ابوالکلام آزاد، تذکرہ ۵۹۱)

مولانا آزاد کی فکر جس ایک قومی نظریہ کی بنیاد پر تھی اور آپ نے قومیت کے جس تصور کو اختیار کیا، اس کی معنویت اور افادیت آج بھی برقرار ہے۔ تقسیم ہند کے بعد ہندوستان میں پیدا ہونے والے حالات میں اگر مولانا آزاد اور آپ کی فکر کے حاملین نہ ہوتے تو منظر نامہ ہی بدل گیا ہوتا۔ آزاد ہندوستان کی اولین کابینہ کے ایک بااختیار وزیر کی حیثیت سے آپ نے جو کردار نبھایا ہے، اسے کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔ متحدہ قومیت کے علمبردار کی حیثیت سے آپ نے ہندوستان کے سیکولر کردار اور متحدہ قومیت کی ہمیشہ وکالت کی اور بلاشبہ آپ ایسے قائدین ہی نے وہ بنیادیں فراہم کیں جن کی بنیاد پر آج ہندوستان کی عمارت قائم ہے۔ آپ نے رام گڑھ کے کانگریس کے ایک اہم اجلاس میں جو وقیع خطبہ ارشاد فرمایا تھا اس کے ایک اقتباس سے آپ کے ''تصورِ قومیت'' کی وضاحت ہوتی ہے:

> ''میں مسلمان ہوں اور فخر کے ساتھ محسوس کرتا ہوں کہ مسلمان ہوں، اسلام کے تیرہ سو برس کی شاندار روایتیں میرے ورثے میں آئی ہیں۔ میں تیار نہیں ہوں کہ اس کا کوئی چھوٹے سے چھوٹا حصہ بھی ضائع ہونے دوں، اسلام کی تعلیم، اسلام کی تاریخ، اسلام کے علوم وفنون، اسلام کی تہذیب میری دولت کا سرمایہ ہے اور میرا فرض ہے کہ اس کی حفاظت کروں، بہ حیثیت مسلمان ہونے کے میں مذہبی اور کلچرل دائرے میں اپنی خاص ہستی رکھتا ہوں اور میں برداشت نہیں کرسکتا کہ اس میں کوئی مداخلت کرے، لیکن ان تمام احساسات کے ساتھ میں ایک اور احساس بھی رکھتا ہوں جسے میری زندگی کی حقیقتوں نے پیدا کیا، اسلام کی روح مجھے اس سے نہیں روکتی، بلکہ وہ اس راہ میں میری رہنمائی کرتی ہے، میں فخر کے ساتھ محسوس کرتا ہوں کہ میں ہندوستانی ہوں، میں ہندوستان کی ایک ناقابل تقسیم متحدہ قومیت کا ایک عنصر ہوں، میں اس متحدہ قومیت کا ایک ایسا عنصر ہوں جس کے بغیر اس کی عظمت کا ہیکل ادھورا رہ جاتا ہے، میں اس کی تکوین کا ایک ناگزیر عامل فیکٹر ہوں، میں اس دعوے سے کبھی دستبردار نہیں ہوسکتا۔ ہم تو اپنے ساتھ کچھ ذخیرے لائے تھے، اور یہ سرزمین بھی ذخیروں سے مالامال تھی، ہم نے اپنی دولت اس کے حوالے کردی اور اس نے اپنے خزانوں کے دروازے ہم پر کھول دیے، ہم نے اسے اسلام کے ذخیرے کی وہ سب سے زیادہ قیمتی چیز دے دی جس کی اسے سب سے زیادہ ضرورت تھی، ہم نے اسے جمہوریت اور انسانی مساوات کا پیام پہنچادیا۔''

مولانا آزاد نے تحریک آزادی جو کلیدی رول ادا کیا، تاریخ کے صفحات میں محفوظ ہے۔ آپ کی انقلابی شخصیت آج بھی نوجوانوں کے لیے قابلِ تقلید ہے۔ پندرہ سولہ سال کی عمر سے آپ کی شخصیت جس طرح علم وادب کے افق پر ایک ستارہ کی طرح

نمودار ہوئی اور بہت جلد ایک مہِ کامل بن کر چھا گئی۔ الندوہ کی ادارت ہو، الہلال والبلاغ کے صحافتی کارنامے ہوں یا میدانِ کارزارِ سیاست کی معرکہ آرائی وزرم گاہِ جہد وعمل، ہر جگہ مولانا آزاد کا طرزِ فکر، نقطۂ نظر اور طرزِ عمل سب سے ممتاز رہا۔ آپ نے اپنی راہ خود بنائی اور کسی کی پیروی کو نہیں کیا۔

مولانا آزاد نے تحقیق اور استدلال کو ہمیشہ اہمیت دی۔ آپ نے معقول پسندی اور عقلیت کا رویہ اپنایا۔ مذہب کے معاملے میں بھی آپ نے اپنی عمر کا طویل حصہ مطالعہ اور تلاش وتفحص میں گذارا۔ حقانیتِ اسلام کے ثابت ہونے کے بعد اس کی تعبیر وتشریح اور تبلیغ وارشاد کو اپنا مشن بنالیا۔

مولانا آزاد نے اردو ادب میں بھی اپنا ایک مقام پیدا کیا۔ آپ اپنے اسلوب کے خود موجد اور خاتم ہیں۔ آپ کی نگارشات ادب میں ادبِ عالیہ کا درجہ رکھتی ہیں۔ اردو کے انانیتی ادب میں آپ کا تفرد وامتیاز اہلِ نقد نے تسلیم کیا ہے اور اسے داد و تحسین سے نوازا ہے۔ آپ کی کتابوں کے علاوہ مضامین ومقالات اور خطابات بھی ادب میں ایک اضافہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ پروفیسر رضی الدین احمد نے 'نقدِ ابوالکلام' کے موضوع پر ڈی لٹ کی ڈگری حاصل کی ہے، یہ مقالہ تقریباً ایک ہزار صفحات پر مشتمل ہے اور سابق صدرِ جمہوریہ ہند ڈاکٹر ذاکر حسین کے مقدمے کے ساتھ شائع ہو چکا ہے۔ اس میں مولانا آزاد اور انانیتی ادب کے ذیل میں مفصل بحث کی گئی ہے۔ 'نقدِ ابوالکلام' میں مولانا آزاد کے فکر وفن اور آپ کی بصیرت وکمالات پر مفصل کلام کیا گیا ہے ،علاوہ ازیں مولانا آزاد کے فکر وفن کے ساتھ ساتھ آپ کی شخصیت کے ارتقاء اور اس کے اطراف وجوانب اور متعلقات وضمنیات کا تفصیل کے ساتھ احاطہ کیا گیا ہے۔

آزاد شناسی کے ضمن میں یہ بھی قابلِ ذکر ہے کہ اس سلسلے میں مستند ومعتبر ذرائع خود مولانا آزاد کی کتابیں اور تحریریں ہیں، اس کے بعد آزادیات کے ماہرین ومتخصصین ہیں، جن کو لائقِ اعتبار اور قابلِ قبول سمجھا جاتا ہے، جیسے مالک رام، ہمایون کبیر، غلام رسول مہر، شورش کشمیری وغیرہ۔ اور ان کے بعد آزادیات پر بطور خاص لکھنے والوں میں مولانا شعیب عمری، مولانا اخلاق حسین قاسمی، مولانا ابوسلمان شاہجہاں پوری وغیرہ بھی اہمیت کے حامل ہیں۔ اس فہرست میں بہت سے نام ہیں۔

سب سے اہم بات جو کسی مشہور شخصیت کے ساتھ عموماً پیش آتی ہے کہ افکار ونظریات کے معروضی مطالعہ اور تجزیہ کے بغیر افراط وتفریط کا رویہ روا رکھا جاتا ہے۔ حزم واحتیاط اور دیانت کا یہ تقاضا ہے کہ عقیدت میں نہ غلو کیا جائے اور نہ ہی کسی معاند کی کسی الزام وبہتان تراشی کو قبول کیا جائے۔ مولانا ابوالکلام آزاد کا تعلق کانگریس سے تھا اور مولانا کے کانگریس میں ہونے کی وجہ سے ہندوستان کے مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد کانگریس سے وابستہ تھی، آپ کا ایک وقار اور علمی وادبی دبدبہ تھا اور اس کے علی الرغم مسلم لیگ سے وابستہ افراد نے مسلسل مولانا کی کردار کشی کو اپنا وطیرہ بنا رکھا تھا۔ مولانا کی امانت ودیانت، ثقاہت وتمکنت اور وقار واعتبار کو گزند پہنچانے کے لیے ایسے اوچھے حربے استعمال کئے گئے۔ اخبارات میں مضامین لکھے گئے، آپ کے خلاف الزامات و اتہامات کا ایک طوفانِ بدتمیزی برپا کیا گیا تاکہ مولانا آزاد کی شخصیت مجروح ہو جائے اور اس طرح سیاسی مفادات کو حاصل کیا جا سکے۔ آزاد شناسی میں اعتدال اور توازن کی بہت ضرورت ہے۔ غلو، شخصیت پرستی اور اندھی عقیدت کے تو خود مولانا آزاد سب سے

بڑے مخالف تھے۔ یہی وجہ ہے کہ جہاں مولانا آزاد نے اگر خود کہیں کسی تفرد کو اختیار کیا اور جمہور علمائے اسلام کی رائے سے اختلاف کیا، تو وہاں ہمیں بغور تامل اور تفحص سے کام لینا چاہیے۔ دلیل واستدلال کی صلابت پر معاملہ کا تمام تر دارومدار ہے۔

فکرِ آزاد کا ایک اہم پہلو آپ کا طرزِ فکر اور اجتہادی مزاج ہے، آپ تقلیدِ جامد کے خلاف تھے۔ آپ نے بلاتحقیق وتنقیح کسی بھی چیز کو اختیار نہیں کیا۔ آپ نے روایتی اسلام کے بجائے تحقیق کی شاہراہ پر چل کر حقانیتِ اسلام کا ادراک کیا۔ آپ نے دینِ کامل کے جامع تصور کو پیش کیا۔ تعلیماتِ قرآنی اور اسوۂ حسنہ کو آپ نے اپنے غور وفکر کی بنیاد واساس بنایا۔ بقول مولانا ظفر علی خان:

جہاں اجتہاد میں سَلَف کی راہ گم ہوئی
ہے تجھ کو جستجو تو پوچھ ابوالکلام سے

اور اس کا مطلع یوں ہے:

مجھے بھی انتساب ہے، ادب کے اس مقام سے
ملی ہوئی ہے جس کی حد، قدم گہہِ نظام سے!


اس شعر کے بارے میں آغا شورش کاشمیری نے لکھا ہے کہ انہوں نے مولانا ظفر علی خان سے پوچھا: آپ نے جو شعر کہا ہے وہ محض قافیہ کی بندش ہے یا فی الواقع آپ ایسا ہی سمجھتے ہیں؟ فرمایا: ''جو کچھ میں نے کہا، وہ لفظاً ہی نہیں معناً بھی درست ہے۔'' مطلب یہ کہ مولانا ابوالکلام آزاد اجتہاد کے اس مقامِ رفیع پر فائز تھے، جس کی ملتِ اسلامیہ کو ضرورت تھی۔

ہندوستان میں موجودہ دور میں سرکردہ قائدین اور قومی لیڈروں میں سے مختلف افراد اور شخصیات کو کسی نہ کسی طبقہ یا کسی مذہب یا کسی جغرافیائی خطہ سے مخصوص کر دیئے جانے کا رواج عام ہوگیا ہے، کہ فلاں لیڈر' فلاں کے لیے مختص ہے۔ یہ انتہائی غلط اور قابلِ تردید روش ہے۔ مولانا آزاد فی الواقع ہندوستان کے قائد ہیں اور آپ کو محض کسی مخصوص دن کے لیے، اور کسی اقلیتی طبقہ کے لیے تحدید کرنا انتہائی قابلِ مذمت ہے۔

مولانا آزاد جیسی عظیم عبقری اور نابغہ شخصیت کے ساتھ یہ ناانصافی اور بے اعتنائی کی جا رہی ہے کہ آپ کی تصانیف اور آپ کے اصل متن کو نظرانداز کیا جا رہا ہے۔ نصابِ تعلیم میں نہ تذکرہ شامل ہے نہ غبارِ خاطر۔ نہ تو آپ کے مضامین ومقالات لائقِ التفات ہیں اور نہ ہی آپ کی تقاریر وخطبات۔

مولانا آزاد کے کماحقہٗ مطالعہ کے لیے اولین ترجیح بنیادی مآخذِ متن کو دی جانی چاہیے۔ جدید علوم کے علمبردار ہوں کہ علوم دینیہ ومشرقیہ کے مناد، سب کے لیے فکرِ آزاد بہت زیادہ اہمیت ومعنویت کی حامل ہے۔ فکرِ آزاد کی عصری معنویت کے پیشِ نظر عصری جامعات میں ''مطالعاتِ آزاد'' کے کورسس شروع کئے جائیں اور یونیورسٹیوں میں مطالعاتِ آزاد کے شعبوں کا قیام عمل میں لایا جائے۔ دینی مدارس اور ادارے بھی 'آزادیات' کی جانب التفات کریں اور آزاد شناسی کی جانب پیش رفت کریں، یہی وقت کی ضرورت ہے۔

---



# SOUVENIR



*131st Birth Day Celebrations of Maulana Abul Kalam Azad*
*Minorities Welfare Day & National Education Day*
*11th November, 2018*


*CHIEF PATRON*
**DR. S. MD. NAUMAN**
Chirman, A.P. State Urdu Academy

*CHIEF EDITOR*
**DR. MD. NISAR AHMED**
Director/Secretary, A.P. State Urdu Academy

*EDITOR*
**Dr. SYED VASIULLA BAKHTIARY**


## ANDHRA PRADESH STATE URDU ACADEMY

Design by : Suhail Graphics - 9246161020

# ہمارے آپ کے
# مظفر شہ میری





مرتبین:

ڈاکٹر آمنہ آفرین

ڈاکٹر محمد شفیع اخلاص

# Hamare Aap Ke
# Muzaffer Shahmiri

ہم بھی پہچان اپنی رکھتے ہیں
چاہے غالبؔ ہوا کرے کوئی



Compiled by:

Dr. Amena Afreen
&
Dr. Mohammed Shafi Ikhlas

ISBN 978-93-89002-50-8

EDUCATIONAL
PUBLISHING HOUSE
New Delhi , INDIA

978-93-89002-50-8
www.ephbooks.com

ہمارے آپ کے

# مظفر ایرج کاشمیری

مرتبین:

ڈاکٹر آمنہ آفرین

ڈاکٹر محمد شفیع اخلاص

ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی

© جملہ حقوق بحقِ مرتبین محفوظ

# Hamare Apke Muzaffer Shahmiri

*Edited by*

**Dr. Amena Begum (Afreen)**
**Dr. Mohammed Shafi (Ikhlas)**
12-176/1, Sri Nagar Colony, Patancheru,
Hyderabad - 502319 Ph:9885809995
Email: amena.hcu@gmail.com
shafi.jm@gmail.com

Year of First Edition 2019
ISBN 978-93-89002-50-8

₹ 500/-

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | ہمارے آپ کے مظفر شہ میری |
| مرتبین | : | ڈاکٹر آمنہ آفرین، ڈاکٹر محمد شفیع اخلاص |
| سنہِ اشاعت | : | مارچ، ۲۰۱۹ء |
| ضخامت | : | ۱۷۶ صفحات |
| تعداد | : | ۵۰۰ |
| قیمت | : | ۵۰۰ روپے |
| پیج سٹ اپ | : | محمد منہاج الدین |
| مطبع | : | روشان پرنٹرس، دہلی۔٦ |

*Published by*
**EDUCATIONAL PUBLISHING HOUSE**
3191,Vakil Street, Kucha Pandit, Lal Kuan, Delhi-6(INDIA)
Ph : 23216162, 23214465, 45678286, Fax : 0091-11-23211540
E-mail: info@ephbooks.com,ephindia@gmail.com
website: www.ephbooks.com

# فہرست


| | | |
|---|---|---|
| مقدمہ | ڈاکٹر آمنہ آفرین | 13 |
| حرف آغاز | ڈاکٹر محمد شفیع اخلاص | 51 |
| اظہار خیال: | پروفیسر علی احمد فاطمی | 57 |
| | پروفیسر ابن کنول | 63 |
| مشاہیر ادب کی آرا: | پروفیسر سید حامد کا خط | 65-68 |
| | پروفیسر عرفان حبیب | |
| | پروفیسر شارب ردولوی | |
| | پروفیسر م۔ن۔سعید | |
| | مصطفیٰ کے شیروانی | |
| | پرفیسر قاضی حبیب | |
| | اقبال خسرو قادری | |

**باب اوّل**

**پروفیسر مظفر شہ میری: ذاتی کوائف**

| | | |
|---|---|---|
| پروفیسر مظفر شہ میری سے مصاحبہ | ڈاکٹر محمد شفیع اخلاص | 71 |

**باب دوّم**

**پروفیسر مظفر شہ میری: شخصیت**

| | | |
|---|---|---|
| مظفر: میرے بچپن کا دوست | سید نثار احمد | 95 |

| | | |
|---|---|---|
| مظفر: میرا دوست، میرا یار | پروفیسر خطیب سید مصطفیٰ | 127 |
| میرے بے غرض محسن | شمشاد بیگم | 137 |
| ہمارے ابا | ثمینہ نوشین | 141 |
| مظفر شہ میری: ایک مخلص رفیق شعبہ اور بہترین انسان | پروفیسر رضوانہ معین | 143 |
| مظفر شہ میری: سپاس نامہ | ڈاکٹر بی محمد داؤد محسن | 149 |
| مظفر سر! | ڈاکٹر امین اللہ | 153 |
| مظفر شہ میری: انسانیت کا اعلیٰ پیکر | ڈاکٹر آمنہ آفرین | 156 |
| مظفر شہ میری: آدمیت کا استعارہ | ڈاکٹر نفیس عبدالحکیم | 163 |
| سفرِ حیدر آباد اور پروفیسر مظفر شہ میری: ایک تاثر | ڈاکٹر عارفہ بیگم | 170 |


## باب سوم

## پروفیسر مظفر شہ میری: فن

## ادبی خدمات ایک جائزہ

| | | |
|---|---|---|
| مظفر شہ میری: مطبوعہ تصانیف و مضامین (مختصر جائزہ) | ڈاکٹر رئیسہ بیگم ناز | 175 |
| مظفر شہ میری کی ادبی خدمات | پروفیسر ستار ساحر | 195 |
| مظفر شہ میری: فن اور فن کار | ڈاکٹر عرفانہ بیگم | 210 |
| مظفر شہ میری اور تامل زبان و ادب | ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری | 250 |
| اردو غزل کا استعاراتی نظام: ایک تحقیقی نظر | محمد عامل خان | 256 |
| مظفر شہ میری: بہ حیثیت محقق | ڈاکٹر غوثیہ بانو | 268 |
| مظفر شہ میری کی افسانہ نگاری ("محسن کش" کے حوالے سے) | ڈاکٹر آمنہ آفرین | 280 |
| مظفر شہ میری: شاعری کے آئینہ میں | ظفر الاسلام | 286 |
| مظفر شہ میری کی شاعری میں اسلامی فکر کے نقوش | سنّی میمون النساء | 292 |

## شعری مجموعہ ''پیاس'': اظہارِ خیال


پیاس — پروفیسر سلیمان اطہر جاوید — 299
''پیاس'' کا فنی تجزیہ — نزہت نوشین — 304
مظفر شہ میری کے کلام میں صنائع و بدائع — ڈاکٹر عرفان کوثر — 315
مظفر شہ میری کی شخصیت: (ان کے کلام کے آئینے میں) — عارفہ شبنم — 330
مظفر شہ میری کی ترائیلہ نگاری (پیاس کے حوالے سے) — ڈاکٹر سراج احمد انصاری — 340
مظفر شہ میری کی غزل: ایک مختصر جائزہ — ڈاکٹر غضنفر اقبال — 348


## پروفیسر مظفر شہ میری: ترجمہ نگار


پیش گفتار (کہکشاں) — پروفیسر سلیمان اطہر جاوید — 353
مجذوب: ندرتِ خیال و بیان کا کرشمہ — ڈاکٹر سیّد تقی عابدی — 358
مجذوب پر ایک طائرانہ نظر — نزہت نوشین — 367
مجذوب: تمل ادب کو اردو کا پیراہن — ڈاکٹر فاضل حسین پرویز — 373
پٹن، مجذوب' پاگل دیوانہ — ڈاکٹر آفتاب احمد عرشی — 381
غیر منقسیم پنجاب کی داستان: بٹوارا (تبصرہ) — ڈاکٹر انور چراغ — 383
بٹوارا (تبصرہ) — ابراہیم افسر — 386


## باب چہارم

## پروفیسر مظفر شہ میری: ادبی مجالس۔لکچر۔رپورتاژ


رالف رسل: حیات اور ان کی اردو خدمات — ڈاکٹر غوثیہ بانو' ڈاکٹر آمنہ آفرین — 393
''کاوش 2013'' اُردو تحقیق مسائل اور حل — ڈاکٹر عبد العزیز سہیل — 407
دکنی اردو: لسانی و ادبی جہات — ڈاکٹر آمنہ آفرین — 415
پیغام آفاقی: یادگار لکچر — ڈاکٹر آمنہ آفرین — 422

## باب پنجم

## پروفیسر مظفر شہ میری: طلبہ کی نظر میں


| | | |
|---|---|---|
| مظفر شہ میری: کرشنا گری میں اردو خدمات | محمد یوسف حسینی | 431 |
| اُستاذ محترم مظفر شہ میری: کچھ یادیں کچھ باتیں | ڈاکٹر محامد ہلال اعظمی | 435 |
| مظفر شہ میری: پارس جسے کہیں | ڈاکٹر غوثیہ بانو | 447 |
| سورج نے کبھی اپنی روشنی کی دلیل نہیں دی | ڈاکٹر سیدہ نسیم سلطانہ | 452 |
| مظفر شہ میری: شخصیت کے پہلو | ڈاکٹر حمیرہ تسنیم | 456 |
| مظفر شہ میری: سحر الکلام اُستاد | ڈاکٹر شاذیہ بیگم | 462 |
| مظفر شہ میری: میری کامیابی کی پہلی سیڑھی | ڈاکٹر شیخ نیاز الدین صابری | 466 |
| مظفر شہ میری: مشفق اُستاد | ڈاکٹر رئیسہ بیگم ناز | 469 |
| مظفر شہ میری: مثالی اُستاد | روحینہ فاطمہ سحر | 475 |
| مظفر شہ میری: اردو کا خاموش خدمت گذار | ڈاکٹر آفتاب احمد عرشی | 479 |
| مظفر شہ میری: مشفق، مہربان، انسان دوست انسان | ڈاکٹر نیلوفر فردوس | 483 |
| مظفر شہ میری: بہ حیثیت انسان | ڈاکٹر فرح ہاشم | 488 |
| مظفر شہ میری: ایک عہد ساز شخصیت | ڈاکٹر سمیہ تمکین | 491 |
| مظفر شہ میری: سیپ سے باہر موتی سے بڑھ کر انسان | ڈاکٹر بلال احمد میر | 495 |
| اُستاد محترم کی کہانی: طالب علم کی زبانی | ڈاکٹر مولانا محی الدین | 503 |
| مظفر شہ میری: ایک مہمان نواز اُستاد | ڈاکٹر سیدہ رضیہ بیگم | 507 |
| مظفر شہ میری: میرے اُستاد محترم | ڈاکٹر رضیہ بیگم دانش | 509 |
| مظفر شہ میری: میرے احساسات | عزیر انصاری مقدّر | 511 |
| مظفر شہ میری: صالح اقدار کا پاسبان | معین افروز | 515 |

# مظفر شہ میری اور تامل زبان وادب

ڈاکٹر سید وصی اللہ بختیاری
اسسٹنٹ پروفیسر اردو، گورنمنٹ کالج، رائی چوٹی، ضلع، کڈپہ، اے۔پی

> ''عصر حاضر کے قلمکاروں میں مظفر شہ میری نمایاں مقام کے حامل ہیں، کیوں کہ موصوف اپنی نثری اور شعری تصانیف کی بنا پر ریاستی سطح پر ہی نہیں بلکہ پوری دنیا میں اپنی شناخت رکھتے ہیں''
>
> (اکتساب فکر، ص: 137)

پروفیسر ستار ساحر کا یہ اعتراف مبنی بر حقیقت ہے۔ مظفر شہ میری کے رفیق کار کی حیثیت سے کام کرنے اور بہت قریب سے واقفیت رکھنے کی وجہ سے آپ کا یہ اعتراف اہمیت کا حامل ہے۔

آیئے! یہ دیکھتے ہیں کہ موصوف نے تمل اور اُردو زبانوں کے اشتراک اور ارتباط کے سلسلے میں کیا کارنامے انجام دیے ہیں۔ اس سلسلہ میں آپ کے تمل شاعری کے منظوم ترجمے، خاص طور پر مجموعۂ کلام ''کہکشاں'' اور دیگر نظموں کے ترجمے اہمیت کے حامل ہیں۔ موصوف مختار بدری صاحب کے ترجمہ کردہ تمل میں ترولوور کے تروکُرل کے منظوم ترجمے کا تنقیدی جائزہ پیش کیا ہے۔ اسی طرح آپ نے تمل میں مولانا روی کے ترجموں کا جائزہ پیش کیا ہے جن میں چند فارسی کی بجائے اردو تمل میں ترجمہ کیے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں، آپ نے تمل ناڈو کی دکنی اُردو پر تمل زبان کے اثرات، کے عنوان سے ایک طویل تحقیقی مقالہ سپرد قلم کیا، جسے لندن کے بین الاقوامی سمینار میں پیش کیا گیا۔

آپ کا تعلق آندھرا پردیش کے علاوہ تمل ناڈو سے بھی ہے۔آپ کا ننھیال مدراس ہے۔آپ کے افراد خاندان اور رشتہ دار چنئی ہی میں سکونت پذیر ہیں۔خود آپ نے اپنی عمر عزیز کے تقریباً پندرہ سال تمل ناڈو کے مختلف کالجوں میں اردو لکچرار کی حیثیت سے گذارے ہیں۔مظہر العلوم کالج، آمبور، گورنمنٹ آرٹس کالج، کرشنا گری، اور اسلامیہ کالج وانمباڑی میں آپ نے اُردو تدریس کے فرائض بحسن وخوبی انجام دیے۔ ایک جگہ خود موصوف نے لکھا ہے کہ بچپن میں انہیں سب سے پہلے تمل زبان ہی پڑھائی گئی تھی۔اپنی تصنیف ''کاوش فکر'' کے ابتدائیہ میں لکھتے ہیں:

''میرا تعلق آندھرا پردیش اور تمل ناڈو دونوں صوبوں سے ہونے کی وجہ سے مجھے تمل اور تلگو دونوں زبانوں سے اُنس ومحبت ہے۔تمل تو خیر میرے گھر کی زبان ہے۔یاد پڑتا ہے کہ مجھے پہلے پہل تمل ہی پڑھائی گئی تھی۔بعد ازاں اُردو، عربی۔تقریباً تین دہائیوں بعد میں نے اپنے قیام تمل ناڈو کے دوران میں دوبارہ تمل سیکھی اور یوں اپنے ودرجہ اول کے پہلے سبق کا آموختہ دوہرایا''۔ (کاوش فکر، ص:8)

تمل ناڈو کے مشہور ومقبول شاعر، تمل کے ملک الشعرا، 'کوی کو'، ڈاکٹر سید عبدالرحمٰن جو اسلامیہ کالج وانمباڑی میں تمل اور اُردو اشتراک وارتباط کے سلسلے میں اہمیت کے حامل ہیں۔آپ کی مادری زبان اُردو ہونے کے باوجود آپ نے تمل کو اپنے اظہار کا وسیلہ بنایا اور اپنی تمل شاعری کی بدولت ملک الشعرا کا خطاب حاصل کیا۔آپ نے علامہ اقبال، بہادر شاہ ظفر اور فیض احمد فیض جیسے مشہور شعرا کے منتخب کلام کا تمل میں ترجمہ کیا علاوہ ازیں تمل شاعری میں صنف غزل اور ہائیکو کو رواج دینے کا سہرا بھی آپ ہی کے سر جاتا ہے۔

تمل میں آپ کا پہلا مجموعۂ کلام ''پال ویدی'' کے نام سے 1974ء میں شائع ہوا۔جن دنوں آپ اسلامیہ کالج، وانمباڑی کے شعبۂ تمل سے وابستہ تھے، حسن اتفاق سے اُسی زمانہ میں پروفیسر شہ میری بھی شعبۂ اُردو میں تدریس پر مامور تھے۔آپ نے جب اس شعری مجموعے کا مطالعہ کیا تو اس دل نشین شاعری سے بہت متاثر ہوئے۔اس مجموعے میں شامل نظموں کا علامتی پیرایۂ بیان، طرزِ اظہار میں اشاریت، استعاراتی اسلوب اور دیومالائی تلمیحات نے آپ کی توجہ کو اپنی جانب ملتفت کیا کہ اس شاہکار تمل کلام سے

اہلِ اُردو کو بھی متعارف کرائیں۔

چناں چہ مظفر شہ میری نے ''پال ویدی'' کا منظوم ترجمہ ''کہکشاں'' کے نام سے کیا جو 1987ء میں مکمل ہو گیا تھا، لیکن اس کی اشاعت 1993ء میں عمل میں آئی (کہکشاں، ص:26) یہ ترجمہ اُردو میں تمل کے تراجم میں منفرد حیثیت کا حامل ہے۔ شاید یہ اُردو میں تمل نظموں کا پہلا ایسا منظوم ترجمہ ہے جو مکمل بھی ہے اور شائع بھی ہوا ہے۔

''کہکشاں'' کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں شاعر کے مافی الضمیر کی مکمل ترجمانی کی کوشش کی گئی ہے۔ اگر کہیں ترجمے میں دشواری پیش آئی تو مترجم نے خود شاعر سے رابطہ کیا اور مختلف مقامات کو رجوع کر کے بہتر سے بہتر اسلوب میں ترجمہ کا حق ادا کرنے کی کوشش کی ہے۔ ''کہکشاں'' کی خوبی یہ ہے کہ اس میں شاعر کے افکار و خیالات اس کے تجربے اور اس کی تکنیک کو بھی ملحوظ رکھا گیا ہے۔ ترجمانی نہیں بلکہ ترجمہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس ضمن میں مترجم نے لکھا ہے:

> ''کہکشاں کی بیشتر تخلیقات اُردو شاعری کے مزاج و معیار کے مطابق ہیں۔ تاہم ایسی نظمیں بھی ہیں جن کا تمل ادب سے گہرا تعلق ہے۔ میرے لیے یہ امر وقت طلب نہ تھا کہ میں ان کو اُردو رنگ میں رنگ دیتا مگر مجھے ایسا کرتے ہوئے تامّل تھا۔ کیوں کہ یہ کام شاعر کی امانت میں خیانت ہوتا۔ مجھے علم تھا کہ ایک مترجم کے پر کہاں جل جاتے ہیں۔ چناں چہ میں اپنے حدود سے آگے بڑھنا مناسب نہ سمجھا۔ کچھ اس لیے بھی کہ میں ان نئی شعری تکنیکوں کو آپ تک پہنچانا چاہتا تھا، جو شاعر کے اظہار و ابلاغ کا اہم وسیلہ ہیں۔ (کہکشاں، ص:24)

> ''اس ترجمہ کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں تمام لسانی نزاکتوں اور فنی باریکیوں کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔ تمل اساطیر کے کرداروں اور دیومالائی کرداروں کی وضاحت حاشیہ میں کر دی گئی ہے۔ حتیٰ کہ منظوم ترجمہ میں کسی بحر یا رکن کی پابندی کی بجائے شاعری کے طریقہ کار کی پیروی

کرتے ہوئے فطری لے کی پابندی کی گئی ہے۔''

(کہکشاں،ص:25)

کہکشاں کے بارے میں پروفیسر سلیمان اطہر جاوید کی یہ رائے حقیقت پر مبنی ہے:

''مظفر شہ میری کے ان ترجموں کو پڑھتے ہوئے بہت کم احساس ہوتا ہے کہ یہ نرے ترجمے ہیں۔ یہاں مترجم نے اپنی شاعرانہ صلاحیتوں کو نہایت اہتمام کے ساتھ بروئے کار لایا ہے۔ اُردو سے قطع نظر تمل پر بھی ان کے دست رس نے ان ترجموں کو غیر معمولی طور پر دل آویز بنا دیا ہے اور پھر یہ کی شاعر سے بھی مظفر شہ میری کے مراسم ہیں اور انہوں نے ان ترجموں کے دوران جب بھی ضرورت پڑی، ڈاکٹر عبدالرحمٰن سے تبادلۂ خیال کیا ہے۔ اسی لیے بیشتر ترجموں پر طبع زاد نظموں کا گمان ہوتا ہے۔ یہ عبدالرحمٰن کا بھی کمال ہے اور مظفر شہ میری کا بھی''

(کہکشاں،ص:12)

کہکشاں میں شامل مظفر شہ میری کا مضمون ''اصل و ترجمہ'' ڈاکٹر عبدالرحمٰن کی شاعرانہ خصوصیات اور آپ کے محاسن کلام کو اُجاگر کرتا ہے۔ اس میں مترجم نے شاعر کے اسلوب اور فکر کو اُجاگر کیا ہے۔ شاعر کے کلام میں مستعمل صنعتوں، دیو مالائی کرداروں اور کلام میں مستعمل تمل کے شعری استعاروں کی توضیح کی ہے۔ یہ مضمون آپ کے تنقیدی رویہ کا آئینہ دار ہے۔ آپ کے مطابق کہکشاں میں تین طرح کی نظمیں شامل ہیں۔ پہلی قسم ان چھوٹی بڑی نظموں کی ہے جن میں کسی ایک موضوع کو مختلف زاویوں سے دکھایا گیا ہے۔ اس قسم کی نظمیں عبدالرحمٰن کے تکنیکی تجربے پر مشتمل ہیں۔ کہ ان نظموں میں ایک ہی خیال کے مختلف ابعاد، جھلکیوں کی شکل میں پیش کردیے جاتے ہیں۔ تیسری قسم مکالماتی نظموں کی ہے جو ڈرامہ تکنیک پر مشتمل ہیں۔
(کہکشاں،ص:23,24)

کہکشاں میں تمل نظموں کے مطالعہ سے شاعر کے اسلوب کی ندرت، پیش کش کا انوکھا انداز، خیالات کی تازہ کاری، تلمیحات اور استعارات کا اندازہ ہوتا ہے۔ خاص طور پر اس مجموعہ میں شامل نظموں جیسے

''عریانیت پہن کر، گورمردمک چشم، اجتماع ضدین، جب تک چابی ہے، لتامنگیشکر، آرٹ، الحاد کامندر، دھوبی گھاٹ، قبرستان کے باسی، پسینہ کا منگل سوت، کجلگ کا اتہاس وغیرہ کے مطلع سے جہاں تمل شاعری کی زندگی، توانائی اور تازگی کا احساس ہوتا ہے وہیں عبدالرحمٰن کی شعری عبقریت کا اندازہ بھی ہوتا ہے۔

مختصر نظم ''سلگتا ہوا پھل'' اس طرح ہے:

شاخِ شمع کا پھل

کھانے آیا تھا وہ

حیف!

پھل نے کھالیا

پروانے کو! (کہکشاں، ص:40)

جوش پیکر

زنداں نے شور مچایا:

''آزادی حقِ پیدائش مرا''

اندر جو رہتا تھا عمر قیدی

مسکرادیا!! (کہکشاں، ص:92)

پروفیسر مظفر شہ میری نے مختار بدری کے ترجمہ کردہ ترو کُرل کے مجموعے ''لفظ لفظ گہر'' پر ایک تجزیاتی و تنقیدی مضمون لکھا ہے۔ اس میں آپ نے ترو کُرل کے دیگر مترجموں جیسے عظمت اللہ سرمدی عمری، حسرت سہروردی وغیرہ کے تراجم کا بھی ضمناً تذکرہ کیا ہے۔ مختار بدری صاحب نے تمل کہانیوں کو اردو میں پیش کیا ہے اور اُردو کی بہت سے نگارشات کو تمل کا قالب عطا کیا ہے۔ آپ کا ایک اہم کارنامہ ترو کُرل کا مکمل منظوم ترجمہ ہے۔

پروفیسر مظفر شہ میری نے آمبور کے مختصر قیام اور وانمباڑی کے طویل قیام اور ایک مختصر مدت قیام کرشنا گری کے دوران جب کہ تمل ناڈو حکومت کی ایک اسکیم کے تحت وہاں کے کالج میں تبادلہ کیا گیا تھا، اس پندرہ سالہ مدت میں آپ نے تمل ناڈو میں بولی جانے والی دکنی زبان پر تمل کے لسانی اثرات کو محسوس کیا اور منصوبہ بند طریقے سے مشاہدہ کیا۔ اس مشاہدہ کے لیے آپ نے وانمباڑی اور کوئمبتور میں بولی جانے والی دکنی

اُردو کو خاص طور پر منتخب کیا۔

اس مطالعہ اور مشاہدہ کی بدولت تمل ناڈو کی دکنی اُردو پر تمل زبان کے اثرات، کے عنوان سے ایک طویل مقالہ سپرد قلم کیا۔ اس مقالہ کے تحقیقی اسلوب اور استدلالی انداز بیان سے آپ کی لسانیات سے وابستگی اور دکنی اُردو کے گہرے مشاہدے کا پتہ چلتا ہے اس مقالہ کو موصوف کا ایک اہم تحقیقی کارنامہ قرار دیا جاسکتا ہے۔ آپ نے یہ شاہکار مقالہ، نہرو سنٹر لندن میں منعقدہ بین الاقوامی سمینار میں پیش کیا۔ علاوہ ازیں یہ مقالہ قومی کونسل کے سہ ماہی مجلّہ فکر و تحقیق، نئی دہلی میں بھی شائع ہوا۔ اللطیف کے علاوہ میل وشارم میں منعقدہ قومی سمینار کے مجموعہ مقالات اُردو تحقیق۔ دائرہ کار، حدود اور امکانات'' کی بھی زینت بنا۔

☆☆☆

Hamare Aap Ke

# Muzaffer Shahmiri

ہم بھی پہچان اپنی رکھتے ہیں
چاہے غالبؔ ہوا کرے کوئی



**Compiled by:**

Dr. Amena Afreen
&
Dr. Mohammed Shafi Ikhlas

ISBN 978-93-89002-50-8

978-93-89002-50-8
www.ephbooks.com

EDUCATIONAL
PUBLISHING HOUSE
New Delhi , INDIA